۷۸۶
۹۲

الحمد للہ کہ رسالہ مجموعہ حوالہ جات مذہب شیعہ و رافضی

الموسوم بہ

چشمۂ نور افزا

شرح

آئینۂ شیعہ نما

ہر دو تصنیف

شیخ التفسیر والحدیث حضرت علامہ

ابو الصالح محمد فیض احمد صاحب اویسی مدظلہ

Scanned with CamScanner

نام کتاب ——— چشمۂ نور افزا، شرح آئینۂ شیعہ نما

نام مصنف ——— شیخ الحدیث حضرت علامہ اویسی صاحب

موضوع ——— ردّ شیعہ

سال طباعت ——— سنہ ۱۳۹۸ھ
۱۹۷۸ء

مطبوعہ ——— المجدد پرنٹرز اردو بازار لاہور

طابع ——— مکتبہ اویسیہ رضویہ

کتابت ——— ۲ فٹ

قیمت ——— Rs 13.50

Scanned with CamScanner

فہرست شرح آئینہ نما

مضمون	صفحہ
وجہ تالیف	۹
تعارف علامہ اوکیسی صاحب یعنے مختصر سوانح عمری	۱۰
سندھ سے وابستگی	۱۵
روئیداد مناظرہ سندھ	۱۸
گلزار خلیل کا تعارف	۲۳
مناظرے یا فجاولے	۲۵
ایک ضروری وضاحت	۲۷
علامہ اوکیسی کے شب و روز	۲۸
کتب شیعہ کا ذخیرہ اور اس کے حوالہ جات	۳۰
حوالہ جات تذکرۃ الائمہ	۳۰
اہلبیت اور امام اعظم ابو حنیفہ	۳۱
ائمہ معصومین کے شیعہ بے ایمان مرتد ہو گئے۔	۳۳

مضمون	صفحہ
شیعوں نے امام حسین و دیگر اہلبیت کے افراد کو مرتد و بے دین کہا	۳۵ ″
شیعوں کو اپنے ائمہ معصومین پر اعتماد نہ تھا۔	۳۶
کپڑا لپیٹ کر ماں، بہن وغیرہ سے جماع جائز	۳۶
اصول کافی کتاب کا تعارف	۳۷
امام جعفر کی دوغلہ پالیسی (معاذ اللہ)	۳۸
تقیہ کا ثواب اور اسکے فضائل	۳۹
انبیاء کی وارثت علمی و باغ فدک کا جواب	۴۰
اصحاب ثلثہ پر ایک اعتراض کا جواب۔	۴۲
آدم علیہ السلام میں کفر پایا گیا (معاذ اللہ)	۴۴

Scanned with CamScanner

نسخ کا ثبوت	۴۵	شیعہ مذہب میں باقی متعہ بقیہ اور بھنگ رگڑا ہے۔	۶۸
شیعوں کا قرآن کہاں	۴۶		
شیعوں کا قرآن ستر گز	۴۷	ترجمہ مقبول کے بقایا حوالے	۶۹
شیعوں پر خدا تعالیٰ کا غضب	۴۸	اہلسنت، اہلبیت کسے کہتے ہیں	۶۲
چہار یبات کا ثبوت	۴۹	حضرت حسین نے بی بی فاطمہ کا دودھ نہ پیا	۷۱
صحابہ کرام اور حضور علیہ السلام کا جنازہ	۵۰		
بحث تقیہ اور اس کے فضائل	۵۱	دودھ نہ پینے کی وجہ اور تبصرہ	۷۳
تقیہ کی مثالیں	۵۵	جہاں کا خمیر وہیں دفن	۷۷
شیعہ کو سنی سے دشمنی	۵۶	مسئلہ رجعت	۷۸
حضرت علی کی بعض اولاد کا نام ابوبکر و عمر	۵۷	اہل فہم شیعہ کو دعوت	۷۹
		شیعہ خدا تعالیٰ کے لئے جہالت ثابت کرتے ہیں	۸۰
صحابہ مرتد ہو گئے	۵۹		
حضرت علی کو گالی دینا	۵۹	شیعہ اہلسنت کو حرامزادے کہتے ہیں۔	۸۱
تارک خماز کافر ہے شیعہ کہتے ہیں	۶۰		
ترجمہ قرآن مقبول کا تعارف	۶۱	غیر معروف ہونا نہ ہونیکی دلیل نہیں۔	۸۲
قرآن کی تحریف۔ شیعہ مذہب	۶۲		
چند حوالے از کتب شیعہ کہ قرآن مجید ناقص ہے	۶۶	انت بمنزلۃ ہارون کے جوابات	۸۳
		قولاً کے معنے اور اسکی مختصر تشریح	۸۴
اسلام و قرآن و شیعہ	۶۷	تبرا کی تحقیق	۸۵

Scanned with CamScanner

جلاء العیون کا تعارف اور اس کے حوالے۔	۸۶
شیعہ کے ماتم کی تشدید	۸۸
ماتمی یزید ہے	۹۱
حضرت علی نے حضرت ابوبکر کے پیچھے نماز پڑھی	۹۲
شیعوں کا من گھڑت کلمہ اور اس کا رد	۹۳
امیر معاویہ کے فضائل اور کتب شیعہ	۹۷
ائمہ کی بعض اولاد کے اسمار ابوبکر و عمر و عثمان	۹۸
صحابہ کرام و اہلبیت عظام آپس میں شیر و شکر تھے	۱۰۰
حضور علیہ السلام کے داماد حضرت عثمان شیعہ کے سوال کا رد	۱۰۱
حضور علیہ السلام کی صاحبزادیوں کے نکاح کن لوگوں سے ہوئے۔	۱۰۳
امتی کیساتھ نکاح کے سوال کا جواب	۱۰۴
حضرت عثمان کے نسب کا نقشہ	۱۰۶
سید زادی کا نکاح غیر سید سے	۱۰۷
شیعوں کے نزدیک مہینہ محرم	۱۰۸
ماتم کا قرآن و حدیث سے رد	۱۰۹
عاشورہ کے دن شیعوں کی شادی کا دن ہے	۱۱۰
ام کلثوم کا نکاح حضرت عمر سے	۱۱۸
اس پر شیعہ کے اعتراضات و جوابات	۱۲۱
حضور کا روضہ بہشت کی کیاری	۱۲۴
قاتلان حسین بھی شیعہ تھے۔	۱۲۷
اہلبیت کو شیعوں نے کافر کہا۔	۱۲۹
حضرت علی و فاطمہ کی توہین	۱۳۳
امام باقر جعفر کی توہین	۱۳۵
فروع کافی کا تعارف اور حوالے	۱۴۱
بلا وضو نماز جائز	۱۴۴
تھوک سے ذکر کا دھونا	۱۴۷
ریح خفیف یعنی پھوسی سے وضو نہیں ٹوٹتا	۱۴۸
خنزیر کے بالوں کی رسی دم	۱۴۸
دیگر عجیب مسائل	
سنی کتے سے بد	۱۵۰

Scanned with CamScanner

تمام محرمات کا حال	۱۵۳
لمبی مونچھوں کی مذمت	۱۵۵
مذی و ودی کی شان	۱۵۹
وطی اور مشت زنی جائز	۱۶۰
ائمہ خود نہیں کرتے لیکن دوسروں کے لئے جائز	۱۶۲
عورت کی شرمگاہ کو بوسہ دینا	۱۶۳
سستا سودا یعنی پانی کے گلاس کے بدلے زنا جائز	۱۶۴
عورتوں کا ختنہ اور زنا سے پیار	۱۶۶
شیعہ کی دستی منیئن یعنی مشت زنی	۱۶۷
معقعہ شریف کا ثواب	۱۶۸
کنوئیں کے متعلق عجیب و غریب مسائل	۱۷۰
کتا اور چوہا کنوئیں میں چوہا دیگ میں	۱۷۱
پیشاب کا پرنالہ	۱۷۲
بندہ نماز میں ذکر ہاتھ میں	۱۷۳
بلا غسل جنبی کھائے پیئے مرنے کرے	
قرآن مجید کی توہین	۱۷۴
مجالس المومنین کے حوالے صدیق اکبر کی فضیلت (یار غار)	۱۷۵
حملہ حیدری کی منظوم عبارت	۱۸۰
یار غار اور تفسیر قمی	۱۸۵
حوالہ جات من لایحضرہ الفقیہ اور اس کا تعارف	۱۸۷
پاخانہ کی روٹی سے بہشت کا ٹکٹ	۱۸۹
اذان میں "علی ولی اللہ" کا اضافہ بدعت ہے	۱۹۲
مرتے وقت شیعہ کے منہ میں منی	۱۹۳
شیعوں کے نزدیک منی کی قدر و قیمت	۱۹۴
امام حسین تقیہ باز	۱۹۵
سنیوں کو پاخانہ کھلانا	۱۹۶
سنی کتے سے بھی بدتر اور ولد الزنا	
حوالہ جات الاستبصار	۱۹۷
فرج بھی عاریتہ پہ دینا جائز	۱۹۹
حوالہ جات حلیۃ المتقین	۲۰۰
عورت کی فرج کو چومنا	۲۰۱
جو تنہا سفر کرے لعنتی ہے۔	۲۰۲
شیعوں کے امام مہدی کا تعارف	۲۰۳
امام مہدی کے کارنامے کعبہ ڈھانا مردوں کے کفن اتارنا۔	۲۰۶

Scanned with CamScanner

حوالہ حیات احتجاج طبرسی	۲۰۷
فضائل حضرت عمر رضی اللہ عنہ	۲۱۰
حضرت عمر کے اسلام کی کیفیت	۲۱۱
حضرت عمر کے فضائل حضرت علی کی زبان سے	۲۲۰
شہر بانو بی بی کو حضرت عمر کا عطیہ	۲۲۶
منظوم فضیلت	۲۳۰
حضرت عمر کے مقبوضہ ممالک کی فہرست	۲۳۲
حضرت عمر حضور علیہ السلام کے خسر	۲۳۵
حضرت عمر حضرت علی کے داماد	۲۳۷
حضرت ابوبکر کی فضیلت	۲۳۸
امام باقر اور حضرت علی کا فیصلہ	۲۳۹
حضرت ابوبکر و حضرت علی کی محبت	۲۴۱
بی بی فاطمہ کا جہیز حضرت ابوبکر نے خریدا	۲۴۳
فضیلت صدیق حضرت علی کی زبانی	۲۴۴
صدیق اور اہلبیت کا تعلق محبت	۲۴۵
صدیق اور ائمہ معصومین و دیگر فضائل	۲۴۶
صدیق اکبر نے نبوت کا بار اٹھایا	۲۴۹
بعض شیعہ کتوں کے نام ابوبکر و عمر رکھتے ہیں	۲۵۲
فضائل صحابہ عقلی دلائل	
اصلی اور نقلی شیعہ	۲۵۴
صدیق اکبر اور صحابہ کو لعنتی کہنا	۲۵۶
شیعہ کی گن مسٹین اور صحابہ	۲۵۷
تمام صحابہ مرید و بے دین و گمراہ	۲۵۸
محبوب سبحانی و دیگر اولیا پر حملے	
صدیق اکبر کے فضائل	۲۶۰
کتاب الروضہ للکلینی کے حوالے	۲۶۱
حضرت عثمان کے فضائل	۲۶۲
رافضی کا معنی	۲۶۵
رافضی اہلبیت کی نظروں میں	۲۶۷
حوالہ جات آثار حیدری	۲۶۸
حضرت آدم کی توبہ پنج تن کے صدقے معاف	۲۶۹
حوالہ جات خلاصہ المہیج	۲۷۱
حضور نے منافقین کو نکلوا دیا	۲۷۲
ثعلبہ کا تفصیلی واقعہ	۲۷۵

Scanned with CamScanner

کشف الغمہ کے حوالہ جات	۲۷۶
ابوبکر امام جعفر کے نانا و دیگر فضائل صدیق	۲۷۷
حضرت علی نظروں میں صدیق اکبر	۲۷۹
ائمہ کی بعض اولاد کے اسماء	۲۸۳
ابوبکر و عثمان	
حوالہ جات ذخیرہ المعاد	۲۸۵
مختلف کتب کے حوالہ جات	۲۸۷
شیعہ کی نشانی داڑھی چٹ	۳۰۱
مونچھیں لمبی بھنگ کا رگڑا	۳۰۲
لمبی مونچھیں شیطان کا گھر	۳۰۲
اللہ کا حکم کہ مونچھیں کٹواؤ	۳۰۳
شیعوں کی بھنگ کا قصہ	۳۰۴
بھنگ و شراب کی مذمت	۳۰۵
سیاہ لباس اور ننگے سر کی مذمت از کتب شیعہ	۳۰۶
لباس سفید کی فضیلت	۳۱۴
علی کے دشمنوں کا سیاہ لباس	۳۱۷
سیاہ لباس فرعون کا ہے	۳۱۹
سیاہ لباس جہنمیوں کا ہے۔	۳۲۰
سیاہ جھنڈے والے جہنمی	۳۲۲
عباسیوں سے سیاہ لباس کی نحوست سے خلافت جاتی رہی	۳۲۴
ازواج مطہرات اہل بیت ہیں کمالی کملی کی تحقیق	۳۲۵
فضائل عائشہ اور نکاح بمصطفےٰ ﷺ	۳۳۴
عائشہ عالم النساء	۳۳۸
فضائل عائشہ رضی اللہ عنہا	۳۳۹
عائشہ رضی اللہ عنہا صائمۃ الدہر	۳۴۱
اور اُن کی سخاوت	
جنگ جمل	۳۴۲
عائشہ رضی اللہ عنہا کا یوم وصال اور نماز جنازہ	۳۴۵
اہلبیت کی تفسیر از کتب شیعہ	۳۴۶
اہل اور آل کی تحقیق	۳۴۹
اہلبیت احادیث شیعہ سے	۳۵۱
تحقیق آل شیعہ حدیث	۳۵۲
تحقیق اہل بیت ترجمہ شیعہ	۳۵۳
تاریخ اختتام کتاب ہذا	۳۵۴

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وجہ تالیف

الحمد للہ علی نوالہ والسلام علی امام خواص رجالہ وعلیٰ آلہ واصحابہ الذین ہم مصادر افعالہ واقوالہ واولیاء امتہ الذین ہم مفاتیح افعالہ وعلماء ملتہ الذین ہم اعلیٰ امثالہ۔

اما بعد! فقیر ابوالصالح محمد فیض احمد اویسی رضوی غفرلہ کی ایک تقریر کو کتابی صورت میں "آئینہ شیعہ نما" کے نام سے شائع کیا گیا۔ جس سے اہل اسلام کو بہت فائدہ پہنچا۔ بہت سے اہل علم احباب نے فقیر سے فرمائش کی کہ اس کی مزید توضیح ہو جائے۔ تو اہل سنت کا بہترین سرمایہ علمی متصور ہوگا۔ فقیر عدیم الفرصتی کے باوجود "آئینہ شیعہ نما" کی ضروری توضیح کر کے "چشمہ نور افزا" اس کا نام رکھا۔ مولیٰ عزوجل سے استدعا ہے کہ اسے بطفیل حبیب کریم رؤف رحیم صلی اللہ علیہ وسلم قبول فرما کر میرے لئے آخرت کا توشہ اور احباب اہل سنت کے لئے مشعل راہ بنائے۔ اور بھٹکے ہوئے لوگوں کو ہدایت نصیب فرمائے۔

(آمین)

فقیر اویسی رضوی غفرلہ

۲۷ ربیع الاول شریف۔ بروز منگل

حال وارد ریلوے جامع مسجد دادو (سندھ)

پاکستان استاذ المحدثین حضرت علامہ الحاج ابوالفضل محمد سردار احمد صاحب قدس سرہٗ کے مبارک ہاتھوں سے رسم دستار بندی اور سند فراغ پائی۔

سنہ ۱۳۷۱ھ / ۱۹۵۲ء کے اواخر میں یعنی شوال کے مہینہ میں اپنے گاؤں حامد آباد میں عربی درسگاہ کی بنیاد ڈالی۔ جس کا نام منبع الفیوض رکھا گیا۔ جس میں حفظ قرآن اور خالص عربی کی تعلیم دی جاتی۔ سنہ ۱۳۸۷ھ تک اپنے گاؤں میں تعلیم و تدریس کا سلسلہ جاری رکھا۔ جس میں سینکڑوں حفاظ القرآن اور علمائے دین پیدا ہوئے۔ چند ایک مشاہیر کے اسماء درج ہیں:۔

مولانا حافظ عبدالرحمٰن صاحب ٹھٹھہ سندھ

مولانا حافظ عبدالمجید صاحب اویسی صدر مدرس مدرسہ سراج العلوم خان پور

مولانا عزیز اللہ صاحب صدر مدرس مدرسہ نعیمیہ لاڑکانہ سندھ

مولانا غلام فرید صاحب اویسی مہتمم مدرسہ نزہتہ المدارس ضلع رحیم یار خاں

مولانا غلام محمد صاحب مہتمم انوار باہو۔ کوئٹہ

مولانا مختار احمد صاحب صدر مدرس و شیخ القرآن مدرسہ سراج العلوم خانپور کٹورہ

مولانا محمد شفیع صاحب پراراں شریف ضلع رحیم یار خاں۔

مولانا حافظ عبدالستار صاحب مہتمم مدرسہ گھوٹکی سندھ

مولانا گل محمد صاحب اویسی مہتمم مدرسہ قادریہ انصاریہ ضلع رحیم یار خاں

حافظ عبدالرحمٰن صاحب و حافظ محمد عظیم صاحب (تفصیلی فہرست رجسٹروں میں ہے)

اسی اثناء میں خان پور کٹورہ مدرسہ سراج العلوم میں دورہ سنہ ۱۹۶۱ء قرآن کا اجراء کیا گیا۔ ایک سال یعنی سنہ ۱۹۶۳ء میں خانیوال ضلع ملتان بھی دورہ قرآن ڈیڑھ

ماہ کا درس دیا۔ دورہ قرآن کے فضلاء کا احصار مشکل ہے۔ مشرقی و مغربی پاکستان کے علاوہ غیر ممالک میں فقیر کے تلامذہ موجود ہیں۔ چونکہ حامد آباد ایک معمولی گاؤں ہے اور ویران علاقہ کے علاوہ تعلیمی، معاشی سہولتوں سے کوسوں دور ہے، جس کی وجہ سے مسافرین طلبا اور تعلیمی ضروریات کے لئے بہت بڑی تکالیف وصعوبتوں کا سامنا کرنا پڑا۔ بمجبوری سکونت ترک کرکے ۱۳۸۷ھ میں بہاولپور اقامت اختیار کی۔ اور یہیں پر تیس ہزار روپے کا ٹکڑا زمین کا خرید کر کے مسجد سیرانی اور مدرسہ جامعہ اویسیہ کا سنگ بنیاد رکھا۔ جس میں دورۂ حدیث شریف اور درس نظامی کی بالائی کتب اور ماہ شعبان، رمضان میں دورہ تفسیر القرآن خود پڑھاتا ہے۔ بہاولپور کی تین سالہ زندگی میں سینکڑوں فضلاء و علماء و حفاظ پیدا کئے۔ اور مرکزی مدارس اہلسنت میں تدریسی و تعلیمی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ اور مختلف مساجد میں خطابت کے خدمات اور تبلیغی سرگرمیوں میں مصروف ہیں۔ (وبہ التوفیق ومنہ المنۃ)

اثنائے تعلیم میں بسلسلہ سلوک روحانی فاوریہ اویسیہ سلسلہ کے سرچشمہ حضرت خواجہ محکم الدین صاحب سیرانی رحمۃ اللہ علیہ سمہ سٹہ (جن کا دوسرا مزار دھوراجی ضلع کاٹھیاواڑ ہند میں ہے) کے سجادہ نشین حضرت الحاج خواجہ محمد الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے دست حق پرست پر بیعت کی ۱۳۸۱ھ میں ان کے وصال کے بعد بوساطت مولانا حسن علی صاحب میلسی مفتی اعظم الحاج مولانا مفتی مصطفیٰ رضا خاں صاحب دامت برکاتہم العالیہ زیب مصلّے اعلیحضرت عظیم البرکت مجدد مائۃ حاضرہ مؤید ملت طاہرہ امام شاہ احمد رضا خاں صاحب قدس سرہ بریلی۔ (ہند)

سے ۱۳۵۸ھ بیعت سلوک کی درخواست کی جو منظور ہوئی۔ اور آپ نے اپنے فیض و کرم سے سلسلہ قادریہ میں بیعت لینے کی نہ صرف اجازت بخشی بلکہ اپنی قلمی سند تحریر فرما کر بذریعہ رجسٹری روانہ فرمائی (فللہ الحمد) احیاء درسگاہ منبع الفیوض حامد آباد کے شروع میں فن طب کے حصول کا ارادہ ہوا تو اپنے استاذی مرحوم مولانا اللہ بخش صاحب جن سے فارسی کتب پڑھیں، کو عرض کیا گیا۔ چونکہ اُن کا وطن حامد آباد کے قریب تھا۔ بنا بریں خود تشریف لاکر فقیر کو طب کی تعلیم سے نوازا۔ جس کا مکمل کورس از میزان طب تا قانونچہ و رسالہ قبریہ و طب اکبر وغیرہ ایک سال میں حاصل کیا۔ ۱۳۷۱ھ میں تعلیمی زندگی انتہا کو پہنچی۔ اور اپنے گاؤں میں تعلیم و تدریس کا سلسلہ جاری کیا۔ تو دوسرے سال ۱۳۷۲ھ میں اپنے رشتہ داروں میں جام احمد لاڑ مرحوم کی لڑکی سے نکاح ہوا جس سے ذیل اولاد ہوئی:-

۱۔ محمد جمیل۔ ڈیڑھ ماہ کے بعد فوت ہوا۔

۲۔ حافظ محمد صالح طول عمرہ۔ قرآن پاک کا حافظ ہے اور عربی تعلیم کا قریب التکمیل ہے۔ اپنے مدرسہ میں مدرس بھی ہے۔

۳۔ حافظ محمد عطاء الرسول طول عمرہ حفظ القرآن سے فراغت پاکر عربی تعلیم حاصل کر رہا ہے۔

۴۔ محمد اسلم چھ ماہ کا ہو کر فوت ہوا۔

۵۔ محمد فیاض طول عمرہ حفظ القرآن میں حفظ کر رہا ہے۔

۶۔ محمد ریاض الحسن اول ایک سال کے بعد فوت ہوا

۷۔ محمد ریاض الحسن ثانی، قرآن حفظ کر رہا ہے۔

۸۔ کنیز خدیجہ۔ ایک ماہ کے بعد فوت ہوئی۔
۹۔ کنیز فاطمہ، قرآن مجید پڑھ کر تعلیم دینی میں مشغول ہے۔

سلسلۂ تصانیف

دورانِ تعلیم ہی میں تصنیف و تالیف کا سلسلہ شروع ہوا۔ اس وقت بفضلہٖ تعالیٰ سات سو سے زائد تصانیف کتب و رسائل موجود ہیں جن میں صدائے نوی شرح مثنوی اور شرح مطول عربی۔ شرح لوائح جامی رحمۃ اللہ علیہ۔ تذکرہ علماء اہل سنت۔ تفسیر عربی و دیگر ضخیم کتب شامل ہیں۔ چند ایک کتب مطبوعہ ہیں۔ جن کی تفصیل یوں ہے۔

نوٹ:۔ تفصیل فہرست کتب مطبوعہ سنہ ۱۳۹۶ھ / ۱۹۷۶ء سے لی جائے۔

سندھ سے وابستگی

بقول حضرت علامہ اویسی صاحب، یہ خاندان سندھ سے وارد پنجاب ہوا اور بہاولپور ریاست کے مشہور ضلع رحیم یار خاں میں مقیم ہو گئے۔ پھر تاریخ خاموش ہے۔ جبکہ خاندانی ماحول کا حال اوپر مذکور ہوا۔ تقریباً علامہ اویسی صاحب بچپن میں صرف سندھ کے نام سے ہی متعارف ہوں گے۔ چنانچہ راقم کے عرض کرنے سے فرمایا کہ اتنا یاد ہے کہ والدین اور دوسرے خاندان کے افراد اپنے آپ کو سندھ سے منسلک کرتے ہیں۔ اور پھر سندھی بھائیوں کو اس وقت دیکھنے کا موقع میسر ہوا۔ جبکہ وہ اپنے مختلف علاقوں سے پیدل چل کر حضرت غوث

بہاول حق زکریا ملتانی قدس سرہٗ کی مزار شریف کی زیارت کے لئے جاتے تو تو ان کا گذر ہمارے دیہاتوں سے ہوتا۔

حصول تعلیم کے دوران چند احباب سے مزید تعارف حاصل ہوا۔ اور ۱۹۵۲ء میں حامد آباد ضلع رحیم یار خاں میں مدرسہ کا آغاز کیا تو ایک دو سندھی طلبہ تعلیم حاصل کرنے کے لئے حاضر ہوئے۔ پھر ۱۹۶۰ء میں خان پور ضلع رحیم یار خاں میں دورہ تفسیر کا افتتاح کیا تو مزید سندھی طلبہ کی آمد و رفت ہوئی۔ ۱۹۶۳ء میں بہاولپور دار العلوم کی بنیاد رکھی تو پھر مستقل طور پر سندھ سے وابستگی ہو گئی۔ کہ لاڑکانہ کے مشہور پیر و مرشد حضرت الحاج میاں عبد الحلیم صاحب کی دعوت پر ۱۹۶۵ء میں شہداد کوٹ میں سندھ میں پہلی تقریر کا موقعہ میسر ہوا۔ اس کے بعد تو تقریباً سندھ کے تمام اضلاع میں حضرت علامہ اویسی صاحب کے تلامذہ پھیل گئے۔ بحمدہٖ تعالیٰ صوبہ سندھ کا کوئی ایسا ضلع و تعلقہ نہیں ہو گا جس میں علامہ اویسی صاحب کے تلامذہ نہ ہوں۔ علامہ اویسی صاحب کے تلامذہ نے آپ کے علوم و فنون، اخلاق و عادات کا تذکرہ اپنے اساتذہ سے کیا۔ تو سندھ کے کونہ کونہ میں علامہ اویسی صاحب کی زیارت کا اشتیاق پیدا ہو گیا۔ ۱۹۷۰ء میں نواب شاہ کے قصبہ سٹھ ہزاری میل میں دیابنہ کے مشہور مناظر عبد اللہ شاہ نے اہلسنت کو مناظرہ کا چیلنج کر دیا۔ تو سندھ کے علماء نے باتفاق رائے حضرت علامہ اویسی صاحب کو بلایا۔ عبد اللہ شاہ مناظرہ سے ذلیل و خوار ہو کر بھاگا جس سے سندھ میں علامہ اویسی صاحب کی علمی شہرت اور بڑھ گئی۔ اس کے بعد علامہ اویسی صاحب کا سلسلہ آمد و رفت سندھ سے زیادہ ہونے لگا۔

تشریح سندھ میں فقیر کی حاضری کے اصلی محرک، فقیر کے محسن حضرت علامہ مولانا محمد صالح صاحب[1] مہتمم جامعہ راشدیہ پیر گوٹھ شریف ضلع خیرپور میرس (سندھ) ہیں۔ جنھوں نے جامعہ راشدیہ کے تمام سکندری فضلاء سے فقیر سے وابستگی کا حکم فرمایا۔ اور بحمدہ تعالیٰ سندھ کے کونہ کونہ میں جامعہ راشدیہ کے فارغ التحصیل علماء و فضلا پھیلے ہوئے ہیں۔ سندھ کا کوئی ایسا شہر قصبہ بلکہ گوٹھ (دیہات) نہ ہوگا۔ جہاں جامعہ راشدیہ کا فارغ التحصیل عالم دین کی علمی خدمات سرانجام نہ دے رہا ہو۔ یہ تمام برکت حضرت مولانا محمد صالح صاحب مدظلہ العالی کی ہے۔ ان کی شفقت سے سندھ کے اکثر نوجوان علماء و فضلاء فقیر کے تلمیذ و رشتہ محب اور دوست ضرور ہیں۔ انہی حضرت مولانا محمد صالح صاحب مدظلہ کے حکم سے فقیر کو مناظرہ کے لئے بلایا گیا۔

---

[1] موصوف کا وصال ہوگیا ہے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون!

روئیداد مناظرِ سندھ

المَوسُوم بہ

شکستِ فاش

یعنے

مناظرہ مابین حضرت مولانا علامہ فیض احمد اویسی

اور مولوی محمد عبداللہ شاہ

بمقام سٹھ میل ضلع نواب شاہ (سندھ)

شائع کنندگان:- اراکین اہلسنت والجماعت ضلع نواب شاہ سندھ

Scanned with CamScanner

بتاریخ ۲۸ مئی سنہ ۱۹۷۱ء بروز جمعہ سنہ ۱۳۹۱ھ بمقام جامع مسجد سٹھ میل ضلع نواب شاہ سندھ وہابیوں دیوبندیوں کے مولوی عبداللہ شاہ نے مسئلہ ندائے یارسول پر اہل سنت کو چیلنج کیا۔ ضلع نواب شاہ کے اہلسنت نے (بشرط منظوری بذمہ وہابی دیوبندی پارٹی) چیلنج قبول کرلیا۔ ۸ جون سنہ ۱۹۷۱ء، ۱۴ ربیع الآخر سنہ ۱۳۹۱ھ بروز منگل تاریخ متعین کر کے حضرت علامہ اویسی صاحب تاریخ مقررہ پر کتابیں لے کر صبح سات بجے جلسہ گاہ میں پہنچ گئے۔ مولوی عبداللہ شاہ بھی چار گٹھڑیاں کتابوں کی لے کر دیوبندی پارٹی کے مدرسہ میں بیٹھ گیا۔ اہل سنت کی طرف سے حضرت مولانا مفتی غلام قادر اور حضرت مولانا نورالدین صاحب اور حضرت مولانا ارباب علی صاحب مناظرہ کی یاددہانی کے لئے عبداللہ شاہ وہابی دیوبندی کے پاس تشریف لے گئے۔ مولوی عبداللہ شاہ نے کہا۔ مناظرہ کی منظوری ہم نہیں لے سکے۔ اگر مناظرہ کرنا ہو تو ہمارے مدرسہ میں آجاؤ۔ علماء اہلسنت نے کہا۔ ہم اپنے مناظر کو یہاں لاتے ہیں۔ صرف ذمہ داری لکھ دو۔ عبداللہ شاہ اور دیوبندی پارٹی نے کہا ہم ذمہ داری لکھ دینے کے لئے بھی تیار نہیں۔ علماء اہل سنت نے کہا تم ہمارے جلسہ گاہ میں چلیں ہم ذمہ داری اٹھاتے ہیں۔ دیوبندیوں، وہابیوں نے کہا، تم جاؤ، ہم آرہے ہیں۔

آٹھ بجے سے گیارہ بجے تک انتظار کیا گیا۔ لیکن وہابیوں دیوبندیوں کی طرف سے خاموشی ہی خاموشی رہی۔

دوبارہ یاددہانی کرانے پر جواب ملا کہ ہم ساڑھے بارہ بجے پہنچ رہے ہیں ایک بجے کے بعد وہابی، دیوبندی پارٹی کتابوں کی چار گٹھڑیاں لے کر اہل سنت

کی جلسہ گاہ میں وارد ہوئے۔ سندھ کے سادہ لوح مسلمان آج حق و باطل کے امتیاز کرنے پر جوق در جوق آرہے ہیں۔ سٹھ میل کی جامع مسجد تل دھرنے کو جگہ نہ تھی۔ مجبوراً مسجد کے صحن سے باہر شامیانوں کا مزید انتظام کیا گیا۔ آج کا منظر قابلِ دید تھا۔ کہ سٹھ میل کی جامع مسجد میں اہلِ حق اور اہلِ باطل اکٹھے بیٹھے ہیں۔ اور دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی دیکھنا چاہتے ہیں۔ حضرت علامہ اویسی صاحب کو عبداللہ شاہ دیوبندی وہابی پارٹی کے مناظر کا علم ہوا تو مکان سے اُٹھ کر جلسہ گاہ میں تشریف لائے۔ جونہی آپ نے جلسہ گاہ میں قدم رکھا، عوام میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ لیکن مولوی عبداللہ شاہ وہابی دیوبندی کا چہرہ خشکی بدمزگی سے بدلتا گیا۔ حضرت علامہ اویسی صاحب اپنے بالمقابل کے سامنے بیٹھ گئے۔ مجمع کثیر تھا۔ ان میں سے ایک معزز آدمی بولا کہ حضرات علمائے کرام آپ وارث انبیاء علیہم السلام ہیں۔ لہٰذا آپ سے اپیل ہے کہ آج کی گفتگو کچھ ایسے سلیقے سے ہو جس میں حق و باطل بھی نکھر جائے۔ اور جھگڑا و فساد بھی نہ ہو۔ حضرت علامہ اویسی صاحب نے فرمایا کہ فکر مت کرو آج کل ملک کو خصوصاً امن و سلامتی کی شدید ضرورت ہے۔ ویسے بھی اہلِ سنت اپنے ملک میں امن و سکون کی سدا بہار دیکھنا چاہتے ہیں۔ کہ ہمارے ملک میں امن و سلامتی رہے۔ حضرت اویسی صاحب اپنے مدِ مقابل سے مخاطب ہوئے۔ اور فرمایا۔ مولانا بتایئے آج کا موضوع ندائے یارسول اللہ ہے یا نہیں۔ مولانا عبداللہ شاہ پر علامہ اویسی صاحب کا ایسا رعب چھا گیا کہ اب گویا مولوی عبداللہ شاہ کے منہ میں زبان بھی نہیں۔ دوبارہ پوچھنے پر عبداللہ شاہ نے کہا۔ میں اردو میں مناظرہ نہیں کر سکتا۔

مجمع میں کسی نے کہا کہ مولوی عبداللہ شاہ اُردو نہیں بول سکتا۔ تو سرائیکی بہاولپوری زبان میں مناظرہ ہو۔ علامہ اویسی صاحب نے کہا ٹھیک ہے لیکن نامعلوم عوام کی رائے کیا ہے؛ تمام مجمع بول اُٹھا کہ اویسی صاحب ہم سرائیکی بھی سمجھتے ہیں اور اُردو بھی۔ آپ مناظرہ شروع کریں۔ آج ہم حق و باطل کے امتیاز کے بغیر مسجد سے باہر نہیں جائیں گے۔ علامہ اویسی صاحب نے عبداللہ شاہ سے کہا بسم اللہ سرائیکی زبان میں سوال کیجئے۔ عبداللہ شاہ نے کہا کہ مجھے سرائیکی بھی نہیں آتی، مجمع نے کہا کہ عبداللہ شاہ جھوٹ بولتا ہے۔ کہ یہ اردو میں تقریر کرتا ہے اور سرائیکی میں بھی۔ عوام نے دیکھا عبداللہ شاہ کی صورت نہایت مرجھائی ہوئی ہے اور کچھ بولنا نہیں چاہتا۔ علامہ اویسی صاحب نے فرمایا کہ اگر مولوی عبداللہ عربی میں مناظرہ کرنا چاہتا ہے۔ تو بھی فقیر حاضر ہے اس پر ایک معمر شخص بولا بہت خوب دونوں علماء عربی میں گفتگو کریں۔ اور اپنی عربی کا ترجمہ خود سنائیں۔ لیکن چونکہ عبداللہ شاہ نے مناظرہ سے بھاگنے کی ٹھان لی اس لئے بڑی دیر کے بعد بولا کہ عربی میں مناظرہ نہیں ہو سکتا۔ عبداللہ شاہ کی اس ٹیڑھی چال سے خود اس کی پارٹی بھی اس سے ناراض بیٹھی تھی۔ لیکن کریں تو کیا کریں۔

اسی کے بعد علامہ اویسی صاحب عوام سے مخاطب ہوئے۔ اور فرمایا مناظرہ کے لئے آخری تدبیر بتاتا ہوں۔ اگر اس پر بھی عبداللہ شاہ راضی نہ ہو تو سمجھ لو کہ معاملہ کیا ہے۔ وہ آخری تدبیر یہ ہے کہ مجھے سندھی نہیں آتی۔ اور نہ میں بول سکتا ہوں۔ لہٰذا دو ترجمان مقرر کئے جائیں۔ جو مولوی عبداللہ شاہ کی سندھی تقریر کا خلاصہ مجھے بتائیں۔ اور اگر عبداللہ شاہ اُردو نہیں جانتا تو دوسرا

ترجمان میری اُردو تقریر کا خلاصہ اسے سندھی میں سمجھائے۔ اس پر عوام بہت خوش ہوئے۔ اور بڑے زور سے نعرہ لگایا۔ لیکن عبداللہ شاہ مجمع کو چیرتا ہوا مسجد سے نکلا۔ اور اُس کی پارٹی پیچھے چلی۔ اور ایسے بدحواس ہوئے کہ کتابوں کی گٹھڑیاں بھی مسجد میں چھوڑ گئے۔ عبداللہ شاہ کے بھاگنے پر عوام نے زوردار نعرے لگائے اور علامہ اویسی صاحب نے عوام سے اپیل کی کہ خبردار مارنا کسی کو نہیں۔ نہایت ہی سکون و آرام سے باہر جاکر بیٹھ جایئے۔ اور حضرات علماء کرام کی تقریر سنیئے۔ علامہ اویسی صاحب کی اس اپیل پر ہجوم نہایت سکون و آرام سے بیٹھ گیا۔ اور وہابی دیوبندی مسجد سے باہر چلے گئے۔ اور گویا گریہ کرتے ہوئے اور آہ و فغاں سے کہتے ہوئے جارہے تھے۔ ؎

بڑے بے آبرو ہو کر تیرے کوچے سے ہم نکلے

اِس مناظرہ میں علماء اہلِ سُنّت والجماعت مندرجہ ذیل موجود تھے۔

(۱) حضرت مولانا مفتی محمد رحیم صاحب سابق خطیب جامع مسجد (میمن شکارپور)

(۲) حضرت مولانا مفتی عبدالرحیم صاحب شاہ پور شاکر۔

(۳) حضرت علامہ ڈاکٹر محمد صاحب مفتی (سانگھڑ)

(۴) حضرت مولانا قاری بشیر احمد صاحب خطیب پی۔ ٹی۔ ایس شہداد پور

(۵) حضرت محمد قاسم صاحب خطیب جامع مسجد نور گھوٹکی

(۶) حضرت مولانا صوفی غلام حسین صاحب پنو عاقل۔

(۷) مولانا اللہ جوایا صاحب ضلع خیرپور میرس۔

(۸) مولانا عبدالکریم صاحب خطیب علاقہ

(۹) حضرت قاری محمد حنیف صاحب (پیر گوٹھ شریف)

اِن کے علاوہ بہت سے علماء کرام اور سندھ کے مشاہیر شعراء اور نعت خوان بھی تشریف لائے ہوئے تھے۔ عوام ضلع خیرپور ضلع نواب شاہ ضلع سکھر، ضلع سانگھڑ سے اس مناظرہ میں شریک تھے۔ حر مجاہدین بھی بکثرت تھے۔ دیوبندی وہابی پارٹی کے لوگ علاقہ جات مذکورہ سے آئے تھے۔ ان کے علاوہ کچھ ٹھیڑی کے فضلاء مدرسین میں سے تھے۔

دُوسرا دَورۂ سِندھ

اِس مناظرہ[1] کے بعد علامہ اویسی صاحب کی داستان (گلزارِ خلیل" میں ملاحظہ ہو۔ جہاں پر" آئینہ شیعہ نما" تقریر ہوئی۔ جسے فقیر نے قلم بند کیا۔

گلزارِ خلیل کا تعارف

یہ ایک پیر حضرت مولانا محمد ابراہیم سرہندی مدظلہ کی رہائش کا نام ہے۔ حضرت پیر صاحب موصوف نہ صرف پیر ہیں بلکہ مجاہد فی سبیل اللہ اور اہل سنت کے پایہ ناز عالم دین بھی ہیں۔ اور مخالفین اہل سنت کی سرکوبی میں مشہور و معروف

---

[1] اس کی روئداد ایک پمفلٹ کی شکل میں اراکین تنظیم اہلِ سنت وجماعت ضلع نواب شاہ (سندھ) کی طرف سے شائع ہوا تھا۔

ہیں۔ آپ نے کُنری میں مرزائیت۔ شیعیت۔ وہابیت کی ناکہ بندی کر کے بدمذہبی کو مٹایا۔ مناظرِ اسلام مولانا محمد عمر اچھروی رحمۃ اللہ علیہ کے یہاں مناظرے کرائے۔ اب چاہتے ہیں کہ اپنے علاقہ سے شیعیت کی بیخ کنی کرائیں۔ چنانچہ مختلف احباب و اصحاب اور سندھ کے علماء کرام سے مشورہ کیا۔ تو سب نے حضرت علامہ اویسی صاحب کو مدعو کرنے کا مشورہ دیا۔ چنانچہ ماہ صفر ۱۳۹۴ھ کے پہلے ہفتہ میں علامہ اویسی صاحب کو پیر صاحب موصوف کا خط موصول ہوا۔ جس میں ردِ شیعیت کے متعلق لکھا گیا۔ علامہ صاحب نے فوراً جواب بھیجا کہ فقیر حاضر ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تاریخ موعودہ پر حاضر ہو جائے گا۔ جواب بھیج کر علامہ صاحب نے مجھے بلایا اور فرمایا سندھ کی سیر و سیاحت کے لئے چلنا ہے تو تیاری کیجئے۔ میں نے کہا بسر و چشم مجھے اور کونسی سعادت نصیب ہو گی۔ جبکہ آپ کی رفاقت میں مجھے چند روز خدمت کرنے کا موقعہ میسر آئے گا۔ پھر آپ نے کتب شیعہ کتب خانہ سے نکال کر سامان میں رکھنے کی ہدایت فرمائی۔

یاد رہے کہ یہ کتابیں جلال پور پیر والا حضرت پیر میاں فتح محمد صاحب مدظلہ کے کتب خانہ سے لائی گئیں۔

بانی گلزار کا تعارف

آل مجدد عالم محقق پیر طریقت، رہبر شریعت مولانا علامہ محمد ابراہیم سیدنا مجدد الف ثانی عالم ربانی حضرت احمد سرہندی فاروقی قدس سرہٗ

کی اولاد سے ہیں۔ آپ شب و روز اس فکر میں رہتے ہیں کہ ملک بھر میں اسلام کا راج ہو۔ چنانچہ اپنے خرچہ پر ضلع تھرپارکر کے مختلف مقامات پر دینی جلسے کراتے ہیں۔ مرزائی۔ شیعہ۔ وہابی۔ دیوبندی اگر چیلنج کرتے ہیں تو ان کا منہ توڑ جواب دیتے ہیں۔ بلکہ باہر سے جید اور مشاہیر علماء کرام کو بلا کر مذہب حق اہلسنت کی ترویج و اشاعت فرماتے ہیں۔ چنانچہ تقریر مذکورہ بالا کے بعد سندھ کے شیعوں نے چیلنج کر دیا۔ آپ نے منظور فرما کر فقیر اویسی غفرلہٗ کو مطلع فرما کر اپنے خاص مرید مولانا عبد الحلیم صاحب کو بھیج کر فقیر سے مناظرہ کے شرائط طے کرائے۔ اور مکتوبات سے فقیر کو نوازا۔

لیکن باطل فرقہ شیعہ نے جونہی فقیر کی طرف سے مناظرہ کا عزم بالجزم دیکھا تو پیر صاحب قبلہ سے معذرت کر لی۔

مناظرے یا مجادلے

فقیر اویسی غفرلہٗ کو اپنی تدریسی و تعلیمی اور تصنیفی و تالیفی مصروفیات کی وجہ سے اتنا وقت ہی نہیں ملتا کہ وہ جگہ جگہ پہنچ کر تضیع اوقات کرے۔ لیکن افسوس کہ سنی بیچارہ بھولا بھالا ہے اور جو اثر و رسوخ رکھنے والے اہل ثروت اور دنیا دار اور بعض گدی نشین پیری مریدی اپنی بے نیازی سے اس طرف توجہ نہیں دیتے۔ اور ہمارے مخالفین شیعہ۔ وہابی۔ دیوبندی شاطر، عیار، چالاک ہیں۔ اور ان کے عوام بھی اور ان کے مصنوعی پیر اور نہ

صرف دنیا دار، اہلِ ثروت بلکہ اُن کا کوئی گورنمنٹ کا عہدیدار ہو تو بھی اپنے غلط مسلک پر نہ صرف مال و دولت اور وقت صرف کرتے ہیں۔ بلکہ جان کی بازی لگا دیتے ہیں۔ اسی مجبوری پر فقیر اپنے مذہب و مسلک کے لئے قربانی دیتے ہوئے ملک کے ایک کونے سے دوسرے کونے تک ہر بد مذہب شیعہ وہابی۔ دیوبندی کے ہر چیلنج کو نہ صرف قبول کیا بلکہ اپنے خرچہ پر کتب مناظرہ کے ڈھیر سر پر اُٹھا کر ہر جگہ پہنچا۔ لیکن افسوس کہ سوائے پریشانی گلے کے ہار بننے کے کچھ میسر نہ ہوا دوسرے سرے سے مخالفین کے مناظرین غائب اگرچہ کوئی غیر معروف آدھمکا تو امور مناظرہ سے ناآشنا جسے گالی گلوچ بکنے کے اور کچھ آتے نہ جاتے۔ ادھر مخالفین کی عیاری و مکاری ادھر اہلِ سنت کوئی رشتہ داری میں پھنسا ہے تو کوئی محلہ داری سے کوئی کسی صلح کلی کی بیماری سے غرضیکہ بجائے فقیر کے ساتھ تعاون کے مخالفین کی طرفداری سے نہ صرف اپنا بیڑہ غرق کرتے ہیں بلکہ اپنے مسلک و مذہب کی خوب مٹی پلید کرتے ہیں۔ بحمد اللہ تعالیٰ فقیر ہر مرحلہ پر کامیاب رہا۔ اس کا خود مخالفین کو اقرار ہے۔ لیکن اب نہ صرف فقیر بلکہ ہر سنجیدہ انسان اپنا پرایا مانتا ہے کہ دورِ حاضرہ میں مناظرے نہیں مجادلے ہیں۔ اسی لئے فقیر اس شعبہ کو خیرباد کہہ کر اپنے محبوب مشغلہ یعنی تدریس و تعلیم اور تصنیف و تالیف میں مصروف ہے۔

یہ چند حروف اس لئے لکھے ہیں تاکہ آئندہ کوئی صاحب فقیر کو اپنی غلط پالیسی میں نہ پھنسا سکے۔

ایک ضروری وضاحت

حضرت علامہ اویسی صاحب نہ رواجی مبلغ ہیں اور نہ ہی رسمی مقرر بلکہ دین و اسلام کے ایک مخلص اور سچے مجاہد اور عاشقِ رسول ہیں جنھیں شب و روز درد رہتا ہے کہ آقا کریم سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے دین کا بول بالا ہو۔ اسی انہماک میں آپ اسلام کے ہر شعبہ میں نہایت کامیابی سے دینی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ اسی لئے اپنی دلی تمنا کا اظہار مندرج ذیل الفاظ سے فرمایا کرتے ہیں۔

اویسی فقیر کی استدعا

فقیر کے اساتذہ و معاصرین کو معلوم ہے کہ فقیر تقریر و تبلیغ، وعظ و مناظرہ وغیرہ کو اتنا اہمیت نہیں دیتا جتنا درس و تدریس اور تصنیف و تالیف کو اہم سمجھتا ہے۔ لیکن افسوس کہ ہمارا معاشرہ بالخصوص اہلِ سنت عوام و خواص ان مؤخر الذکر شعبوں سے بے التفاتی فرماتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہم دیگر مذاہب سے کوسوں پیچھے ہیں۔ اللہ تعالیٰ قادرِ مطلق اپنے حبیب کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے ہماری اس کمی کو اپنے فضل و کرم سے پورا فرمائے۔ فقیر بوجہ مجبوری تقریر وغیرہ کے لئے کہیں جاتا ہے، ورنہ دل چاہتا ہے کہ فقیر کی زبان و قلم کا ہر وقت ورد ہو۔ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

(آمین)

علامہ اویسی صاحب کا شب و روز

آپ کا محبوب مشغلہ تدریس ہے۔ جو زندگی کا اکثر و بیشتر حصہ اسی میں گذر رہا ہے۔ کہیں مناسبت محسوس کرتے ہیں تو اپنے خرچ پر وعظ و تبلیغ کے لئے تشریف لے جاتے ہیں۔ اور اگر کہیں سے کچھ مل جاتا ہے تو وہ فنڈ میں جمع کرا دیتے ہیں۔

تحدیث نعمت

اگرچہ شیخی بگھیرنا (بگھارنا) جرم عظیم ہے لیکن تحدیث نعمت کے طور پہ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اس کریم نے اپنے محبوب کریم رؤف و رحیم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے صدقے اس نکمے اور ناکارے سے اتنا عظیم کام لیا کہ الحمد للہ تعالیٰ فقیر کے عزیز تلمیذ ملک و ملت کی خدمت میں لگے ہوئے ہیں۔

تصنیف و تالیف

یہ شعبہ تو آپ کا اتنا مشہور ہے کہ عوام کے ذہن میں یہی مشہور ہے۔ کہ اویسی صاحب رات دن یہی کام کرتا ہے۔ اور بس اور بحمدہٖ فقیر کو تصنیف و تالیف میں تدریس کے بعد اچھا شغل نصیب ہوا ہے۔ اور فقیر کے قلم سے عربی۔ اردو میں متعدد کتب لکھی جا چکی ہیں۔ جن کی فہرست مطبوعہ رسائل طبع ہوئی ہے اور دعا ہے کہ تا دم زیست فقیر کا یہ لوٹتا ہوا قلم چلتا رہے۔ (آمین)

چھٹیوں کا مہینہ

مدارس عربیہ عموماً نصف شعبان سے نصف شوال تک دو ماہ بند رہتے ہیں لیکن علامہ صاحب کے مدرسہ کا دروازہ کبھی نہ بند ہوا۔ اور نہ ہی خدا کرے تا قیامت بند ہو۔ اسی لئے مذکورہ رخصتوں میں علامہ صاحب دورہ تفسیر القرآن پڑھاتے ہیں۔ پھر شوال کے شروع میں دورہ حدیث شریف کے تلامذہ کے داخلہ کے لئے مصروف رہتے ہیں۔ مخلصین کے اصرار پر علامہ نے صفر کا ہفتہ آخر اور ربیع الاول کامل اور ربیع الآخر کے نیمہ اولیٰ احباب کی ملاقات و مختلف مقامات کے جلسوں میں شمولیت کے لئے سالانہ چھٹی کے لئے متعین فرمایا چنانچہ صفر کے آخری ہفتہ کے لئے مختلف جلسوں میں تشریف لے گئے اور مجھے فرمایا کہ مندرجہ ذیل حوالہ جات کتب شیعہ سے تلاش کریں۔

اہلسنت

اگرچہ مدارس عربیہ کی چھٹیاں شعبان تا نصف شوال عام رہتی ہیں۔ لیکن الحمدللہ یہ نعمت صرف اہل سنت کو نصیب ہے۔ کہ ماہ ربیع الاول شریف میں مجالس میلاد اور ربیع الآخر میں مجالس گیارھویں سے نہ علماء کرام کو فرصت ہوتی ہے نہ طلباء عوام اہل سنت سے فراغت پاتے ہیں۔ اسی لئے فقیر ان دونوں مہینوں میں باہر رہتا ہے۔ اور ماہ شعبان میں دورۂ تفسیر شریف پڑھاتا ہے۔

حوالہ جات

یہ حوالہ جات فقیر نے اپنی تقریر سے پہلے بطور یادداشت کے لکھ لئے تھے جیسا کہ ایک مقرّر کے لئے ضروری ہوتا ہے۔ لیکن افسوس کہ آجکل ہمارے مقررین واعظین زمین و آسمان کے قلابے ملا دیتے ہیں۔ اور اُن کی اکثر باتیں ایسی بے تکی ہوتی ہیں کہ جنھیں سُن کر شرمائیں یہود ہنود اگر اُنھیں کچھ عرض کیا جائے تو لڑنے پر آمادہ ہو جاتے ہیں۔ فقیر کی مقرّرین و واعظین سے استدعا ہے کہ وہ ہر بات قوم کے سامنے پیش کریں جس کا کچھ وزن ہو۔ آپ اپنی بے وزنی باتوں سے وقتی طور پر تو داد لے لیتے ہیں۔ لیکن قوم اس سے بجائے فائدہ کے نقصان اُٹھاتی ہے جس کا خمیازہ نہ صرف قوم کو بلکہ قیامت میں اُن کا بوجھ آپ کے سر پر ہوگا۔

وما علینا الّا البلاغ المبین ط

آغازِ مقصد

پہلے پانچ چھ حوالے تذکرۃ الائمہ مطبوعہ ایران کے ہیں۔ یہ کتاب مُلّا باقر مجلسی کی ہے۔ جسے اُس نے اپنے ائمہ معصومین کے حالات قلم بند کئے ہیں

حوالہ جات (تذکرۃ الائمہ)

۱	شیعوں کا ایک فرقہ ہے جو حضرت علی کو خدا کہتے ہیں (معاذ اللہ	تذکرۃ الائمہ مطبوعہ ایران	۷۷
۲	حضرت جبرئیل بھول گئے کہ وحی نبی علیہ السلام کو پہنچا دی ورنہ حکم حضرت علی کا تھا	"	۷۸

۳	حضرت امام اعظم کا علم حضرت امام جعفر تک پہنچتا ہے	تذکرۃ الائمہ مطبوعہ ایران	۶۴
۴	عصمنی عن الخلق الخ کذا قال علی رضی اللہ عنہ) پھر تقیہ کیوں	〃	۱۲۹
۵	حضرت امام جعفر صادق کا نانا جان حضرت صدیق پھر انھیں گالیاں کیوں۔	〃	۱۲۹
۶	مسئلہ حریہ	〃	۱۳۰

نتیجہ :- پہلے دو حوالوں کی عبارتیں آنے والے اوراق میں دیکھیں۔

(حوالہ ۳) کا قول اپنی تائید میں پیش کیا جاتا ہے۔ شیعہ صاحبان کہتے ہیں کہ جب "اہل بیت" کے ائمہ موجود تھے تو پھر امام اعظم اور دیگر ائمہ کو امام بنانے کا کیا معنے؟ ہم کہتے ہیں کہ امام اعظم کا علم بھی درحقیقت ائمہ اہل بیت کا علم ہے وہ اس لئے کہ ائمہ اہل بیت کی تاریخ دہرائیے تو واضح ہو گا کہ اس دور کے بادشاہ سادات کرام کے خون کے پیاسے تھے۔ یہاں تک کہ سادات کرام کے گھروں میں بچوں کو سمجھایا جاتا تھا کہ باہر جاکر یہ نہ بتانا کہ ہم سادات گھرانے کے افراد ہیں۔ بلکہ کہنا کہ ہم شیخ ہیں۔ اس کی تفصیل فقیر کے رسالہ "اماطۃ الاذی عن غوث الوریٰ" میں دیکھئے۔ اسی لئے مجبوراً ائمہ اہل بیت نے اپنے علم کی اشاعت کے لئے امام اعظم رضی اللہ عنہ اور ان جیسے اور حضرات کو منتخب فرمایا۔

(سوال) یہی بات رافضی شیعہ بھی کہہ سکتے ہیں۔ کہ ائمہ اہل بیت کے علوم شیعوں کے پاس ہیں۔ نہ اہل سنت کے ہاں۔

(جواب) حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اس سوال کا جواب سینکڑوں سال پہلے

ہمیں عنایت فرما گئے ہیں وہ جواب یہ ہے کہ ائمہ اہل بیت کو اپنے شیعوں پر اعتماد نہیں تھا۔ چنانچہ شیعہ کی معتبر کتاب اصول کافی صفحہ ۴۹۶ میں ہے۔

۱۔ عن ابن رباب قال سمعت ابا عبداللہ علیہ السلام یقول لابی بصیر اما واللہ لوانی اجد منکم ثلاثۃ مومنین یکتمون حدیثی ما استحللت ان اکتمھم حدیثا۔

ابن رباب سے روایت ہے۔ وہ کہتا ہے کہ میں نے امام باقر علیہ السلام سے سنا کہ ابو بصیر سے فرماتے تھے کہ واللہ اگر میں تم میں سے تین مومن ایسے پاؤں جو میری حدیث کو چھپا دیں تو پھر میں تم سے اپنی حدیث چھپانا روا نہ رکھوں۔

(۲) اسی کتاب میں اس کے بعد دوسری روایت میں امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ اگر میرے شیعہ پورے سترہ ہوتے تو میں جہاد کرتا علاوہ ازاں بدیہ ہے کہ (۳) امام موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میرا مطیع اور فرمانبردار فقط ایک ہے چنانچہ مجالس المومنین مجلس پنجم صفحہ ۱۴۲ میں ہے:۔

وکشی روایت نمودہ از حضرت امام موسیٰ کاظم کہ مے فرمودند:۔

اور کشی نے حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ وہ فرماتے تھے:۔

ما وجدت احدا یقبل وصیتی ویطیع امری الا عبداللہ بن یعفور۔

نہ پایا میں نے کسی کو جو میری وصیت کو قبول کرتا ہو اور میرے حکم کی اطاعت

کرتا ہو۔ مگر عبداللہ بن یعفور کو۔

ناظرین غور فرمائیں کہ امام جعفر صادق علیہ السلام کو اپنے اصحاب میں تین شخص بھی ایسے نہ ملے جو اُن کے مطیع اور فرمانبردار ہوتے بلکہ سب سرکش اور نافرمان تھے۔

اس تمام بیان سے بخوبی واضح ہوگیا کہ شیعوں کو ابتداءً ائمہ کی دشمنی کا مادہ بھرا ہوا تھا۔ اور روایت میں ہے کہ عبداللہ یعفور نے جو امام جعفر صادق علیہ السلام کے سامنے بہت بڑا تعجب ظاہر کیا تھا کہ مجھ کو اپنے تجربے سے معلوم ہوگیا کہ جو لوگ تمہاری ولایت کو مانتے ہیں ان میں صدق اور امانت اور وفا نہیں ہے۔ اس قول کے ساتھ امام جعفر صادق علیہ السلام کے اس قول کو ملاؤ کہ تین مومن بھی امین اور مطیع نہیں۔ تو خواہ مخواہ یہ نتیجہ نکلے گا کہ کل اصحاب امام کا وہی حال تھا جو عبداللہ بن یعفور نے بیان کیا تھا۔ اس قول میں اتنا احتمال باقی تھا کہ شاید دو شخص صادق اور امین اور مطیع ہوں، مگر امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے اس کی بھی توضیح کر دی کہ فقط ایک ہی ہے۔ درحقیقت یہ بھی ان کا صرف خیال تھا۔ ورنہ شیعوں میں ایک بھی ائمہ کا ماننے والا نہ تھا سب کے سب باغی تھے۔ بلکہ شیعوں پر ان کے ائمہ کا فتویٰ ہے۔ کہ وہ دین حق سے ہٹ گئے تھے۔ چنانچہ کتاب الروضہ صفحہ ۱ میں روایت ہے:۔ قال ابوالحسن علیہ السلام لو میزت شیعتی ما وجدتهم الا واصفة ولو امتحنتهم لما وجدتهم الا مرتدین۔ فرمایا امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے اگر منتخب کروں اپنے شیعوں کو نہ پاؤں میں انکو مگر فقط زبان سے دعویٰ کرنے والے اگر امتحان لوں میں ان کا نہ پاؤں میں ان کو

مجالس المومنین میں لکھا ہے :-

"از حضرت امام زین العابدین روایت کردہ اند کہ می فرمود کہ تمام مردم بعد از قتل حسین مرتد شدند الا پنج کس۔ ابو خالد کابلی و یحییٰ بن ام الطویل و جبیر بن مطیع و جابر بن عبد اللہ و شبکہ کہ حرم محترم حضرت امام حسین بود۔" مجالس المومنین مطبوعہ طہران ص۱۴۴ المجلس پنجم ترجمہ یحییٰ

یعنے جتنے شیعہ تھے سب مرتد ہو گئے تھے۔ مگر پانچ آدمی سلامت رہے تھے۔ جن میں چار مرد تھے اور ایک عورت شبکہ جو امام حسین علیہ السلام کی بی بی تھیں۔ تبصرہ از اویسی غفرلہ، اس سے ثابت ہو گیا کہ امام حسین کی دوسری بیبیوں کا ایمان بھی ثابت نہ رہا۔

رہی افسوس کہ امام زین العابدین کی ماں حضرت شہر بانو بھی ان پانچ میں شامل نہ رہیں۔ خدا جانے حضرت زینب اور امام حسین کی تینوں بیٹیاں اور حضرت عباس علم دار سقائے حرم کی بیبیاں اور اولاد اور حضرت امام حسن علیہ السلام کی اولاد خصوصاً حضرت امام حسن مثنیٰ علیہ السلام اور اُن کی بہن جو حضرت امام زین العابدین کی بی بی تھیں کس فریق میں رہیں۔ اس لئے کہ ان پانچ میں اہلِ بیت اور حرم سرائے اہلِ بیت میں سے سوائے شبکہ کے کسی کا ذکر نہیں۔

(۳) شیعوں کے اس ارتداد کا کھوج لگایا جائے تو وہ نہ صرف ائمہ کے اجداد کو باغی اور مرتد مانتے ہیں بلکہ وہ خود امام الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے جملہ اصحاب باستثنائے سہ نفر تمام کو کافر و مرتد سمجھتے ہیں۔

(۴) ہشام اور صاحب الطاق اور دیگر اصحاب امام جعفر صادق علیہ السلام نے

ان کی وفات کے بعد اس امر پر اتفاق کیا تھا کہ مذہب شیعہ کو ترک کر دو اور یہ مشورہ کرتے تھے کہ کون سا مذہب اختیار کریں۔ اور سب سے آخر میں خارجی ہونے کا خیال کیا تھا (اصول کافی ص۲۲۱)

فائدہ

حق یہ ہے کہ ائمہ ہمیشہ اپنے شیعوں کو مصلحتاً جھوٹے وعدوں میں بہلا بہلا کر روکا کرتے تھے۔ ورنہ وہ تو ہر وقت مرتد ہو جانے کو تیار تھے۔ اس موقعہ پر یہ لطیفہ بھی سننے کے قابل ہے کہ ایک شخص یقطین نامی خلفائے عباسیہ کا طرفدار تھا۔ اور اپنے آپ کو اسی فرقہ میں شامل کرتا تھا۔ اس کا بیٹا علی بن یقطین مخلصین شیعہ اور اصحاب ائمہ سے تھا۔ اس سبب سے باپ بیٹوں میں ہمیشہ مخالفت رہتی تھی۔ علی بن یقطین یہ کہتا تھا کہ امام موسیٰ کاظم نے یہ خبر دی ہے کہ سنہ دو سو سے شیعوں کی کامیابی کا زمانہ شروع ہو جائے گا۔ جب یہ خبر جھوٹی ہو گئی تو یقطین نے کہا کہ اس کی کیا وجہ ہے کہ ہمارے فرقہ یعنی عباسیوں کی کامیابی کی جتنی خبریں ہوتی ہیں وہ تو سچی ہو جاتی ہیں۔ بن یقطین نے اس کے جواب میں کہا کہ ائمہ شیعوں کے خوش کرنے کو ان سے کہہ دیا کرتے تھے کہ تمہاری کامیابی کا وقت قریب ہے۔ اگر ایسا نہ کریں تو سب مرتد ہو جاویں۔ انصاف فرمایئے کہ جب ائمہ کے شیعے ایسے لچر تھے تو پھر ان کا اعتبار کیا۔ اس سے یقین کرنا ہوگا کہ شیعوں کی تمام روایات افسانے ہیں۔ اہلبیت کا حق مذہب وہی ہے جو ائمہ اہلسنت کے

ذریعے ہمارے ہاں پہنچا۔

(۴) سے مقصد یہ ہے کہ جب حضرت علی رضی اللہ عنہ نے خود فرمایا کہ "عصمتی عن الخلق" اللہ تعالےٰ نے جملہ مخلوق سے مجھے محفوظ رکھا تو پھر آپ نے اصحاب ثلثہ رضی اللہ عنہم سے اپنی خلافت کے لئے کیوں جنگ نہ کی۔ جبکہ آپ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے حفاظت کا وعدہ تھا۔ اگر یہ جواب دیں کہ تقیہ جیسے ثواب کو حاصل کرنے کے لئے۔ اس پر ہم کہیں گے کہ پھر حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں کیوں ہزاروں مسلمانوں کی جانیں تلف کرائیں جبکہ اس وقت بھی یہی مسئلہ خلافت تھا۔ معلوم ہوا کہ یہاں اُن کا خاموشی سے گذارنا اور اُن کے ماتحت رہ کر کام کرنا ان حضرات کو حق تسلیم کرنے کی وجہ سے تھا۔ مزید تفصیل فقیر کی کتاب "آئینہ مذہب شیعہ" میں دیکھئے۔

(حوالہ ۶) مذہب شیعہ کا ایک فقہی مسئلہ ہے جو کتاب مذکور یعنی "تذکرۃ الائمہ" کے علاوہ شیعہ مذہب کی مشہور مذہبی کتاب ذخیرۃ المعاد میں بھی ہے:۔

از ابو حنیفہ نقل شدہ کہ جماع در فرج محارم بالف حریر جائز است۔	ابو حنیفہ سے نقل ہوا کہ ریشم لپیٹ کر ماں بہن سے جماع کرنا جائز ہے

(ف) اس حوالہ سے یہ ثابت ہوا کہ شیعہ مذہب میں ماں بہن سے ریشم لپیٹ کر جماع کرنا جائز ہے۔ اب شیعہ حضرات کو چاہیئے کہ حوالہ غلط ثابت کریں یا ہمارے الزام کا کوئی معقول جواب دیں۔ مگر جواب کیا دیتے ہیں۔ جب یہ حوالہ ہی لاجواب ہے اور انھیں بجز تسلیم کے چارہ ہی نہیں۔ مزید تفصیل فقیر کی کتاب "متعہ یا زنا" دیکھئے۔

آؤ شیعو، فیر اویسی انعام لو

اس سلسلہ میں اعلان کرتے ہیں کہ حوالہ غلط ثابت کرنے والے کو ایک ہزار روپیہ انعام دیا جائے گا۔ شیعہ لوگ ہمارے انعام کا مذاق تو اُڑاتے ہیں۔ مگر انعام لینے کی کسی کو ہمت نہیں ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ اہل سنت بھائیو، اس امر پر دلیل قاہر ہے کہ حوالے صحیح اور شیعوں کی مذہبی کتابوں میں موجود ہیں

غلطی کا ازالہ

ذخیرۃ المعاد دو ہیں ملا باقر مجلسی کا یہ حوالہ نہیں بلکہ دوسری ذخیرۃ المعاد مراد ہے۔ اس کی تفصیل ہم آگے چل کر عرض کریں گے انشاء اللہ۔

حوالہ جات اصولِ کافی

یاد رہے کہ جیسے اہلِ سنت میں صحاح ستہ (بخاری۔ مسلم۔ ترمذی۔ ابوداؤد نسائی۔ ابن ماجہ) مشہور ہیں انہی کی روایات لے کر مسائل کا استنباط کرتے ہیں۔ اور اُن میں سے بخاری شریف نمبر اوّل پر ہے۔ اسی طرح شیعہ مذہب صحاح اربعہ (اصول کافی۔ الاستفسار طبرسی۔ تہذیب الاحکام من لا یحضرہ الفقیہ) ہیں۔ ان میں نمبر اول اصول کافی ہے۔ اور یہ وہ کتاب ہے جسے شیعہ کے مجتہدین کا دعوٰے ہے کہ یہی کتاب امام مہدی موعود (جو اب غار سرمن میں چھپے ہوئے ہیں) کے پیش کی گئی تو انھوں نے فرمایا "ھٰذا کافٍ لشیعتنا" یہ کتاب

ہمارے شیعہ مذہب کے لئے کافی ہے۔ اسی لئے اس کتاب کا نام "الکافی" ہے۔ اور مطبوعہ کتابوں کے ابتدا میں مذکورہ بالا عبارت لکھی ہوئی ہے۔ اس کے مصنف کے لئے لکھتے ہیں "رئیس المحدثین الشیخ الامام ثقۃ الاسلام ابی جعفر محمد بن یعقوب بن اسحاق الکلینی الرازی رضی اللہ تعالیٰ عنہ[1] فقیر مطبوعہ "نولکشور" لکھنؤ سے حوالہ جات نوٹ کر رہا ہے۔

یاد رہے فقیر نے آئینہ شیعہ نما میں اصول کافی کے مختلف مقامات پر حوالے لکھے ہیں۔ اس کتاب میں یک جا جمع کر کے لکھے جا رہے ہیں۔

(۱) امام جعفر سے کوئی مسئلہ پوچھتا تو کسی کو کچھ جواب دیتے اور کسی کو کچھ صفحہ ۳۳

عَنْ زُرَارَۃَ بْنِ اَعْیُنَ عَنْ اَبِیْ جَعْفَرٍ قَالَ سَئَلْتُہٗ، عَنْ مَسْئَلَۃٍ فَاَجَابَنِیْ ثُمَّ جَآءَہٗ رَجُلٌ فَسَئَلَہٗ، عَنْھَا فَاَجَابَہٗ بِخِلَافِ مَا اَجَابَنِیْ ثُمَّ جَآءَہٗ رَجُلٌ فَسَئَلَہٗ عَنْھَا فَاَجَابَہٗ بِخِلَافِ مَا اَجَابَنِیْ وَاَجَابَ صَاحِبِیْ فَلَمَّا خَرَجَ الرَّجُلَانِ قُلْتُ یَابْنَ رَسُوْلِ اللّٰہِ رَجُلَانِ مِنْ اَھْلِ الْعِرَاقِ مِنْ شِیْعَتِکُمْ قَدْ مَا یَسْئَلَانِ فَاَجَبْتَ کُلَّ وَاحِدٍ مِنْھُمَا بِغَیْرِ مَا اَجَبْتَ صَاحِبَہٗ فَقَالَ یَا زُرَارَۃُ اِنَّ ھٰذَا خَیْرٌ لَّنَا وَلَکُمْ وَلَوِ اجْتَمَعْتُمْ عَلٰی اَمْرٍ وَّاحِدٍ لَصَدَّقَکُمُ النَّاسُ عَلَیْنَا وَکَانَ اَقَلَّ لِبَقَآءِنَا وَبَقَآءِکُمْ ثُمَّ قَالَ قُلْتُ لِاَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ شِیْعَتُکُمْ لَوْ حَمَلْتُمُوْھُمْ عَلَی الْاَسِنَّۃِ اَوِ النَّارِ لَمَضَوْا وَھُمْ یَخْرُجُوْنَ مِنْ عِنْدِکَ مُخْتَلِفِیْنَ

---

[1] اس کے متعلق مزید تبصرہ "آئینہ شیعہ مذہب" فقیر کی تصنیف دیکھئے ۱۲

قَالَ فَاَجَابَنِیْ بِمِثْلِ جَوَابِ اَبِیْہِ ۔ ترجمہ:۔ زرارہ صاحب امام باقرؒ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے ان سے ایک مسئلہ پوچھا۔ انھوں نے مجھے جواب دیا۔ پھر ایک اور شخص آیا۔ اور اس نے بھی وہی مسئلہ پوچھا۔ اس کو انھوں نے میرے جواب کے خلاف بتایا۔ پھر ایک تیسرا شخص آیا اور اس نے بھی وہی مسئلہ پوچھا تو انھوں نے اس کو ہم دونوں کے خلاف جواب بتایا۔ جب وہ دونوں چلے گئے تو میں نے کہا کہ اے فرزند رسول اللہ یہ دونوں شخص عراق کے رہنے والے تمہارے شیعوں میں سے تھے۔ تم سے مسئلہ پوچھنے آئے تھے۔ تم نے ایک کو کچھ جواب دیا۔ دوسرے کو کچھ۔ امام باقرؒ نے کہا۔ اے زرارہ اسی میں ہماری تمہاری خیریت ہے۔ اگر تم سب ایک بات پر متفق ہو جاؤ تو لوگ تم کو ہم سے روایت کرتے ہیں۔ سچا سمجھ لیں گے۔ پھر ہماری تمہاری زندگی نہیں رہ سکتی۔ پھر میں نے امام جعفر سے کہا۔ کہ تمہارے شیعہ ایسے ہیں کہ اگر تم ان کو نیزوں میں اور آگ میں بھیج دو تو چلے جائیں۔ حالانکہ وہ تمہارے پاس سے مختلف ہو کر نکلتے ہیں۔ تو انھوں نے بھی اپنے والد ہی کا سا جواب دیا۔

ناظرین:۔ سوچیں کہ جو انسان دو رُخی بات کرتا ہو اس کا عوام میں اعتبار اُٹھ جاتا ہے جب شیعہ اپنے ائمہ کے لئے ایسی باتیں کریں تو بتایئے ایسے ائمہ کا کیا اعتبار ہوگا۔ فاعتبروا یا اولی الابصار۔

(۲) شیعہ کو مذہب کا چھپانا اور ظاہر کرنا ذلت صـ۴۸۵ اصل عبارت یوں ہے۔

قَالَ ابو عبد اللہ علیہ السلام یا ابا سلیمان انکم علی دین من کتم اعزہ اللہ

حضرت امام جعفر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اے شیعو تم ایسے دین پر ہو کہ جو

ومن اذاعہ اذلہ اللہ (باب الکتمان) اسے چھپائے گا وہ عزت پائے گا۔ جو
تشریح از اویسی غفرلہ اس کی اشاعت کریگا وہ ذلیل ہوگا۔

اس روایت میں حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے شیعوں کو مذہب کی اشاعت سے روکا ہے لیکن افسوس ہے کہ موجودہ دور کے شیعہ حضرات امام صاحب رضی اللہ عنہ کے ارشادِ گرامی کے خلاف کر رہے ہیں۔ ناظرین سوچیئے اس ارشادِ گرامی پر تصنیف و تالیف (کتابیں چھپوا کر شائع کرنا درس و تدریس) مدرسہ وغیرہ پڑھانا، درسگاہیں بنانا۔ وعظ و تقریر، مناظرہ۔ تبلیغ۔ مرثیہ خوانی وغیرہ سب ناجائز ہوئے یا نہ۔

ہم شیعوں سے کہتے ہیں کہ اگر تم اپنے ائمہ معصومین کے سچے شیدائی ہو تو امور مذکورہ بالا چھوڑ دو۔ ورنہ اقرار کرو کہ یہ تمام تمہارا پیٹ کا مسئلہ ہے۔ دین کا نہیں ہے۔

(۳) شیعوں کا خدا پولا اور صرف تیس سالہ ہے معاذ اللہ صہ ۳۳ اس کی اصل عبارت ہم نے آئندہ اوراق میں درج کی ہے۔

(۴) باب البداء اور ہر نبی علیہ السلام اس بداء کا مکلف رہا۔ صہ ۷۲ بدا کی مستقل بحث ہم نے آگے چل کر تفصیل سے لکھی ہے۔

(۵) انبیاء علیہم السلام کی وراثت علمی ہوتی ہے۔ نہ دراہم و دنانیر صہ ۱۷ اصل عبارت یوں ہے:۔

عن ابی عبد اللہ قال ان العلماء ورثۃ الانبیاء وذاک ان الانبیاء لم حضرت امام نے فرمایا کہ علماء انبیاء کے وارث ہیں۔ اور انبیاء کا ورثہ درہم

یورثوا درھما ولا دینارا وانما اورثوا احادیث من احادیثھم فمن اخذ بشیٍ منھا فقد اخذ حظا وافرا فانظروا علمکم ھذا عمن تاخذونہ الخ کتاب فرض العلم (باب صفۃ العلم وفضلہ وفضل العلماء)

و دینار نہیں۔ بلکہ ان کا ورثہ حدیثیں ہیں۔ جس نے احادیث پڑھیں اس نے وافر حصہ لیا۔ اس کے بعد دیکھ لیا کرو کہ کس سے کیا حاصل کر رہے ہو۔

تشریح از ادلیسی غفرلہ

یہ روایت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی تصدیق میں پیش کی جاتی ہے جبکہ آپ نے بی بی فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو باغ فدک کے مطالبہ پر یہی فرمایا۔ جو شیعہ کی روایت میں ہے۔ افسوس ہے کہ جو بات وہ خود کہیں تو وہ دین بن جائے۔ اور جو حضور علیہ السلام کے یارِ غار کہیں تو وہ کفر ہو جائے یاد رہے کہ اس کے جواب میں شیعہ کہتے ہیں کہ کیا بی بی کو خبر نہیں تھی ہم کہتے ہیں کہ ضروری نہیں کہ تمام روایات ہر ایک کو معلوم ہوں۔ بالخصوص عورتیں اور خاص طور پر بی بی صاحبہ کہ جنھوں نے زندگی اپنی گھر کی چار دیواری میں بسر فرمائی۔

باغ فدک کے متعلق مزید فقیر کی کتاب "باغ فدک" کا مطالعہ کیجئے۔

شیعوں نے حضرت زبیر پر لعنت کی۔ صفحہ ۱۷۱

تشریح

حضرت زبیر کے فضائل فقیر آگے چل عرض کرے گا۔ یہاں صرف یہ بتانا ہے کہ شیعہ مذہب کی تہذیب پر رونا آتا ہے کہ ان غریبوں نے حضور نبی

علیہ السلام کے کسی بھی جلیل القدر صحابی اور رشتہ دار کو اپنی لعنت سے نہیں بچایا۔

(۶) حضور علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ بدعات کے ظہور کے وقت عالم کو اپنا علم ظاہر کرنا واجب ورنہ لعنتی صد ۳۰

اصل عبارت یہ ہے۔

عن محمد بن حبیبور القمی یرفعہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اظھرت البدع فی امتی فلیظھر العالم علمہ فلم یفعل فعلیہ لعنۃ اللہ (کتاب العلم باب البدع والرای و المقایس)

ترجمہ:۔ قمی مرفوعاً روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب بدعات کا ظہور ہو تو عالم پر واجب ہے کہ وہ اپنا علم ظاہر کرے تو اس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو۔

(تشریح از اولیسی غفرلہ)

اصحاب ثلثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی خلافتِ صادقہ کو شیعہ غصب و ظلم وغیرہ سے تعبیر کرتے ہیں۔ اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خاموشی کو تقیہ پر محمول کرتے ہیں۔ لیکن ایک سنجیدہ انسان سوچے کہ جب ایک عام عالم کو دین کی ناؤ ڈوبنے پر خاموش رہنا لعنت خداوندی کا مستحق ہے۔ تو پھر خدانخواستہ اصحاب ثلثہ اگر غاصب و ظالم (معاذ اللہ) تھے تو حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم جیسا شیر خدا کیوں خاموش رہا۔ اس کا واضح ثبوت اور کیا ہو سکتا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا خاموش ہونا حق کو تسلیم کرنے کی بنا پر تھا۔ ورنہ "فعلیہ لعنت اللہ" کا کیا جواب ہو گا۔

اس حکم سے خلافت اصحاب ثلاثہ حق ورنہ حضرت علی اور دوسرے حضرات اہل بیت اور حضرت امام مہدی بقول شیعہ زندہ موجود ہیں۔ یہ فتویٰ لاگو ہوگا۔ اتنا بڑے بدعات کو دیکھ کر خاموشی کیوں۔

(۷) ائمہ کو ہر ایک کے ایمان کی حقیقت اور نفاق معلوم تھا۔ صفحہ ۲۴۷ و صفحہ ۱۱۰ اصولِ کافی میں اس کے متعلق اور بھی کئی عجیب باتیں لکھی ہیں۔

تبصرہ اویسی غفرلہ

جب ائمہ کا یہ حال ہے تو نبی علیہ السلام کو بھی خلفاء راشدین کے حق ہونے کا علم تھا۔ ورنہ جس طرح حضور علیہ السلام نے اپنی مجلس سے تمام منافقین کو ان کے نام لے کر اٹھا دیا۔ بقول شیعہ اگر یہ حضرات منافق تھے تو انھیں بھی اٹھا دیتے۔ حالانکہ اس مجلس میں حضرت صدیق اکبر و حضرت عمر و حضرت عثمان و دیگر جملہ اصحاب کرام رضی اللہ عنہم موجود تھے۔ منافقین کے اٹھائے جانے کی روایات تفسیر اہل سنت کے علاوہ شیعوں کی تفسیروں میں بھی ہیں۔ دیکھو ترجمہ مقبول تحت آیت "انما کنا نخوض ونلعب اور خلاصہ منہج الصادقین تحت آیت "ماکان اللہ لیذر المومنین وغیرہ۔

(۸) شیعہ کا عقیدہ ہے کہ بارہ اماموں کا ہر عمل امر الٰہی کے مطابق ہوتا ہے اس سے سر مو تفاوت نہیں کرتے۔ صفحہ ۱۔ اصل میں اس موضوع پر اصولِ کافی میں ایک مستقل باب ہے۔ باب ان الائمۃ علیہم السلام لم یفعلوا شیئاً ولا یفعلون الا بعہد من اللہ عزوجل وامرہ لا یتجاوزونہ۔ (کتاب الحجۃ)

اس کا ترجمہ اوپر مذکور ہوا۔

(تشریح از اویسی غفرلہ)

جب ائمہ کا ہر عمل امر الٰہی کے مطابق تھا اور یقیناً ایسے ہی تھا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ کا اصحاب ثلثہ رضی اللہ عنہم کی خلافت کے ماتحت رہنا اور ان کے ساتھ رشتے ناطے مثلاً حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اپنی صاحبزادی بی بی ام کلثوم نکاح میں دینا اور اپنے صاحبزادوں کے اسماء اصحاب ثلثہ کے نام پر رکھنا سب حق اور بمطابق امر الٰہی تھا۔ لیکن شیعہ کا مذہب اس کے برعکس ہے۔ معلوم ہوا کہ ائمہ کا طور طریق مبنی برحق تھا۔ لیکن مذہب شیعہ سبائی فتنہ کے سوا اور کچھ نہیں۔

(۹) حضرت آدم علیہ السلام میں کفر کے اصول پائے گئے (معاذ اللہ) صفحہ ۵۱۷

اصل عبارت یوں ہے۔

قال ابو عبد اللہ علیہ السلام اصول الکفر ثلاثۃ الحرص والاستکبار والحسد فاما الحرص فان آدم حین نہی عن الشجرۃ حملہ الحرص علی ان اکل منہا الخ کتاب الایمان والکفر (باب فی اصول الکفر)

ترجمہ:- حضرت ابو عبد اللہ علیہ السلام نے فرمایا کہ کفر کے اصول تین ہیں (۱) حرص (۲) تکبر (۳) حسد حرص آدم علیہ السلام میں پایا گیا جبکہ انھیں شجرہ کے کھانے سے روکا گیا۔

(تشریح از اویسی غفرلہ)

اس حوالہ میں یار لوگوں نے (باجان) حضرت آدم علیہ السلام کو کافر کہہ دیا۔ حالانکہ حضرات انبیاء علیہم السلام کفر و شرک کو مٹانے کے لئے بھیجے جاتے ہیں۔ اور انھیں ہر گناہ سے معصوم ماننا ضروری ہے۔

اور شیعہ مذہب کی کمزوری کا بیّن ثبوت ایک یہ بھی ہے کہ اپنے ائمہ کو تو ہر صغیرہ کبیرہ سے معصوم مانتے ہیں۔ لیکن نہ صرف آدم علیہ السلام بلکہ ہر نبی کو نہ صرف مجرم بلکہ کافر کہنا اپنا دین و ایمان سمجھتے ہیں۔ اس کے مزید حوالہ جات اور اعلیٰ تحقیق فقیر کے رسالہ "آئینہ شیعہ مذہب" کا مطالعہ کیجئے۔

(۱۰) امام جعفر کی تصدیق کہ صحابہ کرام کی تمام روایات صحیح ہیں۔ اصول کافی کی اصل عبارت یوں ہے کہ منصور بن حازم کہتا ہے کہ:-

قلت لابی عبداللہ ما بالی بالجواب ثم اسئلک عن المسئلۃ فتجیبنی فیھا بالجواب ثم یجیئک غیری فتجیبہ فیھا بجواب آخر فقال انا نجیب الناس علی الزیادۃ والنقصان قال قلت فما بالھم اختلفوا فقال اما تعلم ان الرجل کان یاتی رسول اللہ فیسالہ عن المسالۃ فیجیبہ فیھا بالجواب ثم یجیبہ بعد ذالک بما ینسخ ذالک الجواب فنسخت الاحادیث بعضھا بعضا (کتاب العلم باب اختلاف الحدیث ص ۳۵)

میں نے حضرت امام سے عرض کیا کہ میں آپ سے کسی مسئلہ کا سوال کرتا ہوں۔ تو آپ اس کا کچھ جواب دیتے اور دوسرے کو اس کے خلاف آپ نے فرمایا کہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کو نہیں دیکھتے ہو کہ وہ کسی روایت میں کچھ کہتے ہیں۔ پھر اس کے خلاف بھی کہتے ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ احادیث ایک دوسرے کی ناسخ ہوتی ہیں۔

(تشریح از فقیر اویسی غفرلہ)

اس سے ثابت ہوا کہ صحابہ کرام کے روایات کا اختلاف مبنی بر نسخ ہے۔ لیکن شیعہ ان کے اقوال کو توڑ مروڑ کر کے عوام کو بہکانے کی خام کوشش کرتے ہیں۔

(۱۱) حضرت علی کے سوا قرآن کریم کسی نے جمع نہیں کیا۔ اگر کوئی دعویٰ کرے تو وہ جھوٹا ہے۔ ص ۱۳۹

اصول کافی میں اس کا مستقل باب باندھا ہے کہ انہ لم یجمع القرآن کلہ الا الائمۃ وانہم یعلمون علمہ کلہ اس کے بعد مذکورہ بالا روایت لکھی ہے کہ۔

عن جابر قال سمعت ابا جعفر یقول ما ادعی احد من الناس انہ جمع القرآن کلہ کما انزل الا کذاب وما جمعہ وحفظہ کما نزلہ اللہ الا علی بن ابی طالب والائمۃ من بعدہ (باب مذکور کتاب الحجۃ)	میں نے ابو جعفر سے سنا کہ جو دعویٰ کرے کہ اس نے تمام قرآن جمع کیا ہے تو وہ جھوٹا ہے۔ اس لئے کہ قرآن سارے کا سارا وہی حق ہے۔ جسے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ نے جمع کیا۔

(تشریح از ادلیسی غفرلہ)

یہ شیعوں کی بڑ ہے ورنہ خود حضرت علی اور خود شیعوں کے ائمہ معترف ہیں۔ کہ حضرت علی نے کوئی اور علیحدہ قرآن نہیں جمع کیا۔ لیکن چونکہ شیعوں کو اصحاب ثلثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے ضد ہے۔ بلکہ انھیں کافر و منافق۔ غاصب نامعلوم کیا کیا بکتے ہیں۔ اور چونکہ موجودہ قرآن انہی کا جمع کردہ ہے۔ اسی لئے کوشش کرتے ہیں کہ وہ اپنی جماعت کو یقین دلائیں کہ اصل قرآن اور ہے لیکن انھیں اگر مناظرہ کا چیلنج کیا جائے۔ تقیہ کے طور پہ کہہ دیتے ہیں کہ ہمارا اسی قرآن پر ایمان ہے۔

یہ بھی ان کا جھوٹ ہے ورنہ اگر وہ اس قرآن کو حق مانتے ہیں تو ان کے

جامعین کو کافر وغیرہ کیوں کہتے ہیں۔ اسی مقام پر شیعہ پھنس جاتا ہے۔ یا تو اُس کا اس قرآن پر ایمان نہیں۔ اگر اُس کا اس قرآن مجید پر ایمان ہے تو پھر صحابہ ثلاثہ رضی اللہ عنہم کو بُرا بھلا کہنا چھوڑ دے۔ ورنہ اپنے مذہب کے بطلان کا اقرار کرے۔ حالانکہ ان کا اصلی عقیدہ یہی ہے جسے اوپر لکھا گیا۔ اور مندرج ذیل عبارات سے معلوم ہوتا ہے۔

(۱۲) قرآن ستر گز تھا جو اب موجود قرآن سے تین حصہ زائد ہے صـ۱۴۶

اصول کافی میں اس کا مستقل باب باندھا ہے۔ باب فیہ ذکر الصحیفۃ والجفر والجامعۃ ومصحف فاطمہ علیہا السلام اس کے بعد ایک طویل حدیث لکھی ہے جس سے چند باتیں نقل کی جاتی ہیں۔

● قال صحیفۃ طولھا سبعون ذراعا (احتجاج طبرسی صـ۲۰۳)	ان کے تراجم
اور فرمایا	
مصحف فیہ مثل قرانکم ھذا ثلاث مراعات واللہ مافیہ من قرآنکم حرف واحد۔	تشریح میں آجاتے ہیں

شرح از اولیسی غفرلہٗ

شیعوں کا اس قرآن پر ایمان نہیں ان کا قرآن یہی ہے جس کا تعارف خود کلینی صاحب نے کیا ہے۔ کہ وہ قرآن ستر گز لمبا ہے اور ہمارے اس قرآن سے سہ گنا بڑا ہے اور شیعوں کے لئے خوشی کی بات

یہ ہے کہ ہمارے اس قرآن سے اس میں ایک حرف بھی نہیں. گویا کہ وہ پ ٹ ۔ چ ۔ ڈ ۔ ڑ ۔ گ وغیرہ سے مرکب ہے. اور وہ امام مہدی کے پاس ہے. اور وہ ڈر کے مارے غار سر من میں چھپے بیٹھے ہیں. جب انھیں خالص مخلص چند شیعہ ملیں گے تو وہ قرآن لے کر غار سے باہر نکلیں گے. شیعوں کو سوچنا چاہیئے کہ نہ اُن کے پاس قرآن ہے نہ امام ہے. تو پھر کس سہارے پر مذہب کی گاڑی چلا رہے ہیں. شیعہ بھائیو، سوچو۔

(۱۳) شیعوں پر اللہ تعالیٰ کا غضب ہے صہ ۱۵۹

اصل عبارت یوں ہے کہ

عن ابی الحسن علیہ السلام قال ان اللہ عزوجل غضب علی الشیعۃ الخ

(کتاب الحجۃ (اصول کافی)

شرح از اویسی غفرلہٗ

جب شیعوں کے اپنے امام گواہی دیں کہ شیعوں پر خدا تعالیٰ کا غضب ہے۔ اور پہلے حوالہ گذر چکا ہے کہ ائمہ از خود نہیں بولتے. اُن کی زبان پر اللہ تعالیٰ بولتا ہے۔ یعنی زبان اُن کی ہوتی ہے فرمان اللہ تعالیٰ کا ہوتا ہے۔

اب ہمارے شیعہ بھائی سوچ لیں کہ غضب الٰہی میں رہیں یا توبہ کر کے اہل سنت میں شامل ہو کر رحمت الٰہی کے حقدار بنیں. اس کے مزید حوالہ جات فروع کافی کتاب الروضہ صہ ۷۶ جلال العیون صہ ۲۸۷

(۱۴) چہار بنات کا ثبوت اصول کافی صہ ۲۷۸

اصل عبارت یوں ہے۔

فولدلہ علیہ السلام منھا قبل مُبعثہ القاسم ورقیہ وزینب ام کلثوم و ولدلہ بعد المبعث الطیب والطاھر والفاطمہ علیھا السلام کتاب الحجۃ باب مولا النبی صلی اللہ علیہ وسلم یعنی حضور علیہ السلام اظہارِ نبوت سے پہلے بی بی خدیجہ سے۔ قاسم۔ رقیہ زینب وامِ کلثوم (تین صاحبزادیاں اور ایک صاحبزادہ) پیدا ہوئے۔ اور اعلانِ نبوت کے بعد الطیب الطاہر فاطمہ رضی اللہ عنہم پیدا ہوئے۔

تشریح از اویسی غفرلہٗ

اہل سنت حضور علیہ السلام کی چار بنات مانتے ہیں۔ اور شیعہ صرف ایک۔ وہ بھی صرف اسی ضد پر کہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا داماد رسول ہونا ثابت نہ ہو جائے۔ اور یہ بھی چند ایک مرثیہ خواں اور ذاکر یا جاہل قسم کے شیعہ انکار کرتے ہیں۔ ورنہ اُن کی مذہبی کتابوں میں چار صاحبزادیوں کا واضح طور پر ثبوت ملتا ہے۔ مثلاً اصول کافی کا حوالہ گذرا اور مندرج ذیل دیگر حوالہ جات ملاحظہ ہوں۔ مزید فقیر کے رسالہ "القول المقبول فی بنات الرسول کا مطالعہ کیجئے۔

۱۔ حیات القلوب ملا باقر مجلسی ص ۵۵۹/۵۶۰ و ص ۳۳۰ ج ۳ و ص ۷۱۸ ج ۲

۲۔ فروع کافی ص ۵۲ ج ۲ (کتاب العقیقہ) و کتاب النکاح ص ۲۰ ج ۲

۳۔ الاستبصار ص ۲۴۵ ج ۱

۴۔ قرب الاسناد ص ۸

۵۔ ابن شہر آشوب ص ۱۱۵ ج ۱

۶۔ اخبار ماتم صہ ۸۵

۷۔ خصال لابن بابویہ صہ ۳۸

۸۔ تہذیب الاحکام صہ ۲۸۴

۹۔ کتاب الامالی الطوسی صہ ۳۶۔ تحفۃ العوام وغیرہ وغیرہ مزید تحقیق فقیر کی کتاب "القول المقبول فی بنات الرسول" میں دیکھئے۔

(۵) حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نماز جنازہ ادا کرنا جس میں صحابہ ثلاثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم بھی شامل ہوئے۔

اصول کافی صہ ۲۸۶ کتاب الحجۃ باب مولد النبی و وفاتہ)

اصل عبارت یہ ہے۔

عن ابی جعفر علیہ السلام قال لما قبض النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وصلت علیہ الملائکۃ والمہاجر والانصار فوجاً فوجاً۔ الخ

یعنی حضرت امام جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ جب حضور علیہ السلام کا وصال ہوا تو آپ پر ملائکہ اور مہاجر و انصار نے نماز پڑھی۔

تشریح از اویسی غفرلہ

شیعہ کہتے ہیں کہ حضور علیہ السلام کا جنازہ تین دن تک پڑا رہا۔ اصحاب ثلاثہ (ابوبکر و عمر و عثمان رضی اللہ عنہم) خلافت کے بارہ میں لڑتے رہے۔ لیکن نماز جنازہ میں شریک نہ ہوئے۔

یقین مانیئے کہ یہ ذاکروں۔ مرثیہ خوانوں اور جاہلوں کا من گھڑت افسانہ ہے۔ ورنہ شیعہ کی معتبر اور ان کے ائمہ معصومین کی صحاح کی روایت سے

ثابت ہوتا ہے کہ نہ صرف اصحاب ثلاثہ بلکہ تمام صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم حضور علیہ السلام کی نماز جنازہ میں شریک ہوئے۔ مزید اخبار ماتم ص ۶۵ ج ۱ و دیگر معتبر کتب شیعہ ملاحظہ ہوں۔ مزید تحقیق فقیر کے رسالہ جنازۃ النبی علیہ السلام میں دیکھئے۔

و احتجاج طبرسی ص ۴۴ ۵۲-۴۶ و حیاۃ القلوب ج ۲ ص ۶۹۷ جلاء العیون ص ۶۲ و صافی ص ۴۰۳ جزء سوم ص ۱۶۲ ج ۲۔

نوٹ:۔ جنازہ کا یہی تصور رکھنا جیسا کہ عام آدمیوں کا ہوتا ہے۔ تو یہ جہالت ہے۔ ورنہ حضور علیہ السلام کے لئے عام طریق سے جنازہ نہیں تھا۔ مزید تبصرہ رسالہ مذکورہ میں دیکھئے۔

بحث التقیہ

مذہب شیعہ کے دین میں تقیہ یعنی "جھوٹ اور دھوکہ" کو بہت بڑی نیکی اور ثواب سمجھا جاتا ہے۔ ان کی معتبر کتاب فروع کافی کے صفحہ ۲۴ پر لکھا ہے کہ ان کے امام نے فرمایا کہ دین کے دس حصوں میں سے نو حصے تقیہ یعنے "کذب و نفاق" ہے۔ اور ایک حصہ دوسری تمام دنیا بھر کی نیکیاں اور عبادات مثلاً نماز روزہ۔ حج۔ زکوٰۃ وغیرہ ہیں۔ اور اسی کتاب کے صفحہ ۲۴۵ پر لکھا ہے کہ ان کے امام نے فرمایا کہ شیعہ یاروں کے لئے اپنا دین چھپانا یعنی "تقیہ کرنا" باعث عزت ہے۔ اور اس کا ظاہر کرنا باعث ذلت۔ اگر شیعہ یار کہتے ہیں کہ ہمارا اس قرآن پر ایمان ہے تو گو شیعہ یار تقیہ کر کے بہت بڑا ثواب و اجر لوٹتے ہیں۔

Scanned with CamScanner

ہم نے اصول کافی سے کا حوالہ لکھا تھا۔ اس کا یہی مطلب تھا جو مذکور ہوا۔
اب اصلی عبارت ملاحظہ ہو۔

(۱) عن ابن ابی عمیر الاعجمی قال قال لی ابو عبد اللہ علیہ السلام یا ابا عمران تسعۃ اعشار الدین فی التقیۃ ولا دین لمن لا تقیۃ لہ

یعنی حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے ایک خاص شیعہ ابن ابی عمیر الاعجمی سے فرمایا کہ دین میں نوّے فیصدی تقیہ اور جھوٹ بولنا ضروری ہے۔ اور فرمایا کہ جو تقیہ (جھوٹ) نہیں بولتا وہ بے دین ہے۔ (باقی دس کی کسر بھی نہ رہی) دیکھو اصول کافی صـ۴۸۲ اور صـ۴۸۳ پر بھی کثرت کے ساتھ روایات ہیں۔ جن میں سے دو تین نمونہ کے طور پر پیش کرتا ہوں:-

(۲) عن ابی بصیر قال قال ابو عبد اللہ علیہ السلام التقیۃ من دین اللہ قلت من دین اللہ؟ قال ای واللہ من دین اللہ۔ یعنی ابو بصیر جو امام عالیمقام امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وزیر مشیر تھا۔ اور روایت میں اہل تشیع کا مرکز ہے۔ کہتا ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ تقیہ کرنا اللہ کا دین ہے میں نے عرض کیا کہ اللہ کا دین ہے؟ تو امام صاحب نے فرمایا اللہ کی قسم تقیہ (جھوٹ) اللہ کا دین ہے۔

(۳) عن عبد اللہ الحی ابن ابی یعفور عن ابی عبد اللہ علیہ السلام قال اتقوا علی دینکم واحجبوہ بالتقیۃ فانہ لا ایمان لمن لا تقیۃ لہ۔

یعنی ابن ابی یعفور جو امام عالی مقام صادق علیہ السلام کا ہر وقت حاضر باش تھا۔ وہ کہتا ہے کہ حضرت جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ تم اپنے

مذہب پر خوف رکھو اور اس کو ہمیشہ چھپاتے رکھو کیونکہ جو تقیہ نہیں کرتا اس کا کوئی ایمان نہیں۔ اور صفحہ ۴۸۴ کی روایات میں سے بھی ایک دو روایتیں پیش کرتا ہوں:۔

(۴) عن معمر بن خلاد قال سئلت ابی الحسن علیہ السلام عن القیام للولاۃ فقال قال ابو جعفر علیہ السلام للتقیۃ من دینی و دین آبائی ولا ایمان لمن لا تقیۃ لہ۔ یعنی حضرت امام موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ کا خاص شیعہ معمر بن خلاد کہتا ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ سے یہ مسئلہ دریافت کیا کہ ان کے امیروں اور حاکموں کے استقبال کے لئے کھڑا ہونا جائز ہے یا نہیں؟ تو آپ نے فرمایا کہ امام محمد باقر رضی اللہ عنہ فرماتے تھے۔ کہ تقیہ کرنا میرا مذہب ہے اور میرے آباؤ اجداد کا دین ہے۔ اسی طرح اسی صفحہ پر محمد بن مروان اور ابن شہاب زہری کی روایتیں بھی قابل دید ہیں۔ علیٰ ہذا القیاس صفحہ ۴۸۵ اور ۴۸۶ اور ۴۸۷ تمام کے تمام یہ صفحات تقیہ، مکر، فریب اور کذب بیانی پر مشتمل روایات سے مملو ہیں۔

(۵) صفحہ ۴۸۶ پر معلّٰی بن الخنیس کی ایک روایت بھی یاد رکھیں۔ کہتے ہیں:۔

(۶) عن معلّٰی بن الخنیس قال قال ابو عبد اللہ علیہ السلام یا معلّٰی اکتم امرنا ولا تذعہ فانہ من کتم امرنا ولم یذعہ اعزہ اللہ بہ فی الدنیا وجعلہ نوراً بین عینیہ فی الآخرۃ تقودہ الی الجنۃ یا معلّٰی من اذاع امرنا ولم یکتمہ اذلہ اللہ بہ فی الدنیا ونزع نوراً من بین عینیہ فی الآخرۃ وجعلہ ظلمۃ تقودہ الی النار یا معلّٰی ان التقیۃ من دینی و دین آبائی ولا دین لمن لا تقیۃ لہ۔

یعنی امام جعفر صادق صاحب کا شیعہ خاص اور امام صاحب موصوف سے کثیر الروایات معلیٰ بن خنیس کہتا ہے کہ امام صاحب نے مجھے فرمایا ہماری باتوں کو چھپاؤ اور ان کو مت ظاہر کرو۔ کیونکہ جو شخص ہمارے دین کو چھپاتا ہے اور اس کو نہیں ظاہر کرتا تو اللہ تعالےٰ چھپانے کے سبب سے اس کو دنیا میں عزت دے گا۔ اور قیامت میں اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان ایک نور پیدا کرے گا جو سیدھا جنت کی طرف اس کو لے جائے گا۔ اے معلیٰ! جو شخص بھی ہماری باتوں کو ظاہر کرے گا۔ اور ان کو نہ چھپائے گا۔ تو دنیا میں اللہ تعالےٰ اس سبب سے اس کو ذلیل کرے گا۔ اور آخرت میں اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان میں سے نور کو سلب کرلے گا۔ اور اس کے بجائے ظلمت اور اندھیرا بھر دے گا۔ جو اس کو جہنم کی طرف لے جائے گا۔ اے معلیٰ تقیہ کرنا میرا دین ہے اور میرے آباؤ اجداد کا دین ہے۔ جو تقیہ نہیں کرتا وہ بے دین ہے۔ غرض ایک سے ایک بڑھ چڑھ کر روایتیں ہیں۔ کس کس کو لکھیں اور اہل تشیع کی جس کتاب کو دیکھیں تو یہی معلوم ہوتا ہے کہ ائمہ صادقین معصومین کی طرف حق کو چھپانے اور تقیہ و کذب بیانی پر مشتمل روایات منسوب کرنے کی غرض سے یہ کتاب تصنیف فرمائی گئی ہے۔ چونکہ کتاب کافی کلینی اہل تشیع کی تمام کتابوں کا منبع و ماخذ ہے۔ اور تمام کتابوں سے ان کے نزدیک انتہا درجہ معتبر ہے۔ حتیٰ کہ اس کتاب کے شروع میں اس کی وجہ تسمیہ میں جلی قلم سے لکھا ہوا ہے:۔ "قال امام العصر وحجۃ اللہ المنتظر علیہ سلام الملک الاکبر فی حقہ ھذا کاف لشیعتنا" یعنی اس کتاب کے متعلق امام حجۃ اللہ المنتظر مہدی علیہ السلام نے فرمایا ہے

کہ ہمارے شیعوں کے لئے یہ ہی کتاب کافی ہے۔ تو اسی لئے اس ضروری مسئلہ تقیہ و کتمانِ حق کے ثبوت میں اسی کافی کی روایات کو کافی سمجھتا ہوں۔

تقیہ کی مثالیں

شیعہ کے دین میں سے اس قسم کے تقیہ کی چند مثالیں پڑھیئے:۔

۱۔ بوقتِ ضرورت حضرت علی کو گالیاں دے لیں تو جائز ہے۔ دیکھئے اصول کافی ص ۴۸۴

۲۔ تقیہ تمام عبادات یعنی نماز۔ روزہ۔ حج۔ زکوٰۃ، جہاد سے افضل ہے۔
آثار حیدری صد ۲۸۸

۳۔ شیعہ اگر کسی غیر شیعہ یعنی (سُنّی) کے پیچھے تقیہ کر کے نماز پڑھیں تو سات سو (۷۰۰) نمازوں کا ثواب ملتا ہے۔ آثار حیدری ص ۵۱۶

۴۔ ان کی معتبر کتاب من لایحضر الفقیہ کے ص ۲۱۲ پر لکھا ہے کہ جو شیعہ کسی منافق یعنی "سنّی" کے پیچھے تقیہ کر کے نماز پڑھے تو گویا اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھی۔

۵۔ ان کی معتبر کتاب فروع کافی ص ۱۰۰ و اصول کافی ص ۱۲۶ و تحفۃ العوام ص ۳۱۶ ص ۳۱۷ پر لکھا ہے کہ اگر کسی غیر شیعہ یعنی "سنی" کی نماز جنازہ پڑھو تو مرنے والے کے لئے بجائے دعائے جنازہ کے بد دعا کرو کہ اُن کے امام بھی اسی طرح کرتے تھے۔ فقیر اویسی کی سنیوں سے گذارش ہے کہ ؎

نہ آئے دوا لھیں جنازہ پر خدا کے لئے
نماز پڑھنے جو آئیں گے بد دعا کے لئے

Scanned with CamScanner

۶۔ شیعہ یاروں کے مترجم قرآن مقفوں کے صفحہ ۳۸۲ پر لکھا ہے کہ ان کے امام جعفر نے کہا۔ کہ ناصبیوں یعنی سنیوں کی زنانہ رجعت میں پاخانہ خوراک ہوگی

تنبیہ:۔ کیا ایسی بات کسی امام برحق کے منہ سے نکل سکتی ہے؟ اور آج بھی تقیہ کر کے شیعہ سنیوں کو کھلاتے پلاتے وقت اپنے قول امام اور قرآن پر خوب عمل کرتے ہیں۔ اور ہمیں تو اُن کا حال بھی معلوم ہے کہ یہ پاخانہ میں پڑی ہوئی روٹی دھو کر کھا لیتے ہیں۔ اور خود کو دوزخ سے آزاد سمجھتے ہیں۔ دیکھئے ذخیرۃ المعاد صہ ۱۴۵ اور روضہ کلینی صہ ۳۸۵ عبارتیں فقیر نے اسی کتاب کے مختلف مقامات پہ لکھ دی ہیں۔

فقیر اپنے سُنی بھائیوں سے عرض کرتا ہے کہ بدمذہبوں سے بچ کر رہیئے۔ اور انھیں دُور سے سلام کر کے یہ شعر سنا دیئے۔ ؎

پھنس کر اپنے دونوں جہاں برباد کر رہے ہیں
کیوں دوستی کے پردہ میں کرتے ہو دشمنی

امام جعفر نے فرمایا کہ اگر مجھے صرف تین خالص شیعہ مل جاتے تو میں اپنی حدیث نہ چھپاتا اصول کافی صہ ۴۹۶ (کتاب الایمان والکفر باب فی قلۃ عدد المومنین) کی اصل عبارت یہ ہے۔

عن ابی ریاب قال سمعت ابا عبد اللہ علیہ السلام یقول لابی بصیر اما واللہ لو انی اجد منکم ثلاثۃ مومنین یکتمون حدیثی ما استحللت ان اکتمھم حدیثاً۔

اس روایت کو ہم پہلے نقل کر کے ترجمہ لکھ چکے ہیں۔ اس کا خلاصہ یہ ہے۔

کہ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ مجھے اپنی شیعہ جماعت میں ایک بھی اس کے لائق نہیں ملتا۔ جسے میں اپنا دین بناؤں۔

ناظرین

سوچیں جب شیعوں میں ائمہ عظام میں کوئی قابلِ اعتماد نہیں ملتا، تو پھر اہلِ سنت کی مندرج ذیل عرض پر کیوں نہ عمل کیا جائے۔ جبکہ ہماری بات معقول بھی ہے۔ وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ کے کلام کی تفسیر اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے پڑھی اور انہی مقدس لوگوں صاحبِ اسوۂ حسنہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاداتِ گرامیہ اور اعمالِ عالیہ اور سیرتِ مقدسہ کی دولت کو براہِ راست حضور کی ذات سے حاصل کیا جس کو اُن کے شاگرد وں یعنی تابعین نے اُن سے حاصل کیا۔ علیٰ ہذا القیاس وہ مقدس شریعت ہم تک پہنچی۔ لیکن شیعوں نے سرے سے ابتدائی واسطہ یعنی صحابہ کرام کی ذات قدسی صفات ہی کو قابلِ اعتماد تسلیم نہ کیا۔ یعنی یہ کہہ دیا کہ سوائے تین صحابہ کے باقی سب مرتد ہو گئے۔ ادھر اُن کے ائمہ خود شیعوں کو غیر معتبر بلکہ مرتد اور باغی از اسلام گردانتے ہیں۔ اس کے بعد بتائیے دین اسلام کا کیا رہا۔ اس سے ماننا پڑا کہ شیعہ مذہب کی بنیاد ہی غلط ہے۔

(۱۷) حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے بیٹے کا نام عمر رکھا۔ صد ۱۹۱ اصول کافی میں باب الاشارہ والنص علی ابی الحسن موسیٰ میں احمد بن مہران کی روایت کے اسناد میں لکھا کہ:-

"فسألہ علی بن عمر بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

تشریح از اویسی غفرلہٗ

صحاح شیعہ کی صحیح ترین کتاب الکافی کی سند عمر بن علی (یعنی عمر حضرت علی کا بیٹا) ہے۔ اس سے اور کیا بہتر ثبوت چاہیئے۔

حضرت امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بھی اپنے بیٹے کا نام عمر رکھا۔ صفحہ ۲۲۵ - اصول کافی کتاب الحجۃ باب بعض معجزات الائمہ کی ایک سند میں لکھا کہ قال اتینا خدیجہ بنت عمر بن علی بن الحسین امام زین العابدین کے لڑکے عمر کی لڑکی خدیجہ کے ہاں حاضر ہوئے۔

تشریح از اویسی غفرلہٗ

کتب شیعہ کے معتبر حوالے بتاتے ہیں کہ ائمہ اطہار یعنی حضرت علی اور حضرت امام زین العابدین و دیگر حضرات رضی اللہ تعالیٰ عنہم اپنی اولاد اور بعض متعلقین کے اسماء خلفاء ثلاثہ اور بی بی عائشہ رضی اللہ عنہم کے نام کے مطابق رکھے۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ صحابہ کرام اور اہل بیت عظام رضی اللہ عنہم آپس میں شیر و شکر تھے۔

ورنہ بقول شیعہ ان میں ایک دوسرے کا بغض ہوتا تو اسماء سے بھی ان کو پیار نہ ہوتا۔ ظاہر ہے کہ ہمیں ابلیس۔ نمرود۔ شداد۔ ہامان۔ فرعون۔ یزید وغیرہم سے بغض ہے۔ تو کبھی ہم نے ان کے ناموں پر اپنی اولاد کا نام نہیں رکھا۔ اور نہ آج تک کسی کا ہے"۔ ابلیس خاں۔ ملک فرعون وغیرہ وغیرہ نام سنا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہم اپنی لڑکوں کے نام قائداعظم۔ لیاقت علی وغیرہ وغیرہ کے نام پہ پیار سے نام رکھتے ہیں یا پاکستان میں کوئی "گاندھی روڈ۔ شارع نہرو

دو پہیل نہیں۔

۱۸۔ حضرت علی ایک دن حالتِ کفر کو چھوڑ کر ایک دن مسلمان ہوئے ص ۱۵۳

اصل عبارت یوں ہے۔

علی ابن ابی طالب یوم اسلم معہ رسول اللہ حتی ظہر امرہ الخ (کتاب الحجۃ باب فی شان انا انزلنا) یعنی حضرت ایمان لائے۔ پھر آپ کی شان عالم دنیا میں پھیل گئی۔

تشریح از اویسی غفرلہ

شیعہ کہتے ہیں اصحاب ثلاثہ رضی اللہ عنہم پہلے کافر تھے بعد کو مسلمان ہوئے۔ ہم اہل سنت کہتے ہیں یہ کوئی عیب یا نقص نہیں۔ اگر بقولِ شما نقص ہے تو تم اپنی حدیث مذکور کو صحاح رابعہ کی صحیح ترین کتاب اصول کافی سے مٹا دو یا اس کا انکار کر دو۔

(۱۹) شیعہ مذہب میں حضرت علی کو بھی بوقت ضرورت گالی دے لیں تو جائز ہے (اصول کافی ص ۴۸۴)

اصل عبارت یوں ہے۔

ان علیا قال علی منبر الکوفۃ ایھا الناس انکم ستدعون الی سبتی فسبونی الخ

کتاب الایمان والکفر (اصول کافی)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے منبر کوفہ پر فرمایا۔ اے لوگو! تم میری گالی کی طرف بلائے جاؤ گے۔ تو مجھے گالی دے دیا کرو۔

تشریح از اویسی غفرلہ

جو مذہب ابو الائمہ سیدنا علی رضی اللہ عنہ کو گالی دینے کو جائز سمجھے تو پھر کیوں نہ ہم کہیں یہ کہیں کہ ایسے بُرے مذہب پر لعنت کیجئے

(۲۰) جو تارک نماز ہے وہ کافر ہے (اصول کافی ص۵۱۲ - اصل عبارت یوں ہے

"فان تارک الصلوٰۃ کافر" (کتاب الایمان والکفر)

تشریح از اویسی غفرلہٗ

ہم اہل سنت کسی بے نماز کو کافر نہیں کہتے. غیر مقلد وہابی اور شیعہ دونوں بھائی بھائی۔

مذکورہ فتویٰ پڑھ کر حضرت علی کے ملنگ اور حضرت حسین کے قلندر اپنے اوپر دم کر کے اس کا ثواب بھنگ کے پیالے کو بخش دیں. اس لئے کہ شیعہ پارٹی میں ۹۵ فیصد بے نمازی ہوتے ہیں.

نوٹ :۔ اصول میں قرآن مجید کی تحریف کے نمونے عمداً چھوڑے جا رہے ہیں. اس لئے کہ اس کے اکثر نمونے ترجمہ مقبول میں آگئے ہیں.

حوالہ جات ترجمہ مقبول دہلوی (اس ترجمہ کا تعارف)

اس کے تعارف کی ضرورت ہی نہیں. اس لئے کہ اس ترجمہ کی صحت پر تمام شیعوں کا اتفاق ہے. بلکہ بڑے زور شور سے مجتہدین شیعوں نے تقریظیں لکھی ہیں.

یاد رہے کہ آئینہ شیعہ نما لکھتے وقت ترجمہ مقبول مطبوع لاہور تھا. اور جب اس کی شرح لکھی گئی تو مطبوع لکھنؤ پیش نظر تھا.

نوٹ :۔ فقیر کے ہاں ترجمہ مقبول مطبوع لکھنؤ ہے. لہٰذا صفحات اسی

کے مطابق ہوں گے۔ البتہ فقیر نے ساتھ ہی سورتوں اور آیتوں کے نام بھی لکھ دیئے ہیں تاکہ مناظر کو حوالہ تلاش کرنے میں آسانی ہو۔ یاد رہے کہ موجودہ ترجمہ قرآن مجید از مقبول ہیں کافی عبارات ادلوں و بدل کر دی گئی ہیں۔ اس کا دیباچہ بھی ختم کر دیا ہے۔ اور ضمیمہ بھی بڑی مشکل سے دکھاتے ہیں۔

چند ضروری باتیں

قبل اس کے تحریف قرآن کے نمونے لکھے جائیں، شیعوں کے متعلق چند ضروری باتیں یاد رکھنی ضروری ہیں۔

۱۔ شیعوں کے اصول (اسلام) میں قرآن مجید پر ایمان لانا ضروری نہیں۔ چنانچہ انھوں نے جن کتابوں میں اپنے اسلام کے اصول لکھے ہیں کسی میں بھی "ایمان بالقرآن" کا ذکر نہیں کیا۔ مثلاً تحفۃ العوام۔ مصباح المسائل۔ نماز امامیہ جعفریہ۔ جیسے ہم اپنے اصول اسلام میں بار بار لکھتے ہیں کہ آمنت باللہ وملائکتہ وکتبہ ورسلہ وغیرہ۔

۲۔ شیعہ کا کہنا کہ ہمارا اس قرآن مجید پر ایمان ہے۔ یہ ان کا تقیہ ہے۔ جو سراسر جھوٹ پر مبنی ہے۔ ان کا قرآن غار سرمن میں امام مہدی کے ہاں ہے۔ جب وہ آئیں گے تو ساتھ لائیں گے۔ تاحال اصلی قرآن مجید کی زیارت سے شیعہ عوام نہیں بلکہ خود ائمہ بھی محروم ہیں۔

اہل سنت کا عقیدہ

ہم عقیدہ رکھتے ہیں کہ قرآن مجید غیر محرف ہے یہ وہی قرآن مجید ہے

جو لوح محفوظ میں تھا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ہم نے اس قرآن کو نازل کیا ہے اور ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں۔ "الحجر"۔ اور دوسری جگہ فرمایا کہ اس قرآن کا جمع کرنا اور لوگوں کی ہدایت کے لئے بیان کرنا ہمارا کام ہے "القیامۃ" اور دوسری جگہ فرمایا کہ اس قرآن کا انکار کرنے والے اول درجہ کے گنہگار لوگ ہیں۔ "نساء" اگر خدانخواستہ ہم شیعوں کی تحریف قرآن کو صحیح مان لیں تو پھر خدا کا وعدہ حفاظت و جمع قرآن جھوٹا ثابت ہوگا۔ شیعہ یار تو اب یہود و ہنود کی طرح تمام مسلمانوں سے از خود نماز، کلمہ، اذان وغیرہ دین اسلام "یعنی نصاب تعلیم" میں الگ ہو گئے ہیں۔ اور اُن کی تمام کتب، تفاسیر و احادیث میں سیدنا ابوبکرؓ و عمر فاروقؓ و عثمان غنی رضوان اللہ علیہم اجمعین کو نقل کفر کفر نباشد۔ کافر و دوزخی، حرامی اور شیطان وغیرہ لکھا ہے۔ اردو میں ترجمہ قرآن مقبول کے حوالہ جات اور جلاء العیون و حیوٰۃ القلوب وغیرہ کے حوالے ہم آگے چل کر عرض کریں گے

تحریف قرآن کے نمونے از مترجم قرآن مقبول شیعہ

نمبر شمار	پارہ نمبر	سورۃ نمبر	رکوع نمبر	آیۃ نمبر	
۱	۳	آل عمران	۳	۲۸	تُقٰۃً کی جگہ تَقِیَّۃً لکھا ہے۔
۲	〃	〃	۴	۳۳	آلِ عمران کے آگے آلِ محمدؐ لکھا ہے
۳	〃	〃	۵	۴۳	وَارْکَعِیْ وَاسْجُدِیْ کو آگے پیچھے لکھا ہے
۴	۴	〃	۹	۸۱	میثاق کے آگے اُمَمٌ زائد لکھا ہے۔

نمبر شمار	پارہ نمبر	سورۃ نمبر	رکوع نمبر	آیت نمبر	
۵	۴	آل عمران	۱۲	۱۱۰	کُنْتُمْ کی بجائے اَنْتُمْ لکھا ہے
۶	״	״	״	״	اُمَّةٍ کی بجائے اَئِمَّةٍ لکھا ہے
۷	״	״	۱۳	۱۲۳	اَذِلَّةٌ کے آگے ضُعَفَآءُ قَلِیْلٌ لکھا ہے۔
۸	۵	نساء	۴	۲۴	مِنْھُنَّ کے آگے اِلٰی اَجَلٍ مُسَمًّی لکھا ہے
۹	״	״	۷	۴۸	یُشَآءُ کے آگے مِنْ شِیْعَتِکَ وَمُحِبِّیْکَ یَا عَلِیُّ لکھا ہے
۱۰	״	״	۸	۵۹	اِلَی اللّٰہِ کے آگے اور اِلَی زائد لکھا ہے
۱۱	״	״	״	״	فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِیْ شَیْءٍ کی بجائے فَاِنْ خِفْتُمْ تَنَازُعًا فِیْ اَمْرٍ لکھا ہے۔
۱۲	״	״	۹	۶۴	جَآءُوْکَ کے آگے یَا عَلِیُّ لکھا ہے۔
۱۳	״	״	״	۶۶	یُوْعَظُوْنَ بِہٖ کے آگے عَلِیًّا لکھا ہے۔
۱۴	۶	״	۲۳	۱۶۶	اِلَیْکَ کے آگے فِیْ وِلَایَةِ عَلِیٍّ لکھا ہے۔
۱۵	״	״	״	۱۶۸	ظَلَمُوْا کے آگے اٰلَ مُحَمَّدٍ حَقَّھُمْ لکھا ہے
۱۶	״	״	״	۱۷۰	مِنْ رَّبِّکُمْ کے آگے فِیْ وِلَایَةِ عَلِیٍّ لکھا ہے۔
۱۷	״	״	״	״	تَکْفُرُوْا کے آگے بِوِلَایَةِ عَلِیٍّ لکھا ہے۔
۱۸	۱۱	توبہ	۱۳	۱۰۵	مُؤْمِنُوْنَ کی بجائے مَامُوْنُوْنَ لکھا ہے۔
۱۹	״	״	״	۱۱۲	اَلتَّآئِبُوْنَ الْعَابِدُوْنَ کی بجائے التَّائِبِیْنَ الْعَابِدِیْنَ لکھا ہے۔
۲۰	״	״	۱۶	۱۲۸	کُمْ کی بجائے نَا لکھا ہے۔

Scanned with CamScanner

نمبر شمار	پارہ نمبر	سورۃ نمبر	رکوع نمبر	آیت نمبر	
۲۱	۱۳	ابراہیم	۶	۴۱	وَالِدَیَّ کی بجائے وَلَدَیَّ لکھا ہے
۲۲	۱۴	الحجر	۳۰	۴۱	عَلَیَّ کی بجائے عَلِیٌّ لکھا ہے۔
۲۳	״	النحل	۱۳	۹۰	ذِی الْقُرْبٰی کے آگے حَقَّہٗ لکھا ہے۔
۲۴	۱۵	بنی اسرائیل	۹	۸۲	ظَالِمِیْن کے آگے اٰلَ مُحَمَّدٍ حَقَّھُمْ لکھا ہے۔
۲۵	״	کہف	۴	۲۹	مِنْ رَّبِّکُمْ کے آگے فِی وِلَایَۃِ عَلِیٍّ لکھا ہے
۲۶	״	״	״	۲۶	لَا یُشْرِکُ کی بجائے لَا یُشْرِکُ لکھا ہے۔
۲۷	۱۶	״	۴	۲۹	مِنْ رَّبِّکُمْ کے آگے فِی وِلَایَۃِ عَلِیٍّ لکھا ہے
۲۸	״	طٰہٰ	۶	۱۵	مِنْ قَبْلُ کے آگے فِی مُحَمَّدٍ وَعَلِیٍّ وَفَاطِمَۃَ لکھا ہے۔
۲۹	۱۷	انبیاء	۷	۱۰۸	مُسْلِمُوْنَ کی بجائے مُسْلِمُوْنَ لکھا ہے۔
۳۰	۱۸	نور	۷	۵۱	قَوْلُ کی بجائے قَوْلُ لکھا ہے
۳۱	۱۹	فرقان	۴	۳۶	فَدَمَّرْنَاھُمْ کی بجائے وَاجْعَلْ لَّنَا لکھا ہے
۳۲	״	״	۶	۷۴	وَاجْعَلْنَا کی بجائے وَاجْعَلْ لَّنَا لکھا ہے
۳۳	״	شوریٰ	۱۱	۲۱۴	اَقْرَبِیْنَ کے آگے وَرَھْطَکَ الْمُخْلَصِیْنَ لکھا ہے
۳۴	۲۰	روم	۶	۵۶	لَقَدْ لَبِثْتُمْ سے پہلے فِی سَبِیْلِ اللّٰہِ لکھا ہے۔
۳۵	״	احزاب	۱	۶	اُمَّھَاتُھُمْ کے آگے وَھُوَ اَبٌ لَّھُمْ لکھا ہے۔
۳۶	״	״	۴	۷	مِیْثَاقَھُمْ کے آگے کی وَعَلِیٍّ لکھا ہے۔
۳۷	״	״	۳	۲۲	رَسُوْلٌ کے آگے فِی وِلَایَۃِ عَلِیٍّ لکھا ہے۔
۳۸	״	״	۴	۲۸	قُلْ لِّاَزْوَاجِکَ کے آگے تُوُفِّیَ مِنْ تِسْعَۃٍ لکھا ہے

Scanned with CamScanner

نمبر شمار	پارہ نمبر	سورۃ نمبر	رکوع نمبر	آیۃ نمبر	
۳۹	۲۰	احزاب	۵	۱۷	زَوَّجْنَاکَہَا کی بجائے زَوَّجْتُکَہَا لکھا ہے
۴۰	״	״	۱۰	۷۰	رَسُوْلُہٗ کے آگے فی ولایۃ علی لکھا ہے۔
۴۱	״	״	۸	۶۸	کَبِیْرًا کی جگہ کَثِیْرًا لکھا ہے۔
۴۲	۲۳	یٰسین	۴	۳۸	لِمُسْتَقَرٍّ کی بجائے لا مستقر لکھا ہے
۴۳	״	״	۴	۵۲	مَنْ کی بجائے مِنْ لکھا ہے۔
۴۴	۲۵	حاشیہ	۳	۲۹	یَنْطِقُ کی بجائے یُنْطَقُ لکھا ہے
۴۵	۲۶	احقاف	۱	۹	اِلَیَّ کے آگے فی علی لکھا ہے۔
۴۶	״	محمد	۱	۲	مُحَمَّدٍ کے آگے فِی عَلِیٍّ لکھا ہے
۴۷	״	״	״	۹	اَنْزَلَ اللّٰہُ کے آگے فی علی لکھا ہے۔
۴۸	״	״	۲	۱۵	مَثَلُ کی بجائے امثال لکھا ہے۔
۴۹	۲۷		۱	۲۹	طٰبِخٍ کی بجائے طَابِعٍ لکھا ہے۔
۵۰	״	״	۲	۱۲	یَسْعٰی نُوْرُھُمْ کو آگے پیچھے لکھا ہے
۵۱	۲۹	ملک	۲	۲۹	فَسَتَعْلَمُوْنَ کے آگے یا معشر المکذبین لکھا ہے
۵۲	״	الحاقۃ	۲	۴۳	الْعٰلَمِیْنَ سے پہلے انّ ولایۃ علی لکھا ہے۔
۵۳	״	المعارج	۱	۱	لِلْکٰفِرِیْنَ کے آگے بولایۃ علی لکھا ہے۔
۵۴	״	جن	۲	۲۳	رسالاتہ کے آگے فی علی لکھا ہے۔
۵۵	״	مزمل	۱	۱۱	وَالْمُکَذِّبِیْنَ کے آگے بولایۃ علی لکھا ہے۔
۵۶	״	״	۱	۱۱	سَتَعْلَمُوْنَ کے آگے یا معشر المکذبین لکھا ہے۔
۵۷	۳۰	نبا	۲	۸۲	کِذَّابًا کی بجائے کَذَّابًا لکھا ہے۔

Scanned with CamScanner

نوٹ :۔ اگر تحقیق مطلوب ہو کہ شیعہ کے قرآن کے متعلق عقائد کیا ہیں۔ تفصیلی ابحاث فقیر کے رسالہ "شیعہ کا قرآن کہاں" یا فقیر کی تصنیف "آئینہ شیعہ مذہب" کا مطالعہ کیجئے۔

ازالہ وھم :۔ شیعہ اہل سنت کی تفاسیر اتقان، درمنثور وغیرہ میں سے بھی تحریف قرآن کے حوالے دکھاتے ہیں۔ وہ ان کی چالاکی ہے۔ اس لئے کہ وہ تفاسیر سے بظاہر عبارات مختلفہ دکھا کر تقیہ جھوٹ اور نفاق پر عمل کرتے ہیں۔ دراصل یہ منسوخ یا اختلاف قرائت کی روایات یا غیر معتبر کتب تفاسیر واحادیث کی عبارات ہیں۔ جس طرح ہم اُن کے ائمہ کی تصریحات دکھاتے ہیں۔ وہ تحریف پر ہماری معتبر کتب کی تصریحات کیوں نہیں دکھاتے۔

نوٹ :۔ شیعوں کی مندرج کتب معتبرہ مع صفحہ جات دیکھئے۔ کہ اس میں واضح اور صاف لکھا ہے کہ یہ موجودہ قرآن ناقص اور قابل حجت نہیں۔

۱۔ اصول کافی صـ ۲۶۱/۱۴۶ وغیرہ (اس کے متعلق چند تصریحات پہلے گذری ہیں۔
۲۔ لوامع التنزیل صـ ۲۱ ۳۔ حق الیقین صـ ۲۳۸ ۴۔ کتاب الانصاف صـ ۴۶ ۔ ۵۔ فصل الخطاب صـ ۹ ۶۔ جلاء العیون صـ ۱۴۲ ، صافی شرح اصول کافی صـ ۱۶ ۔ باوجود ان ہمہ اس ہمارے قرآن مجید کو پڑھنے پر ائمہ کی طرف سے مجبور بھی ہیں۔ چنانچہ ملاحظہ ہو۔ اکابر علماء شیعہ کے مصدقہ قرآن مترجم مقبول کے صفحہ ۹۹، پر لکھا ہے کہ کافی اور تفسیر قمی میں ہے کہ امام جعفرؒ نے فرمایا کہ جبرائیل امین نے تو حکم خدا سے جناب رسولِ خدا پر اس طرح نازل کیا تھا۔ مگر یہ کتاب خدا کے ان مقامات میں سے ہے جن میں تحریف کر دی گئی اور اسی

قرآن شیعہ کے صفحہ ۳۸۴ پر لکھا ہے کہ قرآن مجید کو اس کی اصلی حالت پر لانا جناب صاحب العصر کا حق ہے۔ اور ان ہی کے وقت میں تنزیل خدا پڑھا جائے گا۔ اور اسی قرآن شیعہ کے صفحہ ۸۵۵ پر لکھا ہے کہ جناب امیر نے فرمایا کہ آج اس کا موقع نہیں کہ قرآن مجید کی اصلاح کر کے عوام الناس کو ہیجان میں لایا جائے۔ ائمہ میں یہ فعل مخصوص جناب صاحب الامر کا ہے کہ قرآن مجید کو اسی حد پر پڑھوائیں۔ جس حد پر وہ زمانہ رسولِ خدا میں پڑھا جاتا تھا۔

اسلام و قرآن اور شیعہ

مذہب شیعہ کی بدقسمتی ہے کہ انھیں کتاب الٰہی تو نصیب نہیں ہوئی جب کہ ان کا اپنا اعتراف ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے قرآن مجید کو جمع کیا۔ لیکن جونہی حضرت ابوبکر و عمر غیر ہما نے نہ مانا تو مارے غصے کے اسے واپس لے گئے اور فرمایا اب قیامت تک قرآن کو نہ دیکھو گے۔ چنانچہ اہلِ تشیع کی انتہا درجہ معتبر کتاب کافی مصنفہ (اہلِ تشیع کے مجتہدِ اعظم) ابو جعفر یعقوب کلینی صفحہ ۶۷۱ پر یہ روایت دیکھیں کہ امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جب حضرت علی قرآن کریم کو جمع کرنے اور اُس کی کتابت سے فارغ ہوئے تو لوگوں سے کہا کہ اللہ عزّ و جل کی کتاب یہ ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے محمد (صلی اللہ علیہ وسلّم) پر اس کو نازل فرمایا ہے۔ اور میں نے ہی اس کو اکٹھا کیا ہے جس پر لوگوں نے کہا کہ ہمارے پاس قرآن شریف موجود ہے ہمیں کسی نئے قرآن کی کیا ضرورت ہے۔ اس پر حضرت علی نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی قسم آج کے

دن کے بعد تم اس قرآن کو کبھی نہ دیکھو گے۔ اسی صفحہ پر امام جعفر صادق صاحب سے منسوب ایک روایت اور بھی ملاحظہ فرمالیں کہ جو قرآن حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے جبریل علیہ السلام لائے تھے اس کی سترہ ہزار (۱۷۰۰۰) آیتیں تھیں۔ اور غریب اہل السنت والجماعت کے پاس تو صرف چھ ہزار چھ سو چھیاسٹھ (۶۶۶۶) آیات والا قرآن کریم ہے۔ اسی اصولِ کافی کے صفحہ ۶۷۰ پر بھی نظر ڈالتے جایئے اور اگر اس قرآن کریم سے صراحتاً انکار کی شان کسی حد تک تفصیل کے ساتھ دیکھنا چاہیں تو اصولِ کافی صہ ۲۶۱ تا صہ ۲۶۸ اور صہ ۶۵۸ و صہ ۶۷۱ اور ناسخ التواریخ جلد ۲ صفحہ ۴۹۳ و ۴۹۴ اور تفسیر صافی جلد اول صہ ۱۴ مطالعہ فرمائیں اور بانیانِ مذہبِ تشیع کی سیاست کی داد دیں کہ کس طرح صراحت اور وضاحت کے ساتھ اس فرقہ نے سرے سے قرآن شریف کا انکار کیا ہے۔

قرآن کے انکار کے بعد

اسلام کی جان جب شیعہ مذہب سے نکل گئی۔ اب باقی ڈھانچہ تھا تو وہ بھی شیعوں کے راویوں نے ایسی غلط اور جھوٹی وضع کی ہیں۔ جسے ایک شریف النفس سُن کر شرما جاتا ہے۔ جس کے چند نمونے بیان ہو چکے ہیں۔ چند آئندہ اوراق میں ملاحظہ فرمائیں۔ بتایئے اب شیعہ مذہب میں کیا رہا۔ اگر یہ حضرات ناراض نہ ہوں تو فقیر اویسی غفرلہ عرض کر دے۔ ان کے پاس ہے۔ تقیہ متعہ۔ تعزیہ۔ گالی گلوچ اور بھنگ کا رگڑا۔ باقی سب خیر۔

ترجمہ مقبول کے بقایا حوالے

قرآن مجید کے متعلق کافی مواد فقیر نے رسالہ قرآن اور شیعہ کا ایمان" میں جمع کیا ہے اور اصول کافی کے حوالہ جات کی مناسبت سے پہلے قرآن مجید کے متعلق "ترجمہ مقبول کے حوالہ جات پر گفتگو ہوئی۔ اب بقایا حوالہ جات کی تفصیل ملاحظہ ہو

۱۔ حضور علیہ السلام کی ازواج مطہرات اہل بیت ہیں	ترجمہ مقبول لاہور	۶۵۹
۲۔ امام حسین نے اپنی ماں نہ کسی دوسری عورت کا دودھ پیا بلکہ حضور علیہ السلام کی انگلی مبارک چوستے تھے	،،	۱۰۰۴
۳۔ جہاں کا خمیر وہاں دفن (اس سے صدیق رض و عمر رض کے فضائل کا اندازہ)	،،	۶۲۷
۴۔ امام مہدی کے ظہور پر صرف لا الہ الا اللہ کا چرچا	،،	۱۱۹
۵۔ تمام انبیاء رجعت کر کے امام مہدی کی مدد کریں گے۔	،،	۱۱۸
۶۔ بدر والے تا حال موجود ہیں (زمین پر) صاحب الامر کی امداد کریں گے۔	،،	۱۲۸
۷۔ اللہ سب کو ازل سے جانتا ہے۔	،،	۱۴۳
۸۔ یستبشرون بنعمۃ اللہ الخ سے شیعہ مراد ہیں۔	،،	۱۴۲
۹۔ لفظ بنات عام ہے۔ بیٹیاں ہوں یا کوئی اور	،،	۱۵۹
۱۰۔ انسان صرف شیعہ ہیں، باقی نسناس ہیں۔	،،	۱۷۱

Scanned with CamScanner

۱۱۔ حضور علیہ السلام کی بد دعا سے ایک جھوٹا آدمی معہ کنبہ جل گیا۔ ترجمہ مقبول الاہور ۲۴۲

۱۲۔ یہودی۔ نصرانی عورت سے متعہ کا جواز " ۲۴۳

۱۳۔ حضرت مدین بن ابراہیم (غیر معروف ہونا اولاً ہونے کے منافی نہیں۔) " ۳۲۰

۱۴۔ ہارون علیہ السلام موسیٰ علیہ السلام سے تین برس بڑے تھے۔ انت منی بمنزلۃ ہارون الخ کا جواب " ۳۴۴

۱۵۔ مسئلہ تولا " ۲۲۹

۱۶۔ مسئلہ بدا " ۲۵۳

حوالہ ۱

یعنے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ازواج مطہرات اہل بیت ہیں۔ ص ۶۹۶۔

یہ حوالہ ہم نے اپنی تائید کے لئے لکھا تھا۔ اس لئے ہم حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جملہ ازواج مطہرات کو اہل بیت مانتے ہیں۔ اور شیعہ نہ صرف ازواج مطہرات کو اہل بیت سے خارج کرتے ہیں بلکہ اولاد فاطمی اور آل علی رضی اللہ عنہم کے بیشمار افراد کو اہل بیت نہیں مانتے۔ وہ صرف حضرت علی اور حضرت حسنین کریمین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے بھی بعض افراد کو مانتے ہیں۔ اور اُن کے مذہب بی بی فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی بہت سی اولاد اور ائمہ اطہار میں بے شمار بزرگوں کو نہ صرف بُرا بھلا کہتے بلکہ انھیں سب بکتے اور لعنتی کہتے ہیں۔ اس کی تفصیل ہم آگے چل کر عرض کریں گے انشاء اللہ تعالیٰ۔

حوالہ ۲۔ امام حسین نہ اپنی ماں، نہ کسی دوسری عورت کا دودھ پیا۔ حضور علیہ السلام کی انگلی چوستے تھے۔ صہ ۲۶۴

اس روایت کو شیعوں نے حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے فضائل میں بیان کیا۔ حالانکہ یہ اُن کی کھلی توہین ہے۔ پہلے اصل عبارت اصول کافی پڑھیے، جسے ترجمہ مقبول نے صرف مقصد لکھا۔ ہم اسے عربی مع ترجمہ نقل کرتے ہیں۔

ولم یرضع الحسین من فاطمۃ علیہا السلام ولا من انثیٰ کان یؤتی بہ النبیؐ فیضع ابہامہ فی فیہ فمصا ما تکفیہ الیومین او الثلث۔

حسین رضی اللہ عنہ نے نہ فاطمہ علیہا السلام کا دودھ پیا نہ کسی اور عورت کا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اُن کو لاتے تھے تو نبیؐ اپنا انگوٹھا ان کے منہ میں رکھ دیتے تھے تو وہ اسقدر چوس لیتے تھے کہ دو یا تین دن کو کافی ہو۔ (اصول کافی صہ ۲۶۴)

اس کراہت کا پس منظر یہ ہے کہ دراصل حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی غیرت کے مارے دودھ نہ پیا ہوگا۔ ورنہ ماں اور وہ بھی فاطمہؓ اور حسینؓ سے کیسے ہو سکتا تھا جبکہ پیارے موسیٰ نبی علیہ السلام کے لئے تو قرآن مجید میں فضیلت کا پہلو اسی طریق سے بیان کیا گیا کہ وہ اپنی ماں کے بغیر کسی کا دودھ نہ پینے کا معاملہ ہے۔ اس سے تو اُلٹا مذمت حسین ہے نہ کہ مدحت اور غیرت کا موجب یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے جب بی بی فاطمہ رضی اللہ عنہا کے لئے فرزند حسین رضی اللہ عنہ کا مژدۂ بہار سنایا گیا تو بی بی نے ایسے مژدۂ بہار کو رد کر دیا۔ نہ صرف ایک بار بلکہ بار بار چنانچہ اصول کافی میں ہے۔

عن ابی عبد اللہ علیہ السلام قال ان جبرئیل نزل علی محمد صلی اللہ علیہ وسلم فقال لہ یا محمد ان اللہ یبشرک بمولود یولد من فاطمہ تقتلہ امتک من بعدک فقال وعلی ربی السلام لاحاجۃ لی فی مولود یولد من فاطمۃ تقتلہ امتی من بعدی فعرج ثم حبط فقال لہ مثل ذالک فقال یا جبریل وعلی ربی السلام لاحاجۃ لی فی مولود تقتلہ امتی من بعدی فعرج جبریل الی السماء ثم ھبط فقال یا محمد ان ربک یقرئک السلام ویبشرک بانہ جاعل فی ذریتہ الامامۃ والولایۃ والوصیۃ فقال انی قد رضیت ثم ارسل الی فاطمہ ان اللہ

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا کہ جبرئیل محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئے اور انھوں نے کہا کہ اے محمد اللہ تم کو ایک مولود کی بشارت دیتا ہے جو فاطمہ سے پیدا ہوگا۔ تمہاری اُمت ہی تمہارے بعد اس کو قتل کرے گی۔ تو رسول نے کہا اور میرے رب پر سلام ہو۔ مجھ کو ایسے مولود کی کچھ نہیں جو فاطمہ سے پیدا ہو اور میری امت اس کو میرے بعد قتل کرے۔ جبرائیل آسمان پر گئے۔ اور پھر اترے اور وہی کہا جو پہلے کہا تھا۔ تو رسول نے کہا کہ اے جبرئیل اور میرے رب پر سلام ہو۔ مجھ کو ایسے مولود کی حاجت نہیں۔ جس کو میری امت میرے بعد قتل کرے پھر چڑھے جبرئیل آسمان کی طرف۔ پھر اُترے تو کہا اے محمد بیشک تمہارا رب تمہیں سلام کہتا ہے اور یہ بشارت دیتا ہے

يبشرني بمولود يولد لك تقتله امتي من بعدي فارسلت اليه ان لاحاجة لي في مولود تقتله امتك من بعدك فارسل اليها ان الله قد جعل في ذريته الامامة والولاية والوصية فارسلت اليه اني قد رضيت.

(اصول کافی صد ۲۶۴)

کہ اللہ اس مولود کی اولاد میں امامت اور ولایت اور وصیت مقرر کرے گا۔ تب رسول نے کہا میں راضی ہوا۔ پھر فاطمہ کو پیغام بھیجا۔ کہ اللہ نے مجھ کو ایک بچے کی بشارت دی ہے جو تجھ سے پیدا ہوگا اور میری امت میرے بعد اس کو قتل کریگی۔ تو فاطمہ نے یہ جواب بھیجا کہ مجھ کو ایسی اولاد کی حاجت نہیں جس کو تمہاری امت تمہارے بعد قتل کر دے۔ پھر پیغمبر نے فاطمہ کے پاس یہ پیغام بھیجا کہ اللہ نے اس کی اولاد میں امامت اور ولایت اور وصیت مقرر کی ہے تو کہلا بھیجا فاطمہ نے کہ میں راضی ہو گئی۔

اس روایت سے کئی نتیجے ثابت ہوتے ہیں۔

اوّل یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور جناب سیدہ رضی اللہ عنہا کو باوجود مرتبۂ عبودیت کے اپنے خالق کی عظمت و جلال کا (معاذ اللہ) کچھ بھی ادب نہ تھا۔ اور بڑی جرأت کے ساتھ بار بار اس کے انعام کو رد کرتے تھے۔ اگر کوئی دنیاوی بادشاہ کسی امیر کو انعام دینا چاہے اور وہ اس طرح رد کرے تو بادشاہ کی بہت بڑی توہین سمجھی جاوے گی۔ اور ہر شخص

اس امیر کو بڑا گستاخ کہے گا۔ نہ کہ عبد اور معبود کا معاملہ۔ اس سے بڑھ کر اور ناشکری کیا ہو گی۔ حالانکہ جن کو قربِ الٰہی زیادہ حاصل ہوتا ہے ان کو ادب بھی اوروں سے زیادہ ہوتا ہے۔ اسی وجہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اوروں کے مقابلہ میں خوفِ الٰہی زیادہ تھا۔

دوسرے یہ کہ اللہ نے جس چیز کو رسول اور جنابِ سیدہؑ کے لئے موجب نعمت اور رحمت تجویز کیا اور اس کی بشارت بھیجی ان دونوں نے اس کو اپنے لئے مصیبت اور قابلِ رد سمجھا۔ پس معلوم ہوا کہ اللہ کو حکیم اور لطیف و خبیر نہ جانا اور اپنی رائے اللہ کی تجویز پر غالب سمجھی اور یہ خیال نہ کیا کہ جس چیز کی اللہ نے بشارت بھیجی ہے وہ ضرور بہت بڑی نعمت ہو گی۔

تیسرے یہ کہ شہادت فی سبیل اللہ میں وہ دونوں کچھ بھی فضیلت نہ جانتے تھے۔ بلکہ شہادت کو نہایت حقیر اور قابلِ رد سمجھتے تھے۔

چوتھے کہ جناب امام حسین علیہ السلام کی ذات مبارک میں (معاذ اللہ) کچھ بھی خوبی نہ تھی۔ بلکہ اس وجہ سے کہ ان کی قسمت میں شہادت مقرر ہو چکی تھی۔ اُن کی ذات بیزاری کے لائق تھی۔ اور اگر ان کی اولاد میں امامت مقرر نہ ہوئی ہوتی تو ہرگز اُن کی ذات قبول نہ کی جاتی۔

پانچویں یہ کہ جناب امام حسن علیہ السلام کی ذات حسینؑ سے بھی زیادہ بیزاری کے لائق تھی۔ اس لئے کہ ان کی قسمت میں بھی شہادت تھی۔ ان کی اولاد میں امامت بھی نہ تھی۔ اسی وجہ سے اللہ نے ان کو بغیر بشارت بھیجنے کے پیدا کر دیا۔ ورنہ وہ کسی طرح نہ قبول کئے جاتے اور اُن کے قبول کرانے

..بس اللہ کو بڑی مشکل پیش آتی۔ معاذ اللہ

چھٹے یہ کہ اللہ نے رسولؐ کے پاس تین مرتبہ بشارت بھیجی مگر امر امامت کو اوّل دو مرتبہ میں ظاہر نہ کیا۔ شاید اس میں یہ مصلحت تھی کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم (معاذ اللہ) فضیلت ردِ نعمت کو دو مرتبہ حاصل کر لیں۔ اور عبد شکور بن جاویں۔

ساتویں یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو اوّل بار جناب سیدہ کے پاس بشارت بھیجی تو امر امامت ظاہر نہ کیا۔ اس سے بھی شاید یہی غرض تھی کہ ایک مرتبہ سنتِ رد کو ادا کر لیں۔

انصاف پسند شیعو غور کرو کہ تمہارے راویوں نے کیا کیا افترا کئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر کیسی کیسی تہمتیں، ناشکری اور بے ادبی وغیرہ کی لگائیں۔

حضرت جبرئیل کو بار بار آسمان پر چڑھنے اور اترنے کی کشاکش میں ڈالا۔

طرفہ یہ ہے کہ بظاہر مجبور ہو کر اگرچہ جناب سیدہ نے رضامندی ظاہر کر دی۔ مگر دل میں وہی ناگواری اور بیزاری موجود تھی۔ اور اللہ کی اس بشارت کو انھوں نے صدق دل سے قبول نہیں کیا۔ چنانچہ حمل بھی ان کو ناپسند تھا اور ولادتِ حسینؑ کے وقت بھی اس فرزند سے ان کو سخت بیزاری تھی، چنانچہ اصولِ کافی ص ۲۹۴ میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت مذکور ہے کہ:-

عن ابی عبداللہ علیہ السلام	جب فاطمہ کو حسین کا حمل ہوا تو جبرئیل
قال لما حملت فاطمۃ	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس
بالحسین جاء جبرئیل الی	آئے اور انھوں نے کہا کہ فاطمہ کے ایک

رسول الله صلی الله علیه وسلم فقال ان فاطمة ستلد غلاما تقتله امتك من بعدك فلما حملت فاطمة بالحسین کرهت حمله وحین وضعته کرهت حمله ثم قال ابو عبد الله علیه السلام لم تر فی الدنیا ام تلد غلاماً مکروہ و لکنها کرهته لما علمت انه ستقتل قال فیه نزلت هذه الآیة حملته امه کرها و وضعته کرها۔

لڑکا پیدا ہوگا۔ جس کو تمہاری اُمت تمہارے بعد قتل کرے گی۔ پھر جب فاطمہ کو حسین کا حمل ہوا تو ان کو حسین کا حمل ناپسند تھا۔ اور جب حسین پیدا ہوئے تو اُن کا پیدا ہونا بھی ناپسند تھا۔ دنیا میں کوئی ماں ایسی نہیں دیکھی گئی کہ اپنے فرزند کی ولادت اس کو ناپسند ہو لیکن فاطمہ نے حسین کی ولادت اس وجہ سے ناپسند کی کہ اُن کو معلوم ہو گیا تھا کہ حسین قتل ہونگے۔ پھر امام جعفر صادق نے فرمایا کہ انھیں کے حق میں یہ آیت نازل ہوئی ہے۔ کہ حمل میں رکھا اس کو اس کی ماں نے ناپسندیدگی میں اور جنا اس کو ناپسندیدگی میں

امام جعفر صادق علیہ السلام نے جو اس آیت کی تفسیر کی اس سے ظاہر ہو گیا کہ اس آیت میں کراہت سے درد اور ایذا کی کراہت مراد نہیں ہے۔ بلکہ ناپسندیدی اور ناگواری طبیعت مراد ہے۔ اور خاص جناب امام حسین علیہ السلام کے حمل اور ولادت اور اُن کی والدہ ماجدہ جناب سیدہ علیہا السلام کی اس سے بیزاری کا بیان ہے۔

حسین مظلوم کی یہ حالت ہوئی کہ اُن کی بشارت کو دو مرتبہ رسول نے اور

ایک مرتبہ جناب سیدہؓ نے رد کیا۔ آخر کو قبول بھی کیا۔ تو جناب سیدہؓ نے دل سے قبول نہ کیا اور ان کی ولادت سے سخت بیزار ہوئیں

پس جس مظلوم بچے کی ولادت کے وقت ایسی قدر ہوئی۔ اگر اس کی غیرت دودھ نہ پینے پر اسے مجبور کرے تو کیا حرج ہے کسی نے اسے اشعار میں یوں بیان کیا:۔ ہے

ہائے اے شبیر مظلومی تری — رد ہوئی تیری بشارت تین بار
گرچہ راضی ہو چکی تھیں فاطمہؓ — پھر بھی تھی تیری ولادت ناگوار
کرتی ہے اس رمز کو قرآن میں — اُمہ کرہاً کی آیت آشکار

تم کو بھی غیرت کا ایسا جوش تھا
دودھ اُس ماں کا نہ چوسا زینہار

حوالہ ۳۰:۔ جہاں کا خمیر وہاں دفن ص ۶۲۷

یعنے یہ مسلمات سے ہے کہ انسان کا جہاں مدفن ہوتا ہے وہیں سے اس کا ڈھانچہ جسمانی خمیر کیا جاتا ہے۔ ہم نے شیعوں کی مذکورہ روایت سے استدلال کیا کہ حضور صدیق و حضرت عمر رضی اللہ عنہما کیسی خوش قسمت شخصیتیں ہیں۔ کہ جن کا ڈھانچہ اس جگہ سے خمیر ہوا جہاں سے حضور سرورِ کائنات آقائے شش جہات امام الانبیاء والمرسلین صلی اللہ علیہ وعلیہم اجمعین سے جسد اطہر خمیر اگیا۔ اور پھر وہیں پہ ہر سہ حضرات مدفون بھی ہیں۔ اس خوش نصیبی سے شیعہ آنکھ چراتے ہوئے ان دونوں حضرات کو جی بھر کر گالی دیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ انھیں ہدایت بخشے۔

حوالہ ۴۔ امام مہدی کے ظہور پر صرف لا الہ الا اللہ کا چرچا ہوگا۔ صفحہ ۱۹۱

اس سے ہم نے شیعہ کے جعلی کلمہ "لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ" کا رد مراد لیا ہے۔ یعنی جب کلمہ ہی شیعہ نے اپنا گھڑ لیا ہے بلکہ یہی مسلمان ہونے کی بنیادی علامت ہے تو پھر اُن کے دیگر عقائد و مسائل کا کیا حال ہوگا۔

حوالہ ۵ تمام انبیاء رجعت کر کے امام مہدی کی مدد کریں گے۔ صفحہ ۱۱۸-۱۱۹

اس حوالہ سے فقیر اویسی غفرلہ کا مقصد یہ ہے کہ شیعوں کا نہ صرف کلمہ عجیب و غریب ہے۔ بلکہ ان کا ہر مسئلہ سنجیدہ انسان کے سامنے نہایت ہی حیرت انگیز ہے۔ ان کے مسائل کی فہرست فقیر نے اس کتاب چشمہ نور افزا کے آخر میں عرض کر دی ہے۔ منجملہ اُن کے ایک مسئلہ یہی ہے۔

مسئلہ رجعت

شیعہ کا ایک یہ بھی عجیب و غریب اعتقاد ہے کہ جب امام مہدی کا ظہور ہوگا اور حکومت کی تلوار ان کے ہاتھ میں ہوگی۔ وہ پہلا کام یہ کریں گے۔ کہ مدینہ منورہ میں جا کر دریافت کریں گے۔ کہ ابوبکرؓ و عثمانؓ و عمرؓ اور انکے تابعین اور حضرت عائشہؓ و حفصہؓ کہاں کہاں مدفون ہیں۔ جب لوگ اُن کی قبروں کا نشان دیں گے۔ تو وہ ان سب کو کھینچ کر زندہ کر لیں گے۔ اور حضرت علیؓ حسنینؓ اور ان کی ذریت اور شیعوں کو بھی زندہ کر لیں گے۔ اور اُن کے رُو برو اصحاب و ازواج رسولؐ اور اُن کے اتباع کو طرح طرح کی اذیت پہنچا کر پھر اُن کو مار دیں گے اور ان کی لاشوں کو درختوں سے لٹکا دیں گے حضرت علیؓ حسنینؓ ان کی ذریت

اور شیعہ یہ انتقامی منظر دیکھ کر باغ باغ ہو جائیں گے۔ اس مسئلہ کے متعلق ملّا باقر مجلسی نے ایک رسالہ "رجعت" لکھا ہے۔

اہلِ فہم کو دعوت

افسوس ہے کہ جب علی المرتضیٰ باوجود اسد اللہ الغالب ہونے کے ان حضرات پر غالب نہ ہو سکے۔ اور اپنی تمام عمر اُن سے ڈر کر تقیہ میں گذار دی اُن کی گردن میں رسّہ ڈال کر کھینچا گیا۔ معاذ اللہ خاتون جنّت کے بطن مبارک پر ضرب لگا کر محسن کو شہید کیا گیا۔ (دیکھو جلاء العیون صفحہ ۱۵۲) اور اُن کی زندگی میں ہی نہیں بلکہ اُن کی وفات کے بعد بھی اُن کے دل پر ایسا رعب طاری رہا۔ کہ اُن کے خلاف کوئی عمل بھی کرنے کی جرأت نہ ہوئی۔ نہ ورثاء فاطمہ پر ردّ فدک کر سکے۔ اور نہ نماز تراویح کو موقوف کرنے کی ہمت ہوئی۔ نہ متعہ جیسے کارِ ثواب کو رواج دے سکے۔ تو اب آپ کے پوتے امام مہدی جنھوں نے اپنی تمام عمر سُنّی ملوک و سلاطین سے ڈر کر غار سَرمن رای میں محبوس رہ کر گذاری۔ اور غار سے قدم باہر نہ نکالا۔ اب ان میں ایسی جرأت کہاں سے آئے گی۔ کہ ان بہادرانِ اسلام خلفائے ثلاثہ کو یوں اذیتیں پہنچا کر حضرت علیؓ و حسنینؓ اور اُن کے شیعوں کا دل ٹھنڈا کریں گے اِنْ ھٰذَا لَاِبْھَتَانَ الْعَظِیْمُ،

حوالہ نمبر ۶ بدر والے تا حال موجود ہیں۔ صاحب الامر کی امداد کریں گے

صاحب الامر سے امام مہدی مراد ہیں۔ اس کا مضمون اور حوالہ نمبر ۵ کا ایک ہے۔ اور اصحاب بدر سے وہی صحابہ کرام مراد ہیں جو غزوۂ بدر میں شریک تھے۔

اگرچہ ہم اہلِ سنت کو ہر مردِ خدا کو زندہ مانتے ہیں۔ لیکن شیعہ کی طرح نہیں کہ وہ جسے زندہ ہونے کا دعویٰ کریں۔ اس سے امام مہدی جیسا زندہ مراد لیتے ہیں۔

حوالہ ۷ اللہ تعالیٰ سب کو ازل سے جانتا ہے۔ صفحہ ۱۳۳

اس سے ہماری مراد یہی ہے کہ ایک طرف شیعہ اللہ تعالیٰ کے لئے بدا بمعنی جہالت کا عقیدہ رکھتے ہیں۔ دوسری طرف مذکورہ بالا عقیدہ ظاہر کرتے ہیں۔ یہ اُن کی دو رُخی دلالت کرتی ہے۔ کہ ان کا مذہب غیر معتبر ہے بدا بمعنی جہالت کی بحث ہم آگے چل کر عرض کریں گے۔

حوالہ ۸ یستبشرون بنعمت اللہ سے شیعہ مراد ہیں۔ صفحہ ۱۴۲۔ اس سے ہماری مراد یہ ہے کہ شیعہ شیخ چلی کی طرح خیالی ناؤ قرانے کے استاذ ہیں دیکھئے قرآن مجید کو اوّلاً تو مانتے نہیں۔ اگر اسے اہلِ سنت کا سمجھ کر کچھ پڑھتے ہیں۔ تو اس سے جتنا فضائل و مناقب کے آیات ہوں گے۔ وہ اپنے لئے پڑھیں گے۔

حوالہ ۹ لفظ بنات عام ہے بیٹیاں ہوں یا کوئی اور اس حوالہ سے فقیر اویسی غفرلہ کی مراد یہی ہے۔ کہ اگر بنات عام ہے۔ تو بے شک سورۂ احزاب میں ہم نے حضور علیہ السلام کی حقیقی بنات مراد لی ہیں۔ اس کی تحقیق فقیر کے رسالہ القول المقبول میں ہے۔

حوالہ ۱۰۔ انسان صرف شیعہ ہیں۔ باقی نسناس ہیں۔ صفحہ ۱۶۱

نسناس ایک گندا جانور ہے۔ اس سے ہماری مراد یہ ہے کہ شیعہ سوائے اپنے باقی تمام بالخصوص اہلسنت سے تو ان کو خدا واسطے کا بیر ہے۔

نمونہ ملاحظہ ہو :-

فروع کافی۔ کتاب الروضہ ص۳۵۰ میں لکھا ہے۔ عن ابی جعفر علیہ السلام قال قلت لہ ان بعض اصحابنا یفترون ویفتانون من خالفھم فقال انکم عنھم قال واللہ یا ابا حمزۃ ان الناس کلھم اولاد لغایا ما خلا شیعتنا۔ ابو حمزہ نے امام علیہ السلام سے کہا کہ یا حضرت! بعض آدمی ہمارے مخالفین پر افترا کرتے ہیں اور اُن پر حرامی ہونے کی تہمت لگاتے ہیں۔ اس پہ امام صاحب نے فرمایا کہ ان کو نہ چھیڑنا اچھا ہے۔ اس کے بعد فرمایا کہ اے ابو حمزہؓ خدا کی قسم ہمارے شیعوں کے سوا تمام لوگ حرامی ولد الزنا ہیں۔ العیاذ باللہ۔ علمائے شیعہ کا یہ استدلال اگر خدا نخواستہ صحیح ہو تو پھر جو سنی المذہب شیعہ ہو جائے تو اس کے حلال زادہ اور جنتی ہونے کی کیا صورت ہوگی؟

نیز ان سنیوں کو مبارک ہو جو شیعوں کو اپنے یار دوست بناتے ہیں اور اُن سے رشتے ناطے کرتے ہیں۔ اور اُن کو اپنا جگری یار سمجھتے ہیں۔

یہ سنیوں پر ان کی ادنیٰ نوازش ہے۔ اُن کی بڑی بڑی نوازشوں کا بیان ہم آگے چل کر عرض کریں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ

حوالہ (۱۱) حضور علیہ السلام کی بد دعا سے ایک جھوٹا آدمی مع کنبہ جل گیا ص۲۳۲

اس سے ہماری مراد یہ ہے کہ جب حضور علیہ السلام کی دعا کی تاثیر شیعہ کو مسلّم ہے تو پھر کیوں نہیں سوچتے کہ حضور علیہ السلام نے ابو بکر و عمر و عثمان و دیگر اصحاب سے بغض رکھنے والوں کے لئے کتنا بڑی سخت وعیدیں سنائیں اور بد دعائیں دی ہیں۔

حوالہ ۱۲۔ یہودی نصرانی عورت سے متعہ کا جواز صفحہ ۲۱۳
فقیر اویسی غفرلہٗ کے رسالہ "متعہ یا زنا" کا مطالعہ کیجئے۔

حوالہ ۱۳۔ حضرت مدین بن ابراہیم کا غیر معروف ہونا اولاد ہونے کے منافی نہیں۔ صفحہ ۳۲۰۔

اس سے ہماری مراد شیعہ کے ایک اعتراض کا جواب ہے۔ شیعہ کہتے ہیں کہ اگر حضور علیہ السلام کی اور صاحبزادیاں تھیں تو وہ مشہور کیوں نہیں۔ اسی طرح ہم کہتے ہیں کہ صاحبزادیوں کی عدم شہرت ہمارے مسلک کے خلاف نہیں۔ جیسے حضرت مدین بن ابراہیم علیہ السلام کو کوئی نہیں جانتا۔ اسی طرح حضرت علیؓ کے تین اور بھائی ہیں۔ اسی طرح حضرت سلیمان علیہ السلام کے اور بھائی بھی تھے۔ تو کیا اُن کی عدم شہرت اصل مسئلہ پر اثر انداز ہے۔ (فافہم وتدبر)

حوالہ ۱۴۔ ہارون علیہ السلام موسیٰ علیہ السلام سے تین برس بڑے تھے صفحہ ۳۴۴
اس سے "انت ہی بمنزلہ ہارون" والی حدیث کا جواب دینا مطلوب ہے۔ وہ حدیث ملاحظہ ہو۔ جس سے شیعہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت بلا فصل کا استدلال کرتے ہیں۔

صحیح بخاری و مسلم میں براء بن غارب سے روایت ہے کہ جب رسولِ خدا نے غزوۂ تبوک کا قصد فرمایا تو جناب امیرؓ کو بال بچوں کی حفاظت کے لئے مدینہ طیبہ میں مقرر فرمایا۔ کفار نابکار نے جناب امیرؓ کو طعنہ دیا کہ رسولِ خدا آپ کو اپنے ساتھ کیوں نہیں لے جاتے۔ جناب امیرؓ کو یہ بات ناگوار گذری۔ آپ نے رسولِ خدا سے یہ ماجرا بیان کیا اور عرض کی۔ یارسول اللہ

تُخَلِّفُنِي فِي النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ (کیا مجھے عورتوں اور بچوں میں چھوڑ جاتے ہیں۔ تو حضور نے آپ کی دلجوئی کے لئے فرمایا۔ اَمَا تَرْضٰی اَنْ تَکُوْنَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَۃِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰی اِلَّا اَنَّہٗ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ (کیا تجھے پسند نہیں ہے۔ کہ تو مجھ سے بمنزلہ ہارون کے ہو۔ موسیٰ سے ماں میرے بعد نبوت نہیں ہے۔

شیعہ کہتے ہیں کہ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ رسول پاک حضرت علیؓ کو اپنے بعد خلیفہ سمجھتے تھے۔ ہم نے اس کے کئی جوابات لکھے ہیں۔ منجملہ ایک یہی ہے کہ حدیث میں کوئی ایسا لفظ دکھاؤ جس میں سے حضرت علی کی خلافت بلا فصل کا ثبوت ہو۔ دوسرا یہ خبر واحد ہے۔ اس سے عقیدہ کا استدلال کیسا۔ تیسرا یہ کہ حدیث میں ہارون علیہ السلام مشبہ بہ اور حضرت علی مشبہ ہیں۔ اور مشبہ و مشبہ بہ کو وجہ تشبیہ ضروری یہاں وجہ تشبیہ مفقود ہے۔ چوتھے ہارون کو موسیٰ نے عارضی طور پر اپنی عدم حاضری کے خلیفہ مقرر کیا تھا۔ جب کوہ طور سے واپس ہوئے تو حضرت ہارون خلیفہ نہ رہے۔ گو وہ نبی مستقل تھے۔ ایسا ہی یہاں بھی سمجھنا چاہیئے۔

پانچویں اس قسم کی خدمت بہ سبب قرابت اپنے پسر یا داماد کے ہی سپرد کی جاسکتی ہے کہ مستورات اور بال بچوں کی نگرانی رکھے۔ ایسی خدمت کو خلافت سے کیا تعلق؟

چھٹے یہ مسلم ہے کہ حضرت ہارون حضرت موسیٰ کی زندگی میں فوت ہو گئے تھے۔ پھر خلیفہ کیسے جب مشبہ بہ خلیفہ نہ ہوئے۔ تو مشبہ کی خلافت کیسی؟

ساتویں حضرت ہارون سے تشبیہ صرف قرابت داری کی وجہ سے دی تھی

ورثہ وہ ، نبی تھے ، عمر میں موسیٰ سے بڑے تھے ۔ حقیقی بھائی تھے ۔ جناب امیرؓ میں ان اوصاف میں سے ایک بھی نہ تھی ۔ پھر اس حدیث سے استدلال خلافت بلا فصل چہ معنی دارد ۔ جیسا کہ ہم نے پہلے عرض کیا کہ وجہ تشبیہ نہیں آٹھویں اس تشبیہ سے تو یہ ثابت ہوتا ہے کہ زندگی میں جیسے ہارونؑ بوجہ قرابت داری موسیٰ کی نیابت کرتے تھے ۔ ویسے جناب امیرؓ بھی خدمات خانگی پر حضور علیہ السلام کی عدم موجودگی میں مامور رہے ۔ بعد وفات موسیٰ حضرت ہارون نہیں ، بلکہ یوشع بن نون اور کالب بن یوفنا خلیفہ ہوئے ۔ اسی طرح بعد وفات نبی ابوبکرؓ اور عمرؓ خلیفہ ہوئے ۔ گویا یہ حدیث شیعہ کی تردید کر رہی ہے ۔ نہ کہ ان کے مدعا کی اس سے تائید ہوتی ہے ۔ باقی جوابات فقیر کی کتاب "آئینہ شیعہ مذہب" میں دیکھئے ۔

حوالہ ۱۵ ۔ مسئلہ تولا صفحہ ۲۲۹ ۔ شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ تولا بمعنی محبت ہے ، اس سے میری مراد یہ ہے کہ شیعوں کے مسئلہ تولا کو ترجمہ مقبول میں دیکھنا ہو تو صفحہ ۲۲۹ پر دیکھئے ۔

شیعہ مذہب میں اس کی تفصیل یوں ہے کہ آنحضرت کے قربا سے مودت محبت ، اطاعت رکھنا اسی طرح فرض ہے جس طرح نماز روزہ ۔ حج ۔ زکوٰۃ خمس اور جہاد ۔ پھر ترک اور انکار میں نمایاں فرق ہے ۔ فرض کا تارک گناہ عظیم کا مرتکب ہے ۔ مگر فرض کا منکر کافر اور مرتد ہے ۔ کلید مناظرہ صفحہ ۱۱۶ اس میں ہم اہل تشیع کے ساتھ ہیں ۔ لیکن جس طرح اہل بیت کا منکر کافر و مرتد ہے ۔ ایسے ہی صحابہ کرام رضی اللہ تعالےٰ عنہم کا منکر بھی کافر اور بے ایمان ہے ۔

Scanned with CamScanner

بحمدہ تعالیٰ ہم اہل سنت جہاں اہل بیت کے غلام بے دام ہیں وہاں صحابہ کرام کے بھی حلقہ بگوش ہیں۔ لیکن شیعہ کی بدقسمتی کہ وہ اہل بیت کی محبت کا صرف دم بھرتے ہیں۔ اور صحابہ کرام کو گالی گلوچ اور لعنتی کہہ کر اپنا بیڑا غرق کرتے ہیں۔ تفصیل فقیر کی کتاب "آئینہ شیعہ مذہب" میں ہے۔

حوالہ ۱۶ - مسئلہ بدا ص ۲۵۳ - اس سے بھی میرا مطلب یہی ہے کہ شیعہ کا مسئلہ بدا ترجمہ مقبول کے صفحہ ۲۵۳ میں ہے۔

حضرت شاہ عبدالعزیز قدس سرہ نے فرمایا کہ شیعہ کا عقیدہ بدا کا ہے اور وہ یہ ہے کہ حق تعالیٰ ایک چیز کا ارادہ فرمائے۔ حالانکہ مصلحت دوسری چیز میں تھی۔ گویا شیعہ اللہ تعالیٰ کو (معاذ اللہ) ناعاقبت اندیش مانتے ہیں۔ اور ثابت کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کو انجام کار کوئی نہیں جانتا۔ اس مسئلہ کی تفصیل فقیر کی کتاب "آئینہ شیعہ مذہب" میں دیکھئے۔

ترجمہ مقبول کی آخری بحث

تبرا صحابہ خصوصاً ثلاثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم ۱۱۹ - ۱۴۴ - ۱۰۲۱

۱۹۰ - ۱۹۸ - ۲۶۲ - ۶۷۶

۴-۲۲ ۳۶۰/۵۲ ۴۲۷/۵۱۲ ۴۴۶-۵۲۱ ۸۴۳-۵۶۷

تشریح :- تبرا کی تحقیق لغوی اصطلاح ہم آگے چل کر عرض کریں گے۔ سر دست اتنا یاد رہے کہ شیعہ مذہب میں تبرا صحابہ کرام بالخصوص حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ

عثمانؓ و عائشہؓ و دیگر محبوبانِ خدا کو سب بکنا، گالی دینا وغیرہ۔ چنانچہ مذکورہ حوالہ جات کے مطابق چند ایک تصریحات آئینہ شیعہ مذہب میں دیکھئے۔

اسی لئے مزید تفصیل یہاں ترک کر کے شیعوں کے مسئلہ تبرا میں ہم نے تفصیل سے لکھ دیا ہے۔

مذہب شیعہ کے خاتم المفسرین و رئیس المحدثین ملا باقر مجلسی کی معتبر کتاب المعروف

جلاء العیون

اُردو

طبع لاہور

راقم السطور نے اِن حوالہ جات کے لئے تشریح و توضیح کی ہے۔ یاد رہے کہ آئینہ شیعہ نما کے مؤلف پر فقیر کے ہاں کتاب مذکور فارسی اور مطبوع تہران (ایران) تھی۔ شرح لکھتے وقت اُردو مطبوعہ لاہور اور بعض عبارات اصل فارسی کی بھی ہیں۔ ناظرین خیال رکھیں۔

نیز آئینہ شیعہ نما میں جہاں مختلف مقامات پر حوالہ جات بکھرے ہوئے تھے ان تمام کو شرح ہذا میں یکجا کر دیا گیا ہے اور نمبر وار ہر ایک شرح دیکھیں۔

حوالہ جات جلاء العیون مطبوعہ تہران

حوالہ جات	نام کتاب	صفحہ
۱۔ ماتم و نوحہ کی ممانعت صفحہ ۵۸ و صفحہ ۶۹	جلاء العیون	۴۴۱

Scanned with CamScanner

حوالہ جات	نام کتاب	صفحہ
۲۔ پہلا ماتمی یزید ہے۔ یزید کے گھر تین دن ماتم رہا۔	جلاء العیون	۴۴۵
۳۔ حضرت علیؓ نے حضرت ابوبکرؓ کے پیچھے نماز پڑھی	،،	۱۵۰
۴۔ کلمہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ شیعہ کا کلمہ غلط	،،	۴۴۲
۵۔ امام حسن نے فرمایا امیر معاویہ شیعوں سے بہتر ہیں۔ اس لئے کہ شیعہ امام کو لوٹنے اور قتل کرنیکا ارادہ رکھتے ہیں	،،	۲۶۱
۶۔ امام حسینؓ کی ولادت مکروہ طریقہ سے ہوئی	،،	۲۸۰
۷۔ حضرت علیؓ کے صاحبزادوں کا نام ابوبکر و عمر و عثمان تھا۔	،،	۴۰۲
۸۔ حضور علیہ السلام نے اپنی صاحبزادی کا نکاح عثمانؓ سے کیا	،،	۴۱۸
۹۔ اہل کوفہ نے ماتم کیا اور منہ پر طمانچے مارے اور کپڑے سیاہ پہنے اور مرثیہ جات پڑھے۔ بی بی ام کلثوم بنت بی بی فاطمہ نے انھیں لعن طعن کیا۔	،،	۴۲۶
۱۰۔ حضور علیہ السلام کی وصیت کہ مجھ پر گریہ و نوحہ و شق الجیوب نہ کرنا۔	،،	۷۵
۱۱۔ حضور علیہ السلام نے ایسے ہی بی بی فاطمہ کو فرمایا	،،	۶۵
۱۲۔ بی بی فاطمہ حضور علیہ السلام کے وصال کے بعد صرف چھ ماہ زندہ رہیں۔	،،	۱۵۵
۱۳۔ بی بی فاطمہؓ علیؓ سے ناراض ہو کر ام کلثوم کو لے کر چلی گئیں	،،	۱۵۱
۱۴۔ بی بی فاطمہ کے وصال کے بعد ام کلثوم حضور علیہ السلام کے		

Scanned with CamScanner

روضہ پہ	حیاۃ القلوب	صفحہ
۱۵۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا مابین منبری و قبری من ریاض الجنۃ۔	〃	۱۵۸
۱۶۔ صحیح قول یہ ہے کہ بی بی فاطمہ اپنے گھر میں مدفون ہوئیں	〃	۱۸۵
۱۷۔ واقعہ خلافت صدیقؓ اور مولی علیؑ کی کمزوری کا بیان	〃	۱۴۵
۱۸۔ امام حسین کو مکہ سے کوفہ میں شیعوں نے دعوت دی	〃	۳۵۶
۱۹۔ امام حسین کو شہید کرنے والے شیعہ تھے۔	〃	۳۵۷
۲۰۔ شیعوں کا قرآن امام مہدی کے پاس ہے۔ وہ خود ساتھ لائیں گے۔	〃	۱۴۲
۲۱۔ امام زین العابدین نے یزید کی بیعت کی۔	〃	۵۰۰
۲۲۔ امام جعفر پر اور امام عسکری کو شیعوں نے کذاب اور شرابی لکھا۔	〃	۵۷۶ / ۵۷۷

حوالہ (۱) ماتم و نوحہ کی ممانعت

شیعہ کا دعویٰ ہے کہ ہم اس (کربلا کے) واقعہ کی یاد تازہ کرنے کے لئے ہر سال ماہ محرم میں ماتم نوحہ خوانی اور مجالس بپا کرتے ہیں۔ اور انکے نزدیک یہ ایک عبادت ہے۔

مروجہ ماتم و نوحہ

جگر گوشۂ بتول، نواسۂ رسول، جوانان جنت کے سردار حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کربلا کی بنیاد پر ہر سال ماتمی ٹولہ جس طرح مجلس ماتم بپا کرتا ہے۔ اس کی کیفیت یہ ہوتی ہے۔ سیاہ کپڑے پہننا۔ زبان سے ہائے حسین ہائے حسین پکارتے ہوئے منہ پیٹنا۔ سینہ کوبی کرنا۔ زنجیروں اور چھریوں سے اپنے سینوں کو لہولہان کرنا۔ اور جو ان زخموں کی تاب نہ لاکر مرجائے اس کو سید قرار دینا۔ تابوت۔ تعزیہ اور دلدل (ذوالجناح) کا جلوس نکالنا وغیرہ۔

ناظرین

غور فرمائیں کہ مذکورہ بالا طریقہ کا عبادت نام رکھنا، اسلام سے منہ چڑانا نہیں تو اور کیا ہے۔

مذکورہ بالا کیفیت کو ایک ذی شعور انسان دیکھ کر سوائے نفرت اور کراہت کے اور کیا کہے گا۔ حالانکہ قرآن مجید (پر اگر شیعہ کا واقعی ایمان ہے) نے مصائب اور تکالیف کے موقعہ پر اہل ایمان کو صبر کرنے کا حکم دیا ہے۔ اور صبر کرنیوالوں کو ہدایت یافتہ، صادق، متقی اور جنتی فرمایا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ صبر بہت بڑی نیکی ہے۔ اور بے صبری بڑا گناہ ہے۔ اب اس امر کی تشریح ضروری ہے۔ کہ کن کن اعمال کی وجہ سے مسلمان کو صابر کہا جاتا ہے۔ اور کن افعال کی وجہ سے وہ بے صبری کرنے والا سمجھا جاتا ہے تو جس طرح قرآن نے اصولاً نماز، روزہ

روزہ، حج، زکوٰۃ وغیرہ کا حکم دیا ہے لیکن ان کی عملی شکل حدیث و سنتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے متعین ہوتی ہے۔ اسی طرح قرآن نے اصولی طور پر صبر کا حکم دیا ہے لیکن اس کا عملی نمونہ رحمۃ للعالمین خاتم النبیین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال و افعال سے ثابت ہوتا ہے اور سنتِ نبوی کی کسوٹی پر صبر اور بے صبری کی تمیز ہوتی ہے۔ لہٰذا اہلِ شیعہ کی کتب حدیث میں سے بعض ان احادیث کا ترجمہ یہاں پیش کیا جاتا ہے۔ پہلے جلاء العیون دیکھئے

امام محمد باقر سے روایت ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وقتِ وفات جنابِ سیدہؑ سے کہا۔ اے فاطمہ! جب میں مر جاؤں اُس وقت تو اپنے بال میری مفارقت سے نہ نوچنا۔ اپنے گیسو پریشان نہ کرنا اور واویلا نہ کرنا۔ اور مجھ پر نوحہ نہ کرنا۔ اور نوحہ کرنے والیوں کو نہ بلانا۔

(جلاء العیون مترجم اردو حصہ اول صفحہ ۶۷ مطبوعہ لکھنؤ)

بس جمیع اہلِ بیتؑ میرے اور بیبیاں میری بحسب مراتب اشارہ اور اسلام مجھ پر کریں۔ جو حق اور اشارہ سلام کرنے کا ہے۔ اور آزاد بصدائے نالہ و نوحہ نہ پہنچائیں۔ (جلاء العیون صفحہ ۷۲)

مزید براں

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی وفات کے وقت حضرت فاطمہ سے فرمایا کہ میری وفات پر منہ نہ پیٹنا اور بال نہ کھولنا۔ اور ویل عویل سے نہ چیخنا چلّانا اور نوحہ قائم کرنے والیوں کو نہ قائم کرنا (فروع کافی جلد ۲ صفحہ ۲۱۴)

اور چیخنا چلّانا اور نوحہ کرنا وغیرہ تو اُن سے سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے

منع فرمادیا ہے۔ اس لئے یہ افعال ماتم خلافِ صبر ہونے کی وجہ سے ناجائز اور حرام ہوں گے۔ اور ماتم کرنے والا صابرین کی فہرست سے خارج ہو جائے گا۔ اسی بنا پر امام جعفر صادق نے فرمایا کہ صبر اور مصیبت دونوں مومن کی طرف آتے ہیں۔ بس اس کو مصیبت آتی ہے تو وہ بہت صبر کرنے والا ہوتا ہے اور جزع اور مصیبت کافروں کی طرف آتے ہیں۔ بس اس کو مصیبت آتی ہے تو وہ بہت جزع کرنے والا ہوتا ہے۔ (فروع کافی جلد اوّل صـ۱۲۱)

اس سے ثابت ہوا کہ جزع وہ فعل ہے جو صبر کے خلاف ہے۔ اور وہ کافر کرتا ہے۔ پھر جزع کی حقیقت بھی خود امام جعفر صادقؑ نے یہ بتلادی ہے کہ:- سخت جزع شور و فغاں اور بلند آواز سے چیخنے چلانے اور منہ اور سینہ پیٹنے اور پیشانی کے بال اکھاڑنے کو کہتے ہیں۔ اور جس نے نوحہ کی مجلس قائم کی اس نے صبر چھوڑ دیا۔ اور اسلام کے راستے کے خلاف چلا۔

(فروع کافی جلد اوّل صـ۱۲۱)

فرمایئے! قرآن کریم نے مومنوں کو صبر کرنے کا حکم دیا تھا۔ اور امام جعفر صادق نے مروجہ ماتم کے افعال، منہ اور سینہ پیٹنے کو صبر کے خلاف فرمایا ہے۔ لہٰذا ثابت ہوا کہ قرآنی آیاتِ صبر کے تحت آپ کا یہ ماتم ناجائز اور حرام ہے۔

حوالہ (۲) پہلا ماتمی یزید ہے

اسی جلاء العیون صـ۴۴۶ پر لکھا ہے کہ یزید قتلِ حسینؑ پر راضی نہ تھا۔ اور اسی کتاب کے صـ۴۴۸ پر لکھا ہے کہ یزید نے قتلِ حسین پر اپنے پر طمانچے مارے اور رویا بھی۔

اور اسی کتاب کے صفحہ ۲۰۳ ج ۲ پر لکھا ہے کہ عمر بن سعد بھی قتل حسین پر رویا۔

فائدہ

معلوم ہوا کہ پہلا ماتمی یزید تھا۔ حالانکہ شیعہ صاحبان کی اسی کتاب میں صفحہ ۴۷ ج ۱۰ پر لکھا ہے کہ جو ایک قطرہ آنسو غم اہلبیت حسینؓ وغیرہ میں روئے تو وہ بہشتی ہے۔ اسی کتاب کے صفحہ ۲۵۱ پر لکھا ہے کہ یزید کی اجازت سے ایک مکان میں سات، ایک روایت میں تین دن ماتم حسین ہوا۔

خلاصہ یہ کہ پہلا ماتم کدہ یزید کا گھر ہے۔

حوالہ (۳)

حضرت علیؓ نے حضرت ابوبکرؓ کے پیچھے نماز پڑھی۔ صفحہ ۱۵ اس سے ہمارا معتقد یہ ہے کہ بحمدہٖ تعالیٰ اہلبیت عظام و صحابہ کرام آپس میں زندگی بھر شیر و شکر رہے۔ لیکن بڑا غرق ہو تعصب کا کہ سبائیت کی تحریک نے اپنی چارہ گری میں ان حضرات کا آپس کے بغض و عداوت ثابت کرنے کی ناکام کوشش کی۔ لیکن سچائی چھپ نہیں سکتی۔ بالآخر ان کو اعتراف کرنا پڑا کہ وہ آپس میں واقعی شیر و شکر تھے۔ اس کی سب سے بڑی دلیل حضرت علیؓ کا ان حضرات ثلاثہ کے پیچھے نماز پڑھنے کا مسئلہ ہے۔ اگر خدا نخواستہ انھیں آپس میں کوئی شکر رنجی ہوتی تو حضرت علی المرتضیٰ شیر خدا رضی اللہ عنہ جیسا امام سالکین راہ ہدیٰ نماز جیسی (معراج المومنین) اعلیٰ و افضل عبادت کو ضائع نہ فرماتے۔ شیعوں کے اس مسئلہ میں جواب ہیں۔ جو بہر دو نوں بودے اور

اور نہایت کمزور ہے انھیں حضرت علی المرتضیٰ جیسی شخصیت کے لئے بیان کرنا ہی اُن کی توہین ہے۔ مثلاً کہنا کہ وہ تقیہ کر کے پڑھتے رہے۔ شیر خدا اور جھوٹ۔ مکر و فریب، توبہ توبہ۔ دوسرا یہ کہنا کہ فاسق کے پیچھے سنی بھی نماز جائز سمجھتے ہیں۔ افسوس ہے کہ شیعہ ایک طرف ان حضرات کو مرتد کہتے ہیں۔ اور مرتد کے پیچھے نماز حرام ہے۔ اور فاسق کافر نہیں بلکہ مومن ہوتا ہے اور وہ حضرات بحمدہ تعالیٰ نہ صرف مومن تھے بلکہ نہ صرف امت بلکہ اہلبیت کے بھی امام تھے۔

حوالہ (۴)

کلمہ کا رد اس کا بیان پہلے ہو چکا ہے لیکن اب ہم اسے معمولی تفصیل سے دوبارہ عرض کرتے ہیں کہ اہل اسلام کو معلوم ہو کہ شیعہ مذہب کو اسلام سے دُور کا بھی واسطہ نہیں۔ اس لئے کہ انھوں نے اپنی ہر حیثیت کو اسلام اور مسلمانوں سے جداگانہ طور پر پیش کیا ہے۔ مثلاً اسلام میں مسلمانوں کا کلمہ ہے

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

لیکن شیعہ کا کلمہ

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ۔ عَلِیٌّ وَلِیُّ اللّٰہِ ۔

اس کا ترجمہ شیعہ کے مطالبہ پر گورنمنٹ پاکستان کی منظور شدہ دینیات حصہ اوّل ۲۰ تا ۲۲ صفحہ پر یوں لکھا ہے:۔

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ۔ حضرت محمد اللہ کے رسول ہیں۔ عَلِیٌّ وَلِیُّ اللّٰہ۔ حضرت علی اللہ کے ولی ہیں۔ الخ

یہاں یہ ملحوظ رہے کہ کلمہ میں حضرت علی اللہ کے ولی ہیں کا یہ مطلب نہیں کہ حضرت علی اللہ کے پیارے ہیں۔ بلکہ یہ شیعوں کی خاص اصطلاح ہے ان کے نزدیک ولایت بمعنی امامت ہے۔ اور ان الفاظ یعنی علی ولی اللہ کا مطلب اس سے پہلے دینیات کے مصنف نے خود کلمہ اسلام کے بعد میں یہ بیان کر دیا ہے کہ وہ سب سے پہلے امام حضرت علی علیہ السلام ہیں۔

عوام کا ازالہ اوہام

عموماً ناواقف لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ شیعوں کا کلمہ تو وہی ہے جو تمام دنیا کے مسلمان شروع سے بالاتفاق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ مانتے اور پڑھتے چلے آتے ہیں اور خود شیعہ بھی عموماً یہی کہہ دیا کرتے ہیں کہ ہمارا کلمہ وہی ہے جو سب مسلمانوں کا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ شیعوں کا کلمہ بھی بعض دوسرے عقائد کی طرح عام اہلِ اسلام سے بالکل جدا ہے۔ چنانچہ ۱۳ اکتوبر ۱۹۷۴ء کو جس اجلاس لاہور میں سرکاری سکولوں میں شیعہ دینیات نافذ کرنے کا حکومت کے دو نمائندوں وفاقی وزیر تعلیم پیرزادہ صاحب اور وفاقی وزیر زراعت رفیع رضا اور ۱۶ شیعہ علماء و زعماء کے مابین سمجھوتہ ہوا ہے۔ اس میں یہ بھی مذکور ہے کہ:۔

نویں اور دسویں جماعت میں شیعہ طلبہ کے لئے ڈاکٹر ذاکر حسین فاروقی کی کتابیں فوری طور پر شروع کر دی جائیں گی۔ الخ (ملاحظہ ہو روزنامہ "جنگ" راولپنڈی ۱۴ اکتوبر ۱۹۷۴ء وغیرہ۔

ڈاکٹر ذاکر حسین فاروقی ایم اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی کا جو نصاب دینیات اس اجلاس میں حکومت نے منظور کیا ہے۔ اس کے "دینیات" کے نام پر ہی پانچ حصے ہیں جن کو "امامیہ مشن پاکستان ٹرسٹ انارکلی لاہور" نے شائع کیا ہے۔ ان میں سے "دینیات" حصہ اول میں کلمہ کے عنوان کے تحت یہ لکھا ہے کہ :-

اسلام کی اچھی اور نیک برادری میں شامل ہونا بہت آسان ہے۔ بس جو آدمی یہ مان لے کہ :- (۱) ہمارا پیدا کرنے والا۔ ہمیں پالنے والا، ہمیں روزی دینے والا اور ہمارا مالک اللہ ہے۔ (۲) ہمارے مالک کے احکام ہمیں اس کے اچھے اور نیک بندے اس کے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پہنچائے ہیں۔ اور (۳) ہمیں اسلام کی سچی راہ پر قائم رکھنے کے لئے اللہ نے جو امام مقرر کئے ہیں۔ ان میں سب سے پہلے امام حضرت علی علیہ السلام ہیں۔ وہ اسلام کے دائرہ میں داخل ہو جاتا ہے۔ ان باتوں کا اقرار کرنا اسلام کی برادری میں شریک ہونے کے لئے ضروری ہے۔ یہ اقرار عربی زبان میں کیا جاتا ہے۔ عربی زبان میں اس اقرار کو کلمہ پڑھنا کہتے ہیں۔ کلمہ یہ ہے :-

سنیو، ہوش سنبھالو

شیعوں کے مذکورہ کلمہ سے یہ نہ سمجھئے کہ صرف شیعہ بننے کے لئے علیؑ ولیُ اللہ کے الفاظ کلمہ میں پڑھے جاتے ہیں۔ کیونکہ مذکورہ عبارت میں اس

اس کی پوری وضاحت موجود ہے کہ اللہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ماننے کے ساتھ نمبر ۳ یعنی حضرت علی کو پہلا امام جو شخص مان لے۔ وہ اسلام کے دائرہ میں داخل ہو جاتا ہے۔ ان باتوں کا اقرار کرنا اسلام کی برادری میں شریک ہونے کے لئے ضروری ہے"۔ لہٰذا نتیجہ یہ نکلا کہ شیعوں کے نزدیک جب تک کوئی شخص کلمہ اسلام میں علیؑ ولی اللہ" کا اقرار نہ کرے۔ وہ اسلام کے دائرہ میں داخل نہیں ہوتا۔ اور جن مسلمانوں نے اب تک کلمۂ اسلام میں علیؑ ولی اللہ کا اقرار نہیں کیا۔ وہ سب دائرۂ اسلام سے خارج اور غیر مسلم ہیں۔ العیاذ باللہ۔

ہم سب نہ اس کلمے کو مانتے ہیں۔ نہ اس کے پڑھنے کے روادار ہیں۔ بلکہ اسے مداخلت فی الدین سمجھ کر اسے الحاد اور زندیقیت سے تعبیر کرتے ہیں

غور و فکر

اس سے شیعہ برادری ناراض نہ ہو اس لئے کہ یہ تمہارا مصنوعی کلمہ ایسا ہے جس کا ثبوت نہ قرآن مجید میں ملتا ہے۔ نہ احادیثِ مبارکہ میں۔ بلکہ کتب شیعہ قدیمہ و اقوال ائمہ میں تمہارے کلمے کا ثبوت نہیں ملتا۔ اور نہ ہی یہی کلمہ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر اُن کے خدا تعالےٰ نے اتارا۔

علیؑ ولی اللہ کے الفاظ نہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے کلمہ اسلام میں پڑھائے ہیں۔ ورنہ خود حضرت علی المرتضیٰ اور نہ بی بی خدیجہ و فاطمہ اور نہ ہی ائمہ معصومین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین نے اس کا اعتراف تمہاری کتب میں موجود ہے۔ اس کا ایک حوالہ فقیر نے اوپر درج کیا ہے۔ اور باقی باقی۔

Scanned with CamScanner

یاد رہے

کہ جب کلمہ مذکورہ خود بانیٔ اسلام اور شیعہ کے ائمہ رضی اللہ عنہم سے منقول نہیں اور نہ ہی ان کے مسلّم مجتہدین اور آقاؤں نے اس کلمے کو پڑھا اور لکھا تو اب بقول شیعہ وہ کیا ہوئے۔

افسوس صد افسوس

شیعہ کے فتویٰ مذکورہ یعنے جو شیعوں والا کلمہ نہ پڑھے وہ دائرۂ اسلام سے خارج ہے۔ اب بتایئے ان کا یہ فتویٰ صرف سنیوں غریبوں کے لئے ہے۔ یا اوپر والی شخصیتوں پر بھی۔

کلمہ جدید (رجسٹرڈ)

شیعہ برادری نے ہماری گورنمنٹ سے اپنا کلمہ رجسٹرڈ بھی کرا لیا۔ جیسا کہ اوپر کی تقریر سے ہم نے واضح کیا۔ جب کلمۂ اسلام کا دوسرا نام ہے۔ تو اب اسے رجسٹرڈ کرانے کا کیا معنے۔ باقی فقہ کی کتاب آئینہ شیعہ مذہب میں دیکھئے۔

حوالہ (۶)

امام حسنؓ نے فرمایا کہ امیر معاویہ شیعوں سے بہتر ہیں۔ اس لئے کہ شیعہ امام کو لوٹتے اور قتل کا ارادہ رکھتے تھے۔ صد ۲۶ و صد ۳۵۵ ح ۱۰ - اردو)

کتاب شیعہ جلاء العیون صفحہ ۳۲۵۔ حب مجھے شہید کریں گے۔ پھر یہ امت توفیق اجتماع نماز بحق نہ پائے گی۔ کتاب شیعہ جلاء العیون صفحہ ۴۵۵

حوالہ (۷)

امام حسینؓ کی ولادت مکروہ طریقہ سے صفحہ ۲۸۰۔ اس کی تفصیلی بحث ہم پہلے عرض کر چکے ہیں۔

حوالہ (۸)

حضرت علی کے صاحبزادوں کا نام ابوبکر و عمر و عثمان تھا۔ اس کتاب جلاء العیون کے حوالے صفحہ ۲۸۰/۱۷۴ و صفحہ ۴۰۲/۱۹۲ و صفحہ ۱۹۴/۱۰۶۔

اس کتاب کے علاوہ کشف الغمہ صفحہ ۱۲۲ تاریخ الائمہ (للشیعہ) صفحہ ۴۳ منتہی الآمال صفحہ ۱۳۶

اور نہ صرف حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ بلکہ شیعوں کے قول کے مطابق اکثر ائمہ معصومین رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے بھی۔ مثلاً سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ نے بھی اپنے صاحبزادے کا نام عمر رکھا۔ جلاء العیون صفحہ ۲۰۲ و کشف الغمہ صفحہ ۱۷۱ و تاریخ الائمہ صفحہ ۶۳

سیدنا امام حسینؓ نے بھی اپنے صاحبزادے کا نام رکھا۔ (تاریخ الائمہ صفحہ ۸۳)

سیدنا امام زین العابدین نے بھی اپنے صاحبزادے کا نام عمر رکھا۔ (کشف الغمہ صفحہ ۲۰۰۔ جلاء العیون صفحہ ۱۰۶۔ تاریخ الائمہ صفحہ ۹۹۔ منتہی الآمال صفحہ ۱۳۱۔ صفحہ ۱۵۳

حضرت امام موسیٰ کاظمؒ نے بھی اپنے صاحبزادے کا نام عمر رکھا۔ (تاریخ الائمہ

اس کی وجہ خود ظاہر ہے کہ امام حسن و حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حتی المقدور آرام پہنچایا۔
اور شیعوں نے امام حسن

رضی اللہ عنہ اور پھر اُن کی اولاد سے بدسلوکی کی۔

(حضرت امیر معاویہ و حضرت امام حسن رضی اللہ عنہما)

سیدنا امیر معاویہؓ امام حسینؓ اور امام حسنؓ کی امداد کثیرہ فرماتے تھے۔ جلاء العیون ۳۴۴ جلد ۱ اور اسی کتاب کے صفحہ ۱۲۸ اور ۱۲۹ پر لکھا ہے۔ کہ امیر معاویہؓ نے اپنے پسر یزید کو امام حسینؓ سے حسنِ سلوک کی وصیت فرمائی اور اسی کتاب کے صفحہ ۵۱ پر لکھا ہے کہ حضرت امام حسنؓ نے فرمایا کہ امیر معاویہ شیعانِ علی سے بہتر ہیں۔ کتاب کی اصل عبارت ملاحظہ ہو:

حضرت امام حسنؓ علیہ السلام نے فرمایا قسم بخدا اس جماعت سے میرے لئے معاویہؓ بہتر ہے۔ یہ لوگ دعویٰ کرتے ہیں کہ ہم شیعہ ہیں۔ اور میرا ارادہ قتل کا کیا اور میرا مال لوٹ لیا۔ قسم بخدا اگر معاویہؓ سے میں عہد لوں اور اپنا خون حفظ کروں اور اپنے اہل و عیال میں بے خوف ہو جاؤں۔ اس سے بہتر ہے کہ یہ لوگ مجھے قتل کریں۔ اور میرے اہل و عیال و عزیز و قریب ضائع ہو جائیں۔ قسم بخدا اگر میں معاویہؓ سے جنگ کروں۔ یہی لوگ مجھے اپنے ہاتھ سے پکڑ کے معاویہؓ کو دے دیں گے۔ کتاب شیعہ جلاء العیون ص ۳۲۳

کلینی نے بسند معتبر امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ امام حسنؓ علیہ السلام کا معاویہؓ سے صلح کرنا اس امت کے لئے دنیا و مافیہا سے بہتر تھا۔

اہلِ اسلام میں یہ طریقہ جاری ہے کہ وہ ہمیشہ اپنی اولاد کا نام اپنی سمجھ کے مطابق اپنے بزرگوں اور محبوب لوگوں کے نام پر رکھتے ہیں۔ ائمہ اہلِ بیت کو حضرت عمرؓ سے اگر عقیدت و محبت نہ ہوتی تو اپنے عزیز بچوں کے نام اُن کے نام پر ہرگز نہ رکھتے۔ اور اگر حضرت عمرؓ کو حضرت سیدنا علیؓ اور اہلبیت یا دینِ اسلام سے دشمنی ہوتی تو بھی ائمہ اہلِ بیت کبھی اپنے بچوں کا نام عمر نہ رکھتے۔ ائمہ اہلبیت کا نام رکھنا واضح طور پر اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اُن کے نزدیک عداوت و دشمنی کے قصے غلط اور جھوٹے تھے۔ اور حضرت عمرؓ اُن کے نزدیک محبوب و محترم بزرگ تھے۔

ناظرین کرام

علی المرتضیٰ اور جملہ اہلبیت اور سیدنا صدیق و عمر و عثمان رضی اللہ عنہم کے آپس میں شیر و شکر ہونے کی اور کیا دلیل چاہیئے، جس کے دل میں خوفِ خدا ہے اس کے لئے اتنا کافی ہے۔ ورنہ بڑے دفتر بھی بیکار

شیر و شکر ہونے کے چند اور دلائل

اِسی کتاب جلاء العیون ص۲۱۸ پر لکھا ہے کہ حضرت علی اور حضرت فاطمہؓ کے خانگی جھگڑے سیدنا ابوبکر صدیقؓ اور سیدنا عمر فاروقؓ کو علی المرتضیٰ کے ذریعہ بلوا کر فرماتے تھے اور اسی کتاب کے ص۱۶۴ پر لکھا ہے کہ سیدہ فاطمہؓ کی شادی کا تمام سامانِ شادی خرید لائے۔ اور اسی کتاب کے ص۲۲۵/۲۲۶ پر لکھا ہے

کہ سیدہ فاطمہ کو بوقت وفات غسل بھی اسماء بنت عمیس زوجہ صدیق اکبرؓ نے دیا۔ اور تیمارداری کی خدمت بھی وغیرہ۔ مزید فقیر کی کتاب آئینہ شیعہ مذہب میں دیکھئے۔

حوالہ (۹)

حضور علیہ السلام نے اپنی صاحبزادی کا نکاح عثمان کو دیا۔ صفحہ ۴۱۸

اس کے حوالہ جات اور دلائل فقیر کے رسالہ "القول المقبول" کو دیکھئے۔ بعض حیثیتیں اس رسالہ میں رہ گئی تھیں۔ بنا بریں صرف مزید ایک حوالہ اور اس پر تبصرہ کر کے چند سوالات کے جوابات دے کر اس بحث کو ختم کروں گا۔

پس اگر دختر بعثمان دادہ باشد بنا براں کہ در ظاہر داخل مسلماناں بودہ است دلالت نمے کند برآں کہ در باطن کافر نہ بودہ است و تالیفِ قلبِ ایشاں و دختر خواستن از ایشاں و دختر دادن بایشاں در ترویج دینِ اسلام و اعلائے کلمۂ حق مدخلیّت عظیم داشت و دایہا مصالح بسیار بود کہ اکثر آنہا بر عاقل متامل پوشیدہ نیست و اگر آں جناب

حضور علیہ السلام نے اپنی بیٹی عثمانؓ کو دیدی۔ اس وجہ سے کہ ظاہر میں مسلمان تھا تو یہ بیٹی دینا اس بات پر دلالت نہیں کرتا کہ باطن میں کافر نہ تھا۔ بلکہ (باوجود کفر) ان لوگوں کے دلوں کو نرم و مائل کرنے کے لئے اور ان لوگوں سے لڑکیاں لینا یا ان کو لڑکیاں دینا دین اسلام کی ترقی اور کلمہ حق کی بلندی میں بڑا دخل و اثر رکھتا تھا۔ اور ان میں بہت سی مصلحتیں تھیں جو سوچنے والے

اظہارِ نفاق ایشاں مے نمود و اسلام ظاہر ایشاں را قبول نمے فرمود و آں جناب بغیر از قلیلے از ضعفاء نمے ماندند چنانچہ بعد ازاں جناب امیر المومنین علیہ السلام بغیر از سہ چہار نفر نماندند۔

حیات القلوب ج ص ۵۶۱

عقلمند پر مخفی نہیں۔ اگر جناب رسول اللہ ان لوگوں کے نفاق (باطنی کفر) کو ظاہر کرتے اور ان کے بہ ظاہر مسلمان کہلانے کو قبول نہ کرتے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کیا تھ محض قلیل سے کمزور آدمیوں کے سوا کوئی نہ رہتا جیسے کہ نبی پاک کے بعد حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام کے ساتھ سوائے تین چار آدمیوں کے کوئی مسلمان نہ رہا۔

شیعہ مجتہد لکھتا ہے :۔

داماد ی عثمان پر نظر :۔ ہمارے نبی نے مختلف قبیلوں سے ناطے لئے اور ان میں سے بعض کو دیئے۔ محض اس غرض سے کہ جو ظاہر دشمن ہیں۔ اس رابطہ کے پیدا ہونے سے نرم ہو جائیں۔ اور حق کو سن کر قبول کریں۔ یا اشاعت اسلام میں ظاہر مخالفت کر کے رد کاوٹ پیدا نہ کریں گویا ابتدا اسلام میں ہر امر میں اشاعت اسلام کو اہم ترین تصور کیا گیا۔ اور خاص تدابیر عمل میں لائی گئیں۔

خلاصہ کلام :۔ (فلک النجاۃ شیعہ ج ص ۳۸۶)

شیعہ کی کتابوں کے حوالہ جات سے ثابت ہے کہ کفار سے نکاح کی حرمت سے آنحضرت سے پہلے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیٹیوں کا نکاح ابولہب کے بیٹوں وغیرہ سے کر دیا تھا۔ دوسرے یہ کہ دین اسلام کی اشاعت اور ترقی و ترویج اور دینی مصالح کے پیش نظر حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایسے منافقین کے ساتھ جن کے باطنی کو بخوبی جانتے تھے۔ رشتے کرتے رہے

اور اُن کے نفاق کو بھی ظاہر نہ فرماتے تھے۔ ورنہ بجز چند کمزور آدمیوں کے آپ کے ساتھ کوئی نہ رہتا جس طرح کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد حضرت علیؓ کے ساتھ تین چار آدمیوں کے سوا کوئی نہ رہا۔ العیاذ باللہ۔

خلاصہ تردید

شیعہ کی اس دوسری تاویل و توجیہ سے شانِ نبوت بھی مجروح ہو جاتی ہے۔ اس کے بجائے اگر صرف اسی پر اکتفار کرتے کہ حرمت کا حکم آنے سے پہلے یہ نکاح ہوئے تھے۔ تو شانِ نبوت پر زد نہ پڑتی۔ جس طرح کہ ابو علی طبرسی شیعہ مجتہد و مفسر نے حضرت لوط علیہ السلام کے واقعہ میں لکھا ہے

کان یجوز فی شرعہ تزویج المؤمنۃ من الکافر وکذا کان یجوز ایضاً فی مبدء الاسلام و قد زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم بنتہ، من ابی العاص بن الربیع قبل ان یسلم ثم نسخ ذلک۔	حضرت لوط علیہ السلام کی شرع میں مؤمنہ کی شادی کافر سے جائز تھی۔ اس طرح ابتدا اسلام میں بھی جائز تھی جسکے باعث نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیٹی کی شادی ابو العاص بن ربیع کے ساتھ اسکے اسلام لانے سے پہلے کر دی تھی۔ پھر یہ حکم اسلام میں منسوخ ہو گیا۔

تفسیر مجمع البیان، ج۔۳ ص ۱۸۴

شیعہ مفسر و مجتہد کی تفسیر کے اس حوالہ سے بھی واضح ہوا کہ کفار سے نکاح کی حرمت کے حکم سے پہلے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیٹی کا نکاح ابو العاص

ان ربیع سے کر دیا تھا۔

شیعہ مجتہدین نے اپنے ائمہ معصومین کے ارشادات کو مانتے ہوئے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی چار صاحبزادیاں تھیں۔ ان کے نکاح کے بارے میں مذکورہ بالا توجیہات کیں۔ تعجب ہے۔ موجودہ دور کے ان لوگوں پر جو ان نکاحوں کو دیکھ کر بھی ائمہ معصومین کے ارشادات کا انکار کرتے اور ان پاک بیبیوں کو حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم کے نسب سے نکالتے اور ان کے لئے دوسرے باپ تجویز کرتے ہیں۔ یہ کتنا بڑا ظلم اور اولادِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کھلی عداوت ہے

سوال:۔ مذہب اہل سنت کے مطابق حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادیوں کی شادی کن لوگوں سے ہوئی۔ یہ سوال عموماً ان پڑھ جاہل شیعہ کرتے ہیں۔

جواب:۔ تاریخ کی کتابوں میں مرقوم ہے۔ قرآن مجید کے اترنے سے پہلے قریش میں باہم نکاح شادیوں کا طریقہ جاری تھا۔ چونکہ اپنے آپ کو ملتِ ابراہیمی پر کہلاتے تھے۔ اس طریقہ پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین اور سیدنا علیؓ کے والدین اور خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت خدیجۃ الکبریٰ سے نکاح ہوا تھا۔ قریش اپنے خاندان اور رشتہ داروں میں جس سے مناسب سمجھتے تھے۔ رشتہ ناطہ کر لیتے تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سب سے بڑی صاحبزادی سیدہ زینبؓ نے عرصہ بلوغ میں قدم رکھا۔ تو آپ نے انھیں ام المومنین حضرت خدیجہؓ کے خواہرزادہ حضرت ابوالعاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بیاہ دیا۔ چونکہ چچا ابولہب سے رشتہ داری کے عام مراسم ورد الط

قائم تھے۔ آپؐ اپنی منجھلی صاحبزادیاں سیدہ رقیہؓ اور سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا کا بھی نابالغی ہی کی حالت میں ابولہب کے لڑکوں سے نکاح کر دیا اور اور جب سورۂ لہب کے نزول پر وہ آپؐ کا علانیہ دشمن ہوگیا۔ تو اس نے دونوں شاہزادیوں کو شادی ہونے سے پہلے طلاق دلوا دی۔ اس وقت یہ دونوں بچیاں نابالغہ ہی تھیں۔ جب سیدہ رقیہ عمر بلوغ کو پہنچیں تو آپؐ نے انھیں حضرت عثمان بن عفانؓ کی زوجیت میں دے دیا۔ ان کی وفات کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ ام کلثومؓ کو بھی حضرت عثمانؓ کے عقد میں دے دیا۔ چونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دو صاحبزادیاں یکے بعد دیگرے حضرت عثمانؓ کے عقد میں آئیں۔ وہ ذوالنورین کے لقب سے ممتاز ہوئے۔ کہتے ہیں کہ دنیا کی تاریخ میں حضرت عثمانؓ ذوالنورین کے سوا کسی کو یہ شرف حاصل نہیں ہوا کہ کسی نبی کی دو بیٹیاں اس کے نکاح میں آئی ہوں۔

اور چوتھی صاحبزادی سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ کا نکاح سیدنا علی المرتضیٰ سے ہوا۔ جو کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چچازاد بھائی ہیں۔

خلاصہ:۔ اہلِ سنت کے نزدیک حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی چاروں صاحبزادیوں کی شادی حضرت عثمانؓ اور حضرت علیؓ اور حضرت ابوالعاص بن ربیعؓ سے ہوئی تھی، جو کہ سارے کے سارے مومن کامل تھے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہر طرح وفادار و جانثار تھے۔ اور عتبہ اور عتیبہ ابولہب کے بیٹوں کے گھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادیاں ایک دن بھی نہیں گئیں اور نہ ان سے شادی کی نوبت آئی۔ شیعہ مذہب کی معتبر کتاب حیاۃ القلوب

جلد دوم صـ۵۵۹ پر اور منتہی الآمال۔ ج ۱ صـ۹ پر بھی مرقوم ہے کہ ان چاروں صاحبزادیوں کی شادی حضرت عثمانؓ اور حضرت علیؓ اور حضرت ابو العاص بن ربیع سے ہوئی۔

سوال:۔ جناب، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹیوں کا نکاح اُمتیوں سے یعنی حضرت عثمانؓ اور حضرت ابو العاصؓ بن ربیع سے کیسے جائز ہوا؟

جواب ۱:۔ یہ سوال پہلے تو شیعہ حضرات کو اپنے ائمہ اور مجتہدین سے کرنا چاہیئے جنھوں نے اپنی کتابوں میں لکھا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادیوں کا نکاح حضرت عثمانؓ اور حضرت ابو العاصؓ سے ہوا تھا۔ حیات القلوب ج ۲ صـ۵۶۲ مرآۃ العقول صـ۳۵۳ فیض الاسلام شرح نہج البلاغۃ صـ۵۱۹۔

جواب ۲:۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے رسول تھے۔ جن لوگوں نے آپؐ کو مانا اور آپؐ کا کلمہ طیبہ پڑھا وہ سب آپؐ کے اُمتی ہیں تو اس لحاظ سے حضرت علیؓ بھی آپؐ کے اُمتی ہیں۔ تو جس طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی کا نکاح حضرت علی سے جائز تھا۔ حضرت عثمان اور حضرت ابو العاصؓ سے بھی جائز تھا۔

سوال:۔ حضرت علی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا زاد تھے اس لئے ان کا نکاح جائز تھا۔ مگر حضرت عثمانؓ اور حضرت ابو العاصؓ کا کیسے جائز ہو سکتا تھا؟

جواب:۔ جس طرح حضرت علیؓ چچا زاد ہیں اسی طرح جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضرت عثمانؓ اور حضرت ابو العاصؓ بھی چچا زاد ہیں۔ جن کا شجرہ نسب بقدر ضرورت ذیل ہے۔ تفصیلی نقشہ القول المقبول میں دیکھئے۔



شجرہ مبارکہ سے واضح ہے کہ حضرت عثمان باحیا اور ابو العاصؓ باوفا یہ دونوں حضرات حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کے تیسرے دادے عبد مناف کی اولاد ہیں۔ اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھی ام حکیم بیضا حضرت عثمان کی نانی تھیں۔ اور حضرت ابو العاصؓ کی والدہ ہالہ بنت خویلد حضرت خدیجۃ الکبریٰ بنت خویلد کی سگی بہن ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ تینوں داماد حضرت عثمانؓ باحیا۔ حضرت علی المرتضیٰؓ اور حضرت ابو العاصؓ باوفا دولتِ ایمان و اسلام سے بھی مالامال تھے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نسبِ عالی میں بھی قریبی رشتہ دار اور جدی تھے۔

سوال:۔ سیدزادی کا نکاح غیر سید سے کیسے جائز ہے۔؟

جواب :۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا فتویٰ اور تصدیق شیعہ مذہب کی معتبر کتاب فروع کافی ۔ ج ۲ جزو اوّل ص۱۴۱، تہذیب ج ۲ ص۲۲۵ پر حسب ذیل عبارات اس کے متعلق ثابت ہے ۔

۱۔ العجم یجوز ان یتزوجوا فی العرب قال نعم فالعرب یتزوجوا من قریش قال نعم فقریش یتزوجوا من بنی ھاشم قال نعم۔

عجمیوں کے لئے جائز ہے کہ عربوں سے شادی کریں۔ اور عربوں کے لئے جائز ہے کہ قریش سے شادی کریں۔ اور قریش کے لئے جائز ہے کہ بنی ہاشم سے شادی کریں۔

۲۔ شیعہ مذہب کی مشہور کتاب فقہ میں ہے :۔

یجوز نکاح العربیۃ العجمی و الھاشمیۃ علی الھاشمی۔ شرائع الاسلام ص۱۸۳

عربی عورت کا نکاح عجمی مرد کے ساتھ اور ہاشمی عورت کا نکاح غیر ہاشمی مرد کے ساتھ جائز ہے۔

اور اس فتویٰ کی تصدیق اس واقعہ سے بھی ثابت ہوتی ہے کہ سیدہ زینب جو حضرت علی المرتضیٰؓ اور سیدہ فاطمۃ الزہراؓ کی بیٹی ہیں۔ ان کا نکاح حضرت عبداللہ بن جعفر طیارؓ سے ہوا تھا۔ حالانکہ وہ سید نہیں صرف حضرت علیؓ کی چچی ہیں۔

اس سے صاف ظاہر ہے کہ حضرت عثمانؓ اور حضرت ابو العاصؓ کا نکاح بالکل صحیح اور جائز تھا۔

نوٹ :۔ غیر سید سے ہر او غیرہ و غیرہ نتھو خیرہ مراد نہ لینا جیسا کہ عموماً وہابیوں

دیوبندیوں کے جہلا میں مشہور ہوگیا بلکہ غیر سید سے بھی صرف ہاشمی۔ قریشی عبدالمطلبی ہیں۔ اس لئے کہ کفو کا ہونا بھی نکاح کے اہم شرائط سے ہے۔ تفصیل فقیر کے رسالہ "نکاح سیدزادی" میں دیکھئے۔

حوالہ (۱۰)

اہل کوفہ نے ماتم کیا اور منہ پر طمانچے مارے۔ اور کپڑے سیاہ پہنے۔ اور مرثیہ جات پڑھے۔ بی بی ام کلثوم بنت بی بی فاطمہ نے انھیں لعن طعن کیا۔ (صفحہ ۴۲۶) اس حوالہ سے فقیر کا مقصد یہ ہے کہ شیعوں کی موجودہ رسم تعزیہ داری نہایت ناپسند اور قبیح فعل ہے۔

ناظرین کرام

شیعوں کا یہ موسم عاشورا (صرف) حضرت امام حسین اور واقعاتِ کربلا پہ رونا دھونا، تعزیہ نکالنا و دیگر مراسم کسی سے ڈھکی چھپی بات نہیں۔ اسے شیعہ لوگ نہ صرف ایک مذہبی رسم بلکہ اسے اپنی بہت بڑی عبادت سمجھتے ہیں۔ اور اسے اہم عبادت ثابت کرنے پہ قرآن و احادیث کے دلائل کے انبار لگا دیتے ہیں۔ فقیر قبل از اظہار دلائل سنجیدہ لوگوں کو دعوت غور و فکر پیش کرتا ہے کہ خدارا شیعہ کی یہ موسم عاشورہ کسی ایک مجلس کا اوّل سے آخر تک آنکھوں سے نظارہ فرمائیں تو آپ کو یقین ہوگا کہ ناٹک تھیٹر سینما میں ایسے نظارے نظر نہیں آئیں گے جتنا شیعوں کی اس اہم عبادت

کی مجالس میں دیکھے جائیں گے۔ لیکن کسی کون اور کیا کہہ سکتا ہے۔

باقی رہا دلائل کا مسئلہ تو وہ اپنے مقام پہ بجا ہے۔ اس لئے ہر بد مذہب اپنی سچائی پہ کچھ نہ کچھ کہہ ہی دیتا ہے اور شیعہ کے ذاکر اور مرثیہ خواں وغیرہ تو اس پہ قائم کرنے کو ضروری اس لئے سمجھتے ہیں کہ ان کا پیٹ کا مسئلہ ہے۔ کہ ماہ محرم کے دس بارہ دن ان کے سیزن کے ہوتے ہیں۔ جن میں وہ سال بھر تک کھاتے رہتے ہیں۔ اور عوام شیعہ اسی میں اپنی نجات سمجھتے ہیں اور اُن کا خیال ہے کہ اسی قدر اُن کے لئے کافی ہے کہ سال بھر میں ایک دفعہ غم حسین میں سینہ کوبی کر لیں۔ تو پھر وہ بلا پرسش سیدھے بہشت میں چلے جائیں گے۔ عوام شیعہ یہ بھی سمجھتے ہیں کہ ان کے لئے صرف اتنا کافی ہے کہ مجلس محرم قائم کر لیں۔ خوب روئیں۔ تو وہ بخشے جائیں گے۔

ان کے دلائل اور ان کے جوابات فقیر کی کتاب "آئینہ شیعہ مذہب" میں دیکھئے سردست اپنے چند دلائل پیش کئے جاتے ہیں۔

قرآن وحدیث

ہم نے قرآن وحدیث اور دینی کتب کو چھان مارا ہے۔ ہمیں اس مسئلہ کا کہیں کھوج نہیں مل سکا۔ شیعہ کی اپنی کتابیں بھی اس مسئلہ کی سخت مخالف ہیں۔ پھر معلوم نہیں کہ شیعہ نے یہ مسئلہ کہاں سے نکالا ہے۔ ہم شیعہ بھائیوں سے پوچھتے ہیں کہ تعزیہ مرثیہ خوانی کا شروع کس پیغمبر یا امام سے ہوا۔ اگر کسی نبی یا امام یا صحابیؓ سے اس کی ابتدا ثابت نہیں ہے۔ تو ماننا پڑے گا کہ سب

کچھ بدعات محرمہ سے ہے اور بس۔ اگر کہا جائے کہ واقعۂ شہادت حسینؓ کے بعد اس کی ایجاد کی ضرورت ہوئی تو ہم کہیں گے کہ اس سے پیشتر بھی کئی بزرگان دین شہید ہوتے رہے۔ پھر کیوں سلف صالحین نے ایسا نہیں کیا۔

(مثلاً) جناب امیر علیہ السلام نہایت بیدردی سے مسجد میں شہید کئے گئے۔ حسنینؓ نے اپنے بڑے بھائی کے غم میں کبھی ماتم نہیں کیا۔ حضرت زین العابدینؓ نے محشر خیز واقعہ کربلا اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ انھوں نے بھی ماتم نہیں کیا۔ نہ پیٹنے کی رسم ادا کی۔ ایسا ہی دیگر ائمہ عظام نے بھی کبھی تعزیے نہیں نکالے پھر ان سے بڑھ کر کس شخص کو شہدائے کربلا کا غم ہوگا۔ کہ بغیر سوانگ نکالنے کے تسکین نہیں ہو سکتی۔ اسلام میں پہلا سانحہ عظیم وفاتِ رسولِ مقبول کا ہوا۔ مگر اہلبیت یا صحابہؓ نے کبھی نوحہ، بکا، مرثیہ خوانی اور سینہ کوبی کی رسم ہونے نہ دی۔ پھر کیونکر کہا جائے کہ یہ بدعات باعثِ ثواب اور موجبِ نجات ہو سکتی ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے جا بجا قرآنِ کریم میں مومنین کو صبر کی ترغیب دی ہے۔ اور مومنوں کی یہ صفت بیان فرمائی ہے کہ جب ان کو کوئی مصیبت پہنچ جائے، وہ صبر سے کام لیتے۔ اور معاملہ خدا کے سپرد کر دیتے ہیں۔

وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ۔

اے رسول ان صبر کرنے والوں کو بشارت دیجئے کہ جب انھیں کوئی دکھ درد پہنچتا ہے کہتے ہیں ہم خدا کیلئے ہیں اور ہماری بازگشت اسی کی طرف ہے)

مسلمانوں کو ارشاد ہے:۔

يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ۝ وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخَاشِعِيْنَ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ۝

صبر اور نماز کے وسیلہ سے مدد مانگو اور یہ صبر و نماز بڑی شاق ہے ہاں اُن ڈرنے والوں پر جن کو اس بات کا یقین ہے کہ وہ رب سے ملنے والے ہیں اور وہ اسی کی طرف واپس جانے والے ہیں۔

پھر معلوم نہیں قرآن کے کس پارہ میں یہ آیت لکھی ہے کہ کوئی واقعہ ہائلہ (مصیبت) پیش آجائے۔ سوانگ بنا کر خوب جزع فزع۔ کپڑے پھاڑ دو، رخسارے طمانچوں سے لال کرو۔ سینہ کوٹ کوٹ کر لہولہان کر دو۔ شاید اس قرآن میں یہ حکم ہو جو ستر ہزار آیت کا ہے۔ جو ابھی گوشۂ غار میں مدفون ہے۔ ہمارا قرآن تو آیاتِ صبر سے پُر ہے اور کسی ایک جگہ بھی جزع فزع کرنے کی اجازت نہیں ہے

احادیثِ شیعہ

اصولِ کافی ص۴۱۱ میں حدیث ہے:۔

عَنْ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ الصَّبْرُ مِنَ الْاِیْمَانِ بِمَنْزِلَةِ الرَّاْسِ مِنَ الْجَسَدِ فَاِذَا ذَهَبَ الرَّاْسُ ذَهَبَ الْجَسَدُ كَذٰلِكَ اِذَا ذَهَبَ الصَّبْرُ ذَهَبَ الْاِیْمَانُ۔

امام صادق نے فرمایا۔ صبر ایمان کے سر کے بجائے ہے جب سر کٹ جائے تو جسد بیکار ہو جاتا ہے اسی طرح جب صبر چھوڑ دیا جائے۔ ایمان جاتا رہتا ہے۔

پھر جو لوگ برخلاف اس حدیث کے جزع فزع کرتے اور روتے پیٹتے،

سینہ کوبی کر کے بے صبری دکھاتے ہیں۔ بشہادت حضرت امام موصوف وہ بالکل بے ایمان ہیں۔ ائمہ اہل بیت نے جزع فزع سے یہاں تک منع فرمایا ہے کہ مصیبت کے وقت رانوں پر ہاتھ مارنا بھی موجب حبط اعمال قرار دیا گیا ہے۔ جیسا کہ فروع کافی جلد ۱ صـ ۱۲۲ میں درج ہے :-

عَنْ اَبِیْ عَبْدُ اللّٰہِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ضَرْبُ الْمُسْلِمِ یَدَہٗ عَلٰی فَخِذِہٖ اَحْبَطُ لِاَجْرِہٖ۔

اب برخلاف اس کے جو لوگ منہ پر طمانچے رسید کرنا اور سینہ کوبی کرنا موجب ثواب سمجھتے ہیں اور وہ امام صادق کے قول کی تکذیب کرتے ہیں۔

ارشاد علی رضی اللہ عنہ

اس بارہ میں قول فیصل جناب امیر علیہ السلام کا قول ہے۔ جو نہج البلاغت صـ ۱۹۳ و صـ ۳۴۸ مطبوعہ طہران میں یوں درج ہے :-

کَلَامٌ لَّہٗ عَلَیْہِ السَّلَامُ قَالَہٗ وَھُوَ یَلِیْ غُسْلَ رَسُوْلِ اللّٰہِ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَتَجْھِیْزَہٗ بِاَبِیْ اَنْتَ وَ اُمِّیْ قَدِ انْقَطَعَ بِمَوْتِکَ مَالَمْ یَنْقَطِعْ بِمَوْتِ غَیْرِکَ مِنَ النُّبُوَّۃِ وَالْاَنْبَاءِ وَاَخْبَارِ السَّمَآءِ خُصِّصْتَ حَتّٰی صِرْتَ مُسَلِّیًا عَمَّنْ سِوَاکَ وَعَمَّمْتَ

امیر علیہ السلام نے رسول پاک کے غسل اور تجہیز کے وقت فرمایا۔ میرے ماں باپ آپ پہ فدا ہوں۔ آپ کی وفات سے وہ امور منقطع ہوئے ہیں جو کسی اور کی وفات سے نہ ہو سکتے تھے وہ امور نبوت اور آسمانی وحی ہیں۔ آپ ایسے خاص ہوئے کہ ماسوائے

حَتّٰی صَارَ النَّاسُ فِیْکَ سَوَاءً وَلَوْ لَا اَنَّکَ اَمَرْتَ بِالصَّبْرِ وَنَهَیْتَ عَنِ الْجَزَعِ لَاَنْفَدْنَا عَلَیْکَ مَا الشُّؤُنِ۔

سے قطع کر دیا۔ اور آپ کا فیض ایسا عام ہوا کہ تمام لوگ اس سے یکساں مستفیض ہوئے۔ اگر آپ نے ہمیں صبر کرنے کا حکم اور جزع فزع سے منع نہ کر دیا ہوتا۔ تو آج ہم آپکی وفات پر اتنا روتے کہ رطوبت بدن خشک ہو جاتی۔

دیکھئے! جناب امیر علیہ السلام کا ایسے دردناک موقعہ وفات رسولؐ پر جزع فزع چھوڑ کر صبر سے کام لینا اور اس پر رسول پاکؐ کے امر بالصبر و نہی عن الجزع کو دلیل پیش کرنا اس امر کی فیصلہ کن دلیل ہے کہ بعد الرسول اور کسی شخص کی وفات و شہادت پر جزع فزع کرنا اور بے صبری دکھانا ہرگز جائز نہیں ہے۔ کیونکہ وفات رسولؐ سے بڑھ کر کوئی سخت صدمہ مسلمان کے لئے بالخصوص اصحابؓ و اہلبیت رسولؐ کے لئے ہو نہیں سکتا۔ اور جبیا غم حضور علیہ السلام کی وفات سے حضرت علی المرتضیٰؑ کو تھا۔ کسی اور شخص کی وفات سے کسی دیگر شخص کو نہیں ہو سکتا۔ پھر ایسے دردناک وقت میں جزع فزع اور سینہ کوبی تو کجا آنسو بہانے تک کو بھی خلاف صبر تصور کر کے صبر و تحمل سے کام لیا گیا تو پھر کسی طرح اور شخص کی وفات پر یا شہادت پر اس کے خلاف رونا پیٹنا اور سینہ کوبی کرنا روا ہو سکتا ہے۔ یہ کسی ایسے ویسے شخص کا فیصلہ نہیں ہے۔ بلکہ جناب امیر علیہ السلام اور حضرت امام صادق علیہ السلام کے فیصلہ جات ہیں جن پر شیعہ مذہب کا دارو مدار ہے اس لئے کہ شیعہ کو ان کے سامنے سر تسلیم خم کرنے کے بغیر ہرگز چارہ نہیں ہو سکتا۔

حوالہ (۱۱-۱۲)

حضور علیہ السلام نے وصیت فرمائی کہ نوحہ وشق الجیوب وغیرہ نہ کرنا ص۶۵
دراصل حضور علیہ السلام نے یہ وصیت بی بی فاطمہ کو فرمائی۔ چنانچہ جلاء العیون اردو جلد ۱ ص۶۶ میں لکھا ہے:۔

"اے فاطمہؑ واضح ہو کہ پیغمبر کے لئے گریبان چاک نہ کرنا چاہیئے۔ اور بال نوچنے نہ چاہئیں اور واویلا نہ کہنا چاہیئے۔ لیکن وہ کہنا جو تیرے باپ نے اپنے بیٹے حضرت ابراہیم کے مرنے میں کہا کہ آنکھیں روتی ہیں۔ اور دل درد میں آتا ہے۔ اور میں نہیں کہتا ہوں کہ موجب غضب پروردگار ہو اور اے ابراہیم میں تجھ پر اندوہناک ہوں"۔ نیز اسی کتاب کے ص۶۷ میں یوں لکھا ہے:۔

"ابن بابویہ نے بسند معتبر حضرت امام محمد باقرؑ سے روایت کی ہے کہ حضرت رسولؐ نے وقت وفات جناب سیدہؑ سے کہا۔ اے فاطمہؑ جب میں مر جاؤں۔ اس وقت تو اپنے بال میری مفارقت نہ نوچنا اور اپنے گیسو پریشان نہ کرنا اور واویلا نہ کہنا اور مجھ پر نوحہ نہ کرنا اور نوحہ کرنے والی کو نہ بلانا وکذالک الفروع الکافی ص۲۱۴ ج۲۰

اس سے زیادہ صریح فیصلہ ممانعت ماتم کے متعلق کیا ہو سکتا ہے کہ حضور اپنی پیاری بیٹی جناب سیدہؑ کو وصیت فرماتے ہیں کہ میری وفات کا تم کو صدمہ عظیم ہوگا۔ لیکن جہال کی طرح جزع فزع مت کرنا۔ نہ سر پیٹنا۔ نہ گریبان چاک کرنا۔ نہ واویلا کرنا اور نہ نوحہ کرنا۔ نہ نوحہ گروں کو گھر میں داخل ہونے دینا۔ اگر یہ امور باعث ثواب ہوتے تو حضور علیہ السلام بجائے ممانعت کے جناب

سیّدہ کو اذنِ عام دیتے کہ اپنے والد سردارِ دو عالم کا ماتم خوب زور شور سے کرنا خود بھی سر پیٹ کر اور سینہ زنی کر کے قیامت برپا کرنا۔ اطراف سے نوحہ گروں کو جمع کر کے خوب حق ماتم ادا کرنا۔ جب آپؐ نے ان امور سے سخت ممانعت فرمادی تو معلوم ہو کہ یہ جملہ حرکات ممنوع ناجائز داخلِ معصیت ہیں۔ اُن کے کرنے سے بجائے ثواب کے عذاب ہوتا ہے۔ بلکہ میّت کو بھی کو بھی ایذا ہوتی ہے۔ جلاء العیون ص۷۷ میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو آخری وصیّت اہلبیت و اصحاب کو فرمائی۔ اس میں یہ الفاظ بھی تھے:۔

"پس تم لوگ فوج فوج اس گھر میں آنا اور مجھ پر صلوٰۃ بھیجنا اور سلام کہنا اور مجھ کو نالہ و فریاد و گریہ وزاری سے آزار نہ دینا۔"

امام جعفر صادق کا فتویٰ کفر

حضرت امام جعفر صادق نے ماتمیوں کے فتویٰ کفر صادر فرمایا۔ چنانچہ فروع کافی جلد ۱ ص۱۲۱ میں ہے۔ عَنْ اَبِی عبد اللہ قال اِنَّ الصَّبْرَ وَ البلاءَ یستبقانِ الی المؤمنِ فیاتیہِ البلاءُ وھو صبورٌ و اِنَّ الجزعَ وَ البلاءَ یستبقانِ الی الکافرِ فیاتیہِ

لہ ھکذا عبارتہ قَالَ النَّبِیُّ عِنْدَ وَفَاتِہٖ لِفَاطِمَۃَ لَا تَخْمِشِیْ عَلَیَّ وَجْھًا وَلَا تَرْخِیْ عَلَیَّ شَعْرًا وَلَا تُنَادِیْ بِالْوَیْلِ وَلَا تُقِیْمِیْ عَلَیَّ نَائِحَۃً:۔

رسول نے بوقت وفات حضرت فاطمہ کو فرمایا میری وفات پر منہ پیٹنا۔ بال نہ بکھیرنا، واویلا نہ کرنا اور نوحہ نہ کرنا۔

وَ هُوَ جَزُوعٌ - (ترجمہ) (امام صادقؑ نے فرمایا. صبر اور مصیبت مومن کے پیش آتے ہیں. اسے مصیبت آجاتی ہے. اور وہ صبر کرتا ہے. اور گھبراہٹ اور مصیبت کافر کے پیش آتی ہے اور اسے مصیبت آجاتی ہے اور وہ جزع فزع کرنے لگتا ہے) اس حدیث میں حضرت امام نے مومن اور کافر کی شناخت یہ بتائی ہے کہ مومن کو مصیبت آجائے تو اس پر وہ صابر ہوتا ہے لیکن جب کافر کو مصیبت پیش آجائے تو وہ جزع فزع کرنے لگتا ہے دوسرے لفظوں میں حدیث کا مطلب صاف یہ ہے کہ جو مصیبت پر صبر کرے اور جو جزع فزع کرے وہ کافر ہے۔

امام حسینؑ کی آخری وصیت

شیعہ کی معتبر کتاب اثارۃ البصائر جلد ص۲۹۶ میں ہے کہ جناب سید الشہداء امام حسین نے کربلا کے معنی میں اپنی ہمشیرہ حضرت زینب علیہا السلام کو فرمایا کہ اے بہن جو میرا حق تم پر ہے اسی کی قسم دے کر کہتا ہوں کہ میری مصیبت مفارقت پر صبر کرو۔ بس جب میں مارا جاؤں تو ہرگز منہ نہ پیٹنا اور بال اپنے نہ نوچنا. اور گریبان چاک نہ کرنا. کہ تم فاطمہ الزہرا کی بیٹی ہو. جیسا انھوں نے پیغمبر خدا کی مصیبت میں صبر فرمایا تھا. تم بھی میری مصیبت میں صبر کرنا. الخ

اس سے زیادہ واضح دلیل اس امر کی کہ شہداء کربلا کی مصیبت میں منہ پیٹنا، سینہ کوبی کرنا جائز ہے، اور کیا ہو سکتی ہے کہ خود سید الشہداء نے اپنی ہمشیرہ کو آخری وقت میں یہ وصیت فرما دی کہ میری شہادت پر جزع فزع

نہ کرنا، نہ پیٹنا، نہ بال نوچنا، نہ گریبان چاک کرنا۔ بلکہ ایسا ہی صبر کرنا جیسا کہ جناب سیدہ نے وفاتِ رسولؐ پر صبر کیا۔ پھر جو لوگ اس کے خلاف ماتم حسین میں اسقدر طوفانِ بے تمیزی برپا کرتے ہیں کہ عورتیں مرد جمع ہو کر سینہ کوٹتے منہ پیٹتے ہائے وائے کی دوہائی سے زمین ہلا دیتے ہیں۔ یہ سید الشہداء حضرت امام حسینؓ کے حکم کی نافرمانی کرتے اور خدا و رسولؐ کو ناراض کرتے ہیں!

؎ نہ اس پر بھی اگر سمجھو تو پھر تم سے خدا سمجھے

فی زماننا جو رواج ہو گیا ہے کہ مجلس ماتم میں جوان مرد اور جوان عورتیں زرق برق پوشاکیں پہنے، آنکھوں میں کاجل لگائے بالوں کو معطر تیل لگا کر کنگھی پٹی کئے ایک دوسرے کی دیدبازی کے لئے جمع ہو جاتے ہیں۔ اور راگ ممنوع میں سُر اور تال سے مرثیہ خوانی ہوتی اور سینہ زنی کی جاتی ہے اور تعزیہ پر نذر و نیاز چڑھائے جاتے ہیں۔ سجدے ہوتے عرضیاں گذاری جاتی ہیں۔ یہ سب شرک و بدعت ہے۔ جس کی مخالفت نہ صرف کتب اہلِ سنت بلکہ کتب اہلِ تشیع میں بھی بالتصریح لکھی ہے۔ چنانچہ شیعہ کی ایک نہایت معتبر تفسیر عمدۃ البیان مطبع یوسفی دہلی کے صفحہ ۳۳ میں ذیل آیت وَ لَنَبْلُوَنَّكُمْ الخ یوں لکھا ہے:۔

یہ آیت حقیقت میں امام حسینؓ کے حق میں نازل ہوئی ہے۔ اس واسطے کہ جو کچھ آیت میں ہے وہ ان کے حال پر صادق آتا ہے اور دوسرے شخص کو ہم ایسا نہیں کہتے۔ اور یہ معرکہ آنحضرتؐ کا بڑا معرکہ ہے۔ رونا رُلانا ان کی مصیبت پر ثواب عظیم رکھتا ہے لیکن اکثر آدمی محرم میں بدعت کر کے

ثواب کو ضائع کرتے ہیں۔ باجے بجاتے اور بجواتے ہیں اور مرثیوں میں جھوٹی حدیثیں اپنی طرف سے ایجاد کر کے داخل کرتے ہیں۔ اور غلو و تنقیص کی روایتوں کو مجلسوں میں بیان کر کے ایمانوں کو فاسد کرتے ہیں۔ اور جو راگ کہ شرع میں ممنوع ہیں۔ اس میں مرثیوں کو پڑھتے ہیں۔ اور عورتیں بلند آواز سے مرثیوں کو پڑھتی ہیں۔ اور نامحرم ان کی آواز کو سنتے ہیں۔ ان امور میں مومنین کو اجتناب لازم ہے اور تعزیوں پر محتاج آدمی تو اپنی احتیاج کی عرضیاں باندھتے ہیں۔ اور یا کاغذ کی روٹی کتر کر باندھتے ہیں۔ اس مراد سے کہ اگر میری آسودگی اور فراغت ہوئی تو میں چاندی کی روٹی گھڑوا کر تعزیہ پر چڑھاؤں گا اور بے اولاد آدمی کا لڑکا کتر کر تعزیہ پر باندھتے ہیں۔ اس ارادہ سے کہ اگر ہمارے بیٹا پیدا ہو گا۔ تو ہم چاندی کا لڑکا گھڑوا کر تعزیہ پر چڑھائیں گے۔ اول یہ کہ تصویر انسانی ہے اور تصویر کے بنانے سے اجتناب لازم ہے اور سوائے اس کے حاجت کا طلب کرنا پروردگار سے چاہیئے کہ وہ قاضی الحاجات ہے۔ نہ غیر اس کا۔ ہاں حضرات ائمہ معصومین علیہم السلام سے شفاعت کا چاہنا کہ خدا تعالیٰ ہماری شفاعت کو بر لائے۔ اور ان کے واسطے سے دعا مانگنا موجب فضائے حاجت اور موجب حصول مقصد ہے۔ جیسے کہ حدیث میں وارد ہوا ہے۔ اور بعض جہلا تعزیہ کو سجدہ کرتے ہیں۔ یہ طریقہ کفار و مشرکین کا ہے۔ اس سے پرہیز کرنا واجب ہے۔ اور تعزیہ و علم پر زیارت کا پڑھنا نہ چاہیئے۔ البتہ اگر کربلائے معلیٰ کی طرف منہ کر کے حضرت امام حسینؑ کے روضہ کی نیت سے زیارت پڑھے تو مضائقہ نہیں ہے۔"

ناظرین یہ عماد علی جو ایک غالی شیعہ ہے۔ وہ بھی اپنی تفسیر میں بدعاتِ تعزیہ کی سخت مذمت کر رہا ہے۔ کیا شیعہ ان بدعات سے باز آئیں گے لیکن امید بہت کم ہے اس لئے شیعہ ذاکروں و مرثیہ خوانوں بلکہ اُن کے مبلغین کا بھی پیٹ کا دھندا ہے اور اُن کے عوام کے نفسانی و شہوانی افعال کا مرکز

مہذب لوگ متوجہ ہوں۔ یہ ماتم بھی عجیب ہے کہ ڈھول بجا کر گنگہ بازی کی تعزیہ کے ساتھ شاہدانِ بازاری کا اجتماع ہوتا ہے۔ جو سر و پا برہنہ تعزیہ کے آگے سلامی کرتی جاتی ہیں۔ دیدہ باز لوگ اس دلفریب منظر کو غنیمت سمجھ کر حظ اُٹھاتے ہیں۔ کیا یہ یزیدی گروہ کے جشن کی نقالی نہیں ہے جنھوں نے امام حسین رضؓ کو شہید کرا کر ڈھول و باجے بجائے اور محفل ہائے شادمانی قائم کیں مزید تبصرہ فقیر کے رسالہ تعزیہ داری میں دیکھئے۔

حوالہ (۱۳)

بی بی فاطمہ حضور علیہ السلام کے وصال کے بعد صرف چھ ماہ زندہ رہیں صہ ۱۵۵ اس سے ہمارا مقصد صرف اتنا ہے کہ بعض روایات جو آئی ہیں کہ حضرت علی نے حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی بیعت میں تاخیر فرمائی۔ تو اس کا موجب ناراضگی نہیں تھی۔ بلکہ بی بی فاطمہ کی بیماری تھی۔ ان کی تیمارداری میں لگے رہے۔ تفصیل مسئلہ خلافت آئینہ شیعہ مذہب میں دیکھئے۔

حوالہ (۱۴۔ ۱۵)

بی بی فاطمہ علی سے ناراض ہو کر ام کلثوم کو لے کر چلی گئیں۔ صہ ۱۵۱

اِس سے ہمارے دو مقصد ہیں۔ ایک یہ کہ شیعہ حضرت ابوبکر کے لئے بی بی کی ناراضگی ثابت کر کے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو کافر گردانتے ہیں۔ ہم انھیں یہی حوالہ دکھا کر الزامی جواب دیتے ہیں۔ کہ اگر بی بی فاطمہ رضؓ کی ناراضگی کفر کا موجب ہے تو تمہارا اس حوالہ پر کیا جواب ہے۔ اس مسئلہ کو فقیر نے رسالہ "باغ فدک" میں تفصیل سے لکھا ہے۔ دوسرا مقصد یہ ہے کہ حضرت امِ کلثوم بی بی فاطمہؓ کے بطنِ مبارک سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حقیقی صاحبزادی تھیں۔ اسی صاحبزادی کا نکاح حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ہوا۔ تفصیل تو ہمارے رسالہ "قطف الثمر فی نکاح ام کلثوم بعمر" میں ہے چند حوالے شیعہ کی معتبر و مستند کتب سے ملاحظہ فرمائیں۔

حوالہ جات از کتبِ شیعہ

۱۔ عن جعفر عن ابیہ قال ماتت ام کلثوم بنت علی و ابنھا زید بن عمر بن الخطاب فی ساعۃ واحدۃ!	امام جعفر صادق اپنے والد امام محمد باقر سے روایت کرتے ہیں کہ سیدہ ام کلثوم جو حضرت علی کی صاحبزادی تھیں اور اُن کا بیٹا زید جو حضرت عمر بن خطاب کا بیٹا تھا۔ (دونوں ماں اور بیٹا) ایک ہی وقت فوت ہوئے تھے۔

(تہذیب شیعہ ص ۳۸۰ ج دوم سطر ۲)

حضرت امام محمد باقرؒ کے اس فرمان سے ثابت ہے کہ سیدنا علی شیرِ خدا کی صاحبزادی سیدہ ام کلثوم کا نکاح حضرت عمر بن خطاب سے ہوا تھا۔ جن کا

ایک بیٹا حضرت سیدہ ام کلثوم سے حضرت زید بن عمر پیدا ہوا تھا۔ اور ماں بیٹا اکٹھے فوت ہوئے تھے۔

(۲) عن سلیمان بن خالد قال سئلت ابا عبد اللہ علیہ السلام عن امرأۃ توفی عنہا زوجہا اوحیث شاءت؟ قال بل حیث شائت ثم قال ان علیہا صلوات اللہ علیہ لما مات عمر اتی ام کلثوم فاخذ بیدھا فانطلق بھا الی بیتہ!

(فروع کافی ج ۲ ص ۳۰۲ حصہ اول تہذیب ج ۲ ص ۲۳۸)

سلیمان بن خالد کہتا ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا جس عورت کا خاوند فوت ہو جائے۔ وہ عدت خاوند کے گھر میں گزارے یا جہاں چاہے گزارے۔ انہوں نے فرمایا جہاں چاہے گزارے۔ پھر فرمایا بتحقیق حضرت علی صلوات اللہ علیہ حضرت عمر کی وفات کے بعد سیدہ ام کلثوم کے پاس گئے۔ اور ان کو حضرت عمر کے گھر سے اپنے گھر میں لے آئے۔

انہی دونوں کتابوں کے ان صفحات پر انہی الفاظ میں امام جعفر صادق سے دوسرے راویوں کی روایت بھی موجود و منقول ہے۔

(۳) فروع کافی مصنفہ محمد بن یعقوب کلینی میں ایک مستقل باب ہے جس کا یہ عنوان ہے۔ دیکھئے فروع کافی ص ۱۴۱ حصہ اوّل مطبع لکھنؤ۔

بَابُ فی تزویج ام کلثوم

یہ باب سیدہ ام کلثوم کے نکاح میں ہے جس میں محمد بن یعقوب کلینی نے حضرت امام جعفر صادق سے دو روایتیں نقل کی ہیں جن سے بخوبی ثابت ہے کہ خاندانِ نبوت کی چشم چراغ سیدہ

(۴) قاضی نور اللہ شوستری شیعہ مجتہد لکھتا ہے :-

اگہ نبی دختر بعثمان داد ، ولے دختر بعمہ فرستاد (مجالس المومنین ص۸۶)

اگر نبی علیہ السلام نے عثمانؓ کو بیٹی دی تھی تو حضرت علیؓ نے عمہ کو دے دی

(۵) قاضی نور اللہ شوستری شیعہ نے لکھا ہے کہ کسی نے ابو الحسن سے پوچھا۔

کہ چرا آنحضرت دختر خود را بعمر بن خطاب داد ، گفت بواسطہ آنکہ اظہار شہادتین مے نمود بزبان و اقرار بفضل حضرت امیر مے کرد ۔

(شیعہ مجالس المومنین ص۱۸۵ سطر۴)

کہ حضرت شیر خدا علی المرتضیٰؓ نے اپنی دختر نیک اختر عمر بن خطاب کو کیوں دی تھی۔ اس نے جواب دیا اس وجہ سے کہ عمر توحید خدا تعالیٰ اور رسالت رسول اللہ علیہ وسلم کی شہادت زبان سے ظاہر کرتا تھا اور عمر کی دامادی اور اسکی فضیلت

(۶) قاضی نور اللہ شوستری شیعہ مجتہد لکھتا ہے :-

محمد بن جعفر بعد از فوت عمر بن خطاب بشرف مصاہرت حضرت امیر المومنین علیہ الصلوٰۃ و آلہ مشرف گشتہ وام کلثوم را کہ بعد عم کفارت از رئے اکراہ در حبالہ عمر بود تزویج نمود (شیعہ کی کتاب مجالس المومنین ص۸۴ آخری سطر)

محمد بن جعفر طیار نے عمر بن خطاب کی وفات کے بعد سیدہ ام کلثوم سے نکاح کر کے حضرت سیدنا علی امیر المومنین صلوات اللہ علیہ وآلہ کی دامادی کا شرف حاصل کیا۔ اور یہ سیدہ ام کلثوم پہلے کراہ سے عمر کے حبالہ نکاح میں تھی۔ باوجودیکہ عمر اُن کے ہم کفو نہ تھے۔

(فائدہ) بعض لوگ اپنی نادانی سے کہتے ہیں کہ حضرت عمر کا نکاح سیدہ علی کی

بیٹی سیدہ ام کلثوم سے نہیں ہوا تھا۔ ان گذشتہ حوالہ جات اور آنے والے حوالہ جات سے بخوبی واضح اور ثابت ہوتا ہے کہ واقعی حضرت عمرؓ کا نکاح سیدہ ام کلثوم دختر علی سے ہوا تھا۔ جس کا انکار ممکن نہیں۔ جیسے کہ قاضی نوراللہ شوستری مجتہد شیعہ نے لکھا ہے۔

وہیچ کس منکر آں نیست کہ تزویج ام کلثوم با عمر بوسیلہ عباس بود۔

(مصائب النواصب ص۱۶۱)

شیعہ میں سے کوئی اس کا منکر نہیں کہ سیدہ ام کلثوم کا نکاح حضرت عمر کیساتھ بذریعہ حضرت عباس کے کیا گیا تھا۔

ویسے اس نکاح کا اعتراف و اقرار شریف مرتضیٰ نے اپنی معتبر کتاب کتاب الشافی کے ص۱۶۱ و ص۲۹۳ اور قاضی نوراللہ شوستری نے اپنی کتاب مجالس المؤمنین کے ص۲۰۰ پر واضح کیا ہے کہ ام کلثوم دختر علیؓ کا نکاح حضرت عمرؓ سے ہوا تھا۔

اعتراض

بعض شیعہ اس نکاح کا انکار اس طرح کرتے ہیں کہ سیدنا حضرت علیؓ نے عین شادی کے موقع پر اپنی صاحبزادی کو چھپا لیا اور اپنے اعجاز کرامت سے ایک نجران کی حبشیہ کو اپنی شاہزادی ام کلثوم کی شکل میں حضرت عمر کے گھر بھیج دیا تھا۔

جواب

گزشتہ تمام روایات اس بات کی تردید کرتی ہیں کیا حضرت عمرؓ کا بیٹا جو زید پیدا ہوا تھا وہ حبشیہ سے پیدا ہوا تھا یا محمد بن جعفر طیار سے۔ جو ان کا

نکاح حضرت عمرؓ کی وفات کے بعد ہوا تھا وہ جنبیہ تھیں۔ یا جو حضرات شیعہ یہ لکھتے گئے ہیں کہ اس نکاح کا انکار نہیں ہو سکتا۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ حضرت عمرؓ شہادتین کا اظہار اور حضرت علیؓ کی فضیلت کا اقرار کرتے تھے۔ اس لئے سیدہ ام کلثوم سے حضرت عمرؓ کا نکاح درست تھا۔ چنانچہ علامہ باقر مجلسی لکھتا ہے کہ ان روایات کی موجودگی میں جو حضرت عمرؓ کے ساتھ ام کلثومؓ حضرت علیؓ کی لڑکی کے نکاح کے بارے میں ثابت ہیں شیخ مفید کا انکار کرنا نہایت تعجب ناک بات ہے۔

۸۔ انکار ذالک عجیب والاصل فی الجواب ھو ان ذالک وقع علی سبیل التقیۃ والاضطرار ولا استبعاد فی ذالک۔

اس نکاح کا انکار کرنا اتنی روایات کی موجودگی میں عجیب ہے۔ اصل میں اس نکاح کا جواب یہ ہے کہ یہ نکاح بطور تقیہ اور لاچاری کے کیا گیا تھا جس میں کوئی استبعاد اور اشکال نہیں۔

(مرآۃ العقول شرح الاصول والفروع ج ۴ ص ۴۹۴)

سوال:۔ بعض لوگ یہ بھی کہا کرتے ہیں کہ حضرت عمر کا نکاح جس ام کلثوم سے ہوا تھا۔ وہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی بیٹی تھیں۔ جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی بیٹی تھیں۔ جو حضرت اسماء بنت عمیس زوجہ صدیقؓ سے پیدا ہوئی تھیں۔ اور حضرت صدیق کی وفات کے بعد حضرت علیؓ کی پرورش میں رہی تھیں۔ ان کی ربیبہ ہونے کی وجہ سے مجازاً حضرت علیؓ کی بیٹی کہا گیا۔

جواب:۔ یہ بات تاریخی طور پر بالکل غلط ہے۔ کیونکہ ام کلثوم بنت ابوبکر صدیق کی والدہ ماجدہ حضرت اسماء بنت عمیس نہ تھیں۔ کہ جس کے حضرت علیؓ

بیٹی سیدہ ام کلثوم سے نہیں ہوا تھا۔ ان گذشتہ حوالہ جات اور آنے والے حوالہ جات سے بخوبی واضح اور ثابت ہوتا ہے کہ واقعی حضرت عمرؓ کا نکاح سیدہ ام کلثوم دختر علی سے ہوا تھا۔ جس کا انکار ممکن نہیں۔ جیسے کہ قاضی نوراللہ شوستری مجتہد شیعہ نے لکھا ہے۔

وہیچ کس منکر آں نیست کہ تزویج ام کلثوم با عمر بوسیلہ عباس بود۔

(مصائب النواصب ص۱۶۱)

شیعہ میں سے کوئی اس کا منکر نہیں کہ سیدہ ام کلثوم کا نکاح حضرت عمر کیساتھ بذریعہ حضرت عباس کے کیا گیا تھا۔

ویسے اس نکاح کا اعتراف و اقرار شریف مرتضیٰ نے اپنی معتبر کتاب کتاب الشافی کے ص۱۶۱ و ص۲۹۳ اور قاضی نوراللہ شوستری نے اپنی کتاب مجالس المؤمنین کے ص۲۰۰ پر واضح کیا ہے کہ ام کلثوم دختر علیؓ کا نکاح حضرت عمرؓ سے ہوا تھا۔

اعتراض

بعض شیعہ اس نکاح کا انکار اس طرح کرتے ہیں کہ سیدنا حضرت علیؓ نے عین شادی کے موقع پر اپنی صاحبزادی کو چھپا لیا اور اپنے اعجاز کرامت سے ایک نجران کی حبشیہ کو اپنی شاہزادی ام کلثوم کی شکل میں حضرت عمر کے گھر بھیج دیا تھا۔

جواب

گزشتہ تمام روایات اس بات کی تردید کرتی ہیں کیا حضرت عمرؓ کا بیٹا جو زید پیدا ہوا تھا وہ حبشیہ سے پیدا ہوا تھا یا محمد بن جعفر طیار سے۔ جو ان کا

نکاح حضرت عمرؓ کی وفات کے بعد ہوا تھا وہ جنبیہ تھیں۔ یا جو حضرات شیعہ یہ لکھتے گئے ہیں کہ اس نکاح کا انکار نہیں ہو سکتا۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ حضرت عمرؓ شہادتین کا اظہار اور حضرت علیؓ کی فضیلت کا اقرار کرتے تھے۔ اس لئے سیدہ ام کلثوم سے حضرت عمرؓ کا نکاح درست تھا۔ چنانچہ علامہ باقر مجلسی لکھتا ہے کہ ان روایات کی موجودگی میں جو حضرت عمرؓ کے ساتھ ام کلثومؓ حضرت علیؓ کی لڑکی کے نکاح کے بارے میں ثابت ہیں شیخ مفید کا انکار کرنا نہایت تعجب ناک بات ہے۔

۸۔ انکار ذالک عجیب والاصل فی الجواب ھو ان ذالک وقع علی سبیل التقیۃ والاضطرار ولا استبعاد فی ذالک۔

اس نکاح کا انکار کرنا اتنی روایات کی موجودگی میں عجیب ہے۔ اصل میں اس نکاح کا جواب یہ ہے کہ یہ نکاح بطور تقیہ اور لاچاری کے کیا گیا تھا جس میں کوئی استبعاد اور اشکال نہیں۔

(مرآۃ العقول شرح الاصول والفروع ج ۴ ص ۴۹۴)

سوال:۔ بعض لوگ یہ بھی کہا کرتے ہیں کہ حضرت عمر کا نکاح جس ام کلثوم سے ہوا تھا۔ وہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی بیٹی تھیں۔ جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی بیٹی تھیں۔ جو حضرت اسماء بنت عمیس زوجہ صدیقؓ سے پیدا ہوئی تھیں۔ اور حضرت صدیق کی وفات کے بعد حضرت علیؓ کی پرورش میں رہی تھیں۔ ان کی ربیبہ ہونے کی وجہ سے مجازاً حضرت علیؓ کی بیٹی کہا گیا۔

جواب:۔ یہ بات تاریخی طور پر بالکل غلط ہے۔ کیونکہ ام کلثوم بنت ابوبکر صدیق کی والدہ ماجدہ حضرت اسماء بنت عمیس نہ تھیں۔ کہ جس کے حضرت علیؓ

سے نکاح کرنے کے بعد ام کلثوم ان کی ربیبہ ہو سکتیں۔ بلکہ ام کلثوم بنت ابوبکرؓ کی والدہ ماجدہ حبیبہ بنت خارجہ تھیں۔

چنانچہ اصابہ فی تمیز الصحابہ جزء رابع حرف الکاف صـ۴۶۹ پر ہے:۔

ام کلثوم بنت ابی بکر امها حبیبة بنت خارجة وضعتها بعد موت ابی بکر۔	ام کلثوم بنت ابی بکر کی ماں حبیبہ بنت خارجہ تھیں اور یہ ام کلثوم ان سے ابوبکر کی وفات کے بعد پیدا ہوئی تھیں۔

نیز اسی کتاب کے باب الحاء صـ۲۶۱ پر ہے:۔

حبیبة بنت خارجة زوجة ابی بکر الصدیق و والدة ام کلثوم ابنتها التی مات ابو بکر و هی حامل بها!	حبیبہ بنت خارجہ ابوبکر صدیق رضؓ کی زوجہ تھیں۔ اور ام کلثوم کی والدہ تھیں۔ یہ ام کلثوم ابوبکرؓ کی وہ بیٹی ہیں جبکہ ابوبکرؓ کی وفات ہوئی تھی تو یہ اس وقت حبیبہ بنت خارجہ کے بطن میں تھیں۔ جو صدیق کی وفات کے بعد پیدا ہوئیں۔

جواب ۲۔ نیز ام کلثوم بنت ابی بکر صدیقؓ کے نکاح کے متعلق طبقات ابن سعد جزء ثامن صـ۲۶۲ پر مرقوم ہے۔ کہ ام کلثوم بنت ابوبکرؓ کا نکاح طلحہ ابن عثمان بن عمر سے ہوا۔ ان کے بعد حضرت طلحہؓ بن عبید اللہ سے پھر ان کی شہادت کے بعد عبد الرحمن بن عبد اللہ سے انکا نکاح ہوا تھا۔

جواب ۳۔ اس ام کلثوم بنت ابوبکرؓ کے متعلق کسی نے نہیں لکھا کہ اُن کا نکاح حضرت عمرؓ سے ہوا تھا۔ یا اس سے ان کا بیٹا زید پیدا ہوا تھا۔ بلکہ شیعہ کتابوں میں اس صراحت موجود ہے کہ جس ام کلثوم سے حضرت عمرؓ کا نکاح ہوا تھا، اُن کی والدہ ماجدہ سیدہ فاطمۃ الزہراؓ تھیں۔

تاریخ طراز مذہب منظری میں مستقل ایک باب ہے جو ص۴۷ سے شروع ہوکر ص۶۷ پر ختم ہوتا ہے۔ جس کا عنوان حکایت تزویج ام کلثوم با عمرؓ بن خطاب ہے۔

جناب ام کلثوم کبری دختر فاطمہ زہراؓ در سرائے عمر بن خطاب بود از وے فرزند بیاورد چنانچہ مذکور گشت وچوں عمر مقتول شد محمد بن جعفر بن ابی طالب اورا در حبالہ نکاح در آورد۔!

جناب ام کلثوم کبری حضرت فاطمۃ الزہراؓ کی بیٹی عمرؓ بن خطاب کے گھر میں تھیں۔ اور حضرت عمرؓ سے ان کا فرزند ہوا۔ جیسا کہ بیان ہو چکا ہے اور جب عمرؓ قتل کئے گئے تو محمد بن جعفر بن ابی طالب سے ان کا نکاح ہوا!

مزید تفصیل اور سوالات وجوابات فقیر کے رسالہ "قطف الثمر" میں دیکھئے۔

حوالہ (۱۶)

حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ "ما بین مسجدی وقبری روضۃ من ریاض الجنۃ" ص۱۵۸ یعنی میری مسجد اور میری مزار کے درمیان بہشت کی کیاریوں میں سے

ایک کیاری ـــ اس حوالہ سے شیعہ کے غلط عقیدہ کا رد مطلوب ہے جبکہ معاذاللہ وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما جہنمی ہیں۔
اس سے سنجیدہ اور مہذب خود بنائے کہ جہاں وہ حضرات مدفون ہیں اسے حضور علیہ السلام بہشت کی کیاری بتائیں۔ اور شیعہ اسے جہنم کا گڑھا۔ اس تضاد کو یوں اٹھایا جائے گا کہ قول مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم ماننا فرض ہوگا۔ اور شیعہ کا قول اُن کے منہ پر مارا جائے گا۔

حوالہ (۱۷)

صحیح قول یہ ہے کہ بی بی فاطمہ اپنے گھر میں مدفون ہوئیں۔ صفحہ ۳۵۶
اس سے بی بی فاطمہ رضی اللہ عنہا کا اتفاق ظاہر کرنا مطلوب ہے کہ وہ تو تا وصال گھر سے باہر نہ نکلیں۔ پھر باغ فدک کے مطالبہ کے لئے وہ کچہری کے دفتر میں کیسے پہنچ گئیں۔ تفصیل رسالہ "باغ فدک" میں ہے۔

حوالہ (۱۸)

واقعۂ خلافت صدیق اور مولیٰ علی کی کمزوری کا بیان صفحہ ۱۴۵ حوالہ کی پوری عبارت رسالہ ہٰذا کے صفحہ ۱۴۶ پر دیکھئے۔ اور تفصیل مسئلہ خلافت میں دیکھئے۔

حوالہ (۱۹-۲۰)

حضرت امام حسین کو مکہ سے کوفہ میں شیعوں نے دعوت دی اور شہید بھی

شیعوں نے کیا۔ صفحہ ۳۵۶ - ۳۵۷۔

شیعہ کی مستند کتابوں سے ثابت ہے کہ مدینہ طیبہ سے کوفہ کی طرف دعوت دینے والے شیعان علی تھے۔ اُن کی خط و کتابت کا مضمون ملاحظہ ہو۔

شیعہ کا ایک خط

شیعہ کی مستند کتاب جلاء العیون صفحہ ۳۴۰ میں ایک خط شیعیان کوفہ کا بدیں مضمون مسطور ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ یہ نامہ سلیمان بن مروہ مسیب بن نجبہ اور رفاعہ بن حبیب بن مطاہر اور جمیع شیعیان و مومنین و مسلمین اہلِ کوفہ کی جانب سے بخدمت امام حسین بن علی بن ابی طالب علیہم السلام ہے آپ پر سلام خدا ہو اور ہم اس نعمتہائے کاملہ خدا پر جو ہم پر ہیں۔ حمد کرتے ہیں۔ اور ہم خدا کا شکر کرتے ہیں کہ اُس نے آپ کے دشمن جبار و معاند کو کہ بغیر رضا مندی امت اُن پر حاکم ہوا تھا۔ ہلاک کیا۔ اور وہ بجبر و عدوان امت پر حاکم ہوا۔ اور اُن کے اموال میں ناحق تصرف کیا۔ اور نیکانِ اُمت کو قتل کیا۔ اور بد اطواروں کو نیکوں پر مسلط کیا۔ اور اموالِ خدا کو مالداروں اور جباروں پر تقسیم کیا۔ خدا اسے نفرین کرے۔ جس طرح قوم ثمود پر نفرین کی اور واضح ہو کہ اس وقت ہمارا کوئی امام پیشوا نہیں۔ پس آپ ہماری طرف توجہ کیجئے اور ہمارے شہر میں قدم رنجہ فرمایئے کہ ہم سب آپ کے مطیع ہیں۔ شاید حق تعالیٰ حق کو آپ کی برکت سے ظاہر کرے اور نعمان بن بشیر حاکم نہایت ذلیل خوار دارالامارت میں بیٹھا ہے۔ اور ہم جمعہ و عیدین کو وہاں پڑھنے نہیں

جانتے ہیں اور جب آپ کی خبر تشریف آوری کی ہم کو ملے گی تو ہم اسے کوفہ سے نکال دیں گے

دوسرا خط

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ یہ عریضہ شیعوں اور عقیدتمندوں و مخلصوں کی طرف سے بخدمت امام حسینؑ بن علی ابن طالب ہے۔ اما بعد بہت جلد اپنے دوستوں ہواخواہوں کے پاس تشریف لائیے۔ کہ جمیع اہل دیار ولایت منتظر قدوم میمنت لزوم ہیں۔ اور بغیر آپ کے دوسرے شخص کی طرف لوگوں کو رغبت نہیں۔ البتہ بہ تعجیل تمام ہم مشتاقوں کے پاس تشریف لائیے۔

امام حسین علیہ السلام کا جواب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ یہ خط حسین ابن علیؑ کا مومنوں مسلمانوں شیعیان کی طرف ہے۔ اما بعد قاصدوں اور بے شمار خطوط آنے کے بعد جو تم نے مجھے خط ہانی اور سعید کے ہاتھ بھیجا۔ مجھے پہنچا۔ تمہارے سب خطوط سے مطلع ہوا۔ تم نے سب خطوط میں مجھے لکھا ہے کہ ہمارا کوئی امام نہیں۔ آپ بہت جلدی تشریف لائیے۔ خدا آپ کی برکت سے ہم کو بحق ہدایت کرے۔ واضح ہو کہ میں بالفعل تمہارے پاس اپنے برادر و پسر عم محل اعتماد مسلم بن عقیل کو بھیجتا ہوں۔ اگر مسلمؑ مجھے لکھیں کہ جو تم نے مجھے خطوط میں لکھا ہے مشورۂ عقلاء و اشراف و بزرگان قوم لکھا ہے۔ اسی وقت میں انشاء اللہ بہت جلدی تمہارے پاس چلا آؤں گا۔ میں اپنی جان کی قسم کھاتا ہوں۔ امام وہی ہے

جو درمیان مردم بکتاب خدا حکم اور آیت کا قیام کرے۔ اور قدم جادۂ شریعت مقدسہ سے باہر نہ رکھے اور لوگوں کو دینِ حق پر مستقیم رکھے (جلاء العیون ص ۴۳۱)

اِس تمام خط و کتابت کے پڑھنے سے واضح ہوتا ہے کہ شیعیان کوفہ نے کس منت و سماجت سے ارادتمندانہ اور مخلصانہ خطوط لکھ کر امام علیہ السلام کو بلوایا۔ اور آخر انہی بلانے والے مخلص شیعوں نے آپ کو تیغ جفا سے شہید کیا۔ جیساکہ جلاء العیون جلد ا صہ ۲۷۹ میں تصریح ہے۔

پس بیس ہزار مردم عراقی نے امام حسینؑ سے بیعت کی تھی۔ خود اُنھوں نے شمشیر امام حسینؑ پر کھینچی۔ اور ہنوز بیعت ہائے حسینؑ ان کی گردنوں ہی تھی کہ امام حسینؑ کو شہید کیا۔

اسی کتاب کے صفحہ ۴۶۹ میں لکھا ہے کہ امام نے شیعیانِ کوفہ کو میدانِ کربلا میں کہا کہ تم نے مجھے طلب کیا اور اظہارِ محبت کے دم بھرے اور اب میری جان کو قتل کرنا چاہتے ہو۔ اور حالانکہ میری طرف سے کوئی اب تک بیوفائی کی بات بہ نسبت تمہارے واقعہ نہیں ہوئی۔

امام حسین کو شہید شیعوں نے کیا۔ جلاء العیون صہ ۲۷۹ ج۔ امی ہے کہ پس بیس ہزار عراقی نے امام حسین سے بیعت کی۔ اور جنھوں نے بیعت کی تھی خود انھوں نے شمشیر امام حسین پر کھینچی اور ہنوز بیعت ہائے امام حسین اُن کی گردنوں میں تھیں۔ کہ امام حسینؑ کو شہید کیا۔

مزید تفصیل آئینہ مذہب شیعہ میں دیکھئے۔

حوالہ (۲۰)

کی تفصیل میں ہم پہلے بہت کچھ بیان کر چکے ہیں۔

حوالہ (۲۱)

امام زین العابدین نے یزید کی بیعت کی صفحہ ۵۰۔ اس حوالہ کا خلاصہ یہ ہے کہ امام زین العابدین نے بیعت یزید کا اقرار کیا۔ اور اسی کتاب کے صفحہ ۲۵۰ پر یہ بھی لکھا ہے کہ یزید نے دو صد دینار طلائی امام زین العابدین کو دیئے۔

حوالہ (۲۲)

امام جعفر برادر امام عسکری کو شیعوں نے کذاب اور شرابی لکھا۔ صد ۵۷۶، ۵۷۷۔ اسی بحث کو سمجھنے سے "شیعہ مذہب" کا اصلی چہرہ بے نقاب ہو جاتا ہے۔ بشرطیکہ انصاف سے پڑھا جائے۔

صورتِ احوال اینکہ عبداللہ بن سبا کی پارٹی نے محبت اہل بیتِ رسول کا میٹھا شربت دکھا کر شیعوں کو زہر قاتل پلا دی ہے۔ اس لئے کہ شیعوں کو محبت اہلبیت کے فضائل و مناقب اور ان کے کمالات پر دلائل قائم کر کے انھیں ایسا اندھا بنا دیا کہ امہات المومنین یعنے ازواج مطہراتِ رسول کو اہلبیت سے خارج کر دیا۔ اس کے بعد پھر تی سے خود اہلبیت رسول کو جی بھر کر گالی دیں اور انھیں لعنتی، شرابی، کذاب وغیرہ کہا۔ چند نمونے مندرجہ ذیل ہیں:۔

۱۔ سرے سے بعض حضرات کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عترت ہی نہیں مانتے۔ جیسے تین صاحبزادیوں بی بی زینب ۔ رقیہ ۔ ام کلثوم رضی اللہ عنہن ایسے ہی حضرت عباس اور اُن کی تمام اولاد کو عترت میں شامل ہی نہیں کرتے۔ حالانکہ عترت کا لغوی اور اصطلاحی معنیٰ ہے "اقارب" قریب ترین رشتہ دار حضرت عباس اور اُن کی اولاد حضور علیہ السلام کتنا قریب تر ہیں لیکن شیعہ منکر ہیں۔ اسی طرح حضرت زبیر جو حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے پھوپھی زاد بھائی ہیں انھیں نہ صرف عترت رسول سے خارج کرتے ہیں۔ بلکہ انھیں ملعون کہتے ہیں بلکہ آل فاطمۃ الزہرا کے دشمن ہیں۔

شیعہ کے مذہب میں آل فاطمہ کو گالی دینا جائز ہے۔ مثلاً زید بن علی حسینؓ کہ بڑے عالم اور متقی اور پرہیزگار تھے کہ مروانیوں کے ہاتھ سے شہید ہوئے اور اُنکے بیٹے یحییٰ بن زید کے ان دنوں کے شیعہ لوگ بھی دشمن ہیں۔ اور ایسے ہی ابراہیم بن موسیٰ کاظمؒ اور جعفر بن موسیٰ کاظمؒ کو کذاب کا لقب دیا ہے۔ حالانکہ وہ حضرت اولیا اللہ سے تھے، بایزید بسطامیؒ نے انہی سے راہ طریقت کی پائی ہے۔ یہ غلط ہے کہ بایزید مرید جعفر صادقؒ کے مرید تھے۔ اور جعفر بن علیؒ کہ جو حضرت امام حسن عسکریؒ کے بھائی تھے۔ ملقب بکذاب ہے اور حسن بن حسن مثنیٰؒ کو اور اُن کے بیٹے عبداللہ محضؒ اور اُن کے بیٹے محمدؒ ملقب بہ نفس زکیہ ہیں) کو مرتد اور کافر کہتے ہیں۔ اور ابراہیم بن عبداللہ اور زکریا بن محمدؒ باقر اور محمدؒ بن عبداللہ بن حسین بن حسنؒ اور محمدؒ بن قاسم بن حسنؒ اور یحییٰ بن عمرؒ (جو زید بن علی بن حسینؓ کے پوتے ہیں) ان سب کو کافر اور مرتد جانتے ہیں۔ اور

جماعت سادات حسنیہ اور حسینیہ کو قائل امامت و بزرگی زید بن علیؓ تھے ان سب کو گمراہ جانتے ہیں. تواریخ سادات صراحۃً دلالت کرتی ہیں کہ اکثر اہل بیت حسنیؓ اور حسینیؓ زید بن علیؓ کی امامت اور ان کی فضیلت کے قائل تھے لیکن افسوس ہے کہ شیعہ جمہور اثنا عشری ان حضرات کے حق میں اعتقاد کفر اور مردود اور کہتے ہیں یہ حضرات ہمیشہ جہنم میں رہیں گے (معاذ اللہ) اس کی وجہ ظاہر ہے کہ منکر امامت ایک امام کا شیعہ کے نزدیک مثل منکر نبوت ایک نبی کے کافر ہے وَاَنَّكَ مُخَلَّدٌ فِي النَّارِ (یعنی ہمیشہ آگ میں رہے گا) اور یہ سب حضرات منکر امامت امام اپنے وقت بلکہ ائمہ ماضیین کے رہے ہیں (فائدہ) ایک گروہ شیعہ (اثنا عشریہ) کا عقیدہ ہے کہ مثل حضرت عباس رضؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عم بزرگ. اعراف میں رہیں گے بعض کا یہ قول ہے کہ بعد عذاب شدید اپنے اجداد کی شفاعت سے نجات پائیں گے. اور دونوں قول ایک و مردود و نامقبول ہیں. موافق اُن کے قواعد اور اصول کے وہی اوّل ہے. اس واسطے کہ شفاعت کفار کی بالاجماع مقبول نہیں ہے نہ کہ اعراف دار الخلد اس کے ساتھ یہ کہ رہنا ان کا اعراف میں اس کی کوئی وجہ نہیں. کیونکہ یہ سب منکر امامت کے تھے. اور منکر امامت کے کافر پھر کافر اعراف میں کیونکر ہو سکتے ہیں. اور باوجود اس کے روایت کرتے ہیں. مُحِبُّ عَلِيٍّ لَا يَدْخُلُ النَّارَ (یعنی دوستدار علیؓ کا دوزخی نہیں ہوگا) بس جن لوگوں کو دوزخی بتاتے ہیں، اُن کی دوستداری میں حضرت علیؓ کے ساتھ کچھ شبہ نہیں. اب خیال کیا جائے کہ نواصب اور خوارج تو امانت اور خفت

اماموں کی بیان کرتے ہی ہیں۔ مگر اس فرقۂ شیعہ کی گالیوں کو دیکھا جائے کہ کتنا آلِ رسول اور اُن کے جگر پاروں اور بھائیوں کی کسقدر اہانت اور خفت ظاہر کرتے ہیں۔ منصف مزاج انسان سے سوال ہے کہ شیعہ اس دعویٰ میں سچے ہیں کہ وہ عترت و آلِ رسول کے نیاز مند اور غلام ہیں کہ مذکورہ بالا حضرات عترت و آلِ رسول کو گالیاں کیوں دی جاتی ہیں۔ اور انھیں کافر۔ مرتد۔ خارج از اسلام اور کذاب اور ملعون جیسے القاب سے کیوں نوازا جاتا ہے۔

ماننا پڑا کہ ابن سبا نے محبت آلِ رسول کا صرف ڈھونگ رچایا۔ اُن میں چند اشخاص مثلاً دوزادہ امام متعین کر کے کبھی انھیں اُلوہیت کے درجات دیئے۔ اور کبھی ایسا گرایا کہ اُن کے کردار ایک عام انسان بھی شرما جاتا ہے چند نمونے ملاحظہ ہوں:۔

بی بی فاطمہؓ اور حضرت علیؓ کی ہتک

حضرات شیعہ جناب امیرؓ کی شجاعت کے اسقدر افسانے بیان کرنے کے باوجود جب دوسرا پہلو بدلتے ہیں تو جناب شجاعت مآب کو ایک ایسا نکما اور بزدلانہ بنا دیتے ہیں کہ ایک خالی الذہن آدمی سن کر انگشت بدنداں ہوتا ہے۔ صرف ایک واقعہ سنئے۔ جلاء العیون اردو صـ۱۵۲ میں ہے۔ "پس اشقیا نے امت گلوئے مبارک جناب امیر میں ریسماں ڈال کر میں لے گئے" اور بروایتِ دیگر "جب دروازہ پر پہنچے۔ اور جناب فاطمہؓ مانع ہوئیں اس وقت قنفذ نے اور بروایت دیگر عمرؓ نے تازیانہ بازوئے جناب فاطمہؓ

پر مارا کہ بازو جناب سیدہ کا شکستہ ہو گیا۔ اور سوج گیا۔ مگر پھر بھی جناب فاطمہؑ نے جناب امیرؑ سے ہاتھ نہ اٹھایا۔ اور ان اشقیاء کو گھر میں آنے سے منع کیا۔ یہاں تک کہ دروازہ شکم جناب فاطمہؑ کو شکستہ کیا۔

اور اس فرزند کو جو شکم میں جناب فاطمہؑ کے تھا۔ اور جس حضرت رسولؐ نے اس کا نام محسنؑ رکھا تھا، شہید کیا۔"

ناظرین غور فرمائیں کہ اس سے زائد توہین عترت رسول کیا ہو سکتی ہے۔ کہ اصحاب کو بدنام کرنے کے لئے ایسی روایات وضع کی جاتی ہیں۔ جو حضرت علیؑ اور خاتون جنت کی غایت درجہ کی توہین کا باعث ہیں۔ کیا کوئی عقلمند شخص ایک منٹ کے لئے بھی یقین کر سکتا ہے کہ اگر اصحاب رسولؐ خاتون جنتؑ کی اُمتی بھی اُن کی ہیبت اختیار نہ کرتا۔ اور جناب امیرؑ خاتون جنت کی اس درجہ توہین دیکھ کر خاموش رہ سکتے یا خود مر جاتے یا خصم کو مار دیتے، اور یہ کس کی جرأت تھی کہ شیر خدا کی گردن میں رسی ڈال کر گھسیٹ کر لے جاتے۔ اور آپ چوں تک نہ کریں۔

دراصل بات یہ ہے کہ شیعہ اہل بیت کی محبت کے پردہ میں جسقدر دشمنی اہل بیت سے کرتے ہیں۔ ایسا خارجی بھی جرأت نہیں کرتے۔

جنگ صفین میں جب لشکر معاویہ کی طرف سے قرآن نیزوں پر باندھ کر دکھائے گئے جس میں یہ اشارہ تھا کہ اے مسلمانو آپس میں مت لڑو اور کسی کو ثالث مقرر کر دو۔ جو قرآن کے بموجب فیصلہ کر دے۔ اس وقت ابتداء میں جناب امیرؑ کی رائے یہ تھی کہ ہرگز ثالثی نہ کی جائے۔ اور غضب میں آکر آپ نے

فرمایا کہ یہ لوگ کلمہ حق زبان سے کہہ کر اس سے باطل مراد لیتے ہیں اور تمام لشکر سے آپ نے فرمایا کہ ہرگز ثالثی پر راضی نہ ہونا چاہیئے۔ اس رائے کے ظاہر کرنے کے بعد جناب امیر کی (جو باعتقاد شیعہ خطائے اجتہادی سے بھی معصوم تھے) رائے بدلی اور ثالث مقرر کرنے پر راضی ہو گئے۔ پس بعض خیالات سے دھوکہ کھا کر جو جناب امیر نے اپنی رائے بدل دی اور ثالثی مقرر کر دی۔ یہ جناب امیر کی بڑی بھاری غلطی تھی، جس کے نتیجے میں جناب امیر کے لشکر میں سے ایک گروہ خارجی ہو گیا۔ اور یوں کہنے لگا۔ کہ پہلے تم نے ہم کو ثالثی مقرر کرنے سے منع کیا تھا۔ اب ثالثی پر راضی ہونے کا حکم کرتے ہو۔ اب ہم نہیں جانتے کہ تمہاری پہلی رائے صحیح تھی، یا دوسری رائے بہتر ہے۔ مگر اس رائے بدلنے اور ثالثی مقرر کرنے سے یہ ظاہر ہو گیا کہ تم کو خود اپنی امامت میں شک ہے۔ شرح ج م۔ ج ۱۸۔ نہج البلاغت کا یہ فقرہ جو جناب امیر کا کلام ہے اور اس کے علاوہ یہ تمام حصہ شرح میثم سے ماخوذ ہے۔ نہج البلاغت میں لکھا ہے کہ اس وقت جناب امیر نے کف افسوس مل کر یہ فرمایا۔

هذا جزاء من ترك العقد۔ یہی ہے سزا اس کی جس نے چھوڑی رائے مستحکم۔

شرح میثم میں یہ بھی لکھا ہے کہ جناب امیر کی رائے بدلنے کی وجہ یہ ہوئی کہ اصحاب جناب امیر میں سے ایک گروہ ثالثی مقرر کرنے پر ایسا اصرار کرتا تھا کہ اس نے جناب امیر سے یہ کہا کہ اگر تم ثالثی مقرر نہ کرو گے تو ہم تم کو اسی طرح قتل کر دیں گے۔ جیسے ہم نے عثمانؓ کو قتل کر دیا۔ پس جناب امیر نے

اپنی رائے چھوڑ کر انھیں کی رائے اختیار کی۔

ناظرین غور فرمائیں کہ جب خلیفہ مفسدوں کی دھمکیوں سے ایسا ڈر جائے۔ تو اس سے خلافت کا انتظام کیا ہو سکے۔ کثرت فضائل و مناقب دوسری چیز ہے اور انتظام ملک اور تدبیر جنگ دوسری چیز ہے۔

دیکھا آپ نے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ ایسا کچا اور ڈرپوک بنایا کہ وہ نہ کبھی اپنے عزم پر پختہ رہ سکتے تھے۔ بلکہ وہ اپنے مشیروں سے ڈرتے تھے پھر خارجیت کے جرم کا اصل مجرم حضرت علی کو ٹھہرایا۔

(امام دوم)

حضرت امام حسنؓ کی توہین

جناب امیر خلف اکبر حضرت امام حسنؓ سے حضرات شیعہ اس لئے ناراض ہیں۔ کہ آپ نے امیر معاویہؓ سے صلح کر کے مسلمانوں کو کشت و خون سے بچالیا۔ جناب ممدوح اپنے شیعہ کے جور و ستم کی جس قدر شکایت کرتے ہیں۔ ذیل کی روایات سے ظاہر ہے (۱) جلاء العیون ص۲۶۵ میں ہے: "جب ان منافقین نے یہ کلام حضرت سے سنا۔ ایک نے دوسرے پر نظر کی اور کہا۔ اس کلام سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ان کو معاویہؓ سے صلح منظور ہے۔ اور چاہتے ہیں کہ منصب خلافت معاویہؓ کو دلائیں۔ پس سب اٹھ کھڑے ہوئے اور کہا۔ معاذ اللہ! یہ شخص مثل پدر کافر ہو گیا ہے۔ یہ کہہ کر بلوا کر دیا۔ اور اسباب امام حسنؓ کا لوٹ لیا۔ یہاں تک کہ جائے نماز حضرت کی پاؤں کے نیچے سے کھینچ لی۔ اور ردا مبارک

دوشِ مبارک سے اُتار لی"۔

(۲) جلاء العیون صفحہ ۲۷۶۔ حضرت نے فرمایا۔ بخدا سوگند اس جماعت سے میرے لئے معاویہؓ بہتر ہے۔ یہ لوگ دعویٰ کرتے ہیں کہ ہم شیعہ ہیں۔ اور میرا ارادہ قتل کیا۔ اور میرا مال لوٹ لیا۔ بخدا معاویہؓ سے میں عہد کرلوں اور اپنا خون حفظ کروں اور اپنے اہل وعیال میں ایمن ہو جاؤں۔ اس سے بہتر ہے کہ یہ لوگ مجھے قتل کریں اور میرے اہل وعیال وعزیز واقارب ضائع ہو جائیں۔ بخدا سوگند اگر میں معاویہؓ سے جنگ کروں۔ یہی لوگ مجھے پکڑ کر معاویہ کو دیدیں۔

(۳) اسی کتاب کے صفحہ ۲۷۰ میں ہے "شیخ کشی نے بسند معتبر امام محمد باقر سے روایت کی ہے کہ ایک روز امام حسنؓ اپنے گھر کے دروازے پر بیٹھے تھے۔ ناگاہ ایک سوار آیا۔ کہ اسے سفیان بن لیلیٰ کہتے تھے۔ اُس نے کہا۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مُذِلَّ الْمُؤْمِنِیْنَ (اے ذلیل کنندۂ مومنان)"

ان روایات سے ثابت ہوتا ہے کہ شیعانِ علیؓ نے ان کے خلفِ اکبر حضرت امام حسنؓ سے کیا سلوک کیا۔ صرف اس جرم پر کہ معاویہؓ سے صلح کرتا ہے۔ ان کو اور ان کے قبلہ جناب مصلےٰ کھینچ لیا۔ اور دوشِ مبارک سے چادر اتار لی۔ پھر ایک مخلص نے آپ کو ذلیل کنندہ مومنان کا خطاب دیا۔ یہ تو ان شیعوں کی کرتوت تھے جنھوں نے آپ کا جمال اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ پھر آن کی آنے والی نسلوں کا اندازہ ناظرین خود لگائیں۔

علاوہ ازیں

شیعہ بعض باتیں حضرت امام حسنؓ کی طرف منسوب کرتے ہیں وہ کسی عامی

اوباش قسم کے آدمی کی طرف منسوب کی جائیں تو وہ بھی ازالہ حیثیتِ عرفی کا استغاثہ دائر کر دے۔

(۵) چنانچہ مُلّا باقر مجلسی امام ممدوح کی نسبت یوں گوہر افشانی کرتا ہے جلاء العیون اُردو صفحہ ۲۸۰ میں ہے۔ روایت ہے کہ ایک روز امام حسنؓ مجلس معاویہؓ میں تشریف رکھتے تھے۔ مروان نے کہا۔ آپ کی موچھوں کے بال جلد سفید ہو گئے ہیں۔ امام حسنؓ نے فرمایا۔ سبب اس کا یہ ہے کہ بنی ہاشم کا دہن خوشبودار ہے۔ اور ہماری ازواج بوجہ خوشبو استشمام کرتی ہیں۔ اور اُن کی ہوائے نفس سے ہمارے بال شارب کے سفید ہو جاتے ہیں۔ اور چونکہ تم بنو اُمیہ گندہ دہن ہو۔ تمہاری ازواج تمہارے دہنوں سے احتراز کرتی اور اپنا منہ تمہارے رخسار کی جانب رکھتی ہیں۔ اس لئے تمہارے رخسار جلد سفید ہو جاتے ہیں پس مروان نے کہا بنی ہاشم میں ایک خصلتِ بد یہ ہے کہ خواہش جماع زیادہ رکھتے ہیں۔ امام حسنؓ نے فرمایا کہ خواہش ہماری عورتوں سے سلب کی گئی۔ اور وہ بھی مردوں میں اضافہ ہوئی۔ اور تمہارے مردوں سے علیحدہ کر کے تمہاری عورتوں میں دی گئی ہے۔ اور یہی سبب ہے کہ زنِ اموی سوائے مرد ہاشمی دوسرے سے سیر نہیں ہو سکتی۔

ناظرین غور فرمائیں کہ ایسی فحش اور بیہودہ گفتگو تو اوباش لوگ بھی کرنے سے شرماتے ہیں۔ یہ اُن پاک لوگوں کے ذمے افترا ہے کہ وہ سرِ مجلس اجنبی لوگوں کے سامنے اپنی مستورات (ازواج) کی نسبت ایسی بے شرمی کی باتیں بیان کرتے تھے کہ ہم تو ایک سیکنڈ کے لئے ماننے کو تیار نہیں کہ ایسے مقدس لوگ دوسروں کی مستورات پر ایسا کمینہ حملہ کریں کہ تمہاری عورتوں میں اس قدر

شہوت تیز ہوتی ہے کہ وہ ہاشمی مردوں کے سوا سیری نہیں ہوتیں۔ (توبہ توبہ)
شیعہ تو انبیاء کو بھی ایسے الزام دینے سے دریغ نہیں کیا کرتے۔ چنانچہ یہی حضرت ملا باقر مجلسی اپنی مصنفہ کتاب حیات القلوب جلد ۱ صـ ۲۱ میں رقمطراز ہیں:۔ "و بسند معتبر از حضرت امام رضاؑ منقول است کہ از اخلاق پیغمبران است خود را پاکیزہ کردن و خود را خوشبو کردن و بسیار جماع کردن و بسیار زناں داشتن"۔

ترجمہ:۔ امام رضاؑ فرماتے ہیں کہ پیغمبروں کے اخلاق یہ ہیں۔ اپنے بدن کو پاکیزہ رکھنا، خوشبو لگاتے رہنا، بہت جماع کرنا اور بہت عورتیں رکھنا۔
لاحول ولا قوۃ۔ شہوت پرستی اور کثرت جماع پیغمبروں کے اخلاق میں شمار کیا جاتا ہے شیعو! ہوش کرو، مخالفین اسلام تمہاری یہ حالت دیکھ کر شانِ انبیاء و ائمہ میں کیا کہیں گے؟

باپ بیٹے پر حملہ

یعنی

حضرت امام محمد باقرؒ و جعفر صادقؒ

ان حضرات پر تو شیعہ صاحبان کی انتہا سے زیادہ عنایت ہے بلکہ وہ اپنے مذہب کی دار و مدار ہی حضرت امام جعفر و صادق علیہما السلام پر رکھتے ہیں۔ ان حضرات کی نسبت جو جو اتہام شیعہ صاحبان نے لگائے ہیں سن کر تعجب آتا ہے۔

(۱) حضرت محمد باقر کی نسبت شیعہ کی معتبر کتاب من لا یحضرہ الفقیہ جلد اضا میں لکھا ہے:۔ دَخَلَ اَبُوْ جَعْفَرِ الْبَاقِرُ فِیْ بَیْتِ الْخَلَاءِ فَوَجَدَ لُقْمَةً فِی الْقَذَرِ فِی خَدُهَا وَغَسَلَهَا وَدَفَعَهَا اِلٰی مَمْلُوْكِ اَللُّقْمَةُ قَالَ اَكَلْتُهَا یَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ۔ ترجمہ:۔ امام محمد باقرؒ بیت الخلاء (پاخانہ) میں داخل ہوئے تو وہاں ایک روٹی کا ٹکڑا پلیدی میں پڑا ہوا دیکھا۔ آپ نے اٹھا کر دھولیا۔ اور اپنے غلام کے حوالے کیا کہ اسے محفوظ رکھنا۔ جب میں باہر نکلوں گا اسے کھاؤں گا۔ جب آپ باہر نکلے تو نوکر سے ٹکڑا مانگا۔ اس نے کہا حضرت وہ تو میں نے کھالیا۔ آپ نے کہا۔ جا میں نے تجھے آزاد کیا۔ کیونکہ تو ٹکڑے کے کھانے سے جنتی ہو گیا۔ اور جنتیوں سے خدمت نہیں لیا کرتے۔ دیکھئے یہ کیسا الزام امام والا مقام پر ہے۔ کہ آپ ٹٹی سے ملوث ٹکڑا کھالینا جائز سمجھتے تھے۔ بلکہ اس میں الٹا ثواب سمجھتے کہ کھانے سے جنت مل جاتی ہے۔ بھائی جنت تو پاک ہے۔ پھر ناپاک چیز کے کھانے جنت سے کیسے مل سکتی ہے؟

(۲) کیا حضرت امام پہلے جنتی نہ تھے؟ پلیدی سے ملوث ٹکڑا کھا کر جنتی بننا چاہتے تھے۔

(۳) یہ بھی عجیب بات ہے کہ جنت ایسی ارزاں ہو گئی ہے کہ صرف ایسے متعفن لقمہ کھانے سے مل جاتی ہے۔ بہر حال امام ہمام کی طرف ایسی روایات منسوب کرنا ان کی ذات اقدس کی از حد توہین ہے۔

(۴) اَنَّ اَبَا جَعْفَرِ عَلَیْهِ السَّلَامُ كَانَ یَقُوْلُ مَنْ كَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ

الآخر فلا يدخل الحمام إلا بميزر قال فدخل ذات يوم الحمام فتنور فلما أن طبقت النورة على بدنه ألقى الميزر فقال له مولى له بأبي أنت وأمي إنك لتوصينا بالميزر وتفعله ولقد ألقيته عن نفسك فقال أما علمت أن النورة تطبق النورة (فروع کافی جزو دوم جلد ۲ ص ۹۱)

ترجمہ:۔ امام باقر علیہ السلام کہا کرتے تھے کہ جو خدا اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہے وہ حمام میں تہ بند باندھے بغیر داخل نہ ہوا کرے۔ ایک روز آپ حمام میں داخل ہونے لگے۔ تو اپنی شرم گاہ کو آپ نے چونا لگا دیا۔ جب چونا لگا چکے تو تہ بند کھول کر پھینک دیا۔ غلام نے عرض کی میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں۔ آپ تو ہمیں تہ بند باندھنے کا ضروری حکم دیا کرتے تھے۔ اور آج آپ نے تہ بند اتار کر پھینک دیا ہے۔ فرمانے لگے تجھے معلوم نہیں ہے۔ کہ چونا نے شرم گاہ کو چھپا لیا۔

توبہ توبہ! ائمہ پاک کے ذمے یہ کیسا افترا ہے کہ لوگوں کو تو تہ بند باندھے حمام میں داخل ہونے کا حکم دیتے تھے۔ اور خود شرم گاہ کو چونا لگا کر تہ بند پھینک اپنے غلام کے سامنے ننگ دھڑنگ کھڑے ہوئے اور اس کے معترض ہونے پر یہ جواب باصواب دیا۔ کہ چونا لگا لینا ستر عورت کے لئے کافی ہے۔ کیا ایسی حرکت بھی کوئی باحیا آدمی کر سکتا ہے ایسی بیہودہ روایات اہل بیت کے اکابر ائمہ کے ذمہ لگا کر محبت کے پردے میں ان کی مذمت کی گئی ہے۔ یہ صرف فقیر اولیسی کی رائے نہیں بلکہ ہر ذی شعور اسی قسم کے عجیب و غریب مسائل اہل بیت پڑھ کر ان کے ساتھ

عقیدت رکھنے کے بجائے ان سے نفرت کرے گا۔ بلکہ ایک خالی الذہن اور آزاد طبع انسان تو نفرین بکے گا۔ اور یہی ابن سبا کا مقصد ہے۔ یہ صرف مشتے نمونہ از خروارے چند مسائل لکھے گئے ہیں۔ مزید انشاء اللہ تعالیٰ آگے چل کر عرض کریں گے۔ اور طویل مضمون آئینہ شیعہ مذہب میں ہے۔

فروع کافی

یہ کتاب بھی شیعوں کی فقہ کا
سرمایہ عظیم ہے
اس کے حوالہ جات سے انکار سورج
کے انکار کے مترادف ہے

	حوالہ جات فروع کافی	نام کتاب	صفحہ
۱	ان العارية لا توضع الا عند عارف	فروع کافی ج ۲	۱۲
۲	انسان بلا وضو جنازہ پڑھ سکتا ہے	〃 ج ۱	۴۹
۳	ممانعت جزع و فزع	〃 〃	۶۱
۴	تزویج ام کلثوم بعمر رضی اللہ عنہ		
۵	سیاہ لباس جہنمیوں کا ہے	〃 ۲	۲۰۵
۶	تھوک سے ذکر دھونا	〃 ۱	۷
۷	حضرت عمر کے وصال کے بعد حضرت علی ام کلثوم کو گھر لے گئے۔	〃 ۲	۱۱۶
۸	قال علیہ السلام ما بین عمیری و بیتی روضۃ من ریاض الجنۃ۔	〃 ۲	۳۱۶
۹	ریح خفیف سے وضو نہیں جاتا بلکہ صوت عظیم چاہیئے۔	〃 ۱	۱۲
۱۰	حوا آدم سے پیدا ہوئی۔	〃 ۲	۷
۱۱	خنزیر کے بالوں کی رسی ڈول میں ڈال کر کنویں سے پانی نکالے	〃 ۱	۳
۱۲	غلام اور مشرک اور آزاد ایک عورت سے جماع کریں تو قرعہ اندازی کرو جب بچہ پیدا ہو۔	〃 ۲	۵۵
۱۳	حضور علیہ السلام نے حضرت علی کو روکا کہ فلاں وقت جماع نہ کرنا۔	〃 〃	۵۸

۱۴	سنّی کا پس خوردہ پانی ولد الزنا اور یہودی و نصرانی سے بدتر	فروع کافی ج ۱	۴۰
۱۵	کتاب العقیقہ میں چار انبات کا ثبوت	" " ۲ ج ۰	۵۲
۱۶	کتاب النکاح سے " " "	" " "	۲۰
۱۷	تمام محرمات حلال	" " "	۸۰
۱۸	حلف بغیر اسم اللہ ناجائز	" " "	۳۷۱
۱۹	داڑھی بقدر قبضہ لازم اور مونچھیں کٹوانا لازم	" " "	۲۱۵
۲۰	مذی و دی سے وضو نہیں ٹوٹتا اگرچہ بہہ کر پاؤں تک		۱۳
۲۱	وطی فی الدبر اور مشت زنی جائز	" ج ۰ ½	۱۵/۹
۲۲	حضرت باقر علیہ السلام کا فیصلہ کہ جبرئیل علیہ السلام کا سفید نورمی عمامہ	" ج ۰ ۲	۳۹
۲۳	عمامہ کے متعلق حضرت امام صادق علیہ السلام کا فیصلہ	" ج ۲	۳۹
۲۴	قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یبولن احدکم شاربہ، فان الشیطان یتخذہ محبناً یستتر بہ۔	فروع کافی ج ۰ ۲	۵۳

حوالہ نمبر ۱۔ ان العارفۃ لا توضع الا عند عارفۃ صفحہ ۱۲ ج ۲

عارفہ بی بی عارف کامل کے نکاح میں آتی ہے۔

اس سے ہمارا مقصد شیعہ کو سمجھانا ہے کہ بی عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ام المومنین (ہم سب کی ماں ہے) اور عارفہ تھیں۔ تبھی تو امام الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم

کے نکاح میں آئیں۔ لیکن افسوس کہ شیعہ ایسی بی بی پر گالی پُوچھاڑ کرتے ہیں۔ اور انھیں ملعونہ کہتے ہیں۔

حوالہ نمبر۲۔ انسان بلا وضو نماز جنازہ پڑھ سکتا ہے۔ صـ۴۹ ج ۱

اصل عبارت :۔ عن یونس بن یعقوب قال سألت ابا عبد اللہ علیہ السلام عن الجنازۃ اصلی علیھا بغیر وضوء فقال نعم ھو تسبیح وتشھد کذا فی فروع کافی صـ۱۴۳ ج ۱

ترجمہ :۔ یونس بن یعقوب نے جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے پوچھا کیا میں جنازہ بلا وضو پڑھ سکتا ہوں۔ آپ نے کہا ہاں۔ اس لئے کہ جنازہ صرف تکبیر و تسبیح وغیرہ ہے۔

انسان نماز میں معراج (بارگاہ حق میں) پہ حاضر ہوتا ہے۔ پھر یہ کسی گستاخ کا کام ہے کہ ناپاک ہو کر بارگاہ عالی میں حاضری دے اسی لئے تو ہم کہتے ہیں کہ شیعہ ناپاکا کون کا گروہ ہے۔

حوالہ نمبر۴۔ اس کی تفصیل ہم پہلے بیان کر چکے ہیں۔

حوالہ نمبر۵۔ سیاہ لباس جہنمیوں کا ہے صـ۲۰۵ ج ۲

اصل عبارت :۔ عن ابی عبد اللہ علیہ السلام قال قلت لہ اصلی فی القلنسوۃ السوداء قال لا تصل فیھا فانھا لباس اھل النار۔

ترجمہ :۔ میں نے امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ کالی ٹوپی سے نماز پڑھ سکتا ہوں۔ فرمایا مت پڑھو کیونکہ یہ دوزخیوں کا لباس ہے

(ف) فروع کافی کا مترجم شیعوں کا ادیب سید ظفر حسن امروہی نے اس حدیث کو صحیح کہا۔ اب فقیر اویسی غفرلہ شیعوں سے عرض کرتا ہے کہ خدارا سیاہ لباس

اتار کر آگ میں پھینکو ورنہ ہمیں مجبوراً کہنا پڑے گا۔ کہ یہ کالے کلوٹے جہنمی ہیں۔ اور ناراض بھی نہ ہوں اس لئے کہ یہی امام معصوم حضرت جعفر صادق کا ارشاد ہے جسے تم کہتے ہو ان کا ہر قول وحی زبانی ہے۔ اور بحمدہ تعالےٰ بقولِ شما یہ حدیث بھی صحیح ہے۔

بلکہ من لا یحضرہ الفقیہ صحاح اربعہ سے ہے اور شیعہ کی مستند اور چوٹی کی صحیح کتاب ہے۔ اس میں لکھا کہ "سیاہ لباس" فرعون کی سنت ہے۔

حوالہ ۶۔ تھوک سے ذکر دھونا صد ج ۱۰

اصل عبارت :۔ امام جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کسی نے سوال کیا کہ میں نے پیشاب کیا۔ لیکن پانی نہیں تو پھر کیا کروں۔ آپ اُسے فرمایا

اذا بلغت وتمسحت فامسح	جب تم پیشاب کرو اور اسے صاف کرنا
ذکرک بریقک فروع کافی ج ۱۱ ۱	ہے تو اپنے ذکر کو تھوک سے صاف کرو۔

سبحان اللہ! کیا ہی بہتر تعلیم ہے اور بہتان کس پہ۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ شیعہ کا ہر مسئلہ عجیب و غریب ہوتا ہے۔ لیکن تھوک سے ذکر کو پاک کرنا عجیب تر ہے۔

حوالہ ۷، ۸ کے مضامین ہم نے تفصیل سے پہلے لکھ دیئے ہیں۔

حوالہ ۹۔ ریح خفیف (یعنے پھوسی) سے وضو نہیں جاتا بلکہ صوت عظیم چاہیئے ص ۱۳ ج ۱

اصل عبارت ملاحظہ ہو :۔

قال ابو عبد الله علیہ السلام ان الشیطان ینفخ فی دبر الانسان حتی یخیل الیہ انہ قد خرج منہ ریح فلا ینقض الوضوء الا الریح تسمعہا او تجد ریحہا فروع کافی ص۱۹ ج۱

امام جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ شیطان انسان کی دبر میں پھونک مارتا ہے جسے سمجھا جاتا ہے کہ ریح نکلی ہے (ریح) پھوسی سے وضو نہیں ٹوٹتا جب تک آواز نہ سنو یا بدبو نہ پاؤ۔

(ف) اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ شیعوں کی دبر میں ہر وقت شیطان بیٹھا رہتا ہے۔ اور پھونکے مارنے کی وجہ شیعہ خود بتائیں کہ دبر میں شیطان کیوں آرام فرماتا ہے۔

حوالہ ۱۸ کی تفصیل ہم نے "آئینہ شیعہ مذہب" میں کر دی ہے۔

حوالہ ۱۹۔ خنزیر کے بالوں کی رسی ڈول میں ڈال کر کنوئیں سے پانی الخ
فروع کافی ص۳ ج۱

اصل عبارت :۔ عن ابی عبد اللہ السلام قال سألتہ عن الحبل یکون من الشعر الخنزیر یستقی بہ الماء من البیوت یتوضأ من ذالک الماء قال لا بأس وسئل الصادق علیہ السلام عن جلد الخنزیر یجعل دلوا یستقی بہ الماء فقال لا بأس بہ۔

ان ہر دو روایات سے صاف صاف ثابت ہوا کہ خنزیر کے چمڑے اور اس کے بالوں کی رسی سے پانی نکال کر کنوئیں سے وضو کرنا درست ہے اور یہ بھی ثابت ہوا کہ وہ کنواں اور ڈول اور رسی سب شیعہ کے نزدیک پاک ہیں چاہے شیعہ شخص اس کو پیئے یا وضو کرے اور اسی روایت کے آگے صاحب من لا یحضر الفقیہ نے بیان کیا ہے کہ مردار کے چمڑے

کے برتن میں روغن وتیل اور پانی رکھنا درست ہے۔ وزاد فیہ علی بن عقبہ و علی بن الحسین بن زیاط قال والشعر والصوف کلہ الخ۔

فقیر اویسی عرض کرتا ہے کہ جس چیز پر کو قرآن مجید نے نجس العین کہا ہے وہ شیعہ کے نزدیک طاہر اور پاک ہے۔ واللہ اعلم۔ اس میں راز کیا ہے۔ میری سمجھ میں یہی آتا ہے کہ سچ فرمایا اللہ تعالیٰ نے والخبیثات للخبیثین، خبیث خبیثوں کے نصیب۔

حوالہ ۱۳۔ غلام اور مشرک اور آزاد (مرد) ایک عورت سے جماع کریں تو قرعہ اندازی کرو جب بچہ پیدا ہو۔ ج ۲ ص ۵۵

مسئلہ واضح ہے۔ اس سے ہمارا مطلب یہ ہے کہ شیعوں کا متعہ کا نکاح تو شیر مادر کی طرح حلال طیب تو ہے ہی۔ لیکن اس مسئلہ سے یہ بھی معلوم ہوا کہ ان کے ہاں ایک مشترکہ کھانا بھی کھلا ہے کہ آئے جس کا جی چاہے۔ صرف تکلیف ہو گی جب بچہ پیدا ہو گا۔ کہ وہ کس کا کہلائے۔ تو اس مشکل کو بھی قرعہ اندازی سے حل فرما دیا۔ شیعوں کو مجتہدین اسی لئے پالنے پڑتے ہیں۔ کہ بوقت ضرورت کام آئیں۔

حوالہ ۱۳ کا مفہوم خود واضح ہے لیکن ہماری سمجھ میں روکنے کا معاملہ کچھ عجیب سا ہے۔ اس راز سربستہ کو شیعہ کھول سکتے ہیں۔

حوالہ ۱۴۔ سنی کا پس خوردہ پانی ولد الزنا اور یہودی اور نصرانی سے بدتر ص ۴ ج ۱۔

فروع کافی جلد ۱ ص ۵ پر ہے:۔ عن ابی عبداللہ علیہ السلام قال لا

تغتسل من البیر التی یجتمع فیھا غسالۃ الحمام فان فیھا غسالۃ ولد الزنا وھو لا یطھر الی سبعۃ اٰباءٍ وفیھا غسالۃ الناصب وھو شرھا ان اللہ لم یخلق خلقاً اھون من الکلب وان الناصب اھون علی اللہ من الکلب (توحید) امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا۔ ایسے کنوئیں کے پانی سے مت نہاؤ جن میں حمام کا مستعمل پانی پڑتا ہے۔ کیونکہ اس میں ولد الزنا کے بدن کا پانی بھی گرا ہوا ہوتا ہے۔ اور ولد الزنا سات پشت تک پاک نہیں ہو سکتا۔ اور اس میں ناصبی (سُنّی) کے بدن سے گرا ہوا پانی بھی ہوتا ہے۔ اور وہ ناصبی سُنّی، ولد الزنا اور کتے سے بھی برتر ہے۔ خدا نے تمام مخلوق سے بُرا کتے کو بنایا ہے۔ اور ناصبی کتے سے بھی بُرا ہے۔

دیکھو، شیعہ صاحبان سُنّیوں کو کتے اور ولد الزنا سے بھی بُرا سمجھتے ہیں۔ پھر اگر سُنّی ان سے برتاؤ کریں تو اُن سے بڑھ کر کون بے غیرت ہو سکتا ہے۔

(فائدہ) شیعہ کے نزدیک ناصبی سے سنّی مراد ہے چنانچہ حق الیقین ص۶۲۹ میں ابن ادریس نے کتاب السرائر میں روایت کی کہ لوگوں نے امام علی نقی کی خدمت میں عریضہ لکھا کہ آیا ہم ناصبی کے جاننے اور پہچاننے میں اس سے زیادہ کے محتاج ہیں کہ حضرت امیر المومنین پر ابو بکرؓ و عمرؓ کو مقدم جانے اور ان کی امامت کا اعتقاد رکھے۔ حضرت نے جواب دیا کہ جو شخص یہ اعتقاد رکھے وہ ناصبی ہے۔ نہ صرف یہی بلکہ اس طرح کی اور بھی سُنّیوں پر اُن کی اور بھی نوازشیں ہیں۔ مثلاً جنازہ پڑھنے آتے ہیں تو سنّیوں پر بجائے دعا کے بددعا سے نوازتے ہیں۔ چنانچہ کتب شیعہ میں لکھا ہے اوّل تو سنّی کا جنازہ نہ پڑھا جائے۔ اگر

بضرورت پڑھے تو بجائے دعا کے میت پر بد دعا کرے۔ چنانچہ تحفۃ العوام ص ۱۳۸ میں ہے۔" اور اگر میت سنی خلاف مذہب ہو اور بضرورت نماز پڑھنا پڑے تو بعد چوتھی تکبیر کے کہے۔ اَللّٰھُمَّ اَخْزِ عَبْدَکَ فِیْ عِبَادِکَ وَبِلَادِکَ اَللّٰھُمَّ اَصْلِہٖ حَرَّ نَارِکَ اَللّٰھُمَّ اَذِقْہُ اَشَدَّ عَذَابِکَ۔ (ترجمہ) اے خدا اس بندے کی میت کو اپنے بندوں میں اور اپنے شہروں میں ذلیل و رسوا کر۔ اے خدا اس کو نار جہنم سے جلا۔ اے خدا اس کو سخت ترین عذاب دے۔

سُنّی بھائی توجّہ کریں

جو سُنّی بھائی روافض سے دوستانہ تعلقات رکھتے ہیں اور ان کو اپنا مسلمان بھائی تصوّر کرتے ہیں وہ غور کریں کہ جو لوگ تمہارے بزرگان دین اصحاب و ازواجِ رسولؐ سے یہ سلوک رکھتے ہوں کہ ہر ایک نماز کے بعد ان کے نام لے

لے یہ عبارت پرانے مطبع کی تحفۃ العوام کی ہے جو جدید طبع میں بار لوگوں نے کچھ ترمیم کر دی ہے۔ پرانے مطبع کی تحفۃ العوام میں "سُنّی میت یا خلافِ مذہب ہو۔" لکھا ہوا ہے۔ لیکن دوسری تحفۃ العوام میں یوں لکھا ہے:" اگر میت شیعہ نہ ہو۔ اور دشمن اہلبیت ہو الخ ص ۲۰۵ مطلب دونوں عبارتوں کا ایک ہے۔ کیونکہ سنیوں کو جو شیعہ نہیں۔ یہ لوگ معاذ اللہ دشمن اہلِ بیت سمجھتے ہیں۔ یہ نوٹ لکھنے کی ضرورت اس لئے لاحق ہوئی کہ پرانے مطبع کی کتاب نہ ملنے کی وجہ سے دھوکہ دے سکتے ہیں۔

لے کر لعنت و تبرا کرنا ان کا یومیہ وارد ہو۔ اور ان بزرگانِ دین پر ہی لعنت نہیں کرتے۔ بلکہ ان لوگوں کو بھی اس میں شامل کرتے ہیں۔ جو اُن سے محبت رکھتے ہیں یعنی تمام اہل سنت والجماعت مسلمانوں کو۔ پھر حیف ہے کہ غیور سُنّی ایسے بدطینت اشخاص کو اپنا دوست بنائے۔ جو عترت رسول سے اسقدر دشمنی رکھتے ہوں۔ اور سنیوں سے اُن کو ایسا بیر ہو۔ کہ انھیں ولدالزنا اور کتے سے بھی بدتر مانیں اور بے غیرت سُنّی ان سے رشتے ناطے کرے اور انھیں اپنا یار دوست اور جان سے پیارا تصور کرتا ہوا اسے اپنے جملہ امور کا مالک بنائے۔

اہلسنت سے فقیر اویسی غفرلہٗ کی اپیل

سُنیو! جانتے ہو۔ یہ لوگ تمہارے جنازوں میں شامل ہو کر میتوں سے کیا سلوک کرتے ہیں۔ کیا تم اس بات کو گوارا کر سکتے ہو؟ کہ ایک شخص تمہارے عزیز یا بزرگ کی میت کے جنازہ پر کھڑا ہو کر اس کے لئے بددعائیں کرے۔ کہ خدایا اسے جہنم میں داخل کر۔ اور سخت سے سخت عذاب میں مبتلا کر۔ اسی لئے عرض ہے ؎

نہ آنے دیجو انھیں لاش پر خدا کے لئے نماز پڑھنے جو آئیں گے بددعا کے لئے

پھر عترتِ رسول میں سے آنحضرتؐ کی تین لڑکیوں۔ ام کلثومؓ۔ رقیہؓ۔ زینبؓ کو اولادِ رسولؐ سے ہی خارج کر دیتے ہیں۔ یہ کسقدر توہین و ہتک عترت رسولؐ ہے وغیرہ وغیرہ۔

حضرت علی المرتضیٰ۔ فاطمۃ الزہرا۔ حسنینؓ سے اگرچہ بظاہر محبت کا ادعا ہے۔ لیکن ان کی توہین و ہتک کا بھی کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا جاتا۔ چنانچہ بوقت

ضرورت حضرت علیؓ کو گالی گلوچ دے لینا جائز کیا گیا ہے چنانچہ اصول کافی صـ۴۸۴ میں ہے۔ اِنَّ عَلِیاً عَلَیْہِ السَّلَامُ قَالَ عَلٰی مِنْبَرِ کُوْفَۃَ یَا اَیُّھَا النَّاسُ سَتُدْعَوْنَ اِلٰی سَبِّیْ فَسُبُّوْنِیْ۔ (ترجمہ) حضرت علیؓ نے کوفہ میں منبر پر بیٹھ کر فرمایا۔ لوگو! تمہیں میری ست وشتم کی طرف بلایا جائے گا۔ پس تم مجھے گالی گلوچ دے لینا) جو لوگ اپنے آقا اور امام حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بوقت ضرورت گالی گلوچ دینے سے نہیں چوکتے۔ تمہاری کیا عزت کریں گے۔ بلکہ ضرورت پڑ گئی تو تمہارا چھپڑا بھی اُدھیڑ لیں گے۔ لہٰذا ایسے بدطینتوں سے دُور رہو۔

حوالہ ۱۵/۱۶۔ کی تفصیل پہلے گذر چکی ہے۔

حوالہ ۱۷۔ تمام محرمات حلال ص۸۰ ج۲

یعنی قرآن مجید میں جن عورتوں کے لئے منع فرمایا کہ اُن سے نکاح حرام ہے مثلاً ماں۔ بہن۔ بیٹی وغیرہ اُن کے مذہب میں اُن کے ساتھ جائز ہے۔ اب اصل عبارت پڑھیے۔ فروع کافی صـ۲ میں ہے کہ

اَلَّذِیْ یَتَزَوَّجُ ذَوَاتِ الْمَحَارِمِ الَّتِیْ ذَکَرَہُ اللّٰہُ عِزَّ وَجَلَّ تَحْرِیْمَھَا فِی الْقُرْاٰنِ مِنَ الْاُمَّھَاتِ وَ الْبَنَاتِ اِلٰی آخِرِ الْاٰیَۃِ کُلُّ ذَالِکَ حَلَالٌ مِنْ جِھَۃِ التَّزْوِیْجِ حَرَامٌ مِنْ جِھَۃِ مَا نَھَی اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ عَنْہُ وَلَا یَکُوْنُ اَوْلَادُھُمْ مِنْ ھٰذَا الْوَجْہِ اَوْلَادَ الزِّنَا وَمَنْ قَذَفَ الْمَوْلُوْدَ مِنْ ھٰذَا الْوَجْہِ جُلِدَ الْحَدَّ لِاَنَّہٗ مَوْلُوْدٌ بِتَزْوِیْجٍ رَشْدَۃٍ۔ (ترجمہ) جو شخص محرم عورتوں کو جن کی حرمت کا خدا نے قرآن میں ذکر کیا ہے۔ ماؤں۔ بیٹیوں وغیرہ سے (جن کا آخر آیت تک ذکر ہے)

نکاح کریں۔ یہ سب حلال ہیں۔ نکاح کی جہت سے، اور حرام ہیں اس وجہ سے کہ اللہ نے اس سے منع فرمایا ہے۔ اور ان کی اولاد اس وجہ سے اولاد زنا نہیں ہے۔ جو شخص ان لڑکوں کو جو اس وجہ سے پیدا ہوں۔ تہمت دے کر (کہ وہ ولد الزنا ہیں) اس کو سزائے تازیانہ دی جائے گی۔ کیونکہ وہ نکاح صحیح سے پیدا ہوئے ہیں :۔

مسلمانو! خدارا سوچو کہ جس مذہب میں ماں، بہن، بیٹی وغیرہ سے نکاح زنا سب حلال، طیب ہو تو پھر ایسے بُرے مذہب کو وہی اختیار کر سکتا ہے جس کی فطرت ازل سے خراب ہے۔

حوالہ ۱۸۔ حلف لغیر اللہ ناجائز ص ۲۶۱ ج ۲

لیکن افسوس کہ شیعہ بات بات پر غیر اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں۔

حوالہ ۱۹۔ داڑھی بقدر قبضہ لازم اور مونچھیں کٹوانا لازم۔

لیکن افسوس کہ شیعہ مذہب کے بڑے بڑے پادری بھی داڑھی کی سنت سے محروم ہیں۔ اور مونچھیں بڑھانا تو گویا ان کا مذہبی شعار بن گیا ہے۔ مونچھوں کے بارے میں چند احادیث از کتب شیعہ۔

نقل کرتا ہوں۔

شیعہ عوام اکثر جاہل ہوتے ہیں۔ دولت کی وفرت کی بنا پر ان کے ذاکر مرثیہ خوان ان سے تجوریاں بھر کر چلے جاتے ہیں۔ صرف ماتم، سینہ کوبی، تعزیہ بازی کی داستانیں سنا کر انھیں خوش و خرم رکھتے ہیں۔ باقی اللہ اللہ خیر سلا۔ یہی وجہ ہے کہ کتب شیعہ کا مطالعہ کیا جائے۔ تو عوام شیعہ کا طور طریقہ ان

کے آئمہ معصومین اور علماء مجتہدین کی تحقیقات کے سراسر خلاف ہے۔ مثلاً سیاہ کپڑے پہننا۔ اذان و کلمہ میں علیؑ ولی اللہ بڑھانا۔ اور دیگر ان کے تمام مراسم غلط اور سراسر غلط ہیں۔ بلکہ ان کے اکثر موجودہ معمولات پر ان کے معصومین ائمہ نہ صرف غیض و غضب کا اظہار فرمایا ہے بلکہ بے شمار لعنتیں فرمائی ہیں۔ اس کی تفصیل دیکھنی ہو تو فقیر کی کتاب "آئینہ شیعہ مذہب" کا مطالعہ کریں۔

احادیث از کتب شیعہ

(۱) عن ابی عبد اللہ علیہ والسلام قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یطولن احدکم شاربہ فان الشیطان یتخذہ مخبأ یستتر بہ

فروع کافی ۲/۵۳

ترجمہ: حضرت امام جعفر صادق رضؓ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تم میں سے کوئی ایک بھی اپنی مونچھوں کو لمبا نہ کرے۔ کیونکہ چھپنے کی جگہ بنا لیتا ہے۔ مونچھوں میں چھپتا ہے۔

(۲) وقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حفوا الشوارب واعفوا اللحی من لا یحضر الفقیہ۔

ترجمہ: اور فرمایا کرتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ مونچھوں کو کٹاؤ۔ اور داڑھی کو لمبا کرو

(۳) قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یطولن احدکم شاربہ ولا عانتہ ولا شعر ابطیہ فان الشیطن یتخذھا مخابیا یستتر بھا

کتاب العلل والشرائع ۱/۱۷۶

ترجمہ: حضرت امیر المومنین علیہ السلام سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تمہارا کوئی بھی اپنی مونچھوں کو لمبا نہ کرے اور نہ اپنے ناف بالوں کو اور

نہ ہی بغلوں کے بالوں کو، اس لئے کہ
شیطان ان کو اپنے چھپنے کی جگہ بناتا ہے
اور اس میں چھپتا ہے۔

(۴) قال تقلیم الاظافر واخذ الشارب من الجمعۃ الی الجمعۃ امانٌ من الجذام :- (کتاب الامالی للصدوق ص۱۸۳)

ترجمہ:- حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ناخنوں کا کاٹنا اور مونچھوں کا کٹانا کوڑھ پن سے بچاتا ہے۔

(۵) قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من قلم اظفارہ یوم الخمیس واخذ شاربہ عوفی من وجع الاحراس ووجع العین۔

ترجمہ:- فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جمعرات کو ناخنوں کا کاٹنا اور مونچھوں کا دانت اور آنکھ کے درد سے بچانا

(جامع الاخبار ص۱۰۲)

(۶) حضرت امیر المومنین موسیٰ کہ ھر جمعہ شارب گرفتن امان میدہد از خورہ۔

ترجمہ:- حضرت امیر المومنین رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ہر جمعہ کو مونچھیں کٹانا دانت خورہ سے بچاتا ہے۔ (حلیۃ المتقین ص۱۰۲)

(۷) ورفضیلت شارب گرفتن یعنی موئے لب بالا را تا تہ گرفتن سنت مؤکدہ است و ھرچند بیشتر از ندکہ بکنند بہتر است واز حضرت رسول منقول است کہ شارب خود را دراز میکند کہ شیطان دران جا میکند و

(۸) عن ابی عبد اللہ علیہ السلام من قلم اظفارہ وقص شاربہ فی کل جمعۃ ثم قال بسم اللہ وعلی سنۃ رسول اللہ اعطی بکل قلامۃ عتق رقبۃ من ولد اسمٰعیل۔

ترجمہ:- حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ جس شخص نے اپنے ناخن

وپنہاں میشود۔ (حلیۃ المتقین ص۵۹)

(۹) در حدیث دیگر فرمودہ خود را شبیہہ بگردانید و فرمود کہ از مانیت ہر کہ شارب خود را بگیرد

(حلیۃ المتقین ص۶۰)

(۱۰) وقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان المجوس جزوا لحاھم وفروا شوارب وانا نحن نجز الشوارب ونعفی اللحاد وھی الفطرۃ۔

کٹائے اور مونچھیں کٹائیں۔ ہر جمعہ کو دو بار پھر اس نے کہا میں اللہ علی سنۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام سے کہتا ہوں۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت پر عمل کرتا ہوں تو ہر کٹائی سے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی اولاد کے غلام آزاد کرنے کا ثواب دیا جائے گا۔ (جامع الاخبار ص۱۲۲)

ترجمہ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجوسیوں نے اپنی داڑھی کو صحیح کٹایا اور مونچھوں کو لمبا کیا۔ اور ہم مونچھوں کو ضرور کٹاتے ہیں۔ اور داڑھیاں لمبی کرتے ہیں اور یہ فطرت انسانی کے عین موافق ہے۔

(من لایحضرہ الفقیہ ص۲۴)

(۱۱) بحدیث نبوی عمدہ عذاب قبر ازیں سہ امر است نگر مسن شارب و بہ داہنے فرمود کہ یا علی ہر کہ موئے لب را بگیرد و از مانیت و شفاعت ما را در نیابد و ہر کہ شارب گذارد ہمیشہ در لعنت خدا و ملائکہ باشد و عائش مستجاب نمی شود و فیض روحش دشوار باشد و عذاب قبرش شدید باشد و ہر موئے مارے وعقرب بر او مسلط باشد تا قیامت و چوں از قبر برخیزد و بر پیشانی او نوشتہ اہل آتش (مجمع المعارف ص۴۳ مطبع ایران)

شیعہ پارٹی

فقیر عوام شیعہ کے غلط طریقے دیکھ کر حیران ہوتا ہے کہ ان غریبوں کو ذاکر مرثیہ خوان لیڈر بری طرح لوٹ رہے ہیں۔ کہ انھیں ایک طرف لوٹ مار کرتے ہیں۔ دوسری طرف، انھیں سخت سزاؤں کا مستحق بنا رہے ہیں کہ مثلاً مونچھوں کے مسئلہ کو دیکھئے۔ کہ ان کی کتابوں میں مونچھیں بڑھانے پر کتنا سخت وعیدیں سنائی گئی ہیں۔ لیکن ان سے پوچھو تو کہتے ہیں کہ یہ ہماری شہ پر ہیں۔

شیعہ دوستو! ذرا سوچو اور اپنی کتابوں کو خود دیکھو۔ تمہیں یقین ہوگا۔ کہ یہی ذاکر۔ مرثیہ خوان تمہارے پرلے درجہ کے دشمن ہیں۔

اہلسنت عوام

مونچھیں کٹوانا ہمارے مسلک میں ہے۔ لیکن نہ اتنا کہ لبوں کو کشتی کا پل بنا دیا جائے بلکہ ابرو کی مقدار باقی رکھی جائیں۔ ورنہ پھر اہلسنت حنفی نہیں۔ بلکہ خارجیوں کے مذہب پر عمل ہوگا۔ مونچھوں کی تفصیل فقیر کے رسالہ "نصرۃ الملہم" اور "داڑھی کی تحقیق فقیر کے رسالہ "نعمۃ المنعم" میں پڑھیئے۔

حوالہ نمبر ۲ مذی اور ودی سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ اگرچہ بہہ کر پاؤں تک چلی جائے۔ صفحہ ۱۳ ج ۱۔

اصل عبارت ملاحظہ ہو۔ کتاب فروع کافی صفحہ ۲۱ جلد اول۔ عن ابی عبداللہ علیہ السلام قال ان سال من ذکرک شیئ من مذی او ودی انت فی الصلوۃ قال

لَا تَغْسِلْهُ وَلَا تَقْطَعِ الصَّلٰوۃَ وَلَا تَنْقُضُ لَہُ الْوُضُوْءَ وَاِنْ بَلَغَ عَقِبَیْکَ اور دوسری روایت میں ہے محمد بن مسلم سے قَالَ سَاَلْتُ اَبَا جَعْفَرٍ عَلَیْہِ السَّلَامُ عَنِ الْمَذْیِ یَسِیْلُ حَتّٰی یُصِیْبُ الْفَخِذَ فَقَالَ لَا تَقْطَعْ صَلٰوتَکَ وَلَا یَغْسِلْہُ مِنْ فَخِذِہٖ۔

(ف) اِن ہر دو روایات سے اصل مطلب مذی اور ودی نماز میں جاری ہو کر ایڑیوں تک جانے کا نکلا۔ اور مذی ودی کے پاک ہونے کا ثبوت ملا۔

مذی ودی کی عجب شان

فروع کافی ص ۲۱ میں ہے عن زرارۃ عن ابی عبداللہ علیہ السلام قَالَ سَاَلَ مَنْ ذَکَرَکَ مِنْ مَذْیٍ اَوْ وَدْیٍ وَاَنْتَ فِی الصَّلٰوۃِ فَلَا تَغْسِلْہُ وَلَا تَقْطَعِ الصَّلٰوۃَ وَلَا تَنْقُضْ لَہُ الْوُضُوْءَ وَاِنْ بَلَغَ عَقِبَیْکَ فَاِنَّمَا ذٰلِکَ بِمَنْزِلَۃِ النُّخَامَۃِ

ترجمہ: امام جعفر صادق نے فرمایا۔ اگر تیرے ذکر سے مذی یا ودی خارج ہو جب تم نماز پڑھ رہے ہو۔ تو اس کو مت دھوؤ اور نماز کو مت توڑو۔ وضو بھی شکست نہ سمجھو۔ اگرچہ یہ بہہ کر ایڑیوں تک جا پہنچے۔ کیونکہ یہ ایسا ہے جیسا ناک کا پانی بہنا۔

(۲) من لا یحضرہ الفقہ ص ۱۳ میں ہے: کَانَ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلَیْہِ السَّلَامُ لَا یَرٰی فِی الْمَذْیِ وُضُوْءًا وَلَا غُسْلَ مَا اَصَابَ مِنْہُ وَرُوِیَ اَنَّ الْمَذْیَ وَالْوَدْیَ بِمَنْزِلَۃِ الْبُصَاقِ وَالْمُخَاطِ فَلَا یُغْتَسَلُ مِنْہُمَا اِلَّا الثَّوَابُ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا خَلِیْلٌ۔

ترجمہ: امیر المؤمنینؑ مذی میں وضو کا حکم نہ دیتے تھے۔ اور نہ اس چیز کے دھونے کا جس کو مذی لگی ہو۔ اور روایت کیا گیا ہے کہ مذی اور ودی تھوک یا

ناک کے پانی کا حکم رکھتی ہیں۔ پس جس کپڑے کو لگ جائیں۔ اسے دھونے کی حاجت نہیں ہے۔ بلکہ شرمگاہ (جہاں سے یہ پلیدی نکلی ہے) کو بھی دھونے کی ضرورت نہیں۔

واہ شیعہ! پاک مذہب کا کیا کہنا۔ منہ۔ ناک اور شرم گاہ کو یکساں بنا دیا۔ جیسے منہ و ناک سے نکلی ہوئی رطوبت پاک ہے۔ ویسا ہی اس ناپاک عضو مخصوص سے نکلی ہوئی رطوبت بھی پاک ہے۔ فقیر اویسی عرض کرتا ہے کہ شیعہ مذہب کو ع

کوئی جانے تو کیا جانے کوئی سمجھے تو کیا سمجھے

خلاصہ اینکہ

شیعہ مذہب میں تھوک کی طرح مذی ودی وغیرہ پاک ہے۔ کسی نے مجھ سے پوچھا کہ کیا تھوک کی طرح اسے کھانا پینا جائز بھی ہے۔ میں نے کہا مذکورہ بالا ارشاد گرامی سے تو ایسے ہی معلوم ہوتا ہے۔ پھر اس نے پوچھا کہ کیا شیعہ حضرات مذی وودی کھاتے پیتے بھی ہیں یا نہیں۔ اس نے کہا یہ راز کی بات ہے۔ یہ انہی حضرات سے خود پوچھ لیں۔ فقیر اُن کا راز آؤٹ کردے تو ممکن ہے وہ ناراض ہو جائیں۔ اور کسی کا دل دکھانا نہیں اچھا۔

حوالہ ۲۱۔ وطی فی الدبر اور مشت زنی جائز صفحہ ۱۵۱ و ۱۵۹

یہ دراصل دو مسئلے ہیں۔ وطی فی الدبر یعنی لونڈے بازی اور وہ بھی لڑکوں سے بھی اور عورتوں سے بھی۔ یہ دھندا بھی شیعہ مذہب میں عروج پر ہے۔ متعہ شریف سے یہ شغل لذیذ ترین ہے۔ تبھی تو لفنگے مچھ ڈنڈے چھوکرے اور

بد معاش طبع لوگ اس مذہب میں دھڑا دھڑ داخل ہوتے جا رہے ہیں. وطی فی الدبر یعنے لونڈے بازی کے حوالے ملاحظہ ہوں. چنانچہ شیعہ کی صحیح اور مستند کتاب "الاستبصار" صفحہ ۱۳۰ میں ہے

عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ اَبِی یَعْفُوْرَ قَالَ سَاَلْتُ اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ عَلَیْہِ السَّلَامُ عَنِ الرَّجُلِ یَاْتِی الْمَرْاَۃَ فِی دُبُرِھَا. قَالَ لَا بَاْسَ بِہٖ. یعنی راوی نے بہ نسبت دبر زنی عورت کے مسئلہ پوچھا تو آپ نے جواباً فرمایا کہ کچھ مضائقہ نہیں. (بشرطیکہ کر لیا کرے) اور صاحب استبصار نے اس کے جواز پر آیت فَاْتُوْا حَرْثَکُمْ اَنّٰی شِئْتُمْ اور لوط علیہ السلام کا قصہ بیان کیا ہے. کہ لوط علیہ السلام نے اپنی لڑکیوں کو اسی کام کے لئے اپنی قوم لواطت کرنے والی کو اجازت دی تھی. قول لوط علیہ السلام ھٰٓؤُلَآءِ بَنَاتِیْ ھُنَّ اَطْھَرُ لَکُمْ وَقَدْ عَلِمَ اللّٰھُمَّ لَا یُرِیْدُوْنَ الْفَرْجَ بلکہ اس کے متعلق ایک عجیب روایت کتاب مذکور جلد ۲ صفحہ ۳۰ میں یوں لکھی ہے.

عَنْ حَمَّادِ بْنِ عُثْمَانَ قَالَ سَاَلْتُ اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ عَلَیْہِ السَّلَامُ عَنِ الرَّجُلِ یَاْتِی الْمَرْاَۃَ فِی ذَالِکَ الْمَوْضِعِ وَفِی الْبَیْتِ جَاعِدٌ وَقَالَ لِیْ وَرَفَعَ صَوْتَہٗ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ مَنْ کَلَّفَ مَمْلُوْکَہٗ مَا لَا یُطِیْقُ فَلْیَبِعْہُ ثُمَّ نَظَرَ فِیْ وُجُوْہِ اَھْلِ الْبَیْتِ ثُمَّ صَفَنَ اِلَیَّ فَقَالَ لَا بَاْسَ بِہٖ. ترجمہ:. حماد بن عثمان روایت کرتا ہے. کہ میں نے حضرت امام صادق علیہ السلام سے دریافت کیا کہ اپنی عورت کی مقعد میں دخول کرنا کیسا ہے؟ اس وقت چونکہ آپ کے پاس بہت سے آدمی بیٹھے تھے. آپ نے بلند آواز سے فرمایا کہ اپنے غلام سے اس کی طاقت سے بڑھ کر خدمت لینی جائز نہیں. بلکہ اسے فروخت کر دینا

چاہیئے۔ (غرض یہ تھی کہ اور لوگ یہ سمجھیں کہ اس نے غلام کے متعلق مسئلہ پوچھا ہے) راوی کہتا ہے۔ دوسرے لوگوں کے منہ کو دیکھ کر آپ نے اپنا منہ جھکا کر مجھے چپکے سے یہ فرمایا کہ اس میں کچھ حرج نہیں ہے۔"

اس سے معلوم ہوا کہ امام عالی مقام علانیہ طور پر یہ مسئلہ بتانے سے شرماتے تھے۔ لوگوں کو مغالطہ میں ڈال کر راوی کے کان میں کہہ دیا کہ ہاں! اس فعل میں کچھ حرج نہیں ہے۔

فروع کافی جلد ۲ صفحہ ۲۳۴ میں ہے:۔ قُلْتُ لِلرِّضَا عَلَيْهِ السَّلَامُ اِنَّ رَجُلًا مِنْ مَوَالِيكَ اَمَرَنِي لَا اَسْئَلُكَ عَنْ مَسْئَلَةٍ هَائِبَ وَاَسْتَحْيِي مِنْكَ اَنْ يَسْئَلَكَ قَالَ وَمَا هُوَ قَالَتِ الرَّجُلُ يَاتِي اِمْرَاَتَهُ فِي دُبُرِهَا قَالَ ذَالِكَ لَهُ قُلْتُ فَاَنْتَ تَفْعَلُ ذَالِكَ قَالَ اِنَّا لَا نَفْعَلُ ذَالِكَ۔ ترجمہ:۔ راوی کہتا ہے کہ میں نے امام رضا علیہ السلام سے عرض کی کہ آپ کا غلام ایک مسئلہ دریافت کرنا چاہتا ہے آپ سے مارے دہشت و شرم کے نہیں پوچھ سکتا۔ فرمایا کیا ہے؟ میں نے کہا مرد اپنی عورت کی مقعد میں ادخال کر سکتا ہے؟ آپ نے کہا ہاں اسے اجازت ہے۔ میں نے کہا آپ بھی ایسا کیا کرتے ہیں؟ کہا ہم ایسا نہیں کیا کرتے۔"

(خود را فضیحت دیگراں را نصیحت)

مسلمانو بے غیرت نہ بنو

یہ دو چار حوالے سن کر آپ گھبرائیں مت۔ بلکہ نہایت دیانتداری اور خوف خدا سامنے رکھ کر شیعہ کتب کا مطالعہ کریں۔ آپ کو خود بخود محسوس

ہوگا کہ اس پاک مذہب میں سوائے شہوت رانی کے اور نفسانی خواہشات کو ڈھارس دینے کے اور کچھ نہیں ہے بلکہ ایسے کاروبار کو مختلف رنگ اور مختلف طریق سے چلایا جاتا ہے۔ خوف طوالت نہ ہوتا تو فقیر اویسی غفرلہ اس کا نقشہ ناظرین کے سامنے رکھتا۔ تاہم چند حوالے پیش کرنے کی جرأت کرتا ہوں۔ اس سے سنجیدہ طبقہ خود اندازہ فرمائیں کہ یہ مذہب ہے یا شہوت اور نفسانیت کا مجموعہ۔

(۱) شیعہ مذہب میں اپنی عورت کی شرمگاہ کو بوسہ دینا اور چوسنا جائز ہے۔

فروع کافی جلد ۲ صفحہ ۲۱۴ میں ہے:۔ عن علی ابن جعفر قال سئلت ابا الحسن عن الرجل یقبل فرج امرأتہ قال لا بأس (ترجمہ) حضرت علی بن جعفر سے روایت ہے کہ میں نے امام ابوالحسن سے دریافت کیا کہ مرد اپنی عورت کی شرمگاہ کو چوم سکتا ہے؟ آپ نے کہا کچھ حرج نہیں ہے۔"

اپنی عورت کی شرمگاہ کو دیکھنا بھی مضائقہ ندارد۔ اسی کتاب کے صفحہ مذکورہ میں ہے۔ عن اسحٰق بن عمار عن ابی عبداللہ علیہ السلام فی الرجل ینظر الی امرأتہ وھی عریانہ قال لا بأس بذالک وھل اللذۃ الا بذالک۔

(ترجمہ) اسحٰق بن عمار نے صادق سے دریافت کیا کہ مرد اپنی عورت کی شرمگاہ بحالت برہنگی دیکھ سکتا ہے؟ آپ نے کہا کیا مضائقہ۔ بلکہ مزہ تو اسی میں ہے" حاشا وکلا۔ ائمہ طاہرین کی طرف ایسے حیاکش مسائل منسوب کرنا ان کی غایت درجہ کی توہین ہے۔ ایسی باتیں تو شہوانی مزاج تماشہ بین کرنے سے بھی شرماتے ہیں۔

(۲) عاریۃ الفرج (شرمگاہ دوسرے کو عاریۃً دے دینا) بھی جائز لکھا ہے:۔

استبصار جلد ۲ صفحہ ۷۵ میں ہے :۔ سَأَلْتُ اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ عَلَیْہِ السَّلَامُ عَنْ عَارِیَۃِ الفرج قَالَ لَا بَاسَ بِہٖ ۔ (ترجمہ) امام صادق علیہ السلام سے مسئلہ عاریۃ الفروج دریافت کیا گیا۔ آپ نے فرمایا۔ مضائقہ نہیں"۔

سستا سودا

جناب امیر علیہ السلام کی طرف ایک مسئلہ منسوب کیا گیا ہے جو عقلاً و نقلاً قابل تسلیم نہیں۔ وہ یہ کہ ایک عورت جنگل میں اکیلی جا رہی تھی۔ اس کو سخت پیاس لگی۔ ایک اعرابی سے پانی مانگا۔ اس نے کہا اس شرط پر پانی دیتا ہوں کہ مجھ سے ہمبستر ہو۔ مجبوراً عورت نے مان لیا۔ اعرابی نے منہ کالا کیا۔ عورت امیر المومنین عمرؓ کے دربار میں آکر اقبالی ہوئی۔ آپ نے سنگساری کا حکم دیا۔ جناب امیر نے کہا کوئی جرم نہیں ہوا۔ عورت کی رضامندی سے یہ فعل ہوا۔ پس یہ نکاح ہو گیا۔ چلو چھٹی ہو گئی۔ چنانچہ فروع کافی جلد ۲ صفحہ ۱۹۰ میں ہے۔

عَنْ اَبِی عبد اللّٰہ عَلَیْہِ السَّلَام قَالَ جَاءَتْ امْرَاءَۃٌ اِلٰی عُمَرَ فَقَالَتْ اِنِّی زَنَیْتُ فَطَھِّرْنِی فَاَمَرَ بِھَا اَنْ تُرْجَمَ فَاُخْبِرَ بِذَالِکَ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ صَلٰوۃُ اللّٰہِ عَلَیْہِ فَقَالَ کَیْفَ زَنَیْتِ فَقَالَتْ بِالْبَادِیَۃِ فَاَصَابَنِی عَطَشٌ شَدِیْدٌ فَاسْتَقَیْتُ اَعْرَابِیًّا فَاَبٰی اَنْ یَسْقِیَنِی اِلَّا اَنْ اُمَکِّنَہٗ مِنْ نَفْسِی فَلَمَّا اَجْھَدَنِی الْعَطَشُ وَخِفْتُ عَلَیَّ فَاَمْکَنْتُہٗ مِنْ نَفْسِی فَقَالَ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ تَرْوِیْحٌ وَرَبِّ الْکَعْبَۃِ۔ (ترجمہ) صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ ایک عورت حضرت عمرؓ کے پاس آئی اور کہا۔ میں نے زنا کیا ہے۔ آپ مجھے پاک کیجئے۔ آپ نے

سنگساری کا حکم دیا۔ جناب امیرؓ کو اس بات کی اطلاع ہوئی آپ نے عورت سے پوچھا۔ تو نے کس طرح زنا کیا۔ اس نے کہا میں جنگل میں جا رہی تھی۔ مجھے سخت پیاس لگی۔ ایک اعرابی سے پانی مانگا۔ اس نے کہا مجھ سے ہمبستری کر لے تو پانی دوں گا۔ جب پیاس نے مجھے بے تاب کیا اور مر جانے کا اندیشہ ہوا تو میں نے اسے اپنے نفس پر قابو دیا۔ امیر نے فرمایا بخدا یہ تو نکاح ہو گیا ہے جائے غور ہے کہ متعہ تو شیعہ کے ہاں مروج تھا ہی۔ اس روایت پر عمل کیا جائے تو زنا کا بھی دنیا سے نام ہی اٹھ جائے۔ بازاری عورتوں سے جو لوگ زنا کا ارتکاب کرتے ہیں اس میں بھی عورت و مرد باہم راضی ہو جاتے ہیں۔ یہاں تو صرف پانی پلایا گیا۔ وہاں روپیہ بھی دیا جاتا ہے۔ اور یہاں پیاس کی مجبوری تھی۔ وہاں بھوک ستاتی ہے۔ پھر وہ بطریق اولیٰ جائز ہو گیا، زنا نہ رہا۔ تعجب ہے کہ ارکان نکاح دو گواہ و ایجاب و قبول سے اسمیں ایک بات بھی نہ ہوئی۔ عورت مجبوری سے بدکاری پر راضی ہو گئی۔ اس کے اپنے ضمیر نے اسے شرمندہ کیا۔ وہ سمجھتی تھی کہ میں نے خلاف شرع زنا کا ارتکاب کیا ہے۔ خوف عقبیٰ اسے دربار شریعت میں لے گئی۔ تاکہ سزا ہو کر عفو جرم ہو۔ لیکن امیرؓ نے حکم دے دیا کہ سزا کی ضرورت ہی نہیں ہے۔ بلکہ یہ تو نکاح میں داخل ہو گیا۔ (مسلمانو) کسقدر بہتان امیرؓ پر ہے۔ مخالف اسلام یہ واقعہ سن لے تو وہ کیا کچھ بکواس کرے۔ یہ شیعان علی ہیں جو آپ کو یوں مطعون کرتے ہیں۔ لیکن حیا ر تو شرم آئے۔ کسی نے خوب کہا ہے ۔ ع

"بے حیا باش و ہر چہ خواہی کن"

(۳) شیعہ مذہب میں ہے کہ عورت اونٹ پر سوار ہو اور مرد جماع کرنا چاہے تو بھی اسے انکار نہ کرنا چاہیئے۔ فروع کافی ص۲۱۹ ج۲ میں ہے "شوہر کو منع نہ کرے جماع سے۔ اگرچہ پیٹ شتر پر ہو۔" سبحان اللہ کتنی ہی پیاری سہولتیں بخشی ہیں مذہب نے۔

(۴) لڑکے کا ختنہ تو سب لوگ کیا کرتے ہیں۔ شیعہ مذہب کی رُو سے لڑکیوں کو بھی ختنہ کرنا چاہیئے۔ فروع کافی جلد ۲ ص۲۷۱ میں ہے۔ عن ابی عبد اللہ علیہ السلام قال الختان سنۃ فی الرجال و مکرمۃ فی النساء (ترجمہ) امام صادق علیہ السلام نے فرمایا "ختنہ لڑکوں میں تو سنت ہے اور عورتوں میں باعث فضیلت ہے۔" کیوں نہ قدر و منزلت بڑھے جبکہ بیچاری نے آدھا چمڑا کٹوا پھینکا۔

زنا سے پیار

کوئی شخص اپنے باپ کی عورت یا لونڈی سے زنا کرے تو وہ مزنیہ عورت زانی کے باپ پر حرام نہیں ہو جاتی۔ فروع کافی جلد ۲ ص۱۷۶ میں ہے:۔ قال قال ابو جعفر صلوٰۃ اللہ علیہ ان زنا رجل بامرأۃ ابیہ او جاریۃ ابیہ قال ذالک لا یحرمھا علی اولادھا ولا یحرم الجاریۃ علی سیدھا۔ (ترجمہ) امام باقرؒ نے فرمایا کوئی شخص اپنے باپ کی جورو یا لونڈی سے زنا کرے تو وہ عورت مزنیہ اس کے باپ پر اور وہ لونڈی آقا پر حرام نہیں ہو جاتی۔

شیعہ کی دستی مشین یعنی مشت زنی کی لذت

فروع کافی جلد ۲ ص ۲۳۴ عَنْ اَبِیْ عَبْدُ اللّٰہِ السَّلَامُ قَالَ سَاَلْتُہٗ عَنِ الدَّلْکِ قَالَ نَاکِحُ نَفْسِہٖ لَا شَیْئَ عَلَیْہِ یعنی سائل نے بہ نسبت مشت زنی یعنی دستی مشین چلانے کے متعلق امام جعفر علیہ السلام سے مسئلہ پوچھا تو آپ نے جواباً بلا کسی قید و عذر کے فرمایا کہ دستی مشین چلانے والے پر کوئی سزا و گناہ نہیں شیعہ حضرات! اس مزیدار مشین کو خوب زور سے چلائیں تاکہ مذہبی مسئلہ پر عمل کرنے سے شیعیت پر مہر ثبت ہو۔ (متعہ شریف کے مزے)

استبصار

جلد ۲ ص ۷۸ میں ہے۔ عَنْ جَمِیْلٍ عَنْ زُرَارَۃَ سَاَلَ عَمَّارَۃَ وَ اَنَا عِنْدَہٗ عَنِ الرَّجُلِ یَتَزَوَّجُ الْفَاجِرَۃَ مُتْعَۃً قَالَ لَا بَاْسَ یعنی امام جنتی سے یہ مسئلہ سائل نے پوچھا کہ متعہ فاجرہ عورت کا کیا حکم ہے فرمایا کوئی مضائقہ نہیں۔ اور ایک روایت میں ہے کہ متعہ کرنا دوسرے کی عزت کو بٹہ لگانا ہے اور ایک روایت میں ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فعل متعہ کو حرام کر دیا ہے اور ایک روایت میں ہے۔ کہ عورت مجوسیہ و نصرانیہ سے متعہ درست ہے۔ اور افسوس کہ ایک روایت کہ متعہ کو سنتِ رسولِ خدا قرار دیا گیا ہے۔ نعوذ باللہ من ذالک اور صاحب استبصار شیعہ نے یہ روایت لکھ کر فیصلہ دیا ہے۔ کہ عفیفہ عورت سے متعہ کرنا افضل ہے۔ بہ نسبت فاجرہ عورتوں کے اور جن سے ممانعت متعہ پائی جاتی ہے

وہ تقیہ پر محمول ہیں اور فروع کافی جلد ۲ صفحہ ۱۹ میں لکھا ہے کہ امام جعفر علیہ السلام کی اس مسئلہ میں گفتگو ہوئی۔ امام صاحب نے کہا یہ متعہ تاحلال قیامت تک ہے کون شخص حرام کر سکتا ہے۔ حضرت کے مقابل نے جواباً کہا کہ متعہ آپ کی عورتیں و دختریں بھی کرتی ہیں۔ ان کے لئے بھی ہے۔ فَقَالَ یَسْتَرِكَ اِنْ نِسَائِكَ وَبَنَاتُكَ وَبَنَاتُ عَمِّكَ فَقَالَ یَفْعَلْنَ قَالَ فَاَعْرَضَ عَنْهُ اَبُوْ جَعْفَرٍ عَلَیْهِ السَّلَامُ حِیْنَ ذَکَرَ نِسَاءَهُ وَبَنَاتِ عَمِّهِ۔ پس جبکہ یہ جواب تسلی بخش امام صاحب نے سنا تو لاجواب ہو کر اس سے منہ پھیر لیا۔ نعوذ باللہ من ذالک۔ اب رافضی بتلائیں کہ جب تمہارے ہاں یہ متعہ سنت ہے تو تم میں سے کون کون متعہ ارادہ ہے۔ ان کی فہرست تحریر کرو۔

شیعہ مذہب میں متعہ شریف کا اجر و ثواب بلکہ بلند درجات

فقیر اویسی غفرلہٗ نے متعہ کے متعلق ایک کتاب "رفع القناع عن المتعہ والاستمتاع" لکھی ہے۔ شیعہ کی معتبر کتب سے متعہ شریف کے فضائل لکھے ہیں۔ منجملہ ان کے ایک حدیث شریف آپ بھی پڑھ لیں۔ کہ شیعہ مذہب میں ایک بار متعہ کرنے سے امام حسین کا درجہ ملتا ہے۔ دو دفعہ کرنے سے امام حسن کا۔ تین دفعہ کرنے سے حضرت علی کا۔ چار دفعہ کرنے

سے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا۔ کتاب شیعہ برہان المتعہ صفحہ ۵۲
(وتفسیر خلاصۃ المنہج پارہ پنجم آیت استمتاع)

لطیفہ

فقیر کے ایک عزیز شاگرد کے سامنے ایک شیعہ صاحب، اہلسنت کے اکابر پر لاف گزاف بکنے لگا۔ عزیز نے نہایت لطیف لہجے میں کہا کہ جناب کے مذہب میں متعہ شریف کے بہت بڑے زور شور سے فضائل بیان کئے گئے ہیں جن کا آپ کو اعتراف ہوگا۔ ورنہ حدیث شریف مندرج سنیئے۔

من تمتع مرۃ درجتہ وکدرجۃ الحسین ومن تمتع مرتین درجۃ کدرجۃ الحسن ومن تمتع ثلث مرات درجۃ کدرجۃ علیؑ ومن تمتع اربع مراتٍ درجتہ کدرجتی[1]

(برہان المتعہ)

اس مرتبہ کے حصول کے لئے مجھے اپنی لڑکی متعہ کے لئے عنایت فرمایئے۔ شیعہ یہ سن کر شرمسار ہو کر اٹھ کھڑا ہوا۔

حوالہ ۲۲-۲۳ میں عمامہ شریف کے فضائل کا معاملہ ہے۔ اس کے متعلق فقیر کیا عرض کرے۔ جب عالم اسلام میں امتِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے سر سے اتار پھینکا ہے۔ اس میں صرف غریب شیعوں کا کیا قصور ہے۔ فقیر

---

[1] ترجمہ کا خلاصہ اوپر گذرا ہے۔

نے اس موضوع پر ایک رسالہ "تاج الکرامیہ علی تعمم العمامہ" لکھا ہے۔ کسی کو عمامہ کے فضائل و مسائل پڑھنے کا شوق ہے تو اس کا مطالعہ کرے۔

عجیب و غریب مسائل شیعہ

چونکہ "فروع کافی" شیعہ مذہب کی فقہ کا مجموعہ ہے۔ اس کی مناسبت سے فقیر شیعہ مذہب کے نمونہ کے طور پر چند مسائل پیش کرنے کی جرأت کرتا ہے۔

شیعہ مذہب میں پاک پانی

(۱) کتا نجس ہے۔ کنوئیں میں گر پڑے۔ تو کنواں پلید ہو جاتا ہے۔ جب تک سارا پانی نہ نکلے، پاک نہیں ہوتا۔ لیکن شیعہ مذہب میں ہے۔ کتا مرغی۔ چوہا۔ بلی وغیرہ کسی طرح پانی میں گر جائے تو صرف پانچ ڈول نکال دو کنواں پاک ہو جاتا ہے۔ فروع کافی جلد ۱ صـ۴ میں ہے:۔ عَنْ اَبِیْ عَبْدِاللّٰہِ عَلَیْہِ السَّلَام فِی الْفَارَۃِ وَالسَّنَوْرِ وَالدَّجَاجَۃِ وَالطَّیْرِ وَالْکَلْبِ قَالَ لَمْ تُنْتَفَسْ اَنْ یَتَغَیَّرَ طَعْمُ الْمَاءِ فَیَکْفِیْکَ خَمْسُ دِلَادٍ۔ ترجمہ:۔ صادق علیہ السلام سے چوہا۔ بلی۔ مرغی۔ کتے کی بابت دریافت کیا گیا۔ (جو کنوئیں میں گر پڑیں) آپ نے فرمایا۔ اگر سوج نہ جائیں۔ پانی کا ذائقہ نہ بدلے تو پانچ ڈول نکال لینا کافی ہے۔

(۲) شیعہ مذہب کی رو سے کنوئیں میں گوہ گر پڑے تو دس ڈول نکالنے کافی ہیں اور گل جائے تو چالیس ڈول۔ من لا یحضرہ الفقیہ صـ۵ میں ہے:۔ متی وقع فی

اَلْبِئْرِ عَفَارَۃٌ اُسْتُقِیَ مِنْھَا عَشْرُ دِلَاءٍ وَاِنْ ذَابَتْ فِیْھَا اُسْتُقِیَ مِنْھَا اَرْبَعُوْنَ دَلْوًا اِلٰی خَمْسِیْنَ دَلْوًا۔

من لا یحضرہ الفقیہ میں ہے:۔ وَاِنْ وَقَعَ فِی الْبِئْرِ زُنْبِیْلٌ مِنْ عَذِرَۃٍ رَطْبَۃٍ اَوْ یَابِسَۃٍ اَوْ زُنْبِیْلٌ مِنْ سِرْقِیْنٍ فَلَا بَاْسَ بِالْوُضُوْءِ مِنْھَا وَلَا یَنْتَجِسُ مِنْھَا شَیْءٌ۔ ترجمہ:۔ اگر کنوئیں میں گوبر خشک یا تر گوبر کی زنبیل گر جائے تو اس سے وضو جائز ہے۔ اور اس کنوئیں سے پانی وغیرہ بھی نہیں نکالا جائیگا۔

کتا اور چوہا کنوئیں میں

فروع کافی ص۱۰۵ میں ہے۔ وَقَعَ الْفَارَۃُ اَوِ الْکَلْبُ فِی السَّمْنِ وَالزَّیْتِ ثُمَّ خَرَجَ مِنْہُ حَیًّا لَا بَاْسَ بِاَکْلِہٖ۔ ترجمہ:۔ چوہا یا کتا گھی یا تیل میں گر پڑیں۔ وہ مر جائیں۔ یا زندہ نکلیں تو کھانا جائز ہے۔

دیگ میں چوہا

من لا یحضرہ الفقیہ ص۱۰۵ میں ہے۔ وَقَدْ طَبَخَ فَاِذَا فِیْہِ فَارَۃٌ یُھْرَاقُ مَرَقُھَا وَیُؤْکَلُ لَحْمُھَا لَجَدَانِ یُغْسَلُ۔ ترجمہ:۔ دیگ میں گوشت پکایا گیا۔ پھر اس سے مرا ہوا چوہا نکلا تو شوربہ پھینک دیا جائے۔ اور گوشت دھو کر کھا لیا جائے۔ شاید مثال "بوٹی حلال اور شوربہ حرام" شیعوں کی اسی لذیذ غذا سے نکل کر چار دانگ عالم میں ہو گئی۔

(غیور سنی سے)

غیور سُنّی سے

ہم نے بچپن میں سُنا تھا کہ شیعوں کے گھر کا کھانا پینا حرام ہے ہم نے سمجھا تھا کہ یہ شاید ضد یا تعصّب سے کہا گیا ہوگا۔ جب شیعوں کی کتب کا مطالعہ کیا تو معلوم ہوا کہ چونکہ اِس پاک مذہب کے لئے ہر شے پاک ہے۔ یہاں تک کہ پیشاب۔ مذی و ودّی وغیرہ بھی اسی لئے باغیرت سنّی تو تا حال اُن کے ہاں کھانا پینا حرام سمجھتا ہے۔ بے غیرت سے ہم خود بھی پناہ مانگتے ہیں۔

پیشاب کا پرنالہ

(۴) فروع کافی ج۱ ص۷ میں ہے۔ عن ابی عبداللہ علیہ السلام قال لو انّ میزابین سالا احدہ میزاب بول و اخریٰ میزاب ماءٍ فاختلف ثم اصابک ما کان بہ باس۔ ترجمہ:۔ امام جعفر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ دو پرنالے جاری ہوں ایک پیشاب کا دوسرا پانی کا اور دونوں اکٹھے ہو جائیں اور اس میں سے کچھ تیرے بدن یا کپڑے کو لگ جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں۔

(ف) برکت ہی برکت اس لئے پیشاب بھی تو ایک پانی ہے۔ پھر اسے پرنالے سے گزر ہوا۔ اسی لئے اسے شیعہ مذہب میں پاک نہ سمجھا جائے۔ تو کچھ تو تم بتاؤ کہ کیا کیا جائے۔

بندہ نماز میں ذکر ہاتھ میں

(۵) شیعہ کا مذہب ہے کہ اگر کوئی شخص نماز میں اپنے ذکر کے ساتھ کھیلے تو کوئی ڈر نہیں ہے۔ تہذیب ص۹۹ ج۱ میں ہے۔ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے معاویہ بن عمار پوچھتے ہیں کہ فرضی نماز میں ذکر کے ساتھ کھیلنا کیا حکم ہے۔ فرمایا کوئی ڈر نہیں۔ اصل عبارت یہ ہے۔ عن معویہ بن عمار قال سالت ابا عبداللہ علیہ السلام عن الرجل یعبث بذکرہ فی الصلوٰۃ المکتوبۃ فقال لا باس بہ۔ سبحان اللہ کیسے خشوع کی نماز ہے کہ ذکر ہاتھ میں لے کر کھیلتا رہے۔ یا یوں کہو کہ مشت زنی کرتا ہے۔ یہی راز ہوگا۔ شیعہ مذہب میں ہاتھ کھول کر نماز پڑھنے کا۔ کہ جب ہاتھ کھول دیئے تو وہ غریب نکمے کیوں رہیں۔ وہ بھی مشت زنی کی عبادت میں لگے رہیں۔

ورنہ کیا تک ہے کہ عبادت میں بندہ نیاز کر کے ہاتھ باندھے نہ کہ اکڑا رہے۔ دراصل اُن کے ہاتھ کھول کر نماز پڑھنے میں کچھ اور کام بھی ہیں۔

بلا غسل جنبی کھائے پیئے مزے کرے

اور اس حالت میں قرآن بھی پڑھے تو حرج نہیں

فروع کافی ج۱ عن ابن بکیر قال ابا عبد اللہ علیہ السلام عن الجنب یاکل ویشرب ویقرأ ویذکر اللہ ما شاء۔ ترجمہ:۔ امام جعفر رضی اللہ عنہ سے ابن بکیر نے سوال کیا کہ جنبی شخص کھا پی سکتا ہے۔ اور قرآن پڑھ سکتا ہے

آپ نے کہا ہاں، کھائے پیئے قرآن پڑھے۔ جسقدر ذکر اذکار چاہے کرے

قرآن کی گت

(۷) جنبی اور حائض عورت کو قرآن پڑھنا جائز ہے۔ تہذیب ج۱ ص۳۶ میں ہے عن ابی جعفر قال لا باس ان یتاو الحائض والجنب القرآن کہ حیض والی عورت اور جنبی کو قرآن پڑھنا کوئی ڈر نہیں۔

(۸) کہ جنبی کو مضمضہ و استنشاق ضروری نہیں۔ امام جعفر صادق سے کسی نے سوال کیا کہ جنبی کلی کرے تو آپ نے فرمایا۔ لا انما یجنب الظاھر کہ نہ کرے۔ کیونکہ ظاہر جنبی ہوتا ہے (اور منہ ظاہر نہیں بلکہ خوف سے ہے (تہذیب ج۱ ص۳۶)

(۹) پاخانہ میں آیۃ الکرسی کے مقدار قرآن یا الحمد للہ رب العلمین پڑھ لے۔ تو کوئی ڈر نہیں۔ کتاب من لا یحضرہ الفقیہ میں ہے سال عمر بن یزید اباعبد اللہ علیہ السلام عن التسبیح فی المخرج وقرأۃ القرآن فقال لم یرخص فی الکنیف اکثر من آیۃ الکرسی وبحمد اللہ رب العلمین۔ عمر بن یزید نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے دریافت کیا کہ پاخانہ میں قرآن پڑھنے اور تسبیح کا کیا حکم ہے۔ تو آپ نے فرمایا کہ پاخانہ میں اس سے زیادہ کی اجازت نہیں کہ آیۃ الکرسی کی مقدار قرآن پڑھ لے اور خدا کی حمد کرے یا

الحمد للہ رب العالمین پڑھے۔

(۱۰) نفاس والی عورت اور پاخانہ پھرتے ہوئے آدمی قرآن پڑھ لیں۔
الفاظ حدیث کے یہ ہیں۔ عن ابی عبد اللہ علیہ السلام قال سالتہ القرء النفساء والحائض والجنب والرجل یتغوط القرآن فقال یقرئن ما شاؤا۔
عبید اللہ بن علی حلبی کہتے ہیں۔ کہ میں نے امام جعفر صادق سے پوچھا کہ کیا نفاس والی عورت اور حیض والی اور جنب اور پاخانہ پھرتے ہوئے آدمی قرآن پڑھ لیں۔ آپ نے فرمایا پڑھ لیں۔ جو چاہیں استبصار جزو اوّل۔
سبحان اللہ قرآن کریم کی کیا ہی عزت ہے۔

یہ حوالہ جات مجالس المومنین کے ہیں

کتاب ہذا شیعوں کے نزدیک نہایت معتبر ہے۔

۱۔ صدیق اکبر کی افضلیت اعمال سے بلکہ اخلاص وعقیدت مجالس المؤمنین ۸۸
سے ہے۔

۲۔ صدیق اکبر کا ہجرت میں ساتھ جانا بفرمان خداوندی تھا 〃 ۲۱۳

۳۔ نبی کی دختر عثمان کو اور علی کی دختر عمر کو نکاح میں دیگئی۔ 〃 ۸۷
ام کلثوم

۴۔ محمد بن حنفیہ پسر علی ۶۹ سال کی عمر میں فوت ہوئے
لیکن شیعہ کہتے ہیں کہ وہ کوہ رضوی میں زندہ ہیں۔ 〃 ۱۱۵

۵۔ حضرت حسنؓ کثیر الطلاق واقع ہوئے۔ 〃 ۵۷

شرح اویسی

حوالہ ۱۔ صدیق اکبر کی فضیلت اعمال سے نہیں اخلاص و عقیدت سے ہے۔
مجالس المومنین مجلس سوم ص۷۹ پر اصل عبارت یوں ہے۔
حضرت سلمان فارسی فرماتے ہیں کہ حضور علیہ السلام حضرت ابوبکر کی شان میں صحابہ کی مجلس میں بیٹھ کر ہمیشہ یوں فرمایا کرتے تھے

ما سبقکم ابوبکر بصوم ولا صلوٰۃ ولکن شیٔ وُتّر فی قلبہ وکذالک فی الاحتجاج ص۲۰۲ و کشف الغمہ ص۲۳۰ وغیرھما

ابوبکر نے تم سے زیادہ نماز و روزہ ادا کرنے میں فوقیت حاصل نہیں کی۔ بلکہ ان کے صدق و صفا قلبی سے اس کی عزت و وقار بڑھا ہے۔

یہی ہم کہتے ہیں کہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہم افضل البشر بعد الانبیاء ہیں۔ ان کے دلائل میں سے ایک دلیل ان کی خلوص قلبی ہے۔ دیگر دلائل فقیر کے رسالہ "رد الزندیق عن مطاعن الصدیق" میں ملاحظہ ہوں۔

حوالہ ۲۔ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ہجرت میں (حضور علیہ السلام) کیساتھ جانا بفرمان خداوندی تھا۔ ص۲۱۳

سیدنا ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی افضلیت کے دلائل میں ایک دلیل واقعہ غار بھی ہے۔ اسی لئے شیعہ اس مصاحبت صدیقی کے انکار میں خاصا ہاتھ پاؤں مارتے ہیں۔ لیکن سچائی چھپ نہیں سکتی۔ اسی لئے اس کے صنادید نے تصدیق فرمائی۔ منجملہ مجالس المومنین کے حوالہ کے مندرج ذیل معتبر حوالہ جات

ملاحظہ ہوں :-

۱۔ تفسیر حسن عسکری صفحہ ۲۳۱ میں ہے۔ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی اَوْحٰی اِلَیْہِ یَا مُحَمَّدُ اِنَّ الْعَلِیَّ الْاَعْلٰی یَقْرَءُ عَلَیْکَ السَّلَامُ وَیَقُوْلُ لَکَ اِنَّ اَبَا جَھْلٍ وَ الْمَلَاَ مِنْ قُرَیْشٍ قَدْ دَبَّرُوْا یُرِیْدُوْنَ قَتْلَکَ اِلٰی اَنْ قَالَ وَاَمَرَکَ اَنْ تَسْتَصْحِبَ اَبَا بَکْرٍ فَاِنَّہٗ اِنْ اٰنَسَکَ وَ سَاعَدَکَ وَاٰزَرَکَ وَثَبَتَ عَلٰی تَعَاھُدِکَ کَانَ فِی الْجَنَّۃِ کَانَ مِنْ رُفَقَائِکَ وَفِیْ غُرْفَتِھَا مِنْ خُلَصَائِکَ وَاِلٰی اَنْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِاَبِیْ بَکْرٍ رَضِیْتَ اَنْ تَکُوْنَ مَعِیَ یَا اَبَا بَکْرٍ تُطْلَبُ کَمَا اُطْلَبُ تُعْرَفُ بِاَنَّکَ اَنْتَ الَّذِیْ تَحْمِلُنِیْ عَلٰی مَا اَدْعِیْہِ فَتَحْمِلُ عَنِّیْ اَنْوَاعَ الْعَذَابِ قَالَ اَبُوْبَکْرٍ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَمَّا اَنَا لَوْ لَبِثْتُ عُمْرَ الدُّنْیَا اُعَذَّبُ فِیْ جَمِیْعِھَا اَشَدَّ عَذَابٍ لَا یَنْزِلُ عَلَیَّ مَوْتٌ فَرَیْحٌ وَلَا فَرَحٌ شَیْخٌ وَکَانَ ذَالِکَ فِیْ مَحَبَّتِکَ لَکَانَ ذَالِکَ اَحَبُّ اِلَیَّ اَنْ اَسْتَنْعِمَ فِیْھَا وَاَنَا مَالِکٌ لِجَمِیْعِ قَلْبِکَ لِمُلُوْکِھَا فِیْ مُخَالَفَتِکَ مَا اَھْلِیْ وَوَلَدِیْ اِلَّا فِدَاءُکَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ لَا جَرَمَ اَنْ اَطْلَعَ اللّٰہُ عَلٰی قَلْبِکَ وَوَجَدَ مَا فِیْہِ وَوَجَدَ مَا فِیْہِ مُوَافِقًا لِمَا جَرٰی عَلٰی لِسَانِکَ جَعَلَکَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَۃِ السَّمْعِ وَالْبَصَرِ وَالرَّاْسِ مِنَ الْجَسَدِ وَبِمَنْزِلَۃِ مِنَ الْبَدَنِ لِعَلِیٍّ عَنِ الَّذِیْ تَقُوْلُکَ۔ اِنْتَھٰی مُلَخَّصًا۔

ترجمہ :- خلاصہ کلام امام علیہ السلام کا یہ ہے :- جبرائیل علیہ السلام رسول پر وحی لائے۔ اور کہا کہ اللہ تعالیٰ آپ پر سلام بھیجتا ہے اور فرماتا ہے کہ ابو جہل اور جماعت قریش نے تیرے قتل کرنے کی تدبیر سوچی ہے۔ آگے چل کر فرمایا۔ اور خدا نے تجھے حکم دیا ہے کہ ابو بکر کو اپنا رفیق سفر بناؤ۔ اگر وہ موافقت اور موانست اور اپنے عہد پر قائم رہے تو جنت میں بھی تیرے ساتھ ہوگا۔ پھر

حضور صلی اللہ علیہ وسلم ابو بکرؓ کی طرف متوجہ ہوئے اور کہا کہ اے ابا بکرؓ تو راضی ہے کہ اس سفر میں میرے ہمراہ ہو۔ اور کفار قریش جس طرح میرے قتل کے لئے تجھے تلاش کریں، ویسے ہی تیرے قتل کے درپے ہوں۔ اور اس بات کی تشہیر ہو کہ تو نے ہی مجھے اس بات پر آمادہ کیا۔ اور میری رفاقت کے سبب سے تجھے قسم قسم کے عذاب پہنچیں۔ ابو بکرؓ نے کہا یا رسول اللہ! میں تو وہ شخص ہوں کہ اگر آپ کی محبت میں عمر بھر مجھے عذاب اور تکالیف پہنچتی رہیں۔ (نہ مروں نہ آرام پاؤں) تو میرے نزدیک اس سے بہتر ہے کہ آپ کو چھوڑ کر دنیا کی شہنشاہی قبول کروں۔ میری جان و مال اور اہل و عیال سب کے سب آپ پر قربان ہوں (آپ کو چھوڑ کر کہاں جاؤں) یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تحقیق اللہ تعالےٰ تیرے دل پر مطلع ہوا۔ اور تیرے دل کو تیری زبان کے مطابق پایا۔ بالیقین خدا نے تجھے بمنزلہ میرے سمع و بصر کے گردانا۔ اور تجھ کو میرے ساتھ وہ نسبت ہے جو سر کو جسم سے اور روح کو بدن سے ہے)۔

فقیر اویسی کہتا ہے کہ شیعوں کے دلوں میں اگر کچھ بھی غیرت امام عسکری کی ہے۔ تو وہ امام والا مقام کی روایت پڑھ کر غور کریں کہ اس سے حضرت ابو بکر صدیقؓ کی کسقدر تعریف ہوتی ہے۔ اس روایت سے حسب ذیل امور ثابت ہیں۔ (۱) ابو بکر صدیق کی رفاقتِ رسولؐ سفر ہجرت میں اللہ کے خاص حکم سے عمل میں آئی تھی جس سے معلوم ہوا کہ علم الٰہی میں اس خدمت کے قابل ابو بکر صدیقؓ سے بڑھ کر کوئی صحابی نہ تھا۔

(۲) اللہ تعالیٰ کو ابو بکر صدیق کو اس خدمت کے لئے خاص طور پر منتخب فرمانا، دنیا

اسلام میں ابوبکر صدیقؓ کی فضیلت آشکارا کرنا مقصود تھا۔

(۳) اللہ تعالیٰ نے رسولِ پاک کو اطلاع دے دی کہ اگر صدیق اکبرؓ نے اس خدمت کو صدق دل سے انجام دیا تو جنت میں بھی رفاقت نصیب ہوگی۔ چونکہ یارِ غار نے اس خدمت کو باحسن وجوہ انجام دیا اس لئے حسبِ وعدہ الٰہی جنت الفردوس میں بھی رفاقتِ رسولؐ کے مستحق قرار پائے۔

(۴) رسولِ پاک کا یہ فرمانا کہ ابوبکرؓ مجھے پسند ہے۔ کہ کفار تیرے اور میرے درپئے آزار کیوں ہوں؟ کیونکہ ان کو معلوم ہے کہ یہ سفرِ ہجرت تیرے ہی صلاح و مشورہ سے اختیار کیا گیا ہے ابوبکرؓ کی عظمتِ شان کی دلیل ہے۔ کہ ابوبکرؓ بھی تبلیغِ اسلام اور استیصال کفر میں کفار کے نزدیک رسول پاک کے راست بازو تھے۔ اور ان کو صدیقؓ سے وہی عداوت تھی جو رسول پاکؐ سے تھی۔

(۵) باوجودیکہ شدید تکالیفِ سفر سے حضور علیہ السلام نے اپنے جانباز عاشق کو آگاہ کر کے یقین دلایا تھا کہ اس سفر میں سخت ترین مصائب کا سامنا ہے پھر عاشقِ صادق تھا اس کو قبول کر کے کہنا کہ مجھے اپنے آقائے نامدار کا ساتھ چھوڑنا ہرگز منظور نہیں۔ اگرچہ میری جان قیامت تک عذاب میں پھنسی رہے۔ اور کہ یہ تکالیف حضور کی رفاقت میں جانثار عاشق کو روئے زمین کی سلطنت ملنے سے بھی ہزار درجہ راحت بخش اور آرام دہ ہے۔ بقول شخصے ؎

یک جاں چہ تمنا علیست کہ سازیم فدایت
اما چہ تواں کرد کہ موجود ہمیں است

صدیقِ اکبرؓ کے جذبات محبت اور عشق رسول کا اعلیٰ ثبوت ہے۔

پھر حضور علیہ السلام کا یہ فرمانا کہ ابوبکرؓ اللہ علیم وخبیر کو تیرے اخلاص وعقیدت کا علم تھا۔ اسی لئے تیرا میرا یہ جوڑ بنایا کہ تو میرے سمع وبصر کی بجا ہے اور کہ میری اور تیری نسبت روح وبدن کی نسبت ہے۔ سبحان اللہ، اس سے بڑھ کر فضائل صدیقی کا ثبوت جو شیعہ کی معتبر کتاب جو کہ اُن کے برگزیدہ امام کی تصنیف سے ملتا ہے۔ اور کیا چاہیے لیکن افسوس صد بڑی بلا ہے۔ شیعہ ایسی واضح اور روشن روایات کو بھی تقیہ پر محمول کر دیں گے اللہ رے تقیہ؟ تو شیعہ کے ہاتھ میں کیسی سپر ہے؟ کہ کیسی ہی زد پڑتی نظر آئے۔ تو اس حصن حصین میں آکر اپنی جان بچا لیتے ہیں۔ لیکن یاد رکھو! آئمہ اہل بیت پر یہ ایک بیہودہ بہتان ہے کہ وہ تقیہ کی غرض سے کوئی خلاف واقعہ بات کہہ دیں۔ جو لعنتیوں کا فعل ہوا کرتا ہے۔

حوالہ ۲۔ شیعہ کی بڑی مستند کتاب حملہ حیدری سے پیش کیا جاتا ہے۔

نظم فارسی

چنیں گفت راوی کہ سالار دیں — چو بحفظِ جہاں آفریں
زنزدیک آں قوم پر مکر رفت — بسوئے سرائے ابوبکرؓ رفت
پئے ہجرت آں نیز استاد بود — کہ سابق رسو کش خرداد بود
نبی بود در خانہ اش چوں رسید — بگوشش ندائے سفر در رسید
چو ابوبکرؓ زاں حال آگاہ شد — ز خانہ بروں رفت وہمراہ شد

Scanned with CamScanner

چو رفتند چندیں بدامان دشت — قدرم فلک سائے مجروح گشت
ابو بکر رض آنکہ بدوشش گرفت — وے زیں حدیث است جائے شگفت
کہ در کس چناں قوت آمد پدید — کہ بار نبوت تواند کشید
برفتند القصہ چندے دگر — چو گردید پیدا نشانِ سحر
یدند غارے دراں تیرہ شب — کہ خواندے عرب غار ثورش لقب
گرفتند در جوف آں غار جا — ولے پیش بو بکر رض بنہاد پائے
بہر جا کہ سوراخ یا رخنہ دید — قبا را بدرید آں رخنہ چید
بدیں گونہ تا شد تمام آں قبا — یکے رخنہ نگرفتہ ماند از قضا
براں رخنۂ ماند آں یار غار — کف پائے را نمود استوار
نیامد جز او ایں شگرف از کسے — کہ دور از خرد می نماید بسے
نیامد چنیں کارے از غیر او — بدینساں چو پرداخت از رفت او
در آمد رسول خدا ہم بغار — نشستند یک جا بہم ہر دو یار
چوں شد کار پرداختہ ہم چناں — رسیدند کافر پیاپے بر آں
در آندم بکف پائے آں یار غار — کہ بر روئے سوراخ بود استوار
رسیدش ز دندان مارے گزند — در آں درد افغاں او شد بلند
پیغمبر باو گفت آہستہ باش — رسیدند اعدا مکن راز فاش
مکن غم گرداں صدا را بلند — کہ از زخم افعی نیابی گزند
بغار اندروں تا سہ روز و سہ شب — بسر برد آں شاہ بفرمان رب
شدے پور بو بکر رض ہنگام شام — بہ بردے در آں غار آب و طعام

نمودے ہم از حال اصحاب شر — حبیب خدائے جہاں را خبر
نبی گفت پس پور بو بکرؓ را — کہ اے چوں پدر اہل صدق و صفا
در جمازہ باید کنوں راہوار — کہ ما را رساند بہ یثرب دیار
ہم از اہل دیں آبدیدیکہ حملہ دار — برد کرد راز نبی آشکار
از حملہ دار ایں سخن چوں شنود — دو جمازہ در روم مہیا نمود
تہی شد ازاں قوم آں کوہ دشت — رسول خدا عازم راہ گشت
بہ صبح چہارم برآمد ز غار — دو جمازہ آوردہ بد حملہ دار
نشست از بر شتراں شاہ دین — ابو بکرؓ را کرد با خود قریں

ترجمہ

راوی نے روایت کی ہے کہ جب آنحضرت صلعم صحیح سالم بحفظ خدا اس نابکار قوم کے ہاتھوں سے نکل کر ابو بکر کے گھر پہنچ گئے تو ہجرت کے لئے وہ تیار کھڑے تھے۔ کیونکہ آنحضرت پہلے خبر دے چکے تھے، نبی علیہ السلام جب اس کے گھر پہنچے اور سفر ہجرت کی۔ ابو بکرؓ نے ندا سنی۔ ابو بکرؓ واقف حال ہو کر حضور علیہ السلام کے ہمراہ ہو گئے۔ جب تھوڑا سا سفر صحرا طے کیا۔ حضور کے قدم مبارک زخمی ہو گئے۔ تب ابو بکر نے کندھے پر اٹھا لیا۔ اور یہ امر واقعی عجیب ہے کہ اس جانثار کو کیسی قوت حاصل ہو گئی۔ کہ بار نبوت کا متحمل ہو گیا۔ الحاصل چل دیئے۔ تاکہ وقت سحر ہو گیا۔ ایک غار نظر آئی۔ جسے عرب غار ثور کہتے ہیں۔ اس غار میں جاگزیں ہوئے۔ جس میں پہلا قدم ابو بکرؓ نے رکھا۔ جہاں کہیں سوراخ پایا۔

کرتہ پھاڑ کر سوراخ بند کئے۔ حتیٰ کہ کرتے کے چیتھڑے ختم ہو گئے۔ اور ایک سوراخ باقی رہ گیا۔ اس باقیماندہ سوراخ پر اس یارِ غار نے اپنا پاؤں رکھ دیا۔ یہ عجیب فعل بغیر ایسے جانثار کے مشکل اور عقلاً محال نظر آتا ہے۔ رسولِ خدا غار میں داخل ہوئے اور دونوں دوست یک جا بیٹھ گئے۔ جب یہاں تک نوبت پہنچی۔ یک لخت کافر آ گئے۔ اس وقت اس نے پاؤں کو سوراخ میں رکھا تھا۔ سانپ نے ڈسا اور مارے درد کے چیخ نکل گئی۔ پیغمبرؐ نے کہا خاموش رہو۔ راز فاش ہو جائے گا۔ غم مت کرو۔ آواز نہ نکالو۔ گزند مار تکلیف نہ دے گا۔ تین دن رات تک امرِ الٰہی سے اس غار میں وقت گذارا۔ ابوبکر کا فرزند شام کے وقت غار میں کھانا پہنچاتا تھا۔ اور کفار کے حالات سے نبی علیہ السلام کو مطلع کرتا تھا۔ نبی علیہ السلام نے پسر ابوبکرؓ کو کہا کہ اے شخص جو اپنے باپ کی طرح صاحبِ صدق و صفا ہے دو تیز رفتار اونٹ چاہئیں۔ جو مدینہ طیبہ تک ہم کو پہنچا دیں۔ ایک دیندار چرواہا بھی پسر ابوبکر کا ہمراز تھا۔ چرواہا نے یہ خبر سن کر دو اونٹ مہیا کر دیئے۔ کفار سے وہ جگہ خالی ہو گئی۔ تو حضور علیہ السلام عازمِ راہ ہو گئے چوتھے روز آپ غار سے باہر نکلے۔ اور اونٹ حاضر کئے گئے۔ ایک پر شہنشاہِ دو جہاں سوار ہوئے اور اپنے پیچھے اپنے وزیر با تدبیر کو سوار کیا۔ اور دوسرے اونٹ پر چرواہا عامر سوار ہو گیا۔"

اس نظم میں شیعی مصنف نے اگرچہ شعر ۲۰ و ۲۱ میں اپنے تعصب کی کسی قدر جھلک دکھائی ہے تاہم بیان واقعہ حرف بحرف کر کے داد انصاف کیا ہے۔ اس قصہ سے جو شیعی فاضل مصنف حملہ حیدری نے بیان کیا ہے۔ حسب ذیل

امور ظاہر ہوتے ہیں۔ جو صدیقِ اکبرؓ کے عشقِ رسول کا ثبوت دیتے ہیں:۔

(۱) سفرِ ہجرت کا راز حضور علیہ السلام نے پہلے اپنے محرم راز صدیقِ اکبرؓ کو بتایا ہوا تھا۔ اور کفار کی آنکھوں میں خاک ڈال کر حضور سیدھے اپنے صادق الوداد دوست ابوبکر صدیق رضؓ کے گھر رونق افروز ہوئے۔

(۲) صدیق رضؓ حضورؐ کا جانثار عاشق رات بھر گھڑیاں گن گن کر اس وقت کا منتظر ہو رہا تھا کہ کسی وقت سرورِ دو جہاں اپنے جانباز عاشق کی جھونپڑی کو اپنے قدوم میمنت لزوم سے مشرف فرماتے ہیں۔ جونہی آہٹ سنی۔ فوراً قدمبوس ہو گیا

(۳) ابوبکرؓ نے اپنے محبوب سردارِ دو جہاں کی پیادہ روی کی تکلیف کو محسوس کر کے باوجود پیرانہ سالی حضور والا کو اپنے کندھے پر سوار کر لیا۔ اور اس بات کو غنیمت تصور کیا کہ شاہِ دو جہاں کے قدموں کی خاک بنے۔

(۴) عاشقِ صادق کو خدا نے فوق العادت طاقت بخشی کہ وہ گرانبار نبوت کا متحمل ہو گیا حبس کا متحمل ہونا انسانی طاقت سے بالا تر تھا۔

(۵) جب غارِ ثور میں داخلہ کا وقت ہوا تو حضور علیہ السلام کو نہ داخل ہونے دیا جب تک کہ مار و مور موذیات کے تمام سوراخ بند نہ کر لئے۔ اپنا کرتہ چاک کر کے جملہ سوراخ بند کئے۔ جب کوئی چیتھڑا باقی نہ رہا۔ تو باقیماندہ ایک سوراخ اپنی ایڑی سے بند کر لیا۔ کہ کوئی موذی کاٹے تو عاشق کو۔ اور محبوبِ دو جہاں کو گزند نہ پہنچے۔

(۶) آخر کار گزندِ قلعی کی تکلیف برداشت کی۔ اور اس امر کو عین راحت سمجھا۔

(۷) تین دن رات اس آفتاب عالمتاب کے انوار تاباں تنہا حاصل کئے جنھوں نے دو جہاں کو روشن کرنا تھا۔ اس دوران میں کیا کچھ اسرار قدرت اس خوش نصیب مرید نے مشاہدہ کئے ہوں گے جو اپنے مرشد ہادی دو جہاں سے خلوت گزیں ہو رہا تھا۔ زہے نصیب ابوبکرؓ زہے طالع ابوبکرؓ

(۸) حضور سرور کائنات اپنے مخلص دوست ابوبکرؓ کے متواتر تین دن رات مہمان رہے۔ چنانچہ ہر سہ روز کھانا ابوبکرؓ کے گھر سے جاتا تھا جس کو حضور تناول فرماتے تھے (کیا رسول کافر و منافق کے گھر کا کھانا ایسے نازک وقت میں منظور کر سکتا ہے؟)

(۹) سواری کا بندوبست بھی پسر ابوبکرؓ نے کیا اور حضور علیہ السلام نے ایک ہی اونٹ ساتھ سوار کیا۔ اور مبارک سفر ہجرت اس کی سواری میں طے فرمایا۔ پھر تعجب ہے، کہ اسقدر فضائل صدیقؓ اپنی کتابوں میں پڑھ کر بھی شیعہ صدیق کو برا بھلا کہہ کر اپنی عاقبت خراب کرتے ہیں۔

حوالہ ۳۔ شیعہ کی مستند کتاب تفسیر قمی ص۲۸۵ میں یوں پائی جاتی ہے:۔ قولہ:۔ اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا فَاَنْزَلَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنْ بَعْضِ رِجَالِهٖ رَفَعَهٗ اِلٰى اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ لَمَّا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِي الْغَارِ قَالَ لِاَبِيْ بَكْرٍ كَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلٰى سَفِيْنَةِ جَعْفَرٍ وَاَصْحَابِهٖ تَقُوْمُ فِي الْبَحْرِ وَاَنْظُرُ اِلَى الْاَنْصَارِ مُخْتَبِيْنَ فِيْ اَفْنِيَتِهِمْ فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ تَرَاهُمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاَرَيْنِيْهِمْ فَمَسَحَ عَلٰى عَيْنَيْهِ فَرَاهُمْ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ اَنْتَ الصِّدِّیْق۔

ترجمہ:۔ قَوْلُہٗ اِلَّا نَنْصُرُنَا:۔ (راوی) کہتا ہے مجھ سے میرے باپ نے حدیث بیان کی۔ اس نے بعض رجال سے جنھوں نے امام صادق تک روایت پہنچائی۔ امام نے فرمایا جبکہ تھے رسول پاکؐ غار میں۔ ابوبکر کو فرمایا۔ گویا کہ میں جعفر اور اس کے ساتھیوں کی کشتی کو دیکھ رہا ہوں جو دریا میں کھڑی ہے اور میں انصارِ مدینہ کو بھی دیکھ رہا ہوں۔ جو اپنے گھروں میں بیٹھے ہوئے ہیں، ابوبکرؓ نے عرض کی یا رسول اللہ! آپ ان کو دیکھ رہے ہیں؟ آپ نے فرمایا ہاں! ابوبکرؓ نے کہا۔ مجھے بھی دکھایئے۔ حضورؐ نے ابوبکرؓ کی آنکھوں کو اپنے دستِ مبارک سے مس فرمایا تو اس کو وہ تماشہ نظر آیا۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ تو صدیق ہے۔"

اِس حدیث سے ظاہر ہوا کہ غار میں جو اسرار حضور انور مشاہدہ فرما رہے تھے اُن کے مشاہدہ میں ابوبکرؓ کو بھی شریک فرمایا۔ اور آنکھوں کو دستِ مبارک سے مس فرمایا۔ تو سب کچھ نظر آنے لگا۔ پھر آپ نے ابوبکرؓ سے کہا۔ کہ بے شک تو صدیق ہے۔ (جب حضور علیہ السلام کے دستِ مبارک نے ابوبکرؓ کے چہرہ کو مسح فرمایا اور کشف اسرارِ غیبیہ ہوا تو پھر اس چہرہ کو نارِ دوزخ سے کیا خطرہ) جبکہ ایک رومال دست مال جو انسؓ کو عنایت ہوا تھا۔ آگ میں ڈالنے تو پہلے سے زیادہ شفاف و صاف نظر آنے لگتا۔ اور آگ اس کو نہ جلا سکتی۔ بلکہ اور جلا بخشتی تھی۔ پھر دستِ مبارک کی برکت سے جو کشف اسرارِ غیبیہ ابوبکرؓ کو حاصل ہو گیا۔ پھر یہ عطیہ عظمیٰ اس سے کون چھین سکتا تھا۔ بے شک صدیق اکبرؓ

کو کلید اسرارِ غیبی بہ صلہ رفاقت غار عطا ہوئی۔ علاوہ ازیں یہ حدیث اس بات میں نص ہے کہ ابو بکرؓ بہ صلہ خدمات سفر ہجرت و مصاحبت غار لقب صدیقؓ بارگاہِ رسالت مآب سے عطا ہوا تھا جس کی شہادت کتب شیعہ صراحت سے دے رہی ہیں۔ ذَالِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاءُ ؕ ؎

ایں سعادت بزور بازو نیست تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

اسی مضمون کی حدیث فروع کافی جلد ۳ (روضہ) صفحہ ۱۲۳ میں اور حیات القلوب جلد ۲ صفحہ ۲۴۴ میں درج ہے۔ اگرچہ ان میں مصنفین نے حسب عادت کسیقدر نیش زنی کی ہے لیکن واقعہ جوں کا توں نقل کر دینے پر مجبور ہو گئے ہیں۔

حوالہ ۳ کی بحث گذر چکی ہے۔

حوالہ ۴۔ محمد بن حنیفہ پسر علی (رضی اللہ عنہ) ۶۹ سال کی عمر میں فوت ہوئے صفحہ ۱۱۵ اس کے متعلق تبصرہ دوسرے مقام پر درج کر دیا گیا ہے۔

حوالہ ۵۔ حضرت حسن کثیر الطلاق واقع ہوئے صفحہ ۵۷ اس سے شیعہ صاحبان کو دکھانا ہے کہ تم اپنے ائمہ پر ایسے لطیف حملے کرتے ہو کہ جسے سن کر شرمائیں۔ یہود و مناقب کے پردے میں ان کے مثالب (عیب) بیان کرتے ہو

حوالہ جات من لا یحضرہ الفقیہ

یاد رہے کہ شیعہ مذہب کی سب سے زیادہ مستند کتب چار ہیں (کافی و فروع) الاستبصار، تہذیب الاحکام، اور من لا یحضرہ الفقیہ (اور اسلامیات

لازمی حصہ شیعہ طلبہ صـ۱۱۳ پر بھی ان کا ذکر موجود ہے۔

من لا یحضرہ الفقیہ

ہم اسی کتاب سے چند حوالہ جات پیش کرتے ہیں۔

حوالہ جات (من لا یحضرہ الفقیہ)

۱۔ پاخانہ کی روٹی کا واقعہ	من لا یحضرہ الفقیہ	۱۶
۲۔ اذان کی صورت اہلسنت کے مطابق	//	۱۶۷
۳۔ خنزیر کے چمڑے سے ڈول بنا کر پانی کھینچنا جائز ہے	//	۷
۴۔ جزع و فزع سے ممانعت	//	۸۸
۵۔ بغیر وضو کے نماز جنازہ پڑھنا جائز ہے	//	۱۰۱
۶۔ تھوک سے استنجا جائز ہے۔	//	۳۹
۷۔ حیض والی عورت نماز جنازہ پڑھ سکتی ہے۔	//	۱۰۲
۸۔ مرتے وقت منہ سے یا آنکھ سے منی نکلتی ہے۔	//	۸۱
۹۔ جس کپڑے کو شراب اور خنزیر کی چربی لگ جائے اس کپڑے پر نماز جائز ہے۔	//	۴۱
۱۰۔ جس کپڑے کو عمامہ یا ٹوپی کو یا جراب کو منی یا پیشاب لگ جائے جائز ہے۔	//	۴۱
۱۱۔ پیشاب خانہ میں جو کپڑا گرے وہ پاک ہے۔	//	۳۹
۱۲۔ نجس پرنالہ کا پانی پاک ہے۔	//	۵

Scanned with CamScanner

۱۳۔ جو شخص سُنّی کے پیچھے نماز پڑھے گویا اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھی۔ " ۲۱۲

۱۴ زیارت قبر النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث " ۵۰۳

۱۵ ما بین قبری و منبری روضۃ من ریاض الجنۃ (اس سے صدیق و عمر کی شان معلوم ہوتی ہے) ۵۰۴

۱۶۔ قبر حسین علیہ السلام کے متعلق حدیث مذکور اور اس کے حرم کا احاطہ ۵ میل بھی بہشت۔ " ۵۰۹

حوالہ ۱۔ پاخانہ کی روٹی کا واقعہ صفحہ ۱۶

ناظرین اسے نہ صرف واقعہ سمجھئے بلکہ شیعہ مذہب میں پاخانہ کی روٹی سے جنت کی سیٹ ریزرو ہو جاتی ہے۔ ایسی کتاب "من لایحضرہ الفقیہ" کے باب المکان للمحدث میں ہے۔ اصل عبارت ملاحظہ ہو۔

دخل ابو جعفر الباقر الخلاء فوجد لقمۃ نبذ فی القذر فاخذھا و غسلھا و رفعھا الی مملوکٍ معہ و قال یکون معک لاکلھا اذا خرجت فلما خرج قال للمملوک این اللقمۃ قال اکلتھا یا ابن رسول اللہ فقال انھا ما استقرت فی جوفٍ الا وجبت لہ الجنۃ فاذھب فانی اکرہ ان استخدم من اھل الجنۃ۔ (من لا یحضرہ الفقیہ) حضرت امام باقر علیہ السلام پاخانہ میں داخل ہوئے۔ تو پایا ایک روٹی کا ٹکڑا۔ جو گوبر میں پڑا ہوا تھا۔ تو آپ نے اس کو اٹھایا اور دھویا اور اپنے غلام کو دیا اور فرمایا یہ ٹکڑا تیرے پاس رہے

جب میں نکلوں گا تو اس کو کھاؤں گا۔ جب امام پاخانہ سے باہر تشریف لائے تو غلام سے پوچھا لقمہ کہاں ہے۔ غلام نے کہا اے ابن رسول اللہ میں اس کو کھا گیا۔ امام باقرؑ نے فرمایا وہ نہ پہنچے گا کسی کے معدہ میں مگر واجب ہو جائے گی اس کے لئے جنت۔ پھر غلام نے فرمایا جا تو آزاد ہے۔ میں ناپسند کرتا ہوں کہ کسی ایسے شخص سے خدمت لوں جو جنتی ہو۔ یہ مسئلہ ذخیرۃ المعاد صفحہ ۴۵ پر بھی موجود ہے۔ یہ امام باقرؑ کی حدیث ہے۔ اس کے متعلق شیعہ یہ نہیں کہہ سکتے کہ مجتہد کے مر جانے سے اس کا فتویٰ بھی مر جاتا ہے۔ اس روایت سے بالکل صاف طور پر ثابت ہوتا ہے کہ شیعہ مذہب میں پاخانہ میں گری ہوئی روٹی کو دھو کر کھا لینے سے جنت کی سیٹ ریزرو ہو جاتی ہے۔

روایت سے مندرجہ ذیل امور پر روشنی پڑتی ہے۔

(۱) اس روایت سے معلوم ہوا کہ روٹی کا ٹکڑا گو میں پڑا تھا۔ امام نے اس کو اٹھایا اور دھویا۔ ظاہر ہے کہ روٹی کا ٹکڑا دھونے سے پاک نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ نجاست اس میں جذب ہو جاتی ہے اور دھونے سے اس کا ازالہ نہیں ہو سکتا۔

(۲) امام نے وہ روٹی کا ٹکڑا اپنے غلام کے پاس اس کو امین سمجھ کر رکھا تھا۔ مگر اس نے امام کی نافرمانی کی۔ روٹی کا ٹکڑا امام کی اجازت کے بغیر کھا لیا اور یہ کہ امام کو گمان اپنے غلام کے متعلق صحیح نہیں نکلا۔

(۳) امام اگر روٹی کے ٹکڑے کا ادب ہی کرنا چاہتے تھے۔ تو اس کو پاخانہ سے اٹھوا دیتے۔ مگر آپ نے ایسا نہیں کیا۔ بلکہ یہ فرمایا کہ جس کے معدہ میں یہ لقمہ جائے گا۔ اس کے لئے جنت واجب ہو جائے گی۔

(۴) جب غلام نے وہ لقمہ کھا لیا تو اسی وقت وہ جنتی ہو گیا۔ اسی لئے امام نے فرمایا (چونکہ تم پاخانہ میں پڑے ہوئے روٹی کے لقمہ کے کھانے سے جنتی ہو گئے ہو) اسی لئے میں ناپسند کرتا ہوں۔ کہ جنتی سے خدمت لوں۔ اس لئے امام نے اسی وقت اس کو آزاد کر دیا۔ چونکہ سب ائمہ کی حالت ایک سی ہوتی ہے تو اب شیعہ حضرات فرمائیں کہ رسول کریم اور حضرت علی نے جن لوگوں سے خدمت لی۔ جیسے بلال اور قنبر۔ ان کی کیا حالت ہو گی۔

(۵) پھر تعجب بالائے تعجب یہ ہے کہ شیعانِ امام حضرت امام باقر کی سنت کو چھوڑ کر تلاش معاش میں سرگرداں ہیں۔ ایسی غذائے لطیف اور لقمہ طیب کی تلاش کیوں نہیں کرتے جو ہم خرما و ہم ثواب ہے۔ لذتِ زبان اور سیری شکم کے علاوہ سنتِ امام باقر ہے۔ اور اس پر مزید کہ جنت کی سیٹ بھی ریزرو ہو جاتی ہے۔ بہرحال یہ ہے حوالہ جو شیعہ کی اکثر مذہبی کتب میں موجود ہے اب نامعلوم پاخانہ کی روٹی سے شیعہ حضرات کو کیا اُنس و محبت ہے کہ اس کو داخلِ دفتر کرنے کے لئے حضرت امام باقر کی طرف روایت منسوب کی گئی ہے۔ اور اس پر اجر و ثواب کے پُل باندھ دیئے گئے ہیں۔

سوال :۔ ہمارے ہاں تو اتنی احتیاط ضروری ہے کہ نجس شئے کو استعمال سے پہلے دھو لیا جائے۔

جواب :۔ دھو لینا اور ہے اور کھا لینا اور۔ اور وہ بھی عام ایسی اشیاء جن میں نجاست جذب نہ ہو سکے۔ بلکہ روٹی کا ٹکڑا جو دھونے سے بھی پاک نہ ہو جیسے شیعہ کے مذہب میں نجاست میں پڑا ہوا روٹی کا ٹکڑا

دھو کر کھا لینا چاہیئے۔ اور پھر فوراً جنت کی سیٹ ریزرو ہو جاتی ہے۔
حوالہ ۲۔ اذان کی صورت اہلسنت کے مطابق صـ۱۶۵۔ ہماری اذان مشہور و معروف ہے۔ لیکن شیعوں نے اذان کے اندر چند الفاظ کا اضافہ کیا ہے۔ جسے کہ شیعہ مذہب میں بھی "عَلِیٌّ وَلِیُّ اللّٰہِ وَصِیُّ رَسُوْلُ اللّٰہِ وَخَلِیْفَتُہٗ بلا فصل" کے الفاظ اذان کی جزو نہیں ہیں۔ چنانچہ شیعہ مذہب کی مشہور و متداول کتاب تحفۃ العوام مطبوعہ نول کشور لکھنؤ ۱۹۳۱ء صـ۲۸ کے حاشیہ پر یہ لکھا ہے کہ:۔ "شہادت ولایت و خلافت حضرت امیر علیہ السلام جزو اقامت و اذان نہیں بلکہ جزوِ ایمان ہے"۔

جس کتاب کا ہم نے حوالہ دیا ہے یعنی من لا یحضرہ الفقیہ (مولفہ ابن بابویہ قمی المعروف بہ شیخ صدوق) جلد اول صـ۲۹۱ مطبوعہ طہران ۱۳۹۲ھ میں امام جعفر صادق سے جو اذان منقول ہے اس میں بھی صرف توحید و رسالت کا اقرار ہے۔ حضرت علی کا اس میں نام تک نہیں۔ بلکہ اس حدیث اذان کے تحت، شیخ صدوق نے تصریح کر دی ہے کہ ھٰذَا ھُوَ الْاَذَانُ الصَّحِیْحُ لَا یُزَادُ فِیْہِ وَلَا یُنْقَصُ (یہی صحیح اذان ہے جس میں کمی بیشی نہیں کی جا سکتی۔) اور یہ بھی لکھ دیا ہے کہ فرقہ مفوضہ لعنہم اللہ نے اپنی طرف سے اذان میں اَشْھَدُ اَنَّ عَلِیًّا وَّلِیُّ اللّٰہِ اور اَشْھَدُ اَنَّ اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ حَقًّا کی روایات وضع کر لی ہیں۔

حضرت علیؓ کو خلیفہ بلافصل ماننے کا مطلب یہ ہے کہ حضور خاتم النبیین حضرت محمد رسول اللہ علیہ وسلم کے بعد بلا فاصلہ حضرت علی رضی اللہ عنہ

رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے نامزد خلیفہ ہیں۔ جس سے یہ لازم آتا ہے کہ خلیفہ اوّل حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔ خلیفہ دوم حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اور خلیفہ سوم حضرت عثمان رضی اللہ عنہ ذوالنورین برحق خلیفہ نہیں بلکہ العیاذ باللہ وہ ظالم اور غاصب ہیں۔

حوالہ ۳ تا ۷ تک پچھلے حوالہ جات کی تفصیل ہیں ہم لکھ آئے ہیں۔

حوالہ ۸۔ مرتے وقت منہ یا آنکھ سے منی نکلتی۔ ص۸۱

ناظرین! خدا لگتی کہو کہ جس مذہب میں مرتے وقت منہ سے منی نکلنے کی شرط ہو اسے جہنم کا ایندھن نہ بننا ہوگا۔ تو اور کیا ہوگا۔ اس لئے کہ بہشتی بننے کے لئے "خاتمہ کلمۂ اسلام" پر ہونا ضروری ہے۔ اسی لئے ہم اہل سنت نزع روح کے وقت سورۃ یٰسین شریف پڑھتے اور مردہ کے قریب بیٹھ کر کلمہ شریف جہر سے پڑھتے ہیں تاکہ جانے والے مسافر کا ایمان سلامت ہو لیکن جس غریب شیعہ کے منہ سے منی جیسی پلید اور غلیظ شے نکل رہی ہو۔ وہاں کلمہ طیبہ کیسے۔ اسی لئے فقیر اویسی منصف مزاج شیعوں سے عرض کرتا ہے سوچئے کہ جس مذہب میں مرتے وقت بھی منی منہ میں آتی ہو اس سے بہشت کی کنجی کلمہ طیبہ کی اُمید کہاں؟

(حوالہ ۹ تا حوالہ ۱۲) پاکی پلیدی کے مسائل ہیں۔ جب ان کا اپنا دعوے ہے کہ شیعہ پاک مذہب ہے۔ تو اس میں پلیدی کا ہونا ناممکن ہے۔ اسی لئے اُن کے ہاں پیشاب۔ منی اور خنزیر۔ کتا۔ بلی۔ بلا۔ چوہا وغیرہ کو پلیدیوں میں گننا شیعہ مذہب پر ظلم کرنا ہے۔ حوالے اور ان کی عبارات بیان ہو چکی

ہیں۔ مزید تفصیل "آئینہ شیعہ مذہب" دیکھئے۔

حوالہ ۱۲۔ جو شخص سنی کے پیچھے نماز پڑھے گویا اُس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھی۔

نا معلوم یہ حوالہ "شیعہ مجتہد" نے کس ذوق سے لکھ مارا اور ہم شیعوں کو اس حوالہ کے مطابق کہتے ہیں کہ حقیقی مذہب اہل سنّت کا ہے۔ اسی لئے اس میں شامل ہو جاؤ۔ سنیو! مبارک باد کہ شیعہ کی معتبر کتاب میں یہ حوالہ ملا۔ ورنہ شیعہ کی دوسری کتابوں میں اہل سنّت کی یوں گت بنائی ہے ا۔ شیعوں کے سوا باقی تمام مذاہب کے لوگ کنجر زادے ہیں۔

فروع کافی کتاب الروضہ کے صفحہ ۳۵ میں ہے۔ امام ابو جعفر فرماتے ہیں کہ اِنَّ الناس کلہم اولاد بغایا ما خلا شیعتنا کہ ہمارے شیعوں کے سوا سب لوگ کنجریوں کی اولاد ہیں۔ اس قول میں ماسوائے شیعہ کے سب لوگوں کو کنجریوں کی اولاد کہا گیا۔ یہ ہے شیعہ مذہب کی تہذیب کہ اپنے سوا تمام کو کنجری زادہ کہتے ہیں۔ اہل انصاف سوچیں کیا ان کی اس بد تہذیبی کی زد میں عالم دنیا کے تمام اولیاء اللہ آتے ہیں یا نہ۔

۲۔ اہل سنّت کے جنازوں پر شیعہ کی لعنت۔ تہذیب جلد اوّل کے صفحہ ۹۶ میں لا یجوز لاحد من اھل الایمان ان یغسل مخالفا للحق فی الولایۃ ولا یصلی علیہ الّا ان تدعوہ ضرورۃ الی ذالک من جہۃ التقیۃ ولا یترک فیغسلہ تغسیل اھل الخلاف ولا یترک معہ حریدۃ واذا صلی علیہ لعنہ فی صلوٰتہ و لم یدع لہ بخیر۔ کہ کسی اہل ایمان کو جائز نہیں۔ کہ ولایت کے بارہ میں جو مخالف

حق ہوا اسے غسل دے۔ نہ اس پر جنازہ پڑھے۔ اگر تقیہ کے سبب کہیں پڑھنا پڑ جائے یعنی ضرورت پیش آ جائے تو اسے اہل خلاف کی طرح غسل دے اور اس کے ساتھ جریدہ نہ رکھے۔ جب نماز جنازہ پڑھے تو نماز میں اس پر لعنت کرے۔ دعا نہ مانگے۔ تہذیب میں اس قول کی شرح میں لکھا ہے کہ اس کی وجہ یہ ہے کہ اہل حق کا مخالف کافر ہے۔ اس پر کافروں کا حکم واجب ہے۔ پھر اسی تہذیب کے صفحہ ۱۶۸ میں امام حسین علیہ السلام کا ایک واقعہ نقل کیا ہے کہ ایک منافق مر گیا۔ امام حسین علیہ السلام اس کے جنازہ کے ساتھ ہوئے۔ آپ کا ایک غلام ملا تو آپ نے اسے فرمایا کہ تو کہاں جا رہا ہے۔ عن ابن عبد اللہ ان رجلا من المنافقین مات فخرج الحسین بن علی یمشی معہ فلقیہ مولی لہ فقال لہ الحسین این تذہب یا فلان قال فقال لہ مولاہ امر من جنازۃ ھذا المنافق ان اصلی علیھا فقال لہ الحسین انظر ان تقوم علی یمینی فما تسمعنی ان اقول فقل مثلہ فلما ان کبر علیہ ولید قال الحسین اللھم العن فلانا عبدک الف لعنۃ متلفۃ غیر مختلفۃ اللھم اخز عبدک فی عبادک و بلادک واصلہ حر نارک واذقہ اشد عذابک۔ فانہ کان یتولی اعدائک ویعادی اولیائک و یبغض اھل بیت نبیک۔ اس نے عرض کی کہ میں اس منافق کے جنازہ سے بھاگتا ہوں کہ اس پر نماز نہ پڑھوں۔ امام حسین نے فرمایا کہ دیکھ میری دائیں طرف کھڑا ہو جا۔ جو کچھ میں کہوں گا وہی سن کر کہتے جانا۔ جب اس میت کے ولی نے تکبیر کہی تو امام حسین نے فرمایا کہ اے اللہ اپنے اس بندے پر

لعنت کر ہزار لعنتیں جو ساتھ ساتھ ہوں۔ مختلف نہ ہوں، اے اللہ اس اپنے بندے کو اپنے بندوں اور شہروں میں ذلیل کر کہ اپنی آگ کی سوزش میں اس کو داخل کر اور اپنے عذاب کی سختی سے چکھا۔ بیشک وہ تیرے دشمنوں سے دوستی رکھتا تھا۔ اور تیرے نبیؐ کے اہل بیت سے بغض اور تیرے دوستوں سے دشمنی رکھتا تھا۔

ہم شیعہ صاحبان سے پوچھتے ہیں کہ امام حسین علیہ السلام نے اس کا جنازہ ہی کیوں پڑھا۔ جس کے لئے دعائے مغفرت ممنوع تھی۔ اور تمام مجتہدین کو کیوں مغالطہ میں ڈالا۔

اہل سنت بھائیو! کیا آپ جائز رکھتے ہو کہ شیعہ تمہاری کسی میت پر جنازہ میں شامل ہو کر میت کے لئے ایسی ایسی بُری دعائیں مانگیں۔ جن کی اُن کو مذہب کی رُو سے ہدایت ہے پھر آپ کیوں شیعوں کو اپنے جنازوں میں شامل کریں۔

۳۔ تمام سنی کافر ہیں۔

۴۔ ناصبیوں یعنی سُنیوں کا نام خدا تعالیٰ نے کافر اور مشرک بھی رکھا ہے۔

مقبول قرآن امامیہ صفحہ ۹۴۷

۵۔ سُنیوں کو پاخانہ کھلاؤ۔

۶۔ ناصبیوں یعنی سُنیوں کی زمانہ رجعت میں پاخانہ خوراک ہوگی۔ مقبول قرآن امامیہ صفحہ ۹۴۷

ناصبی یعنی سنی "ولد الزنا اور کُتے سے بدتر ہیں۔ فروع کافی صفحہ ۱۱۲

(ف) یاد رکھو شیعہ آج بھی سُنیوں کو کھانے میں یہی کچھ ملا کر کھلاتے ہیں۔

اسی قسم کے چند حوالے ہم نے پہلے عرض کئے ہیں۔

حوالہ ۱۴۔ ۱۵۔ ان دونوں حوالوں سے ہمارا مقصد صرف اتنا ہے کہ سیدنا ابوبکرؓ و سیدنا عمر رضی اللہ عنہما کے مزارات روضۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اندر ہیں اور یہ بھی شیعہ مانتے ہیں کہ حضور علیہ السلام کا روضہ بہشت کا باغیچہ ہے۔

اور دوسری بات ان کے مجتہد نے یہ بتائی کہ امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے روضے کے گرد ۱۵ میل تک بہشت ہی بہشت ہے۔ لیکن افسوس کہ امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کے نانے کریم رؤف صلی اللہ علیہ وسلم کے روضۂ اقدس کے اندر والے بزرگ یعنی صدیق و فاروق رضی اللہ عنہم بہشتی کیوں نہ ہوں۔ ہیں۔ اور ضرور ہیں۔ یہی عقیدہ اسلافِ شیعہ کا ہے۔ لیکن چند شر پسندوں نے اس کے برعکس باتیں بنا رکھی ہیں۔

حوالجات

الاستبصار

پہلے عرض کیا گیا ہے کہ یہ کتاب بھی شیعہ مذہب میں صحاح اربعہ میں شامل ہے۔ اسی لئے اس کا ہر حوالہ معتبر سمجھا جائے گا۔

حوالہ جات	نام کتاب مع مطبع	صفحہ
۱۔ بی بی فاطمہ نے اپنی بہن کا جنازہ پڑھا دختران نبی کا ثبوت	الاستبصار قلمی	۲۷۵
۲۔ عاریۃ الفرج لا باس بہ	"	۵۳۵
۳۔ حرمت متعہ کی احادیث تقیہ پر محمول ہیں۔	"	۵۳۸
۴۔ پیشاب کرکے تین دفعہ ذکر کو نچوڑے پھر اگر ساق تک پانی بہتا چلا جائے تو کوئی پرواہ نہیں۔	"	۲۰
۵۔ امام جعفر سے پوچھا گیا کہ استنجا کے لئے کتنا پانی چاہیئے۔ آپ نے فرمایا ذکر کے سوراخ کی تری سے دو گنا۔	"	۲۰
۶۔ عورت وراثت کی حقدار نہیں۔ (پھر فدک کی لڑائی کیوں)	"	۷۶۹
۷۔ لواطت کے مسائل	"	۶۰۶
۸۔ ابواب المتعہ	"	۵۳۷
۹۔ نسخ المتعہ	"	۵۳۸
۱۰۔ متعہ صرف شہوت رانی ہے۔	"	۵۴۲

حوالہ ہذا تفصیل سے پہلے بیان ہو چکا ہے۔ اس سے ہمارا مقصد صرف اتنا ہے کہ بی بی فاطمہ رضی اللہ عنہا کے علاوہ حضور علیہ السلام کی اور صاحبزادیاں بھی تھیں۔ تحقیق فقیر کی کتاب "القول المقبول" میں دیکھئے۔

Scanned with CamScanner

حوالہ ۲۔ عاریۃ الفرج لا بأس بہ صفحہ ۵۳۵

دراصل یہ ایک مسئلہ کا خلاصہ عربی میں لکھا گیا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ شیعہ مذہب میں سہولت یہ رکھی گئی ہے کہ اگر ایک بھائی کو شہوت غلبہ کرے تو متعہ سے ضرورت پوری کرے تو اس کی خوشی، ورنہ اپنے شیعہ بھائی سے اس کی زوجہ شہوت رانی کے لئے چند لمحات کے لئے مانگ لے۔ جیسے ایک کسان دوسرے کسان سے بیل لے جاتا ہے۔ یا ایک دکاندار دوسرے دکاندار سے ترازو یا ایک سٹوڈنٹ دوسرے سے سلیٹ۔ پنسل۔ کتاب وغیرہ لے لیتا ہے۔ ایسے ہی شیعہ مذہب میں عورتوں کو عاریت پہ لے جاکر کام چلایا جاسکتا ہے۔ اصل عبارت ملاحظہ ہو۔

قال سألت ابا عبد اللہ علیہ السلام عن عاریۃ الفرج قال لا بأس بہ الاستبصار مطبوع ایران ج ۲ ص ۵۔ ترجمہ۔ میں نے امام جعفر رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ فرج عاریت پہ لینا دینا جائز ہے۔ آپ نے فرمایا کوئی حرج نہیں۔

حوالہ ۳ تا ۵ کی تفصیل گذر چکی ہے۔

حوالہ ۶۔ عورت وراثت کی حقدار نہیں۔

اس سے ہم نے عرض کیا کہ اگر عورت وراثت کی حقدار نہیں تو باغ کا جھگڑا ختم، تفصیل فقیر کے رسالہ "فدک" میں دیکھئے۔

حوالہ ۷۔ لواطت کے مسائل صفحہ ۶۰۶

اس سے ہمارا مقصد یہ ہے کہ شیعوں کے نزدیک شہوات رانی کے تمام طریقے جائز ہیں۔ لواطت (لونڈے بازی) تو ان کا بہترین مشغل ہے اس کے چند حوالے گذر چکے ہیں۔ اعادہ کی ضرورت نہیں۔

حوالہ ۸ تا ۱۰۔ متعہ شریف تو ان کا مشہور مسئلہ فقیر نے اس پر تفصیلی گفتگو کی ہے مطبوعہ کتاب پڑھیے بنام "متعہ یا زنا"

حوالہ جات

حلیۃ المتقین

مع

مجمع المعارف

مطبوعہ تہران

یہ دونوں کتابیں مذہب شیعہ میں بہت بڑی معتبر ہیں۔ تہران میں یکجا چھپی ہیں۔ اس کے چند حوالہ جات حاضر ہیں۔

۱۔ امام علی رضا نے فرمایا اکثر مرتد ویے دین ہیں۔ مجمع المعارف ۷
سوائے چند ایک کے۔ حلیۃ المتقین تہران

۲۔ شرمگاہ زن سے کھیلنا اور بوسہ دینا " ۴۱

۳۔ جو تنہا سفر کرے وہ لعنتی ہے۔ " ۱۷۸

۴۔ نیا کپڑا پہنے تو "لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ" (رد کلمہ شیعہ)	مجمع المعارف مرجعیۃ المتقین تہران	۷
۵۔ عقیقہ کا گوشت لڑکے کے ماں باپ کو نہ کھانا چاہیئے۔ بلکہ اس کنبہ میں جو بھی ماں باپ رشتہ دار رہتے ہوں سب کا برابر حصہ ہے	//	۵۱
۶۔ امام مہدی بدعات کو مٹا کر قرآن و سنت قائم کریں گے۔	//	۱
۷۔ دابۃ الارض سے مراد حضرت علی ہیں۔	//	۷۱
۸۔ فرمان نبی فرمان حق ہے۔	//	۷۲
۹۔ سب الشیخین یعنی ابو بکر و عمر (معاذ اللہ)	//	۲۱۵

۱۔ ان حوالہ جات پر ہم پہلے تفصیل سے لکھ آئے ہیں۔
حوالہ نمبر ۲۔ شرمگاہ زن سے کھیلنا اور بوسہ دینا ص ۱۷
شیعوں کا یہ مسئلہ بھی شرم و حیا سے باہر ہے۔ لیکن وہ تو اپنے لئے ایک مایہ ناز بات سمجھتے ہیں۔ اصل عبارت ہم فروع کافی ج ۲ ص ۲۱۴ سے لے رہے ہیں۔

عن ابی ابن جعفر قال سالت ابا الحسن علیہ السلام عن الرجل یقبل فرج امراتہ قال لا باس۔ اور فروع کافی میں ہے کہ حضرت امام جعفر علیہ السلام برہنہ ہو کر بیٹھ گئے۔ تو راوی نے کہا کہ یہ تو ناجائز ہے۔ امام

نے فرمایا کہ آگے کی طرف تو ہاتھ نے چھپالی ہے اور پیچھے کی دونوں طرف نے۔ اور حلیۃ المنفقین ص۔ میں یہ بھی ہے۔ کہ عورت کی شرمگاہ میں انگلی ڈال دینا یا اس کو برہنہ کر دینا یا اس کی فرج کو چومنا درست ہے۔ ناظرین غور کریں کہ کیا یہ افعال انسانوں کے ہیں۔ یا حیوانوں کے۔ ہمارے آقائے نامدار نے تو فرمایا ہے کہ تم اپنی عورتوں کے ساتھ انسانوں کی طرح برتاؤ کرنا یعنی ان کے پاس انسانیت کے طریق پر آنا اور مجامعت کرنا اور لہو و لعب بیشک ان سے کرنا لیکن حیوانات کی طرح مجامعت نہ کرنا۔ لیکن شیعہ حضرات نے تو کمال کر دیا۔ یہ معاملات انسانیت ساز نہیں۔ بلکہ انسانیت سوز ہیں۔

حوالہ ۳۔ جو تنہا سفر کرے وہ لعنتی ہے۔ صفحہ ۱۶۸

بتایئے دورِ حاضرہ میں شیعہ میں کون سا خوش قسمت ہوگا۔ جو اس لعنت سے بچا ہو۔

دراصل ایسے مسائل شیعہ مجتہدین سے اللہ تعالیٰ نے لکھوا کر ان پر سزا جاری فرمائی ہے کہ تم میرے محبوب کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیارے دوستوں اور آپ کی ازواج مطہرات کو گالی دیتے ہو۔ تو میں تمہارے مذہب میں ایسے مسائل تمہارے قلم سے لکھواؤں گا۔ جس سے تم ہر لحظہ اپنے خود ملعون ہوتے رہو۔

حوالہ ۵ عقیقہ کا مسئلہ ہے۔ اس میں توضیح کی ضرورت نہیں۔ البتہ شیعہ مجتہد نے یہ بلا سوچے لکھ دیا کہ عقیقہ کا گوشت ماں نہ کھائے۔ اس سے

تو ہندو دھرم کے ساتھ رشتہ جوڑنے والی بات ہے اور بس۔
حوالہ ۱۵۔ امام مہدی بدعات کو مٹا کر قرآن وسنت قائم کریں گے صلا
اس سے ہمارا مقصد یہ ہے کہ امام مہدی تشریف لائیں گے۔ تو اہلسنت
کے مطابق عمل کریں گے۔ لیکن شیعہ لوگ عجیب وغریب باتیں کرتے ہیں
ہم اس مسئلہ کو کچھ وضاحت سے لکھتے ہیں۔

شیعوں کا امام مہدی

شیعوں کے بارھویں امام مہدی ہیں۔ یہ کہاں ہیں۔ کیوں ہیں کیسے ہیں۔ ان کے
متعلق شیعہ اخبار اسد لاہور لکھتا ہے حضرت امام مہدی علیہ السلام عجل اللہ
فرجہ، امام حسن عسکری کے فرزند ہیں۔ آپ حضرت حجت صاحب امام
منتظر مہدی موعود اور قائم آل محمدؐ وغیرہ القاب سے یاد کئے جاتے ہیں
اگرچہ اصلی نام آپ کا وہی ہے جو رسول اللہ کا نام ہے۔ مگر یہ آپ
کا مخصوص احترام ہے۔ بلکہ آپ کا نام لینا القاب کی موجودگی میں متروک
قرار دیا گیا ہے۔ ۱۵ شعبان ۲۵۶ھ کو سامرا میں متولد ہوئے۔ مصلحت
الٰہی یہ تھی کہ آپ کو تمام دنیا کی نگاہوں سے پوشیدہ رکھا جائے بیشک
آپ کے والد بزرگوار کے زمانے میں بہت سے مخصوص اصحاب امام نے
آپ کی زیارت کی حدیثوں میں آپ کی پیدائش کی پیشگوئی برابر ہوتی
رہی تھی۔ اس لئے بادشاہ کی طرف سے آپ کو قتل کرنے کی کوشش تھی مگر
اللہ کو اُن کی حفاظت آخر زمانہ تک مقصود تھی۔ ہر چند آپ کے والد کے

بعد آپ کی تلاش کی گئی۔ مگر تمام کوششیں ناکام ہوئیں۔ بے شک فرائض امامت کو آپ نے پورا کرنا شروع کر دیا۔ ۳۲۹ھ تک آپ کی جانب سے ایک مخصوص نائب مقرر رہتا تھا۔ جو شرعی احکام کی اشاعت کرتا تھا۔ مسئلے پر آپ سے دستخط کرا تا تھا۔ اور جو کچھ شیعوں کی مذہبی ضروریات ہوں، انھیں پورا کرتا تھا۔ اس زمانہ کو غیبت صغریٰ کا زمانہ کہا جاتا ہے۔ اس کے بعد سے اللہ کی مصلحت کا تقاضا ہوا۔ کہ کوئی مخصوص نائب بھی نہ رہے۔ یہ غیبت کبریٰ ہے۔ جب مصلحتِ الٰہی ہوگی۔ پردہ ہٹے گا۔ امام ظہور فرمائیں گے۔ (احباب اسد ۱۴ دسمبر ۱۹۵۴ء)۔

یہ تھے شیعوں کے امام مہدی جن کے متعلق اللہ کی مصلحت یہ تھی کہ ان کو دنیا کی نگاہوں سے پوشیدہ رکھا جائے۔ مگر اس کے باوجود شیعوں نے ان کی تلاش شروع کر دی۔ مگر وہ نہ ملے۔ بھلا جس کو خدا چھپائے وہ بھی کسی کو مل سکتا ہے۔ مگر اس کے باوجود سن ہجری ۳۲۹ھ تک آپ کی جانب سے آپ کا نائب مقرر رہا۔ جو آپ سے فتووں پر دستخط بھی کرا لاتا تھا۔ یعنی امام مہدی خود تو چھپ کر رہے تھے مگر اپنے دستخطوں کے ساتھ اپنے احکام جاری کرتے رہتے تھے۔ یہ عرصہ غیبتِ صغریٰ کا تھا۔ پھر اس کے بعد امام بالکل روپوش ہو گئے۔ کیونکہ نائب صاحب کا بھانڈا چوراہے میں پھوٹ گیا ہوگا۔ اور اب تک روپوش ہیں۔ اور نکلنے کا نام نہیں لیتے۔ (سبحان اللہ)

فائدہ:۔ شیعہ کا عقیدہ ہے کہ وہ سامرہ شہر کی غار میں پوشیدہ ہوئے۔

سامرہ کی تاریخ اور اس کا حال ملاحظہ ہو۔

سامرہ فرقہ امامیہ شیعہ کا مقام امام صاحب الزمان

کہ اس شہر سامرہ کا بانی خلیفہ معتصم باللہ عباسی ہے۔ اور اس کا نام درحقیقت بزبان عربی "سُرّمن رائی" ہے جس کا معنی ہے خوش ہوا جس نے دیکھا، مخفف ہو کر سامرا ہو گیا۔ یہ بھی روایت ہے کہ اس کا نام بزبان فارسی "نام راہ" یعنی سام کا راستہ ہے۔ یاد رہے کہ مشہور ولی اللہ حضرت ابوبکر شبلی رحمۃ اللہ علیہ جو پانچویں واسطے سے حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ کے شیخ (پیر طریقت) ہیں۔ اسی شہر میں پیدا ہوئے تھے۔ یہاں ائمہ اہلبیت میں سے دو یعنی امام علی نقی ابن امام جواد تقی بن امام علی رضا بن امام موسیٰ کاظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نیز آپ کے صاحبزادہ اور جانشین امام حسن عسکری رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے مزارات ہیں۔ ان ہر دو ائمہ کے مزارات کے ساتھ نرگس خاتون زوجہ امام حسن عسکری رضی اللہ عنہ کا بھی مزار ہے۔ اور یہ ہر سہ مزارات ایک ہی ضریح یعنے جنگلے کے اندر واقع ہیں۔ درمیان میں امام حسن عسکری رضی اللہ عنہ کا مزار ہے۔ اور جانبین میں مذکورہ بالا دونوں مزارات۔ انہی ضریح کی پائنتی ایک علیحدہ ضریح میں حلیمہ خاتون رضی اللہ عنہا ہمشیرہ امام علی نقی رضی اللہ عنہ کا بھی مزار ہے۔ امام علی نقی رضی اللہ عنہ کی وفات تاریخ ۶ جمادی الآخر ۲۵۴ھ کو بعمر ۴۱ سال چھ ماہ ہوئی۔ [1]

---

[1] قطب الاقطاب حضرت خواجہ بختیار کاکی اوشی رحمۃ اللہ علیہ مدفون مہرولی (دہلی)

امام حسن عسکری رضی اللہ عنہ کے صاحبزادہ ۲۵۵ھ میں ہوئے تھے جو اس عمارت روضہ سے ملحق ایک غار میں بعمر چار سال بموجب عام روایات غائب ہو گئے۔ اثنا عشری فرقہ ان کو زندہ اور موجودہ تسلیم کرتا ہے اور انھیں کو اپنا امام غائب امام منتظر امام صاحب الزمان اور امام مہدی وغیرہ کے القاب سے یاد کرتا ہے۔

اس مہدی موعود کے چند کارنامے شیعوں کی زبانی سنیئے۔

۱۔ حق الیقین ص۱۸۷ و جلاء العیون ص۲۵۰ ہر دونوں شیعوں کی معتبر کتابیں ہیں۔ ان میں امام مہدی کو شیعوں نے شان بخشا۔ کہ وہ نرجس نامی ایک لونڈی کی نسل سے ہے۔ جو کہ ایک برہ فروش سے خریدی گئی۔

۲۔ شیعہ کہتے ہیں کہ امام مہدی غار سے باہر آتے ہی پہلے خانہ کعبہ کو خراب کرے گا۔ (حق الیقین مطبع جعفری ص۲۱۵)

۳۔ وہ روضۂ رسول کو بھی گرا دے گا۔ (حق الیقین ص۲۱۶)

۴۔ امام مہدی مُردوں کے کفن اتارے گا۔ ملاحظہ ہو (حق الیقین ص۲۱۶)

۵۔ اس کا پایۂ تخت کوفہ ہو گا۔ (حق الیقین ص۲۱۶)

(فائدہ) امام اعظم حضرت ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ کی نسبت سے شیعہ کوفہ کی

اور سید جلال الدین بخاری نزیل ہند آپ کے صاحبزادہ علی المختار کی نسل سے ہیں۔ امام عسکری رضی اللہ عنہ کا وصال کم و بیش ۲۷ یا ۲۸ سال کی عمر میں بتاریخ ۸ ربیع الاول ۲۶۰ھ میں ہوا۔

سخت مذمت کرتے ہیں. حالانکہ شیعہ کتب میں اس کے فضائل یوں منقول ہیں

امام جعفر نے فرمایا کہ ہم تمام شہروں کی نسبت کوفہ کو زیادہ دوست رکھتے ہیں. دیکھئے مجالس المومنین ص۱۳۷۔ ف یعنی شیعہ کوفہ کو مکہ اور مدینہ سے بھی زیادہ دوست رکھتے ہیں. اور اسی مجالس المومنین ص۱۵۰ پر لکھا ہے کہ کسی کا کوفی ہونا اس کے شیعہ ہونے کا ثبوت ہے. اور شیعوں کی معتبر کتاب عین الحیوٰۃ ص۱۵۸ طبع ایران پر لکھا ہے کہ کوفہ دارالسلام ہے.

ان حوالہ جات کو پڑھ کر شیعوں کو چاہیئے کہ ہر بات کو تولیں پھر بولیں.

حوالہ ۷۔ دابۃ الارض سے مراد حضرت علی ہیں ص۱۷۔ اس سے شیعہ کی بظاہر تو تعریف مطلوب ہے کہ وہ جانور جو دجّال کی نشان دہی کرے گا. وہ کوئی اور شے نہ ہوگی. بلکہ حضرت علی ہوں گے. جو جانور کے لباس میں ہوں گے.

ناظرین خدا لگتی کہیں کہ کیا یہ درپردہ حضرت علی کی مذمت نہیں تو اور کیا ہے کہ کسی عام آدمی کو جانور کہہ دیا جائے تو وہ مسخ یا ہو جائے. تو بتایئے. امام المشارق والمغارب کو ایسا لقب دینا شیعوں کا بگڑ گردانا ہے.

دوسرا ہندو کے مذہب سے بھی اپنا رشتہ جوڑنے کا ثبوت ملے گا. کہ وہ بھی تناسخ کے قائل ہیں. اور شیعہ مذہب سے بھی وہی بو آتی ہے.

حوالہ ۸۔ فرمان نبی فرمانِ حق ہے. ص۶۲

اس سے ہمارا مطلب یہ ہے کہ جب حضور علیہ السلام نے خلفاء راشدین کی خلافت اور ان کی امامت و فضیلت کو واضح بیان فرما دیا ہے. تو پھر

شیعوں کو انکار کیوں۔

حوالہ ۹۔ سب الشیخین یعنے ابوبکر و عمر (معاذ اللہ) ص ۲۱۵۔ یہ ان کا پرانا طریقہ ہے۔ مزید توضیح کی ضرورت نہیں۔ البتہ تبرا کی بحث میں ہم نے تفصیل سے عرض کر دی ہے وہاں دیکھئے۔

حوالہ جات احتجاج طبرسی

یہ کتاب بھی نہایت معتبر کتاب ہے۔ اس کے چند حوالہ جات ملاحظہ ہوں۔

۱۔ عمر سراج اهل الجنة ولو نزل العذاب ما نجی الا عمر	احتجاج طبرسی	صفحہ
السکینة تنطق علی لسان عمر ولم البعث بعث عمر =	مطبع نجف	۲۴۷
۲۔ والصدیق هو فوق الصحابة بسبب الاسلام الا تعلمون	〃	〃
ان رسول الله صلی الله علیه انما ذهب به لیلة الغار	〃	۲۵۷
لما علم انه یکون الخلیفة فی امته		
۳۔ انه (ای الصدیق) الخلیفة من بعده صلی الله علیه وسلم		
علی امته۔ ان الخلافة من بعدی ثلثون سنة موقوفة	〃	۲۶۰
الاربعة ابوبکر و عمر و عثمان و علی رضی الله تعالی عنهم		
۴۔ حتی لم یبق من المهاجرین والانصار الا صلی علیه		
اس سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر صحابہ کرام کا نماز جنازہ	〃	۵۲
ادا کرنے کا ثبوت ملا۔		
۵۔ وما اهل السنة فالمتمسکون بما سنه الله ورسوله	〃	۹۰
اہل السنت کی حقانیت کا ثبوت		

۶۔ اختلاف اصحابی لکم رحمۃ (صحابہ کرام کی جنگوں کا جواب) 〃 ۱۹۴

۷۔ بیعت کے لئے حضرت علی کے گھر گھس جانا اور ان کے گلے میں کالی رسی ڈالنا اور بی بی فاطمہ کی توہین (معاذ اللہ) 〃 ۵۳

۸۔ اثنا عشرۃ فی النار (گویا اشارہ ہو گیا شیعوں کے جہنمی ہونے کا کیونکہ یہ اپنے آپ کو اثنا عشری کہتے ہیں۔ 〃 ۱۴۱

۹۔ ان ابا بکر افضل من علی و من جمیع اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم ھو ثانی۔ 〃

۱۰۔ مع رسول اللہ ای ثانی اثنین الخ آخر صلوٰۃ قبل وصال نبوی و ھو صدیق ھذہ الامامۃ الخ۔ 〃 ۲۰۵/۲۰۶

۱۱۔ ثم قام للصلوٰۃ و حضر المسجد و صلی (ای علی خلف ابی بکر) 〃 ۶۰

۱۲۔ اللہ تعالیٰ نے جبریل کو بھیج کر فرمایا کہ میں ابو بکر سے راضی ہوں۔ ابو جعفر نے فرمایا لست بمنکر فضل ابی بکر الخ 〃 ۲۴۷

۱۳۔ حضرت علی نے صدیق کی بیعت کی۔ 〃 ۵۴

۱۴۔ حضور علیہ السلام عرش پر لکھا ہوا دیکھا لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔ ابو بکر صدیق۔ 〃 ۸۳

۱۵۔ مصحف فاطمہ ستر گز لمبا تھا۔ 〃 ۲۰۳

۱۶۔ ان مثل ابی بکر و عمر فی الارض کمثل جبرئیل و میکائیل فی السماء 〃 ۲۴۷

حوالہ ۱۔ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی چار فضیلتیں بتائی گئی ہیں حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:۔

۱۔ عُمَرُ سِرَاجُ اَھلِ الجنۃِ	حضرت عمر اہلِ جنت کے چراغ ہیں واحتجاج ص ۳۴۱
۲۔ ولو نزل العذابُ ما نجیٰ الّا عمرُ (ؓ)	اگر عذاب نازل ہوتا تو عمرؓ کے سوا کوئی نجات نہ پاتا۔
۳۔ السَّکینۃُ تنطق علیٰ لسان عمر۔ (ؓ)	سکینۂ حق حضرت رضی اللہ عنہ کی زبان پر بولتا ہے۔
۴۔ لو لم ابعث لبُعِثَ عُمَرُ (ؓ)	اگر میں نبی ہو کر تشریف نہ لاتا تو عمر رضی اللہ عنہ مبعوث ہوتے۔

یہ فضائل اہلسنت کی کتب سے نہیں بلکہ شیعہ کی احتجاج سے لئے گئے ہیں۔ اور اس کے علاوہ ہزاروں فضائل فاروق کتب شیعہ میں موجود ہیں۔ چند ایک ملاحظہ ہوں۔

۵۔ حضرت عمرؓ نے اسلام لانے کے متعلق ملا باقر مجلسی شیعی نے بحار الانوار جلد ۱۴ کتاب السماء والعالم میں مسعود عیاشی سے یوں روایت کی ہے۔

رَوَیٰ العیاشیُّ عن الباقر علیہ السلام انّ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال اللّٰھمّ اَعِزَّ الاسلام بعمر ابن الخطاب او بابی جھل بن ھشام۔

ترجمہ:۔ مسعود عیاشی امام باقر علیہ السلام سے روایت کرتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی۔ اے خدا! اسلام کو عمر بن خطاب یا ابوجہل بن ہشام کے

اسلام نے عزت بخشی۔ سو حضور کی دعا مستجاب ہوئی۔

۶۔ حضرت عمر کے اسلام لانے کی کیفیت صاحب حملہ حیدری یوں لکھتا ہے:۔

نظم

چناں بد کہ بو جہل زاں سر زنش — بہ کیفیتے شد عداوت منش
کہ جز قتل پیغمبر ذو الجلال — نبودش دگر ہیچ فکر و خیال
یکے روز مے گفت با اشقیاء — کہ آرد کسے گر سر مصطفیٰ
ہزار اشتر از خود بہ بخشم باد — دو کوہاں سیہ دیدہ و سرخ موُ
ز دیبائے مصری و بر و یمن — دگر سیم و زر بخشش چند من
عمر چوں شنید ایں سخن گفتنش — بجنبید عرق طمع در تنش
باد گفت سوگند اگر می خوری — کہ از گفتۂ خویش ہم نگذری
من امروز خدمت رسانم بجا — بیارم بہ پیشت سر مصطفیٰ
گرفت از ابو جہل اوّل قسم — پس انگارہ زد در رہ کیں قدم
بآں کار چوں رفت بیروں عمرؓ — یکے گفت با او نداری خبر
کہ ہمشیرہ ات نیز با جفت خویش — گرفتہ است دین محمدؐ بہ پیش
بیا آشفت ابو حفص زیں گفتگو — بگفتا بریزم کنوں خون او
سوئے خانۂ خواہر خویش رفت — چو آمد بہ نزدیک تر پیش رفت
چو آمد بہ پیش در ایستاد — صدائے شنید و آں گوش داشت
شنید آنکہ مے خواند مردِ نکو — کلامیکہ نشنید بد مثل او
عمر زد در و خواہرش باد کرد — چو آمد در و شور آغاز کرد

درافتاد با جفت خواہر بجنگ
گرفتش ز حلق بیفشرد تنگ

گلوئش بہ تنگی فشرد آنچناں
کہ نزدیک شد تا شود قبضِ جاں

بیامد دواں خواہرش تزحہ گر
بگفتش چہ خواہی ز ما اے عمرؓ

اگر شاد گردی ز ما در ملول
نمودیم دینِ محمد قبول

کنوں گر کشی سر بدایں پیش
ولے برنگردیم از دین خویش

چو بشنید زاں حکایت عمرؓ
بدانست گو بہ نگردد مگر

بگفتش چہ دیدی تو از مصطفےٰ
کہ گشتی بدینش چنیں مبتلا

بگفتا کلام خدائے جلیل
کہ آرد باو حضرت جبرائیلؑ

شنیدم دگر دید بر ما یقین
کہ ہست آں کلام جہاں آفریں

عمر گفت زاں قول معجز اساس
اگر یاد داری بخواں بے ہراس

برُد خواہرش آیۂ چند خواند
عمر گوش چوں کرد حیراں بماند

دلش زاں شنیدن بسے نرم شد
لبودائے اسلام سرگرم شد

ازاں پس بگشتند باہم رواں
بنزد رسُولِ خدائے جہاں

بدولت سرائے پیغمبرؐ شدند
چو در بستہ دید حلقہ بر در زدند

یکے آمد و دید از پشتِ در
کہ استادہ با تیغ بر در عمرؓ

بنزد نبیؐ رفت و احوال گفت
بماندند اصحاب اندر شگفت

چنیں گفت پس عمِ خیر البشر
کہ غم نیست بر دے کشائید در

گر از راہِ صدق آمدہ مرحبا
دگر باشد او را بخاطر وفا

بہ تیغے کہ دارد حمائل عمرؓ
تنش را بکسار سازم ز سر

Scanned with CamScanner

چو در باز کردند بر روئے او | در آمد عمرؓ با لب عذر گو
گرفتش بہ بر سرورِ انبیاء | نشاندش بجائے کہ بودش سزا
بگفتند اصحاب ہم تہنیت | وزاں بیشتر یافت دیں تقویت
پس اصحابِ دیں را شد ایں مدعا | کہ از خدمتِ سرورِ انبیاء
بسوئے حرم آشکارا روند | نماز جماعت بجا آورند
رسید ایں سخن چوں بغرض رسولؐ | زخیر البشر یافت عزّ و قبول

ترجمہ:- ایسا ہوا کہ ابوجہل حضرتِ رسول کی تنبیہ کرنے سے آپ کا سخت دشمن ہو گیا۔ کہ بغیر قتل حضورؐ کے اسے کچھ نہ سوجھتا تھا۔ ایک روز کفار سے کہنے لگا۔ کہ اگر کوئی شخص محمدؐ کا سر کاٹ لائے، میں اُس کو ہزار اُونٹ ایسے انعام دوں گا جو دو کوہان رکھتے ہوں اور سُرخ رنگ کے ہوں۔ مصری ریشمی شال اور یمنی چادر کے علاوہ بہت ہی سونا دوں گا۔ عمرؓ نے جب اس کی یہ بات سُنی اور سیم و زر کی حرص نے جوش مارا تو ابوجہل کو کہا۔ کہ اگر قسم اور اپنی بات پر قائم رہے۔ میں آج یہ خدمت بجا لاتا ہوں۔ اور حضورؐ کا سر کاٹ لاتا ہوں۔ ابوجہل سے پہلے قسم لی۔ پھر اس بات پر آمادہ ہوا۔ جب اس کام کے لئے روانہ ہوا۔ کسی نے کہا تجھے خبر نہیں ہے کہ تیری ہمشیرہ معہ اپنے شوہر کے دین محمدؐ میں داخل ہو چکی ہے۔ حضرت عمرؓ اس بات سے خفا ہوئے اور کہا کہ ابھی اس کو قتل کرتا ہوں۔ اپنی ہمشیرہ کے گھر کو روانہ ہوئے تو آواز آرہی تھی جسے سُننے لگے۔ سُنا کہ ان کا بہنوئی ایک کلام پڑھ رہا تھا۔ جس کی مثال آپ نے

پہلے کلام نہ سُنی تھی۔ حضرت عمرؓ نے دستک دی ہمشیرہ نے دروازہ کھولا تو حضرت عمرؓ نے داخل ہوتے ہی شور برپا کر دیا۔ اپنے بہنوئی سے لڑنے لگے۔ اور اُسے گلے سے پکڑ کر خوب جھنجھوڑا، اس کا گلا گھونٹا کہ جان نکلنے لگی۔ ہمشیرہ چلاتی ہوئی دوڑ کر آئی اور کہا کہ اے عمر! ہم سے کیا چاہتا ہے؟ خواہ تو خوش ہو یا ناراض ہم نے تو دین محمدی قبول کر لیا ہے۔ اگرچہ ہمیں جان سے مار ڈالو، ہم یہ سچا دین نہیں چھوڑیں گے۔ جب حضرت عمرؓ نے ہمشیرہ سے یہ بات سُنی، معلوم کیا اب یہ پھرنے کے نہیں۔ کہا تم نے محمدؐ سے کیا کچھ دیکھا ہے کہ اُس کے دین پر مبتلا ہوئے ہمشیرہ نے کہا کہ خدا کا کلام سُنا ہے جو حضرت جبرئیلؑ حضورؐ کے پاس لاتے ہیں، ہم نے یہ کلام سُنا ہے اور ہمیں یقین ہوا ہے کہ بیشک یہ خدا کلام ہے۔ حضرت عمرؓ نے کہا کہ وہ کلام مجھ نظام اگر کچھ یاد ہو تو بے خطر پڑھو۔ ہمشیرہ نے چند آیتیں پڑھیں۔ جن کو سُن کر حضرت عمرؓ حیران ہوئے۔ حضرت یہ آیات سنکر موم ہو گئے۔ اور اسلام کی محبت میں سرگرم ہوئے۔ ازاں بعد سب مل کر حضور سرورِ عالمؐ کی خدمت میں چل پڑے۔ حضورؐ کے درِ دولت پر حاضر ہوئے دروازہ بند دیکھ کر کھڑے ہوئے۔ ایک مسلمان آیا اور اس نے دروازہ کی پشت سے دیکھا کہ حضرت عمرؓ تلوار لئے کھڑے ہیں۔ نبی کریمؐ کے پاس جا کر حال بتایا۔ اصحاب رسولؐ اس بات سے متعجب ہوئے۔ پس رسول پاکؐ کے چچا بزرگوار نے فرمایا کچھ ڈر نہیں۔ دروازہ کھول دو۔ اگر صدق واردات سے آیا ہے۔ تو مبارک اور اگر دل میں کچھ اور خیال ہے۔ اسی تلوار سے جو کمر میں باندھے ہے، عمرؓ کا سر قلم کر دوں گا۔ جب دروازہ کھولا۔ حضرت عمرؓ معذرت کرتے ہوئے

قدم بوس ہوئے۔ حضورؐ حضرت عمرؓ سے بغلگیر ہوئے اور ان کو عزت سے بٹھایا۔ تمام اصحاب نے مبارکباد کہی اور حضرت عمرؓ کے اسلام سے دین کو مزید تقویت حاصل ہوئی۔ اس کے بعد اصحاب نے کہا کہ اب تو حضور کی خدمت میں عرض کر کے اب حرم شریف میں ہم اعلانیہ جاکر نماز باجماعت گذاریں۔ جب یہ بات حضورؐ کے گوش گذار ہوئی۔ حضورؐ نے منظور فرمایا۔

روایاتِ بالا سے حسب ذیل امور ظاہر ہوتے ہیں جو حضرت عمرؓ کی فضیلت کا نمایاں ثبوت ہیں:۔

(۱) آپ کا اسلام لانا حضور سرورِ کائنات کی استجابتِ دعا کا نتیجہ ہے اور ناممکن ہے کہ جس سینہ میں نورِ اسلام حبیبِ کبریا کی خاص توجہ و دعا سے داخل ہوا ہو پھر اس میں ظلمت کفر نفاق داخل ہو سکے۔

(۲) اسلام عمرؓ کی دنیوی لالچ یا طمع سے نہیں بلکہ صداقت اسلام دیکھنے اور کلام الٰہی کی قوتِ اعجاز کی خاص تاثیر ہونے کے سبب سے ہوا تھا۔ پھر کوئی وجہ نہیں کہ اتنی مدت صحبتِ رسولِ پاکؐ کرنے اور تعلیم و تربیت پانے کے بعد پھر تاریکیٔ ضلالت و کفر عود کریں گے۔

(۳) حضرت عمرؓ کے اسلام کا خبر مقدم رسولِ پاک اور اصحابِ رسول نے گرمجوشی سے کیا۔ اور حضور علیہ السلام نے بغلگیر ہو کر جو برکات پہنچائیں اور اعزاز بخشا یہ حضرت عمرؓ کا ہی خاص حصہ تھا۔

(۴) یہ حضرت عمرؓ کے جلال و جبروت کا نتیجہ تھا کہ آپ کے اسلام لاتے ہی

شوکتِ اسلام دو بالا ہو گئی۔ اور بجائے خفیہ عبادت کے خدا کے گھر کعبۃ اللہ میں پہنچ کو نماز باجماعت پڑھی گئی۔ اور کفار نامبخار کو حضرت عمرؓ کی تیغ آبدار کے سامنے آنے کی جرأت نہ ہو سکی۔ شاعر نے کیا خوب کہا ہے :- ؎

جس روز آپ داخل دین مبین ہوئے　　کعبہ میں جمع بہر نماز اہل دین ہوئے
آہستہ سے اذاں جو کہی خشمگیں ہوئے　　فرمایا کیا مشرب دیں ہم نہیں ہوئے

نام خدا و نام نبیؐ کو پکار کر
اب تم کو کس کا ڈر ہے اذاں دو پکار کر

۷۔ شیعہ کی معتبر کتاب "تاریخ ناسخ التواریخ صفحہ ۶۱۶" میں اسلام عمرؓ کے متعلق یوں لکھا ہے "عرض کرد یا رسول اللہ از بہر ان آمدہ ام کہ کیش مسلمانی گیرم۔ و کلمہ توحید بر زبان رانم۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم از اسلام عمرؓ چناں شاد شد کہ بیانگ بلند تکبیر گفت و تکبیر آں حضرتؐ را اصحابؓ شنیدند و ہمہ بیک بار تکبیر گفتند و باستقبال عمرؓ بیرون آمدند و آنگاہ عمرؓ گفت یا رسول اللہ کافران لات و عزیٰ را آشکارا پرستش میکنند چرا باید خدائے را پنہانی پرستش کرد۔ پس آہنگ کعبہ کردند۔

ترجمہ :- عمرؓ نے عرض کی حضورؐ! میں اس لئے حاضر ہوا ہوں کہ مذہب اسلام قبول کروں۔ یہ کہہ کر کلمہ توحید پڑھا۔ آنحضرتؐ عمرؓ کے اسلام لانے سے ایسے خوش ہوئے کہ بلند آواز سے تکبیر کہی۔ آپؐ کی تکبیر اصحاب نے سنی۔ اور سب نے نعرۂ تکبیر بلند کیا۔ اور عمرؓ کے استقبال کو باہر نکلے۔ اس وقت حضرت عمرؓ نے عرض کی۔ حضورؐ! کافر تو لات و عزیٰ کی پرستش ظاہر ہو کر کریں۔ ہم

خدائے قدّوس کی عبادت کیوں چھپ کریں؟ پھر انھوں نے کعبہ جانے کا ارادہ کر لیا۔

جب حضور صلی اللہ علیہ وسلّم نے علانیہ نماز پڑھنے کی اجازت فرمائی تو مصنّف کتاب مذکور لکھتا ہے۔ کہ سب لوگ کعبہ کو اس شان سے چلے کہ:۔

"عمرؓ از جانب پیغمبر و ابوبکرؓ از طرف دیگر و علی علیہ السّلام از پیش و اصحاب از دنبال رواں شدند و عمرؓ با شمشیر خویش از پیش جملہ ہمی رفت و ازاں سوئے کفّار قریشیاں چناں می پنداشتند۔ کہ عمر رسول خدائے را۔ آسیب خواہد رسانید ناگاہ دیدند کہ پیش رسول خدا با شمشیر حمائل کردہ می آید۔ گفتند ہاں عمرؓ بر چہ گونہ گفت۔ یا رسول خدا! ایمان آوردم و اگر کسے از شما بنا لائقی جنبش کند با ہمیں تیغش کیفر کنم و ایں شعر گفت ؎

مَا لِیْ اَرَاکُمْ کُلَّکُمْ قِیَامَا ۔۔۔ اَلْکُھْلَ وَالشُّبَّانَ وَالْغُلَامَا

قَدْ بَعَثَ اللّٰہُ لَنَا اِمَامَا ۔۔۔ نَذُبُّ عَنْہُ الْخَالَ وَالْاَعْمَامَا

حَقًّا وَقَدْ یَکْسِرُ الْاَصْنَامَا ۔۔۔ مُحَمَّدًا قَدْ شَرَعَ الْاِسْلَامَا

پس کافران از عجز در خشم شدند و آہنگ کردند و عمرؓ نیز بہ پشتوانی علی السّلام با ایشاں در آویختہ آں جماعت از کعبہ بکنار کرد و رسولِ خدا دو رکعت نماز بگذاشت و باز بخانہ شد۔ و اسلام عمرؓ را بدیگر گونہ روایت کردہ اند ہمانا ایں قصہ مختار افتاد۔ و بالجملہ بعد از اسلام بدر خانہ ابوجہل رفت و در بکوفت و ابوجہل چوں بانگ ازاں بشنید بیامد و در بکشود و گفت مرحبا و اہلاً از چہ حاجت مرا یاد کردی و بدینجا شدی۔ گفت آمدم تا ترا آگہی دہم کہ

ایمان بخدائے رسولؐ آوردم ابوجہل درخشم شد در بروئے بست و گفت تبّاً لَکَ اللّٰہُ وَ قَبَّحَ مَا جِئتَہ۔

ترجمہ:- عمرؓ آنحضرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو میں تھے اور ابوبکرؓ دوسرے پہلو میں اور علیؓ سامنے اور دیگر اصحابؓ پیچھے روانہ ہوئے۔ اور حضرت عمرؓ اپنی تلوار لئے سب سے آگے چلے۔ ادھر کفار قریش منتظر تھے کہ حضرت عمرؓ حضور علیہ السلام کو ایذا دیں گے۔ ناگاہ انھوں نے دیکھا کہ وہ تو رسولِ خدا کی اردل میں تلوار حمائل کئے ہوئے چلے آرہے ہیں۔ سب نے کہا ہاں عمرؓ تمہاری کیا حالت ہے؟ انھوں نے کہا میں رسول خدا پر ایمان لایا ہوں اور اگر تم میں سے کوئی شخص اپنی نالائقی سے ذرہ بھی کچھ بے جا حرکت کرے گا تو اسی تلوار سے اس کا سر قلم کر دوں گا۔ حضرت عمرؓ نے یہ عربی شعر پڑھے۔ ے کیا وجہ ہے کہ میں تم کو یہاں کھڑا ہوا دیکھتا ہوں۔ بوڑھوں، جوانوں اور بچوں کو بھی۔ بالتحقیق خدا نے ہمارے لئے ایک امام مبعوث کیا ہے۔ جس کا اسم گرامی محمدؐ ہے جس نے سچا دین ہمارے لئے جاری کیا ہے۔ وہ بتوں کو توڑ دیں گے۔ اور ہم ان سے اپنے ماموؤں اور چچاؤں کو دور ہٹا دیں گے" پس کافر غضبناک ہوئے اور انھوں نے حضرت عمرؓ کے قتل کا ارادہ کیا۔ حضرت عمرؓ نے با مداد علیؓ ان سے مقابلہ کر کے ان کو کعبہ سے دور ہٹا دیا۔ اور رسولؐ خدا نے مسلمانوں کے ساتھ کعبہ میں دو رکعت نماز ادا کی اور پھر گھر واپس چلے گئے۔ حضرت عمرؓ کے اسلام کو اور لوگوں نے دوسری طرح بیان کیا ہے۔ مگر صحیح یہی روایت ہے۔ حضرت عمرؓ اسلام لانے کے بعد

ابو جہل کے گھر گئے۔ دروازہ کھٹکھٹایا۔ ابوجہل نے دروازہ کھولا۔ اور آؤ بھگت کر کے کہا۔ کہ آپ نے مجھے کیسے یاد کیا۔ اور کس طرح تشریف لائے؟ آپ نے کہا تجھے بتانے آیا ہوں کہ میں خدا اور اس کے رسول پر ایمان لے آیا ہوں، ابوجہل کو بہت غصہ آیا۔ اور دروازہ بند کر لیا۔ اور کہنے لگا۔ خدا تمہارا برا کرے اور جو خبر تم لائے ہو اس کو بھی برا کرے"۔ اب جائے غور ہے کہ اسلام لاتے ہی حضرت عمرؓ کی حسن عقیدت کا یہ حال ہو گیا تھا کہ دین حق کے پاس ہی کفار سے دو بدو ہو گئے۔ اور ان کو للکارا کہ اگر ذرہ برابر بھی رسول پاک کی شان والا میں بے ادبی سے پیش آؤ گے تو میری تلوار ہے اور تمہارا سر۔ پھر کس بہادری سے ابوجہل جیسے خطرناک دشمن دین کے گھر تن تنہا جا کر اپنے اسلام کا اعلان کیا۔ کیا ایسی جرأت کوئی اور کر سکتا ہے؟ پھر حضور علیہ السلام جن کو علوم اولین و آخرین سب معلوم تھے۔ اسلام عمرؓ پر اسقدر خوشی کیوں مناتے۔ اگر معلوم تھا کہ بالآخر اس نے اسلام سے پھر جانا ہے۔ اور میرے اہل بیت کو تکلیف پہنچانی ہے

۸۔ نہج البلاغت صہ ۱۸۷ میں ہے۔

وَمِنْ كَلَامٍ لَهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَقَدْ شَاوَرَهُ عُمَرُ فِي الْخُرُوجِ إِلَى غَزْوَةِ الرُّومِ بِنَفْسِهِ وَقَدْ تَوَكَّلَ اللّٰهُ لِأَهْلِ هٰذَا الدِّيْنِ بِإِعْزَازِ وَسَتْرِ الْعَوْرَةِ وَالَّذِي نَصَرَهُمْ وَهُمْ قَلِيلٌ لَا يَنْتَصِرُوْنَ وَمَنَعَهُمْ وَهُمْ قَلِيلٌ لَا يَمْتَنِعُوْنَ حَيٌّ لَا يَمُوْتُ إِنَّكَ تَسِيْرُ إِلَى هٰذَا الْعَدُوِّ بِنَفْسِكَ فَتَلْقَهُمْ فَتُنْكَبُ لَا تَكُنْ لِلْمُسْلِمِيْنَ كَانِفَةٌ دُوْنَ أَقْصَى بِلَادِهِمْ لَيْسَ بَعْدَكَ مَرْجِعٌ يَرْجِعُوْنَ إِلَيْهِ فَابْعَثْ

اَللّٰهُمَّ رَجُلاً مِحْرَبًا وَاحْفِزْ مَعَهُ اَهْلَ الْبَلاءِ وَالنَّصِيْحَةِ فَاِنْ اَظْهَرَ اللّٰهُ فَذَاكَ مَا تُحِبُّ وَاِنْ تَكُنِ الْاُخْرٰى كُنْتَ رِدْءًا لِلنَّاسِ وَمَثَابَةً لِلْمُسْلِمِيْنَ

ترجمہ:۔ جب خلیفہ ثانی عمرؓ نے روم پر چڑھائی کی اور حضرت علیؓ سے مشورہ لیا تو آپ نے فرمایا۔ کہ نواحی اسلام کو غلبۂ دین سے بچانے اور مسلمانوں کی شرم رکھنے کا اللہ ہی کفیل ہے۔ وہ ایسا خدا ہے جس نے انھیں اس وقت فتح دی جب ان کی تعداد نہایت قلیل تھی۔ اور کسی طرح فتح نہیں پا سکتے تھے انھیں اس وقت مغلوب ہونے سے روکا ہے۔ جب یہ کسی طرح رک نہیں جا سکتے تھے۔ اور وہ خداوندِ عالم حی لا یموت ہے۔ اب اگر تو خود دشمن کی طرف کوچ کرے اور تکلیف اٹھائے تو یہ سمجھ لے کہ پھر مسلمانوں کو ان کے اقصائے بلاد تک پناہ نہ ملے گی۔ اور تیرے بعد کوئی ایسا مرجع نہ ہوگا جس کی طرف وہ رجوع کریں۔ لہٰذا تو دشمنوں کی طرف اس شخص کو بھیج جو کار آزمودہ ہو۔ اس کے ماتحت ان لوگوں کو روانہ کر و جو جنگ کی سختیوں کے متحمل ہوں۔ اور اپنے سردار کی نصیحت کو قبول کریں۔ اب اگر خدا غلبہ نصیب کرے گا۔ تب تو وہ چیز ہے۔ جسے تو درست رکھتا ہے۔ اور اگر اس کیخلاف ظہور میں آیا۔ تو ان لوگوں کا مددگار اور مسلمانوں کا مرجع تو موجود ہے۔

(نیرنگِ فصاحت صہ ۱۹)

ہم نے جناب امیر علیہ السلام کے عربی کلام کا ترجمہ شیعہ کی کتب نیرنگ فصاحت سے لیا ہے۔ تاکہ ان کو یہ عذر نہ ہو۔ کہ ترجمہ میں کچھ دست اندازی کی گئی ہے۔ حضرت علی المرتضیٰ کے اس کلام سے حسب ذیل امور ثابت ہوتے ہیں:۔

(۱) حضرت عمرؓ کو حضرت علی المرتضیٰ پر پورا اعتماد و بھروسہ تھا۔ اور باہمی کامل اتحاد تھا کہ ہر ایک معاملہ میں ان سے مشورہ لیا جاتا تھا۔ ورنہ یہ مسلم ہے کہ کوئی شخص اپنے دشمن سے ایسے اہم معاملہ میں ہرگز مشورہ نہیں لیا کرتا۔

(۲) حضرت علی المرتضیٰ حضرت عمرؓ کو مسلمانوں کا ملجا و ماویٰ سمجھتے تھے اور ان کو کچھ صدمہ پہنچنا صدمۂ اسلام تصور فرماتے تھے۔ اسی وجہ سے آپ نے حضرت عمرؓ کو یہ مشورہ نہ دیا کہ اس مہم میں بذاتِ خود معرکہ کارزار میں جائیں۔ اگر خدانخواستہ باہمی کدورت ہوتی اور حضرت علیؓ حضرت عمرؓ کے خیر خواہ نہ ہوتے تو یہ مشورہ کیوں دیتے کہ آپ لڑائی میں نہ جائیں تاکہ کوئی صدمہ نہ پہنچ جائے۔ بلکہ ان کی تو یہ خواہش چاہیئے تھی کہ یہ خود وہاں جائیں، ان کا وہاں کام تمام ہو اور آپ کے لئے جگہ خالی ہو۔ غرض جناب امیرؓ کا یہ مشورہ دینا کہ آپ میدانِ جنگ میں نہ جائیں، بلکہ کسی آزمودہ کار جرنیل کو بھیج دیں۔ اس کا بیّن ثبوت ہے کہ حضرت علی المرتضیٰ حضرت عمرؓ کے صادق الوداد دوست تھے۔

(۳) حضرت علی المرتضیٰ حضرت عمر کی کامیابی کو کامیابیٔ اسلام تصور کرتے تھے اس لئے اُن کو تسلی دی کہ ایزد متعال تمہارا اور مسلمانوں کا خود حافظ و ناصر ہے جب مسلمان تھوڑے تھے اس وقت بھی اُن کی حفاظت فرمائی۔ اور اب تو خدا کے فضل سے مسلمانوں کی تعداد کثیر ہے پھر اس کی تائید و نصرت پر کیوں بھروسہ نہ کیا جائے۔ جناب امیر علیہ السلام کے کلام سے بارنوگوں کو اس گفتگو کی بھی تردید ہوتی ہے کہ مسلمان بعد وفاتِ رسولؐ صرف تین چار ہی رہ گئے ہیں۔ ایسا ہوتا

تو آپ یوں فرماتے کہ پہلے مسلمانوں کی تعداد کثیر تھی۔ اب گنتی کے چند آدمی مسلمان رہ گئے ہیں۔ ان کو اس مہم پر بھیجو تو فتح ہو گی۔ ورنہ شکست۔

(۹) نہج البلاغت صفحہ ۱۹۰ میں دوسرا خطبہ جناب امیر علیہ السلام۔

وَمِنْ كَلَامٍ لَهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَقَدْ اسْتَشَارَهُ فِي غَزْوَةٍ بِنَفْسِهِ اِنَّ هٰذَا الْاَمْرَ لَمْ يَكُنْ نَصْرُهُ وَلَا خِذْلَانُهُ بِكَثْرَةٍ وَلَا بِقِلَّةٍ وَهُوَ دِيْنُ اللّٰهِ الَّذِيْ اَظْهَرَهُ وَجُنْدُهُ الَّذِيْ اَعَدَّهُ وَاَمَدَّهُ حَتّٰى بَلَغَ مَا بَلَغَ وَطَلَعَ حَيْثُ مَا طَلَعَ وَنَحْنُ عَلٰى مَوْعُوْدٍ مِنَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ مُنْجِزٌ وَعْدَهُ وَنَاصِرٌ جُنْدَهُ وَمَكَانُ الْقَيِّمِ بِالْاَمْرِ مَكَانُ النِّظَامِ مِنَ الْخَرَزِ يَجْمَعُهُ وَيَضُمُّهُ فَاِذَا انْقَطَعَ النِّظَامُ تَفَرَّقَ الْخَرَزُ وَذَهَبَ ثُمَّ لَمْ يَجْتَمِعْ بِحَذَافِيْرِهٖ اَبَدًا وَالْعَرَبُ الْيَوْمَ وَاِنْ كَانُوْا قَلِيْلًا فَهُمْ كَثِيْرُوْنَ بِالْاِسْلَامِ وَعَزِيْزُوْنَ بِالْاِجْتِمَاعِ فَكُنْ قُطْبًا وَاسْتَدِرِ الرَّحٰى بِالْعَرَبِ وَاَصْلِهِمْ دُوْنَكَ نَارَ الْحَرْبِ فَاِنَّكَ اِنْ شَخَصْتَ مِنْ هٰذِهِ الْاَرْضِ انْتَقَضَتْ عَلَيْكَ الْعَرَبُ مِنْ اَطْرَافِهَا وَاَقْطَارِهَا حَتّٰى يَكُوْنَ مَا تَدَعُ وَرَاءَكَ مِنَ الْعَوْرَاتِ اَهَمَّ اِلَيْكَ مِمَّا بَيْنَ يَدَيْكَ اِنَّ الْاَعَاجِمَ اِنْ يَنْظُرُوْا اِلَيْكَ غَدًا يَقُوْلُوْا هٰذَا اَصْلُ الْعَرَبِ فَاِذَا اقْطَعْتُمُوْهُ اِسْتَرَحْتُمْ فَيَكُوْنُ ذٰلِكَ اَشَدَّ لِكَلَبِهِمْ عَلَيْكَ وَطَمَعِهِمْ فِيْكَ فَاَمَّا مَا ذَكَرْتَ مِنْ مَسِيْرِ الْقَوْمِ اِلٰى قِتَالِ الْمُسْلِمِيْنَ فَاِنَّ اللّٰهَ سُبْحَانَهٗ هُوَ اَكْرَهُ لِمَسِيْرِهِمْ مِنْكَ وَهُوَ اَقْدَرُ عَلٰى تَغْيِيْرِ مَا يَكْرَهُ وَاَمَّا مَا ذَكَرْتَ مِنْ عَدَدِهِمْ فَاِنَّا لَمْ نَكُنْ نُقَاتِلُ فِيْمَا مَضٰى بِالْكَثْرَةِ اِنَّمَا كُنَّا نُقَاتِلُ بِالنَّصْرِ وَالْمَعُوْنَةِ۔

ترجمہ:۔ جب حضرت عمرؓ نے غزوہ فارس میں بذات خود جانا چاہا اور امیر

علیہ السلام سے مشورہ لیا۔ تو آپ نے فرمایا۔ دین اسلام کا غالب آنا اور مغلوب ہو جانا اور کچھ سپاہ کی کثرت و قلت پر موقوف نہیں ہے۔ یہ اسلام اُس خدا کا دین ہے جس نے اس کو تمام ادیان و مذاہب پر غالب کیا ہے اور لشکر اسلام اس خدا کی فوج ہے جس نے اس کی ہر جگہ نصرت و تائید کی، اور اسے ایک بلند مرتبہ پر پہنچا دیا۔ ان کا آفتاب وہاں سے طلوع ہوا جہاں سے طلوع ہونا تھا۔ ہم لوگ اس وعدۂ خداوندی پر کامل یقین کے ساتھ راسخ القدم ہیں۔ چوا اس نے غلبۂ اسلام کے بارے میں فرمایا۔ بیشک وہ اپنے وعدوں کا وفا کرنے والا ہے۔ وہ اپنی سپاہ کا مددگار ہے۔ دین اسلام کے پیشوا مختار کار (خلیفہ) کا مرتبہ رشتۂ مروارید کی مثل ہے۔ جو موتی کے دانوں کو ایک نظام میں منسلک رکھتا ہے۔ اگر رشتہ ٹوٹ جائے تو تمام دانے متفرق ہو کر بکھر جاتے ہیں۔ پھر اجتماع کا مل مشکل ہے۔ آج کے روز اہل عرب اگرچہ قلیل ہیں۔ لیکن شوکتِ اسلام انھیں کثیر ظاہر کر رہی ہے۔ یہ اپنے اتفاق و اجتماع کی وجہ سے یقیناً دشمن پر غالب ہوں گے۔ تم اُن کے لئے قطب آسیا ہو۔ اور آسیائے جنگ کو گردہ عرب کے ساتھ گردش دو۔ اور اپنے سوائے کسی دوسرے شخص کے ماتحت بنا کر آتش جنگ کو برافروختہ کرو۔ کیونکہ گر تم مدینہ سے باہر چلے گئے۔ تو عرب کے تمام قبائل اطراف و اکناف سے یک لخت ٹوٹ پڑیں گے۔ اس وقت پیچھے رہنے والی مستورات کی حفاظت تم پر اس چیز سے زیادہ مقدم ہو جائے گی۔ جو تمہارے سامنے (جنگ) موجود ہے۔ دوم یہ کہ اہل ایران تجھے دیکھیں گے تو کہیں گے۔ بس یہی ان عربوں کا سردار ہے۔

اگر اس کا کام تمام کر دو تو پھر تمہیں ہر طرح سے آرام ہے۔ بیشک یہ اقوال تمہاری لڑائی پر اُبھار کر دیں گے۔ اور تمہاری گرفتاری کی از حد طمع کریں گے اور یہ جو تم نے کہا ہے کہ ایرانی فوج مسلمانوں پر چڑھائی کر رہی ہے۔ سو پروردگار عالم اُن کی اس حرکت کو تم سے زیادہ مکروہ سمجھتا ہے۔ اور وہ بے شک جس امر سے کراہت رکھتا ہے اس کی تغییر پر پُورا پُورا قادر ہے۔ اور یہ بات کہ حملہ آور کی تعداد زیادہ ہے۔ سو یہ خیال کرو کہ ہم گروہ اصحابؓ نے عہد پیغمبر علیہ السلام سے ہیں کبھی دشمن کے ساتھ کثیر التعداد لشکر لے کر جنگ نہیں کی۔ بلکہ ہمیشہ خداوندِ عالم کی نصرت معونت ہمارے شاملِ حال رہی ہے۔ اور اب صرف اسی کی نصرت و امداد کے بھروسہ پر کفار سے قتل و قتال کرتے رہے ہیں۔ (زیر تنگ فصاحت ص ۲۰۱-۲۰۲)

جناب امیر علیہ السلام کے اس فصیح و بلیغ خطبے میں (قیمتی مشورہ) آفتاب نیمروز کی طرح روشن ہے کہ حضرت علی المرتضیٰ اور خلیفہ دوم حضرت عمرؓ باہم شیر و شکر تھے۔ دونوں ایک دوسرے پر مکمل اعتماد و بھروسہ تھا۔ اس میں بھی غزوہ روم کی طرح جب امیر المومنین فاروقِ اعظمؓ نے اسد اللہ الغالب سے مشورہ طلب کیا تو آپ نے کمال خیر خواہی سے ان کو یہی مشورہ دیا کہ آپ بذاتِ خود معرکۂ کارزار میں تشریف نہ لے جائیں۔ ایسا نہ ہو کہ ایرانی آپ کو لشکرِ اسلام کا اعظم سمجھ کر یکبارگی ٹوٹ پڑیں۔ آپ کو نقصان پہنچانے کی سعی کریں۔ اگر خدانخواستہ باہمی دشمنی ہوتی تو حضرت علیؓ کو خوب موقعہ ہاتھ آگیا تھا۔ نہ ہی صلاح دیتے کہ تم خود لڑائی پر جاؤ تاکہ تم وہاں مارے جاؤ۔ اور خلافت

کی گدی ہمارے لئے خالی ہو۔ آپ کا یہ فرمانا کہ مکان القیم بالامر مکان النظام من الخرز الخ صاحب اختیار خلیفہ کی مثال رشتۂ مروارید کی سی ہے۔ رشتہ ٹوٹ جائے تو موتی بھی کہیں کے کہیں بکھر جاتے ہیں، تو اس امر پر ناطق فیصلہ ہے۔ کہ حضرت علیؓ المرتضیٰ حضرت عمرؓ کو برحق خلیفہ سمجھتے تھے۔ ورنہ یہ مثال کیوں دیتے۔ شیر خدا کی نگاہ میں فاروق اعظمؓ کی ذات باعث بقاء اسلام و اسلامیان تھی۔ اور آپ صدق دل سے آپ کی سلامتی جان کے متمنی تھے (۳) آپ نے حضرت عمر کو آسیائے اسلام کا قطب اور محور قرار دیا۔ اس سے زیادہ واضح دلیل اس امر کی کیا ہو سکتی ہے کہ آپ حضرت عمر کو سچا خلیفۂ رسول اور پیشوائے اسلام سمجھتے تھے۔ غرض اس خطبہ کا لفظ لفظ فاروق اعظمؓ کی تعریف سے پر ہے۔ پھر حضرات شیعہ کو شرم کرنی چاہیئے۔ کہ جس شخص کی تعریف حضرت علی المرتضیٰ فرمائیں۔ اس کو تم منافق کہو۔ شرم! شرم!! شرم!!!

۱۰۔ اصول کافی ص۲۹۶ میں ہے۔ عَنْ اَبِیْ جَعْفَرٍ عَلَیْہِ السَّلَامُ قَالَ لَمَّا قَدِمَتْ بِنْتُ یَزْدَجِرَ عَلٰی عُمَرَ اَشْرَفَ لَھَا عَذْرَی الْمَدِیْنَۃِ وَاَشْرَقَ الْمَسْجِدُ بِضَوْئِھَا لَمَّا دَخَلَتْہُ فَلَمَّا دَخَلَتْہُ فَلَمَّا نَظَرَ اِلَیْھَا عُمَرُ غَطَّتْ وَجْھَھَا وَقَالَتْ اِنْزِوْجْ بِاَذْھَرْمُزْ فَقَالَ عُمَرُ اَشْتَمَنِیْ ھٰذِہٖ وَھَمَّ بِھَا فَقَالَ لَہٗ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلَیْہِ السَّلَامُ لَیْسَ ذَالِکَ خَیْرٌ لَھَا رَجُلًا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ وَاَحْسِبُھَا بَغِیَّۃً وَخَیَّرَھَا فَجَاءَتْ حَتّٰی وَضَعَتْ یَدَھَا عَلٰی رَاْسِ الْحُسَیْنِ عَلَیْہِ السَّلَامُ فَقَالَ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ مَا اسْمُکِ فَقَالَتْ جَھَانْ شَاہ فَقَالَ لَھَا اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ بَلْ شَھْرْ بَانُوْیَہ ثُمَّ قَالَ لِلْحُسَیْنِ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ لَیَلِدَنَّ مِنْھَا خَیْرُ اَھْلِ الْاَرْضِ فَوُلِدَ عَلِیُّ ابْنُ حُسَیْنٍ۔

ترجمہ:۔ امام باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ جب یزدگرد (شاہِ ایران) کی بیٹی (مالِ غنیمت) میں حضرت عمرؓ کے پاس آئی تو مدینہ کی کنواری لڑکیاں اس کو دیکھنے کے لئے آئیں۔ اور جب وہ مسجد میں داخل ہوئیں تو مسجد اس کی روشنی سے چمکنے لگی۔ حضرت عمرؓ نے اس کی طرف دیکھا تو اُس نے کہا "افیروج بانو اہرمز" حضرت عمرؓ نے کہا "کیا یہ مجھے گالی دیتی ہے؟" اور اس کو سزا دینے کا ارادہ کیا تو امیر المومنین علیہ السلام نے کہا کہ ایسا آپ کو نہ چاہیئے۔ آپ اس کو اختیار دیجئے کہ جس مسلمان کو چاہے پسند کرے۔ اور اس کو اس کے حصّہ میں سمجھ لیجئے۔ تو حضرت عمرؓ نے اس کو اختیار دے دیا۔ اُس نے جاکر حضرت امام حسین علیہ السلام کے سر پہ ہاتھ رکھ دیا۔ امیر المومنین نے پُوچھا "تمہارا نام کیا ہے؟" اس نے کہا (جہان شاہ) امیر المومنین نے فرمایا۔ نہیں (شہر بانو) تو حضرت امام حسین علیہ السلام سے فرمایا۔ "اے ابُو عبد اللہ! اس سے تمہارا ایک فرزند پیدا ہوگا جو تمام روئے زمین کے لوگوں سے بہتر ہوگا۔ چنانچہ زین العابدین پیدا ہوئے

اس حدیث سے حسب ذیل امور ثابت ہوتے ہیں:۔

(۱) حضرت علیؓ اور امام حسینؓ حضرت عمرؓ کی بارگاہِ خلافت میں ہمیشہ باریاب رہتے تھے۔ اور مالِ غنیمت میں جو فتوحاتِ عمرؓ سے حاصل ہوتا تھا۔ وہ برابر حصّہ لیتے تھے۔

(۲) حضرت عمرؓ کو حضرت علیؓ اور آپ کے شہزادہ امام حسینؓ سے اسقدر محبت تھی کہ آپ نے شاہی خاندان کی ایک پُر جمال خاتون (شہزادی شہر بانو) حضرت امام حسین کو بخش دی جو تمام سادات کی جدّہ عُلیا ہے۔

(۳) جناب امیر علیہ السلام حضرت عمرؓ کی خلافت کو جائز خلافت اور آپ کو برحق خلیفہ سمجھتے تھے۔ اسی لئے یہ عطیہ قبول کیا۔ ورنہ ایک کافر یا منافق کی فتوحات کا مالِ غنیمت ایک متورع مسلمان کو اپنی ذات و اولاد کے لئے لینا ہرگز جائز نہیں ہے۔

سادات پر حضرت عمرؓ کا بھاری احسان

شیعہ سادات اگر احسان فراموش نہ ہوں تو حضرت عمرؓ کے بارِ منت سے وہ قیامت تک سبکدوش نہیں ہو سکتے۔ اگر حضرت عمرؓ بکمال ایثار حضرت شہر بانو حضرت امام حسینؓ کو نہ بخش دیتے۔ نہ زین العابدین کا وجود مسعود ظہور پذیر ہوتا۔ نہ اس کی پشت سے سادات پیدا ہوتے۔ یہ بھی معلوم ہو کہ معاذ اللہ اگر حضرت عمرؓ مسلمان نہ تھے تو ان کا بخشا ہوا مالِ غنیمت نہ حضرت علیؓ نہ حضرت امام حسینؓ کو لینا حلال ہوتا۔ تو پھر حضرت شہر بانو کا بھی جائز نکاح نہ ہو سکتا تھا۔ اس لئے اس امر کے کہ جواب وہ شیعہ سادات ہیں۔ کہ جب معاذ اللہ تزویج ہی صحیح نہیں تو اولاد کیسے رشید ہو سکتی ہے بھائیو سوچو!! اور غور کرو۔

ایک اور بات

قابلِ غور بات یہ ہے کہ حضرت شہر بانو شہزادی کی بخشش بجائے خود بھی ایک بڑی ایثار کی بات تھی۔ کہ اپنی اولاد پر حضرت امام حسینؓ کو ترجیح

دے کر شہزادی شہر بانو ان کو نکاح کر دی گئی۔ وگرنہ اگران کی دلی منشار نہ ہوتی تو شہزادی کا امام حسینؓ کو پسند کرنا یا امیر علیہ السلام کی سفارش کا کیا اثر ہو سکتا تھا، شیعہ کہتے ہیں کہ شیخین نے باوجود مشکل کہنا اور خاتون کی منت خوشامد کے باغِ فدک ان کو نہ دیا تو شہر بانو کا گرانقدر عطیہ کیسے مل سکتا تھا۔ علاوہ ازیں شہزادی جس وقت قید ہو کر آئیں تو وہ بیش قیمت شاہانہ پوشاک اور گراں بہا زیورات پہنے ہوئے تھیں۔ اُن کے زیورات میں اسقدر جواہرات جڑے ہوئے تھے کہ جن کی قیمت سے فدک جیسے کئی باغ خریدے جا سکتے تھے۔ جو شہر بانو معہ لباسِ فاخرہ زرنگار و زیورات و جواہرات حضرت امام حسینؓ کے حوالے کر دی گئیں۔ اگر حضرت عمرؓ کو بزعم شیعہ اہلبیت سے عداوت ہوتی تو وہ ہرگز ایسا نہ کرتے۔ غرض حضرت شہر بانو کا عطیہ تمام بیجا مطاعن شیعہ کا ایسا مکمل جواب ہے۔ جس کا کوئی جواب الجواب نہیں ہو سکتا۔ شیعہ سخت احسان فراموش اور ناشکر گذار ہیں۔ کہ باوجود اسقدر احسانات کے پھر اُن کی شکایت کرتے ہیں۔

(۱۱) حیات القلوب جلد ۲ صفحہ ۲۰۳ میں ہے:۔

"خاصہ و عامہ روایت کردہ اند کہ در جنگِ احزاب آنحضرت کندن را درمیان صحابہ بہ قسمت فرمودہ کہ ہر چہل ذراع را دہ نفر حفر نمایند پس در حصہ سلمانؓ و حذیفہؓ زمین بسنگے رسید کہ کلنگ دراں اثر نمی کرد و چوں سلمانؓ بخدمت آنحضرت عرض کرد از مسجد احزاب زیر آمد و کلنگ را از دستِ ایشاں گرفت و سہ مرتبہ برقے ساطع می شد کہ جہاں روشن می شد

واللہ اکبر می گفت وصحابہ اللہ اکبر می گفتند پس فرمود کہ برق اوّل قصر یمن را دیدم و خدا آں را بمن داد۔ دوم قصرہائے شام را دیدم و ملک بادشاہان عجم بمن داد۔ پس خدا فرمود:۔ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُونَ

ترجمہ:۔ خاص وعام نے روایت کیا ہے کہ جنگ احزاب میں حضور علیہ السلام نے خندق کی کھدائی کا کام صحابہ کرام میں اس طرح تقسیم کیا کہ دس دس اشخاص چالیس چالیس گز کی کھدائی کریں۔ جو زمین حضرت سلمانؓ اور حذیفہؓ کے درمیان تقسیم تھی۔ اس میں ایک پتھر آ گیا۔ انھوں نے حضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں عرض کیا۔ تو حضور مسجد احزاب سے اُتر آئے۔ اور ان سے ہتھیار لے کر تین دفعہ پتھر پر رسید کیا۔ ہر مرتبہ پتھر کا تیسرا حصہ اُڑ گیا۔ اور ہر دفعہ کی ضرب سے پتھر سے روشنی نکلی۔ جس سے جہان روشن ہو گیا۔ حضور علیہ السلام نے نعرہ تکبیر بلند کیا۔ صحابہ نے بھی تکبیر کہی۔ حضور نے فرمایا کہ پہلی روشنی میں میں نے یمن کے محلات دیکھ لئے۔ کہ خدا نے وہ ملک بھی خدا نے مجھے عطا فرمایا۔ تیسرے میں مدائن کے چوبارے دکھائی دیئے۔ اور خدا نے بادشاہان عجم کی سلطنت مجھے بخش دی۔ پس اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ خدا اس دین کو غالب کرے گا۔ خواہ کفار بُرا منائیں۔

یہی واقعہ فروع کافی جلد دوم صفحہ ۱۰۲ میں بروایت حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام درج ہے۔ اور صاحب جملہ حیدری نے بھی اس کو نظم میں لکھا ہے:۔

نظمِ فارسی

بداں فاقہ و ضعف سالارِ دیں — ستد تیشہ از دست انصارِ دیں
چو برداشت فولاد خارا شگاف — درآمد بزنہار ازاں کوہ قاف
بنام خدائی جہاں آفریں — بزد تیشہ را سید المرسلیں
کہ یک گوشۂ سنگ از ہم شکست — درآں وقت برقی ازاں سنگ جست
کہ روشن شد آں دشت صحرا تمام — برآورد تکبیر خیر الانام
بضرب دوم ضلع دیگر شکست — بداں گونہ برقی ازاں باز جست
بفرمود تکبیر بار دوم — بزد پس براں سنگ ضرب سوم
دریں بار ہم جست برقی چناں — نبی شد بہ تکبیر رطب اللساں
شد ایں بار آں سنگ زیر و زبر — نماند احتیاجش بضرب دگر
درآندم بدو گفت سلمان چنیں — کہ اے خاک راہت سپہر بریں
چہ بد ایں و باشد بہ تعبیر آں — بہ تکبیر چوں برگشودی زباں
بپاسخ چنیں گفت خیر البشر — کہ چوں جست برقی نخست از حجر
نمودند ایوانِ کسری بمن — دوم قصر روم و سوم از یمن
سبب را چنیں گفت روح الامیں — کہ بعد از من اعوان و انصارِ دیں
بریں مملکت ہا مسلط شوند — بہ آئین من اہل آں بگروند
بدیں مژدہ و شکر و لطفِ خدا — بہر بار تکبیر کردم ادا

شنیدند آں مژدہ چو مومناں
کشیدند تکبیر شادی کناں

ترجمہ :۔ باوجود گرسنگی اور نحافت بدن کے حضور علیہ السلام نے جب خدا کا نام لے کر پتھر پر تیشہ کی ضرب ماری تو پہاڑ بھی لرز گئے۔ پہلی ضرب سے کچھ حصہ ٹوٹ پڑا۔ اور ایسی روشنی نکلی کہ تمام بیاباں بقعۂ نور ہو گیا۔ تب حضور علیہ السلام نے تکبیر پڑھی۔ اور دوسری ضرب سے پتھر کا اور ٹکڑا اڑا اور ویسے ہی روشنی ہوئی۔ اور پھر تکبیر فرمائی۔ تیسری دفعہ بھی یہی کیفیت ہوئی۔ تو حضرت سلمانؓ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ حضور! یہ کیا ماجرا تھا، اور حضور نے کیوں تکبیر فرمائی؟ حضور علیہ السلام نے جواب دیا کہ جب پہلی ضرب سے پتھر سے شعلۂ نور اٹھا تو ایوان کسریٰ مجھے دکھائے گئے۔ دوسری ضرب سے محلات روم۔ تیسری میں یمن نمودار ہوئے۔ اس کا سبب جبرائیل نے یہ بتایا کہ میرے تابعداران جو اس دین کے اعوان و انصار رہوں گے۔ ان ممالک کو فتح کریں گے۔ اور میری طرح ان میں حکمرانی کریں گے۔ اس بشارت پر میں نے ہر دفعہ شکریہ کے طور پر تکبیر پڑھی۔ پس مسلمانوں نے جب بشارت سنی۔ سب نے غلغلۂ تکبیر بلند کیا۔

اب ہم شیعہ حضرات سے دریافت کرتے ہیں۔ کہ حضور علیہ السلام کی یہ پیشین گوئی کب کس کے عہد میں پوری ہوئی۔ یہ بات مسلّم ہے کہ روم۔ یمن مدائن حضرت عمرؓ کے عہد میں فتح ہوئے۔ قیصر و کسریٰ کے تخت آپ ہی نے اُلٹ دیئے۔ اور ایوان کسریٰ میں جہاں تخت نوشیروان بچھا تھا مسلمانوں

نے اذان دے کر نماز جمعہ ادا کی۔ پھر اگر معاذ اللہ حسب زعم شیعہ حضرت عمرؓ منافق یا کافر تھے تو حضور علیہ السلام نے اُن کے فتوحات کی خوشی کیوں کی؟ ان کو دین حق کا اعوان و انصار کیوں فرمایا؟ اور ان کی فتوحات کو اپنی طرف منسوب کیوں کیا؟ اس سے روز روشن کی طرح واضح ہوتا ہے کہ حضرت عمرؓ کو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنا جائز جانشین تصور فرماتے تھے۔ تب ہی تو اُن کی فتح کو اپنی فتح فرمایا۔ اور دین متین کے سچے مددگار انصار کا لقب عطا فرمایا کہ ؎

بریں مملکت ہا مسلّط شوند بہ آئین من اہل آں بگروند

یعنی دین حق کے پاسبان و اعوان میرے جانشین ان ممالک پر مسلّط ہوں گے۔ اور میری طرح حکمرانی کریں گے۔ اُن کی فتح میری فتح ہوگی۔ کیا شیعہ صاحبان میں کوئی صاحب بصیرت ہے۔ جو اپنی کتابوں میں شہادت دیکھ کر خیال کرے کہ جن پاک ہستیوں کی تم شکایت کرتے ہو، رسول پاک کے دین کی انھوں نے کیسی مدد کی۔ اور کیسے کیسے چیرت سلاطین کو حلقہ بگوش اسلام بنایا اور دنیا کی آبادی میں ظلمت کفر کو مٹا کر انھوں نے نور اسلام پھیلایا۔

مولانا شبلی نے الفاروق حصہ دوم میں یورپین مؤرخین کی رائے کے موافق فتوحات فاروقی کی وسعت اور اس کے حدود اربعہ کی یوں تشریح کی ہے کہ :-

"حضرت عمرؓ کے مقبوضہ ممالک کا کل رقبہ ۲۲۵۱۰۳۰ مربع میل یعنی مکہ معظمہ سے شمال کی جانب ۱۰۳۶، مشرق کی جانب ۱۰۲۷، جنوب کی جانب ۴۸۳ میل تھا۔ مغرب کی جانب چونکہ صرف جدہ تک حد حکومت تھی۔ اس لئے

وہ قابلِ ذکر نہیں۔

اس میں شام۔ مصر، عراق، جزیرہ خوزستان، عراق عجم، آذربائیجان۔ فارس۔ کرمان۔ خراسان اور مکران، جس میں بلوچستان کا کچھ حصہ آجاتا ہے۔ شامل تھا۔ یہ تمام فتوحات خاص حضرت عمرؓ کی فتوحات ہیں۔ اور اس کی تمام مدت دس برس سے کچھ ہی زیادہ ہے۔"

سچ تو یہ ہے کہ دنیائے اسلام حضرت عمر کی ذاتِ اقدس پر جس قدر فخر کرے بجا ہے۔ آپ نے اپنے عہد خلافت میں ایسی مشکلات کو حل کیا کہ جو انسانی طاقت سے بالاتر ہے۔ ایک ہزار چھتیس بلاد و امصار (بڑے بڑے شہر) جس میں کفار کی حکومت اور بتوں کی خدائی مانی جاتی تھی، فتح کر کے ان کو دارالاسلام بنایا اور باشندگان کو کلمۂ توحید پڑھایا۔ چار ہزار جامع مسجد تعمیر کیں۔ ہزاروں بت خانے گرائے۔ اور آتشکدے سرد کئے۔ حق یہ ہے کہ آنجناب کی کوشش اور علوِ ہمت نے مشرق سے مغرب تک اور جنوب سے شمال تک آفتاب عالمتاب کی طرح نورِ ایمان پھیلایا اور صحرائے ضلالت میں مشعلِ ہدایت جلا کر تاریکیٔ کفر مٹایا۔ آپ کی صولتِ فاروقی نے لشکرِ قیصر و کسریٰ کو ہزیمت دی۔ اور عجم و عراق سے بے شمار مالِ غنیمت حاصل کیا۔ شاعر نے کیا خوب کہا ہے ؎

کی ہے خلافت آپ نے کس دھوم دھام سے — ایران سے خراج لیا اور شام سے
شوکت بھی فخر کرتی ہے حضرت کے نام سے — گر شبہ ہے تو پوچھ لو ہر خاص و عام سے
طہران اور عراق میں سکہ بٹھا دیا — گبروں کا نام ملکِ عجم سے مٹا دیا

حیات القلوب جلد نمبر ۲ صفحہ ۲۴۵ میں ہے :-

ابن شہر آشوب وغیرہ روایت کردہ اند کہ روزے آنحضرت نظر کرد بسوئے زراعمائے سراقہ بن مالک کہ باریک و مولو د پس فرمود چگونہ خواہد بود حال تو کہ دست رنجہائے بادشاہِ عجم را در دست خود کردہ باشی پس چوں در زمان عمر رضؓ فتح مدائن کردند۔ عمرؓ او را طلبید و دست رنجہائے بادشاہ عجم را در دست او کرد۔

ترجمہ :- ابن شہر آشوب وغیرہ نے روایت کی کہ ایک روز آنحضرتؐ نے سراقہ بن مالک کے بازوؤں کو دیکھا جو بہت پتلے اور بالوں سے بھرے ہوئے تھے۔ اور فرمایا کہ سراقہ! تمہاری اس روز کیا حالت ہوگی جب شاہِ عجم کے کنگن تمہارے ہاتھ میں ہوں گے؟ پھر جب حضرت عمرؓ کے زمانہ میں مدائن فتح ہوا تو آپ نے سراقہ کو طلب کیا۔ اور شاہِ عجم کے کنگن اس کے ہاتھ میں پہنا دیئے۔

اس روایت کو بغور دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ حضور علیہ السلام کو جن کو قیامت تک کے واقعات کا علم غیب حق تعالیٰ نے بخشا تھا۔ اپنے جلیل القدر صحابی حضرت عمرؓ کی فتوحات کو دیکھ دیکھ کر ایسی خوشی ہوتی تھی کہ مسلمانوں کو نئے نئے طریق سے بشارت سنا کر حضرت عمرؓ کی جلالت قدر اور عظمت پر متنبہ فرماتے تھے۔ بھلا اگر حضرت عمرؓ بقول شیعہ معاذ اللہ حضرت رسولِ پاک کی نظر میں کافر و منافق ہوتے تو ان کا جہاد ناجائز ہوتا اور اس جہاد کا مالِ غنیمت مال مغصوب اور حرام ہوتا تو کیا رسولِ خدا صلی اللہ

علیہ وسلم نے سراقہ کو مال حرام اور مغصوب کے حاصل ہونے کی بشارت دی تھی۔ اس سے تو پرہیز کرنے کا حکم دینا چاہیئے تھا۔

یہ امر مسلم الطرفین ہے کہ حضرت عمرؓ کی دختر نیک اختر حضرت حفصہ کو حضور علیہ السلام کی زوجہ ہونے کا شرف حاصل تھا۔ اور آپ رسولِ پاک کے خسر تھے۔ تو معاذ اللہ آپ منافق و کافر ہوتے تو رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم اُن کے گھر سے شادی کرنے کے مجاز نہ ہوتے۔ جب آپ کو صریح حکم تھا لَا تنکحوا المشرکات (مشرک عورتوں سے نکاح مت کرو۔) لامحالہ تسلیم کرنا پڑیگا کہ حضرت عمرؓ صاحبِ فضیلت و شریعت تھے۔ تب ہی تو حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ سے رشتۂ قرابت اختیار فرمایا! بھائیو انصاف کرو۔ خسر بمنزلہ والد واجب التعظیم ہوتا ہے۔ پھر جو لوگ حضرت عمرؓ کو بُرا بھلا کہتے ہیں۔ وہ گویا رسولِ پاک کے باپ کو بُرا بھلا کہتے ہیں۔ پھر ایسے لوگوں کا قیامت میں کیا حال ہوگا؟ اور رسول کے اصحاب آپ کے اعزہ و اقارب کی گستاخی کرکے وہ اپنے آقائے نامدار کو کیا منہ دکھائیں گے؟

نظم اُردو

کیا ہو گیا ہے خبط یہ شیعہ کرام کو
کرتے ہیں سب و شتم صحابہ عظام کو

دیتے مغلظات ہیں منبر پہ بیٹھ کر
ازواجِ پاک سیّد بیت الحرام کو

حضرت کے دوستداروں کو دیکر یہ گالیاں
دیتے ہیں دکھ رسُول علیہ السلام کو

روزہ نماز کا نہ لیا عمر بھر میں نام — استنجا بھی کیا نہیں سالِ تمام کو
ناپاک منہ سے لیں گے یہ نام حسین کو — ہو گی بہت خوشی ہی آئمہ عظام کو
زندہ شہید ہوتے ہیں قرآن ہے گواہ — تم پیٹتے ہو مردہ سمجھ کر امام کو
ہے پیٹنا حرام یہ صادق نے کہہ دیا — تم بندگی سمجھتے ہو فعلِ حرام کو
قولِ خدا و قولِ پیغمبر سے ہے ابا — اور خود ہی گھڑ رکھا ہے خباثات خام کو

ہیں دشمنانِ دین نہ مومن ہیں یہ بیر
بس دے رہے ہیں دھوکا یہ مل کر عوام کو

حیات القلوب جلد ۲ صفحہ ۴۱۹ میں ہے :-

و بروایتِ دیگر مشت خاکے از برائے آنحضرتؐ فرستاد۔ حضرت فرمود کہ اُمت من بزودی مالک زمین او خواہد شد۔ چنانچہ خاک از برائے من فرستاد۔

ترجمہ :- دوسری روایت میں ہے کہ کسریٰ (شاہ ایران) نے رسول کے پاس مُشتِ خاک بھیجی حضور نے فرمایا کہ عنقریب میری اُمت اس زمین کی مالک ہو گی۔ جیسا کہ خاک اُس نے میرے لئے بھیجی۔

اب یہ مسلم ہے کہ یہ پیشین گوئی بھی حضرت عمرؓ کے عہدِ فرخ میں پوری ہے چنانچہ ملکِ ایران کو آپ نے ہی فتح کیا۔ اگر معاذ اللہ حضرت عمرؓ منافق و کافر تھے تو حضرت کا یہ فرمانا کہ میری اُمت سرزمینِ ایران کی مالک ہو گی۔ کیسے درست ہو سکتا ہے۔ کیا اُمتِ رسول میں کافر و منافق شمار ہو سکتے ہیں ؟ اور نبی علیہ السلام اُن کی فتح کو اپنی اُمت کی فتح قرار دے سکتے ہیں ؟

حضرت عمرؓ داماد علیؓ تھے۔

ایک روشن دلیل اس امر کی کہ حضرت عمرؓ سے حضرت علیؓ المرتضیٰ کو کمال محبت و پیار تھا اور ان کے نزدیک ان کی شرافت و نجابت مسلم تھی، یہ ہے کہ جناب امیر علیہ السلام نے اپنی دختر نیک اختر حضرت ام کلثوم کا رشتہ حضرت عمرؓ کو دے کر نکاح کر دیا۔ اگر معاذ اللہ وہ منافق تھے تو جناب امیر علیہ السلام نے سیدہ ام کلثوم کا کیوں ایک کافر و منافق سے نکاح کر دیا؟

شیعہ اس امر سے تو انکار نہیں کر سکتے کہ حضرت ام کلثوم بنت علیؓ حضرت عمرؓ کی تزویج میں آئیں لیکن اس بارہ میں ان کو سخت اضطراب لاحق ہوا۔ اور اس طرح کی تاویلات رکیکہ سے کام لینے لگے۔

ایک روایت یہ وضع کی گئی کہ حضرت ام کلثوم جبراً چھین لی گئی۔ جیسا کہ فروع کافی جلد ۲ صـ ۱۴۱ باب تزویج ام کلثوم میں ہے:۔

عن زرارۃ عن ابی عبد اللہ علیہ السلام فی تزویج ام کلثوم فقال ان ذالک الفرج غصبناہ۔ ترجمہ:۔ زرارہ نے روایت کی ہے کہ حضرت امام جعفر صادق سے دربارہ نکاح ام کلثوم دریافت کیا گیا تو آپ نے فرمایا یہ پہلی شرم گاہ جو ہم سے چھین لی گئی۔

دوسری روایت بھی اسی کتاب کے صفحہ مذکورہ میں یوں ہے:۔

عن ھشام بن سالم عن ابی عبد اللہ علیہ السلام قال لما خطب الیہ قال لہ امیر المومنین ایتمّ صبیۃ قال فلقی العباس فقال لہ مالی ابی بأس قال فما ذاک قال خطبت الی ابن اخیک فردنی اما واللہ لاوعدن زمزم ولا ازع

لَكُمْ مَكْرُمَةً اِلَّا هَدَمْتُهَا وَلَا فِيْمَنْ عَلَيْهِ شَاهِدِيْنِ بِاَنَّهٗ سَرَقَ وَلَاَقْطَعَنَّ يَدَيْهِ فَاَتَاهُ الْعَبَّاسُ فَاَخْبَرَهٗ وَسَاَلَهٗ اَنْ يَّجْعَلَ الْاَمْرَ اِلَيْهِ فَجَعَلَهٗ اِلَيْهِ۔

ترجمہ:۔ ہشام بن سالم نے امام صادق سے روایت کی ہے کہ جناب امیر سے ام کلثوم کا ناطہ طلب کیا گیا تو آپ نے کہا کہ وہ چھوٹی لڑکی ہے۔ پھر وہ عباس کو ملے اور کہا۔ کیا مجھ میں کوئی نقص ہے؟ عباس نے کہا۔ کیا بات ہے؟ عمرؓ نے کہا۔ میں نے ناطہ تمہارے بھتیجے علیؑ سے مانگا ہے اس نے انکار کر دیا۔ میں زم زم کو پٹوا دوں گا۔ اور تمہارے جملہ اعزازات کو مٹا دوں گا۔ اور علیؑ پر دو گواہ سرقہ کرنے کے گزار کر اس کے ہاتھ کاٹ دوں گا۔ حضرت عباسؓ حضرت علیؑ کے پاس آئے اور کہا اس ناطہ کا مجھے وکیل بنا دو۔ حضرت علیؑ نے ان کو اجازت دے دی۔ اور نکاح ہو گیا۔"

ان روایات میں اس امر کو تسلیم کیا گیا ہے کہ حضرت اُمِّ کلثوم کا نکاح حضرت عمرؓ سے ہُوا۔ لیکن پہلی روایت میں نہایت مکروہ لفظ (فرج) استعمال کر کے کہا گیا ہے کہ ام کلثوم ہم سے جبراً چھین لی گئی تھی۔ دوسری روایت میں بتایا گیا ہے کہ حضرت علیؑ ناطہ دینے پر اس لئے مجبور ہو گئے کہ ان کو دھمکی دی گئی کہ تمہارے اعزاز چھین لئے جائیں گے۔ بلکہ تمہیں سرقہ کا اتہام لگا کر قطع ید کی سزا دی جائے گی۔ سو اہل بصیرت سمجھ سکتے ہیں کہ یہ کبھی ہو سکتا ہے؟ کہ شجاعت مآب فاتح خیبر حیدر کرارؑ سے اُن کی صغیرۃ السن لڑکی چھین لی جائے۔ یا اُن کو ڈرا دھمکا کر ناطہ دینے پر مجبور

کر لیا جائے۔ ایسا تو کوئی کم حیثیت کمین شخص جو لاہا، بھنگی بھی نہیں کرے گا کہ جیتے جی ڈر کر اپنی کمسن لڑکی دوسرے کے حوالے کر دے۔ یا بخوف سزا بدنی ایک غیر مستحق شخص کو بلا رضا مندی خود لڑکی دے دے۔ ایسے موقعہ پر انسان سزا بدنی تو کیا جان دینا گوارا کر لیتا ہے۔ لیکن یہ ذلت کبھی گوارا نہیں کرتا کہ کوئی غیر شخص اس کی دو تین کمسن لڑکی جبراً چھین لے۔ ہر ایک دانشمند شخص قیاس کر سکتا ہے۔ کہ کوئی باغیرت بہادر شخص اس قسم کی ذلت کبھی قبول کر سکتا ہے؟ کلا وحاشا۔ یہ تمام باتیں بارلوگوں کی من گھڑت ہیں۔ اس کے متعلق مزید تحقیق و تفصیل فقیر کے رسالہ "قطف الثمر فی نکاح ام کلثوم بنت عمر" میں دیکھئے۔

حوالہ ۲۔ فالصدیق ھو فوق الصحابۃ بسبب سبق الاسلام الا تعلمون ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انما ذھب بہ لیلۃ الغار ولما علم انہ یکون الخلیفۃ فی امتہ ص ۲۵۷۔ اس عبارت میں حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے فضائل بیان کئے گئے ہیں۔

(۱) فالصدیق ھو فوق الصحابۃ بسبب الاسلام۔ یعنی حضرت صدیق رضی اللہ عنہ تمام صحابہ سے افضل ہیں۔ اس لئے کہ آپ نے تمام صحابہ رضی اللہ عنہم سے پہلے اسلام قبول کیا۔

(۲) الا تعلمون ان الرسول اللہ صلی اللہ ۔۔۔ انما ذھب بہ لیلۃ الغار۔ کیا تمہیں معلوم نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہیں غار میں ساتھ لے گئے۔

(۳) لما علم انہ یکون الخلیفۃ فی امتہ ۔ آپ کو معلوم تھا کہ آپ کے بعد وہی خلیفہ بلا فصل ہوں گے۔

یہ وہ اوصاف ہیں جنھیں شیعوں کو انکار کی گنجائش نہیں۔ لیکن بیڑا غرق ہو تعصب کا کہ وہ حق بینی سے اندھا کر دیتا ہے۔ اور بھی جاہلوں اور دورِ حاضرہ کے متعصب اور غالیوں کا عقیدہ ہے۔ ورنہ اکابر شیعہ اور ائمہ حضرات ان کی بزرگی کے قائل ہیں۔ چند دیگر حوالہ جات لیجئے۔

(۱) سیدنا علی نے ایک گشتی حکم جاری فرمایا!

لا یفضلنی احد علی بکر و عمر الا جلدتہ حد المفتری (استیعاب)

ترجمہ:۔ جو مجھے ابوبکر اور عمر پر فضیلت دے گا میں اسے مفتری کی حد ماروں گا۔

(۲) حضرت امام باقر کا فیصلہ!

حضرت امام باقر علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں۔ لست بمنکر فضل ابی بکر و لست بمنکرِ فضل عمر و لکن ابا بکر افضل منہ۔ میں ابوبکر و عمر کے فضائل کا منکر نہیں ہوں۔ لیکن ابوبکر عمر سے افضل ہیں۔

(احتجاج طبرسی صفحہ ۲۰۴)

خدا کے لئے غور کیجئے۔ امام جعفر صادق و امام باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے فیصلے کے بعد بھی جناب ابوبکر و عمر کے کامل الایمان ہونے اور ان کے سب سے افضل ہونے کا انکار کیا جا سکتا ہے؟

(۳) نصیر خدا علی مرتضیٰ کا فیصلہ! اب اُن کے بعد آخری اور قطعی

فیصلہ حضرت شیر خدا علی مرتضیٰ کا سنیئے۔ امیر المومنین علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک خط امیر معاویہ کو حسب ذیل عبارت کا لکھا۔ اس خط کو تمام شارحین نہج البلاغۃ نے نقل کیا ہے۔ ہم اس کو علامہ ابن میثم بحرانی کی شرح نہج البلاغۃ مطبوعہ تہران جز ۴ ۱ سے نقل کرتے ہیں۔

وکان افضلھم فی الاسلام کما زعمت وانصحھم للہ و لرسولہ الخلیفۃ الصدیق وخلیفۃ الخلیفۃ الفاروق ولعمری ان مکانھما فی الاسلام لعظیم وان المصاب بھما لجرح فی الاسلام شدید وحمھما اللہ وجزاھما باحسن ما عملا۔ اور اسلام میں سب سے افضل اور اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ اخلاص رکھنے میں سب سے بڑھ کر جیسا کہ تم نے بیان کیا خلیفہ صدیق تھے اور خلیفہ کے خلیفہ فاروق اور قسم مجھے اپنی جان کی کہ بہ تحقیق ان کی وفات سے اسلام کو سخت زخم پہنچا۔ اللہ ان دونوں پر رحمت نازل کرے، اور ان کو ان کے اچھے کاموں کا بدلہ دے"

غور کیجئے کہ حضرت شیر خدا کے اس فیصلہ کے بعد بھی کیا کسی کو حضرت صدیق اکبر کی خلافت اور ان کے کامل الایمان ہونے اور افضل و اکمل ہونے میں کچھ شک رہ سکتا ہے؟

(۴) صدیق اکبر اور حیدر کرار کے درمیان محبت کا ایک نمونہ۔

سیدۃ النساء سے حضرت علی کا نکاح صدیق اکبر کی ترغیب سے ہوا!

ایک دن ابوبکر و عمر و سعد بن معاذ مسجد رسول میں بیٹھے آپس میں مناقبت جناب

فاطمہ کا ذکر کر رہے تھے۔ ابوبکرؓ نے کہا کہ اشرف قریش نے فاطمہ کی خواستگاری حضرت سے کی۔ اور حضرت نے اُن کو جواب دیا کہ اُن کا اختیار پروردگار کو ہے۔ اور حضرت علی بن ابی طالب نے اس بارے میں حضرت سے کچھ نہیں کہا۔ اور نہ کسی نے اُن کی طرف سے کہا۔ اور ہمیں گمان یہی ہے کہ سوائے تنگ دستی کے اور کچھ مانع نہیں ہے۔ اور جو کچھ ہم جانتے ہیں۔ وہ یہ ہے کہ خدا اور رسولِ خدا نے فاطمہؑ کو بے شک علی کے لئے رکھا ہے۔

بس ابوبکر نے عمر اور سعد بن معاذ سے کہا۔ اُٹھو علی کے پاس چلیں اور ان سے کہیں کہ فاطمہؑ کی خواستگاری کرو۔ اگر تنگ دستی انھیں مانع ہے تو ہم اس بات میں ان کی مدد کریں گے۔

سعد بن معاذ نے کہا۔ بہت درست ہے۔

یہ کہہ کر اُٹھے اور جناب امیر کے گھر گئے۔ جب جناب امیر اُن کی خدمت میں پہنچے۔ حضرت نے فرمایا کس لئے آئے ہو؟

ابوبکرؓ نے کہا۔ اے ابوالحسن کوئی فضیلت فضیلت ہائے دنیا سے نہیں ہے۔ مگر یہ کہ تم اور لوگوں پر اس فضیلت میں سابق ہو۔ تمہارے اور حضرت رسول کے درمیان جو رابطہ نسبی یگانگی اور مصاحبت دائمی و نصرت باری اور روابط معنوی ہیں وہ معلوم ہیں۔ جمیع قریش نے فاطمہ کی خواستگاری کی مگر حضرت نے قبول نہ کی۔ اور جواب دیا کہ اس کا اختیار پروردگار کو ہے پس تم کو کیا چیز فاطمہ کی خواستگاری سے مانع ہے۔ ہم کو گمان یہ ہے کہ خدا و رسول نے فاطمہ کو تمہارے واسطے رکھا ہے۔ باقی اور لوگوں سے منع کیا ہے

امیر نے ابوبکر سے یہ سُنا اور آنسو چشم ہائے مبارک سے جاری ہوئے۔ اور فرمایا۔ میرا غم اور اندوہ تم نے تازہ کیا۔ اور جو آرزو میرے دل میں پنہاں تھی اس کو تم نے تازہ کیا۔ کون ایسا ہوگا جو فاطمہ کی خواستگاری نہ چاہتا ہو۔ لیکن مجھے بہ سبب تنگ دستی اس امر کے اظہار سے شرم آتی ہے۔ پس ان لوگوں نے جس طرح سے ہُوا جناب امیر کو راضی کیا کہ جناب رسولِ خدا کے پاس جا کر حضرت فاطمہ کی خواستگاری کریں۔

(حیاۃ العیون اردو جلد اوّل ص۱۱۸)

۵۔ حضرت سیدۃ النساء کا جہیز خریدنے کے لئے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صدیق اکبر کو منتخب کیا!

جناب امیر نے فرمایا کہ حضرت رسول اللہ نے مجھے ارشاد کیا۔ یا علی اٹھو۔ اور اپنی زرہ بیچ ڈالو۔ پس میں گیا اور زرہ فروخت کر کے اس کی قیمت حضرت کی خدمت میں لایا اور روپے حضرت کے دامن میں رکھ دیئے۔ حضرت نے مجھ سے نہ پوچھا کہ کتنے روپے ہیں اور میں نے کچھ نہ کہا پس ان میں سے ایک مٹھی روپیہ لیا۔ اور بلال کو بلا کر دیا اور فرمایا کہ فاطمہ کے لئے عطر اور خوشبو لے آ۔

پس ان درہم میں سے دو مٹھیاں لے کر ابوبکر کو دیں اور فرمایا کہ بازار میں جا اور کپڑا وغیرہ جو کچھ اثاث البیت کا درکار ہے لے آ۔ پس عمار بن یاسر اور ایک جماعت صحابہ کو حضرت ابوبکر کے پیچھے بھیجا۔ اور سب

بازار میں پہنچے۔ پس ان میں ہر ایک شخص جو چیز لیتا تھا۔ ابو بکر کے مشورے سے خرید کرتا اور دکھا لیتا تھا۔

پس ایک پیراہن سات درہم کو اور ایک مقنعہ چار درہم کو اور ایک چادر سیاہ خیبری و کرسی کہ دونوں پاٹ اس کے لیف خرما سے جڑے تھے۔ اور دو توشک جامہ ہائے مصری کی ایک کو لیف خرقا سے اور دوسرے کو پشم گوسفند سے بھرا تھا۔

(۶) صدیق اکبر عامل بالسنّت تھے۔ خلافت کی خوبیوں سے بہرہ ور تھے۔ حضرت مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا حقیقت افروز اعلان

للّٰہِ بلادُ فلانٍ تعد قوّمَ الاودو داوی و اقام السنّتہ وَخَلّفَ الفتنۃ۔ ذَھَبَ نَقِیَّ الثوب وقلیل العیب اصابَ خیرھَا وسَبق شرّھَا۔

(نہج البلاغہ شرح ابن میثم ص۲۰۷)

ترجمہ:۔ اللہ کے لئے تھی خلافت فلاں شخص (صدیق اکبر کی) بے شک اس نے کجی کو سیدھا کیا اور بیماروں کا علاج کیا۔ اور سنّت کو قائم کیا اور فتنوں کو پیچھے کر دیا۔ خود دنیا سے پاک دامن و کم عیب رخصت ہوا۔ اور خلافت کی خوبیوں سے بہرہ ور ہوا۔ اور اس کی برائیوں سے پہلے چلا گیا۔"

(۷) جب حضرت علی مرتضیٰ کی والدہ نے وفات پائی تو قبر کھدوانے کے لئے رسول کریم نے حضرت عمر کو بلایا۔

فَلَمَّا ماتت دَعَا اُسَامَۃَ وَ عمر فحفروا لَھُمَا قبرھا!

(مراۃ العقول جلد اوّل مطبوعہ نجف اشرف شرح اوصول کافی)

ترجمہ:۔ پس جب فاطمہ بنت اسد حضرت علی مرتضیٰ کی والدہ فوت ہوئی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسامہ اور حضرت عمرؓ کو بلایا۔ پس انھوں نے ان کی قبر کھودی۔"

(۸) حضرت اسماء بنت عمیس صدیق اکبر کی زوجہ حضرت علی کے بھائی حضرت جعفر طیار کی بیوہ تھی!

حضرت صدیق اکبر کے مرنے کے بعد حضرت اسماء سے حضرت علی نے نکاح کیا۔ (معلّم بین الفریقین)

(۹) سیّدنا صدیق اکبر بیمار ہوئے تو سیّدنا حضرت علی مرتضیٰ نے اُن کی تیمارداری کی!

امام جعفر صادق سے لوگوں نے دریافت کیا کہ آپ کے والد بزرگوار فرماتے تھے کہ آیت ونزعنا ما فی صدورھم من غل اخوانا۔ شیخین (صدیق اکبر اور فاروق اعظم) اور علی ابن طالب کے حق میں نازل ہوئی ہے۔ فرمایا ہاں۔ پوچھا کہ وہ کینہ کیا تھا جس کو حق تعالیٰ نے ان لوگوں کے دلوں سے نکال دیا۔ فرمایا کہ کینہ جاہلیت جو اولاد یتیم و عدی و ہاشم میں تھا۔ وہ اسلام و ایمان کے بعد محبت و الفت کی شکل میں تبدیل ہوگیا۔ حتیٰ کہ جب ابوبکر

صدیق درد خاصرہ میں مبتلا ہوئے تو حضرت علی نے بہ نفس نفیس بڑے انہماک سے آپ کا معالجہ کیا۔ (منتہی الکلام ص۴۸۴ مصنفہ مولوی حیدر علی)

(۱۰) جو صدیق کو صدیق نہ سمجھے گا وہ جھوٹا ہے۔ حضرت زین العابدین کا ارشاد گرامی!

جناب امام جعفر صادق امام محمد باقر سے روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے جناب زین العابدین کے پاس آکر عرض کیا کہ مجھے ابوبکر کے کچھ حالات سنائیے۔ آپ نے فرمایا تم ابوبکر صدیق کے حالات پوچھتے ہو سائل نے عرض کیا کہ آپ ان کو صدیق کے لقب سے یاد فرماتے ہیں۔

آپ نے فرمایا کہ تیری ماں تجھ پر روئے۔ ان کو تو حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور تمام مہاجرین و انصار اسی معزز لقب (صدیق) سے یاد فرماتے تھے۔ اور جو شخص ان کو صدیق نہ کہے گا حق تعالیٰ اس کی دارین میں تصدیق نہیں کریں گے۔ جاؤ اور شیخین کے دوست ہو جاؤ۔"

(منتہی الکلام ص۴۸۳۔ بحوالہ النجم ۴، ۵ سنہ ۱۳۵۱ھ)

(۱۱) جو حضرت علی مرتضیٰ کو شیخین سے افضل سمجھے گا، وہ بمطابق فرمانِ علی مفتری ہے!

حضرت امیر علیہ السلام کو معلوم ہوا کہ ابنِ سبا اور اس کی ذریت حضرات شیخین کی برائی میں منہمک ہے۔ تو آپ نے اسی وقت مسجد میں جا کر ایک

خطبہ شیخین کے فضائل میں پڑھا اور جناب صدیق اکبر کی امامت کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ میرے سامنے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوبکر صدیق کو امامت کے لئے منتخب فرمایا۔ اور فرمایا کہ یاد رکھو جس شخص کو میں نے یہ کہتے ہوئے سنا کہ اس نے مجھ کو شیخین سے افضل کہا ہے۔ اس کو حد افترا کی سزا دوں گا۔ چہ جائیکہ کوئی شخص ان کو برا کہے۔ (ایضاً ص ۴۸۹)

(۱۲) حضرت علی صدیق اکبر کے پیچھے نماز ادا کرتے تھے۔

ثم قام و تهيأ للصلوٰة حضر المسجد وصلى خلف ابي بكرٍ۔

ترجمہ:۔ بعدہٗ حضرت علی اٹھے اور نماز کے لئے تیار ہوئے۔ اور مسجد نبوی میں حاضر ہو کر ابوبکر کے پیچھے نماز ادا کی۔ (احتجاج ص ۵۳)

(۱۳) علی مرتضیٰ نے صدیق اکبر کے پیچھے صف میں کھڑے ہو کر نماز ادا کی!

القصہ جب رات گذری اور سپید سحر نے روئے عالم پر چادر نور بچھائی۔ اتفاقاً حکم قدر سے حضرت ابوبکر اس وقت ایسے محو خواب ہوئے کہ تاریکی شب نے ساتھ روشنی صبح کے بدل کیا۔ پس بے اختیار اٹھے اور گزرنے وقت کے سے بہت گھبرائے۔ ناچار آن کر اقامت کہی اور جماعت اہل دین نے ان کے پیچھے صف باندھی۔ چنانچہ اسی صف میں شاہ لافتیٰ بھی تھے۔

(غزوات حیدری ص ۲۲۷ ترجمہ حملہ حیدری)

(۱۴) انصار نے اسلام کی بے مثال مدد کی!

حضرت علی مرتضیٰ انصار کی مدح میں فرماتے ہیں:۔ وقال علیہ السلام فی مدح الانصار ھم واللہ ربوا الاسلام کما یربی الفلوۃ مع غنائھم بایدیھم السیاۃ و السنتھم السلاط۔ (نہج البلاغۃ جلد دوم مصری ص۱۵۲)

ترجمہ:۔ خدا کی قسم انھوں نے اسلام کی پرورش کی جیسے اونٹ کا چھوٹا بچہ پرورش کیا جاتا ہے باوجودیکہ ان کو کچھ حاجت نہ تھی۔ اپنے سخاوت والے ہاتھوں اور اپنی دراز زبانوں سے (انھوں نے اسلام کی مدد کی)

(۱۵) تمام اصحاب رسول کامل الایمان تھے!

مولائے کائنات حضرت علی مرتضیٰ ارشاد فرماتے ہیں:" البتہ میں نے آقائے نامدار کے اصحاب کرام کو دیکھا ہے۔ اے میری جماعت تم میں سے کوئی بھی ان کے مشابہ نہیں ہے بیشک دین میں جنگ کی وجہ سے غبار آلود رہتے تھے۔ اور رات کو عبادتیں کرتے تھے

(نہج البلاغہ جلد اول ص۱۹۰)

(۱۶) رفیق فی الغار!

فروع کافی میں ہے حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں۔ ان رسول صلی اللہ علیہ وسلم اتبل یقول لابی بکر فی الغار اسکن فان اللہ معناہ۔ (فروع کافی کتاب الروضۃ جلد سوم ص۱۳۴)

ترجمہ:۔" حضور علیہ السلام نے حضرت صدیق اکبر سے غار میں فرمایا کہ گھبراؤ نہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم دونوں کے ساتھ ہے"۔

غور کیجئے حضور فرماتے ہیں فان اللہ معناہ۔ اللہ ہم دونوں کے ساتھ ہے۔

اگر خدانخواستہ صدیق اکبر کے دل میں ذرا بھی کجی ہوتی تو حضور اس کے بجائے یہ فرماتے، صدیق گھبراتے ہو۔ خدا میرے ساتھ ہے۔ مگر حضور نے یہ نہیں فرمایا۔ بلکہ یہ فرمایا خدا ہم دونوں کے ساتھ ہے۔

(۱۷) **بیعت**۔ حضرت مولائے کائنات امیر المومنین حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کا جناب سیدنا صدیق اکبر خلیفہ بلافصل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دستِ مبارک پر بیعت کرنا ایک یقینی واقعہ ہے۔ جو شیعہ سنی دونوں فریق کی معتبر مذہبی کتب سے ثابت ہے۔ حوالے ملاحظہ کیجئے۔

ثُمَّ نادیٰ فیل ان یبالغ یا بن اُمّی ان القوم استضعفونی وکادوا یقتلونی ثم تناول ید ابی بکر فبایعہ۔ (احتجاج طبرسی ص۴۸)

یعنی:۔ پھر حضرت علی نے پکارا کہ اے میری والدہ کے فرزند۔ قوم نے مجھے کمزور سمجھا ہے۔ اور قریب ہے کہ مجھے قتل کر دیں۔ اس کے بعد حضرت علی نے ابوبکر کا ہاتھ پکڑا۔ اور ان سے بیعت کر لی۔

(۱۸) صدیق اکبر نے بارِ نبوت اُٹھایا!

مومن علی کرمانی حملہ حیدری ص۵۱ واقعہ ہجرت میں لکھتا ہے۔ ؎

چنیں گفت راوی کہ سالارِ دیں — چو سالم بحفظ جہاں آفریں
زتزویک ایں قوم مکر رفت — لبوئے سرائے ابوبکر رفت
پے ہجرت او نیز آمادہ بود — کہ سابق رسولش خبردار بود
نبی بر در خانہ اش چوں رسید — بگوشش ندائے سفر در کشید
چوں بوبکر زاں حال آگاہ شد — زخانہ بروں رفت و ہمراہ شد

گرفتند پس راہ یثرب بہ پیش
نبی کند نعلین از پائے خویش

بسر پنجۂ آں رفتن گرفت
پئے خود ز دشمن نہفتن گرفت

چو رفتند چندے ز دامانِ دشت
قدوم فلک سائے مجروح گشت

ابو بکر آنکہ بدوشش گرفت
داز بیں حدیث ست جائے شگفت

کہ در کس چناں قوت آید پدید
کہ بارِ نبوت تو از کشید

ہر فتند القصہ چندے دگر
چو گردید پیدا نشانِ سحر

بجستند جائیکہ باشد پناہ
ز چشمِ کساں دور یک سو رزاہ

بدیدند غارے در آں تیرہ شب
کہ خواندے عرب غار ثورش لقب

گرفتند در جوف آں غار جائے
ولے پیش بنہاد ابو بکر پائے

در آمد رسول خدا ہم بہ غار
نشستند یک جا ہر دو یار

ترجمہ :- راوی نے ایسے بیان کیا کہ جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم صحیح وسالم خدا کی حفاظت میں اس قوم پر فریب سے نکلے تو ابو بکر صدیق کی طرف تشریف لے گئے۔ وہ بھی ہجرت کے لئے تیار تھے۔ کیونکہ حضور نے انھیں پہلے خبر دے دی تھی۔ حضور جب ان کے گھر پہنچے تو ان کے کان میں سفر ہجرت کی خبر پہنچائی۔ جب ابو بکر اس حال سے آگاہ ہوئے تو گھر سے باہر نکل پڑے۔ اور ساتھ ہو لئے۔ پھر دونوں نے یثرب کا راستہ اختیار کیا۔ حضور نے نعلین پاک اپنے پاؤں سے اتار لی۔ اور پنجہ کے بل چلنا شروع کیا۔ اور اپنے کو دشمن سے بچانے کے لئے یہ عمل اختیار کیا۔ جب تھوڑی دیر میدان میں چلے، قدم مبارک زخمی ہو گئے۔ تو فوراً ابو بکر نے اپنے

کندھے پر اُٹھا لیا۔ اس امر سے تعجب ہے کہ ایک شخص کے اندر ایسی قوت کیسے پیدا ہوگئی کہ بارِ نبوت کو اٹھا سکا۔ القصہ پھر کچھ چلے جب علامت صبح ظاہر ہوئی تو ایسی جگہ تلاش کرنے لگے جہاں پناہ لے سکیں جو لوگوں کی نظروں سے دُور اور راہ سے کنارے ہو، اس تاریک شب میں ایک غار دیکھا جسے عرب، غار ثور کہتے ہیں۔ اس کے اندر جگہ لی۔ لیکن ابوبکر نے اس میں قدم رکھا جس جگہ سوراخ یا دراز دیکھے۔ اپنا تہبند پھاڑ کر اسے بند کیا۔ پھر رسول خدا بھی غار میں داخل ہوئے۔ اور دونوں یار مل کر بیٹھے۔

خلاصۃ المرام

فقیر نے اختصار کے پیش نظر چند حوالہ جات حوالہ قلم کئے۔ ورنہ ہزاروں بلکہ اَن گنت خود کتب شیعہ میں تصریحات ملتی ہیں۔ کہ اہل بیت اور صحابہ کرام بالخصوص خلفاء ثلاثہ آپس میں شیر و شکر تھے۔ لیکن خدا بیڑا غرق کرے تعصب کا کہ خواہ مخواہ بہتانوں کی بہتات کر دی اور ان حضرات کو آپس میں ایک دوسرے کو ایسا مخالف بنایا جیسے ابلیس و آدم اور ہابیل و قابیل اور ابراہیم و نمرود اور موسیٰ اور فرعون و ہامان وغیرہ۔ چنانچہ چند حوالہ جات فقیر نے پہلے عرض کر دیئے ہیں۔ بلکہ ابن سبا کی جماعت میں جو بھی شامل ہوا وہ شب و روز اپنے حلقہ احباب بلکہ آل و اولاد تک مذکورہ بالا تاثر دیتا ہے۔ بیشمار شواہد اور واقعات اس پر شاہد ہیں بلکہ جنہیں شیعہ گروہ سے واسطہ پڑتا ہے وہ خوب جانتے ہیں کہ بعض بدطینت اپنے

کتوں تک ان حضرات کے اسماء مبارکہ سے مسمّی کرتے ہیں۔ ورنہ کم از کم ان حضرات سے نفرت دلانے میں کسر نہیں چھوڑتے۔ صرف ایک واقعہ سر سید احمد بانی علی گڑھ سے سنیئے۔

ایک میرے نہایت دوست شیعہ مذہب تھے۔ ان کے ہاں ایک چھوٹا بچہ تھا۔ جس کو ایک بکری کا بچہ پال دیا تھا۔ اور وہ خوب اس سے ہل گیا تھا۔ ایک دن اس بکری کے بچے کو ذبح کر ڈالا۔ وہ چھوٹا بچہ خوب رویا۔ اس کے باوا نے اس سے کہا عمر یہ کام کر گیا۔ وہ بچہ عمر کو بُرا بھلا کہتا تھا۔ یہ کام صرف اس لئے کیا تھا کہ بچپن ہی سے ان کے دل میں عمر کی عداوت اور ان کے نام سے نفرت پیدا ہو۔ اسی واقعہ کو دیکھ کر میں نے یہ ترجمہ شروع کیا تھا۔ دل ایک ایسی چیز ہے کہ جب اس میں عداوت کی گو کہ وہ یزید ہی سے ہو۔ اور نفاق کی گو وہ کسی حالت میں ہو جڑ بندھتی ہے تو اس کی نیکی و صفائی گندی و گدلی ہو جاتی ہے۔ اس لئے جیسے کہ میں شیعوں کے مسئلہ جب اہل بیت کو پسند کرتا ہوں ویسا ہی ان کے مسئلہ تبرّا و تقیّہ کو ناپسند کرتا ہوں۔ اور دلی نیکی اور صفائی اور سچائی کے بالکل برخلاف جانتا ہوں۔ مورخہ ۱۸۷۸ء۔[1]

عقلی دلائل

قطع نظر شیعوں کی غلط فہمی کے عقل ان حضرات کے لئے حسنِ ظن رکھتی ہے۔

---

[1] حاشیہ مقالات سر سید ص ۷۸۶ مرتبہ اسمٰعیل پانی پتی مطبوعہ لاہور۔

اس لئے کہ (۱) صحابہ کرام بالخصوص خلفاء راشدین نے دین کے لئے اپنی جان و مال اللہ تعالیٰ کی راہ میں فدا کیا، طرح طرح کے دکھ اٹھائے، قسم قسم کی مصیبتیں سہیں، دنیا کے مزے چھوڑ کر رضائے الٰہی میں زندگی بسر کی۔ اس حیثیت سے اُن کے ساتھ حسنِ ظن رکھنا چاہیئے۔ نہ کہ بدگمانی اور غلط خیالی۔

(۲) ان حضرات نے حضور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ اقدس کو ایمان کی نگاہ سے دیکھا[1] جب بنی اسرائیل کے معمولی اولیاء اصحاب کہف کی چہرے کی زیارت کی یہ تاثیر تھی کہ انجس و اخبث فطرت کتے کو ولی بنا دیا، کیا نبوت اور محبوب نبوت میں اتنا تاثیر بھی نہیں کہ افضل و اعلیٰ ترین شخصیات کو کورا چھوڑ دے

(۳) نبوت کی صحبت پر تمام زندگی کی عبادات قربان کی جائیں اور دنیائے عالم کے ولی ایک صحابی کے مرتبہ تک نہیں پہنچ سکتے۔ یہ عام نبوت کی شان ہے۔ پھر محبوب خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت کا کیا کہنا۔

(۴) محبوب کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہر نسبت تمام انبیاء علیہم السلام سے افضل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تمام آسمانی کتب سے قرآن افضل اور تمام اُمتوں میں سید الانبیاء علیہم السلام کی اُمت افضل اسی لئے اس اُمت کو "کنتم خیر امۃ" کا خطاب نصیب ہوا۔

---

[1] شیعہ اس مسئلہ کو مانتے ہیں۔ اگرچہ تعصب سے کہتے ہیں کہ وہ حضور علیہ السلام کے وصال کے بعد معاذ اللہ مرتد ہو گئے۔ (حوالہ دیکھئے فیقر کا رسالہ "آئینہ شیعہ نما" ادلیسی غفرلہ)

اسی طرح ہزاروں مثالیں ملتی ہیں جن میں شیعہ پارٹی نے اسلاف صالحین رحمہم اللہ تعالیٰ کو گالی گلوچ کا نشانہ بنایا ہے۔

اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ شیعہ مذہب کی بنیاد تین چیزوں پر ہے (۱) گالی گلوچ (۲) تقیہ یعنے منافقت، کہ ظاہر کچھ اور باطن کچھ (۳) متعہ ان ہر سہ اصول پر اُن کے مذہب کی گاڑی رواں دواں ہے۔

اصلی اور نقلی شیعہ

اگر موجودہ دور کے شیعہ غور فرمائیں تو حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ یہ غلط سلسلہ شیعہ ذاکرین۔ مرثیہ خوان مبلغین نے جاری کیا ہے۔ ورنہ اصلی شیعہ اسلاف صالحین بالخصوص خلفاء ثلاثہ و دیگر اصحاب اور امہات المومنین خصوصاً مائی عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کے نیاز مند نظر آتے ہیں۔ حوالہ جات گذرے ہیں آخر میں ایک حوالہ پڑھ لیجئے۔

امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ کا فرمان شرح نہج البلاغہ ابن میثم بحرانی کے جزء ۳۱ پر مرقوم ہے:۔

ولعمری ان مکانہما فی الاسلام لعظیم وان المصاب بہما لجرح فی الاسلام لشدید یرحمہما اللہ وجزاہما باحسن ما عملا۔

ترجمہ:۔ اور قسم مجھے اپنی جان کی کہ بے تحقیق ان دونوں (ابوبکر و عمرؓ) کا مقام اسلام میں بڑا ہے۔ اور اُن کی وفات سے اسلام کو سخت زخم پہنچا۔ اللہ ان دونوں پر رحمت نازل کرے۔ اور ان کو ان کے بہترین کاموں کا بدلہ دے۔

ہمارا کام تھا صحیح حوالہ جات سے واقف کرا دینا۔ باقی بنک قسمتی اور بد قسمتی ہر ایک اپنی خود سوچ لے۔ وما علینا الا البلاغ۔

حوالہ ۳۔ انہ الصدیق الخلیفۃ من بعدہ صلی اللہ علیہ وسلم علی امتہ ان الخلافۃ من بعدی ثلاثون سنۃ موقتۃ (ای الاربعۃ ابو بکر و عمر و عثمان و علی رضی اللہ تعالیٰ علیہم)

یعنی صدیق اکبر رضی اللہ عنہ حضور علیہ السلام کے بعد اُن کی اُمت پر خلیفہ مقرر ہوں گے۔ اور حضور علیہ السلام کے وصال کے بعد تیس سال خلافتِ راشدہ رہے گی جن پر چار اصحابہ ابو بکر و عثمان و علی رضی اللہ عنہم مقرر ہوں گے۔ افسوس کہ ایسے تصریحات کے باوجود شیعوں کو تعصب کا خمار نہیں اُترتا۔

بعض شیعہ یا شیعہ نواز سُنی انکار کرتے ہیں کہ شیعہ لوگ صدیق اکبر یا دوسرے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو بُرا نہیں کہتے۔ یہ ان کا تقیہ ہے۔ یا پھر شیعہ مذہب سے بیخبری کا نتیجہ ہے۔ ورنہ شیعہ مذہب میں اولین شرط یہ ہے کہ ابو بکر و عثمان و عائشہ و دیگر جلیل القدر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو گالی دی جائیں اور انھیں لعنتی گردانا جائے۔ وغیرہ وغیرہ

یہ ایک علیحدہ موضوع ہے جو بحث سے تعلق رکھتا ہے۔ جسے فقیر نے علیحدہ ایک کتاب لکھی ہے۔ یہاں پر مشتے نمونہ خروارے چند ایک حوالہ جات پیش کئے جاتے ہیں۔ جن سے معلوم ہوگا کہ شیعہ مذہب صرف گالی گلوچ کا مجموعہ ہے۔ اور بس۔ اور نہ صرف صحابہ کرام کو گالی دیتے ہیں۔

بلکہ یہ لوگ اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بلکہ اہل بیت کو معاف نہیں کرتے۔

صدیق اکبر رضی اللہ عنہ اور دوسرے حضرات کو لعنت کرنا شیعہ مذہب میں واجب ہے

"بعضے امور ہست کہ نزد شیعہ امامیہ ضروری است ونزد سائر مسلمانان ضروری نیست مثل امامت، وجوب بیزاری از ابوبکر وعمر وعثمان ومعاویہ وطعن ولعنت بر طلحہ وزبیر وعائشہ" بعض امور شیعہ امامیہ کے نزدیک ضروریات دین سے ہیں۔ باقی مسلمانوں کے لئے ضروری نہیں۔ مثلاً امامت اور حضرت ابوبکر وعمر وعثمان ومعاویہ سے بیزاری اور طلحہ، زبیر وعائشہ پر لعنت کرنا۔ حق الیقین ملا باقر مجلسی شیعہ ص۲۲۵

دوسرا حوالہ:۔ ملا محمد تقی رافضی شیعہ نے حدیقۃ المتقین ص۱۱۴ پر لکھا ہے کہ "ہر نماز کے بعد خلفاء ثلاثہ یعنی (ابوبکر وعمر وعثمان) اور حضرت عائشہ پر لعنت بھیجنا سنت ہے، اور نماز کی قبولیت اور تکمیل اس کے بغیر نہیں (معاذ اللہ) اور عین الحیوۃ ملا باقر مجلسی ص۶۱۲ پر ہے۔

"لہذا معتبر منقول است کہ حضرت امام جعفر صادق از جائے نماز خود برنمی خاستند تا چہار ملعون وچہار ملعونہ را لعنت نمی کرد۔ پس باید بعد ہر نماز بگوید "اللھم العن ابابکر وعمر وعثمان ومعاویہ وعائشہ وحفصہ وھندہ وام الحکم"۔

"یعنی معتبر سند سے منقول ہے نماز سے فارغ ہو کر جب تک ان آٹھ حضرات کو لعنت نہ بھیجتے، چار نماز سے نہیں اُٹھتے۔ وہ آٹھ یہ ہیں۔ ابوبکر، عمر، عثمان معاویہ۔ عائشہ۔ حفصہ۔ ہند۔ ام الحکم (معاذ اللہ ثم معاذ اللہ)

شیعہ کی گن مشین

بر یاران سید المرسلین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ اجمعین۔

(حوالہ جات از کلید مناظرہ)

۱۔ صحابہ ثلاثہ (صدیق۔ عمر۔ عثمان (رضی اللہ عنہم) کو بدترین مخلوق سمجھا جائے (ص۴۸)

۲۔ ابوبکر کا اور شیطان کا ایمان مساوی ہے (معاذ اللہ ص۱۱۷)

۳۔ ابوبکر کا ایمان راسخ نہ تھا۔ ص۱۳۲) ایسے (صدیق اکبر رضی اللہ عنہ) جاہل شخص کو نائب رسول کہنا سنی لوگوں کا حصہ ہے۔

۴۔ ابوبکر (رضی اللہ عنہ) بزدل ہونے کے علاوہ احمق بھی تھا۔ (معاذ اللہ) ص۳۱

۵۔ عمر (رضی اللہ عنہ) کو خلافت پاخانہ میں ملی۔ ص۱۸۹)

۶۔ عمر (رضی اللہ عنہ) نے شراب مرتے دم تک ترک نہ کی۔ ص۱۴۶

۷۔ عمر (رضی اللہ عنہ) تمام عمر کھڑے کھڑے پیشاب کرتا رہا۔ ص۴۶

۸۔ عمر (رضی اللہ عنہ) بحالتِ روزہ جماع کر لیا کرتا تھا۔ ص۱۴۶

۹۔ عمر (رضی اللہ عنہ) بحالت جنب نماز پڑھ لیا کرتا تھا۔ ص۱۴۶)

۱۰۔ اصحاب ثلثہ (صدیق۔ فاروق۔ عثمان غنی رضی اللہ عنہم) بت پرست تھے ص۱۴۶

۱۱۔ سیدنا ابوبکر۔ عمر اور عثمان غنی وغیرہ کو منافق۔ دوزخی۔ کافر مشرک وغیرہ کہنے

اور لکھتے ہیں۔ دیکھئے شیعہ کا معتبر مترجم قرآن مقبول۔ صفحات ۴/۲۲ ۳۷/۵۳ ۱۱۹/۲۲۵

۲۲۷/۵۱۲ ۴۴۶/۵۲۱ ۔

۱۲۔ ثلاثہ (صدیق و عمر و عثمان رضی اللہ عنہم صدق و صفا سے قطعاً عاری تھے۔ ص ۱۴۶

یہ وہ حوالہ جات ہیں جو شیعہ مذہب کی کتابوں کے ہیں۔ ان کا کوئی فرد ایک حوالہ غلط ثابت کر دے۔ منہ مانگا انعام پائے۔ شیعہ کہتے ہیں کہ:۔

تمام صحابہ مرتد بے دین اور گمراہ تھے

حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے وصال کے وقت اپنے ایک لاکھ چوبیس ہزار صحابہ چھوڑے جنھیں شیعہ کہتے ہیں کہ چند محدود صحابیوں کے سوا باقی مرتد اور گمراہ ہو گئے۔ چنانچہ ملاحظہ ہو۔

فروع کافی کتاب الروضہ ص ۱۵ میں ہے کہ ابو جعفر نے فرمایا۔ کان الناس اھل ردۃ بعد النبی الا ثلثۃ، المقداد۔ ابوذر۔ سلمان حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد سوائے تین افراد کے سب مرتد ہو گئے۔ مقداد۔ ابوذر۔ سلمان۔ صرف یہی تین مسلمان رہ گئے تھے۔

حضرت خالد رضی اللہ عنہ جنھیں حضور علیہ السلام نے سیف اللہ کا خطاب دیا۔ شیعہ اللہ کا خطاب دیا۔ شیعہ پارٹی ان کو یوں دل کھول کر بکتے ہیں۔ کہ خالد بن ولید کو مالک بن نویرہ کی عورت کا عشق اور لالچ دامنگیر تھا۔ (کلید مناظرہ ص ۱۷۸)

اولیاء کرام پر شیعہ کی بدگوئی

حضرت محبوب سبحانی شیخ عبد القادر جیلانی قدس سرہ یعنی بغداد والے پیر پیران

کو شیعہ سید نہیں مانتے۔ بلکہ کہتے ہیں کہ وہ یعنی سیدنا عبدالقادر جیلانی محبوب سبحانی قدس سرہٗ یہودیوں کا دلال تھا۔ (معاذ اللہ) ان کے علاوہ حضرت امام اعظم اور امام بخاری اور امام غزالی و دیگر مقدسین اولیاء کرام کو گالی دینا وغیرہ وغیرہ ان کا مذہبی اور ملی طریقہ ہے۔ ملاحظہ ہو۔

۱۔ شیخ عبدالقادر جیلانی (محبوب سبحانی قدس سرہٗ) سید نہ تھا۔ کلید مناظرہ ص۱۱۴

۲۔ شیخ عبدالقادر جیلانی (محبوب سبحانی قدس سرہٗ) بت پرست اور یہودیوں کا چوہدری تھا۔ ص۱۱۴

۳۔ امام بخاری (قدس سرہٗ) کو خدا اور رسول کا دشمن نہ کہنا عین کفر ہے ص۵۶ حوالہ ۴۔ حتی لم یبق من المہاجرین والانصار الا صلی علیہ ص۵۳ یعنی صحابہ انصار اور مہاجرین سب نے حضور علیہ السلام کی نماز جنازہ ادا کی۔ اس کی تفصیل پہلے عرض کر چکے ہیں۔

۵۔ وَاَمَّا اھل السنۃ فالمتمسکون بما سنۃ اللہ ورسولہ ص۹ یعنی اہل سنت اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقوں سے تمسک کرتے ہیں۔ اس سے اہل سنت کی حقانیت کا اظہار مطلوب ہے۔

۶۔ اختلاف اصحابی لکم رحمۃ ص۱۹۴۔ میرے صحابہ کرام کا اختلاف تمہارے لئے رحمت ہے۔

اس سے شیعہ ٹھنڈے دل سے سوچیں تو کبھی بھی صحابہ کرام بالخصوص خلفاء ثلاثہ رضی اللہ عنہم سے بدظنی نہ کریں۔ لیکن بدقسمتی کا علاج کہاں۔

۷۔ کے متعلق پہلے بہت کچھ لکھا جا چکا ہے۔

۸۔ کا مطلب واضح ہے۔

۹۔ ان ابا بکر افضل من علی و من جمیع اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم ہو ثانی مع رسول اللہ علیہ وسلم ثانی اثنین الخ یعنی بیشک حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ حضرت علی اور دیگر جملہ اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے افضل ہیں۔ وہی غار کے موقعہ پر دوسرے تھے۔

(۲) آخر صلوٰۃ قبل وصال نبوی اور اس کے امام ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہوئے۔

(۳) وَ ھُوَ صِدِّیْقُ ھٰذِہِ الْاُمَّۃِ الخ وہی اس امت کے صدیق ہیں۔ رضی اللہ عنہ ہیں ص۲۰۵ و ص۲۰۶

حوالہ ۱۱ ثُمَّ قَامَ لِلصَّلٰوۃِ وحضر المسجد و صلّٰی (ای علی) خلف ابی بکر ص۶۰ پھر حضرت ابوبکر نماز کے لئے اٹھے اور مسجد میں تشریف لائے۔ آپ کے پیچھے حضرت علی رضی اللہ عنہما نے نماز پڑھی۔ ص۱۲۔ ص۱۳۔ اور مذکورہ حوالہ کو تفصیل سے ہم لکھ آئے ہیں۔

حوالہ ۱۴۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے عرش پر لکھا تھا۔ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ ص۸۳ اس حوالہ سے مقصد یہ ہے کہ شیعہ اپنے کلمہ کی تائید میں بعض ضعیف روایات دکھاتے ہیں۔ کہ کلمہ میں بعض اوقات وایدتہ بعلی لکھا ہوتا ہے۔ ہم کہتے ہیں اگر اسی طرح سے کلمہ علی ثابت ہے تو پھر تمہیں ایک کلمہ صدیق بھی پڑھنا چاہیے۔

حوالہ ۱۵۔ کی تفصیل پہلے بیان ہو چکی ہے۔

حوالہ ۱۶۔ اِن مثل ابی بکر و عمر فی الارض کمثل جبریل و میکائیل فی السماء

ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کی مثال زمین پر ایسے ہیں جیسے جبرئیل و میکائیل آسمان میں۔ اسے ہم اپنی تائید میں پیش کرتے ہیں۔ کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا میرے دو وزیر زمین پر ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما ہیں۔ اور آسمان میں جبرئیل و میکائیل۔

شیعوں کو سوچنا چاہیئے کہ حضور علیہ السلام آقائے کونین ہیں تو ان کے وزراء شیخین رضی اللہ عنہما ہیں۔ جس طرح گورنمنٹ کے وزراء کی ہتک اور توہین سے جیل میں جانا پڑتا ہے۔ ایسے ہی مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے وزراء کی گستاخی کرنے سے جہنم میں جانا ہوگا۔

حوالہ جات

کتاب الروضہ للکلینی

اصول کافی و فروع کافی کے مصنف یعقوب کلینی صاحب شیعہ برادری میں مستند ہیں۔ انکے بقایا حوالے کتاب الروضہ کے علیحدہ حاضر ہیں۔

حوالہ جات کتاب الروضہ

۱۔ موجودہ قرآن شیعہ کے مخالف ہے	کتاب الروضہ للکلینی	۷۶
۲۔ خطبہ امیر المومنین قال قد عملت الولاۃ قبلی اعمالاً ۔ خلافت کا ثبوت	"	۳۴
۳۔ الا ان عثمان و شیعتہ ھم الفائزون	"	۱۴۸

۴۔ ارتداد صحابہ کا بیان سوائے تین صحابہ کے (اس ″ ۱۱۸
سے حضرت علی بھی نہیں بچ سکتے۔)

۵۔ منافقین شیعہ ہیں اسی طرح ائمہ معصومین نے فرمایا ″ ۱۱۱

۶۔ امام زین العابدین نے یزید کی بیعت کا اقرار کیا۔ ″ ۱۱۴

۷۔ حضور علیہ السلام کے ساتھ غار میں صدیق اکبر تھے۔ ″ ۱۲۶

۸۔ امام جعفر فرماتے ہیں کہ شیعوں کا رافضی اللہ نے ″ ۱۹
نام رکھا ہے۔

۹۔ خود کہتے ہیں کہ ابراہیم علیہ السلام کے والد آذر تھے ″ ۱۷۳

حوالہ ۱ و ۲۔ کے ابحاث تفصیل سے ہم نے بیان کئے۔

حوالہ ۳۔ کا صرف ترجمہ سن لیجئے۔ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میرے سے پہلے جو خلفاء گذرے ہیں انھوں نے اچھے طریقے چھوڑے وغیرہ۔ اس سے آپ کا مقصد یہ ہے کہ وہ حضرات نیک تھے۔ میں بھی ان پیروی میں کام کروں گا۔

اس سے ہمارا مقصد صرف اتنا ہے کہ جب مولائے کائنات حضرت علی المرتضیٰ شیر خدا رضی اللہ عنہ اصحاب ثلثہ یعنے حضرت ابوبکر و عمر و عثمان رضی اللہ عنہم کو اپنا مقتدر اور امام مانتے تھے۔ تو اب ان کی محبت کا دم بھرنے والے اگر انھیں مانتے تو مولائے کائنات رضی اللہ عنہ سے جوتے کھائیں گے۔

حوالہ ۴۔ اَلَا اَنَّ عثمان و شیعتہم ھُمُ الفائزون۔ یعنے خبردار عثمان اور ان کے

ساتھی تمام کامیاب تھے، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے فضائل ومناقب بیشمار ہیں۔ ہم شیعہ کتب سے ان کے فضائل پیش کرتے ہیں۔ چند حوالے لیجیے۔

حملہ حیدری میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے طواف کی کیفیت یوں مذکور ہے

بہو سید عثمانؓ زمین وزماں — بمقصد روان شد چو تیر از کماں
چو او رفت اصحاب روز دگر — بگفتند چندیں بہ خیر البشرؐ
خوشا حال عثمانؓ با احترام — کہ شد قسمتش حج بیت الحرام
رسولؐ خدا چوں شنید ایں سخن — بپاسخ چنیں گفت با انجمن
بعثمانؓ ندارم ما ایں گماں — کہ تنہا کند طوف آں آستان

ترجمہ:۔ عثمانؓ زمین چوم کر سرعت سے روانہ ہوگیا۔ جب چلا گیا۔ اصحاب کہنے لگے۔ خوشا نصیب عثمانؓ کہ حج بیت اللہ اسے نصیب ہوا۔ رسولِ پاکؐ نے جب یہ سنا تو فرمانے لگے ہم عثمان سے کبھی یہ توقع نہیں رکھتے کہ ہمارے سوائے اکیلا طوافِ کعبہ کرے۔

کفارِ مشرکین کی اجازتِ طواف

اگر میل داری طوافِ حرم — بکن مانعت نیست کس زیں ستم
ولیکن محالست ایں بے گزاف — کہ آمد محمدؐ بہ رائے طواف
چو بشنید عثمانؓ زو ایں سخن — چنیں داد پاسخ بآں اہرمن
کہ طوفِ حرم بے رسولؐ خدا — نباشد بہ پیروانش روا

ترجمہ:۔ اگر تجھے طواف کعبہ کا شوق ہو تو کیجیے، کوئی مانع نہ ہوگا۔ لیکن یہ

نہیں ہو سکتا کہ محمدؐ آکر طواف کریں۔ عثمانؓ نے یہ سُن کر کہا کہ طواف کعبہ رسول خدا کے سوائے اُن کے جاں نثار کبھی نہیں کر سکتے۔

اگر شیعہ انصاف سے دیکھیں تو حضرت عثمان کے کمالِ ایمان، عشقِ رسولؐ خلوصِ نیت اور رسول علیہ السلام کا اُن پر کامل اعتماد بلا کسی مزید دلیل کے اس روایت سے ظاہر و ہویدا ہے اور یہ تو حضرت عثمانؓ کے لئے ایک بڑا بھاری اعزاز ہے کہ حضور علیہ السلام اپنے دستِ مبارک کو دستِ عثمانؓ قرار دیں۔ یہ ایسی خصوصیت اور فضیلتِ ممیزہ ہے کہ کسی دوسرے جلیل القدر صحابی کو نصیب نہیں ہوئی۔

تیسری شہادت:۔ شیعہ کی مستند کتاب "نہج البلاغت" مطبوعہ مصر جلد اوّل صـ۲۳۳ میں ہے:۔ اِنَّ النَّاسَ وَرَائِی قَدِ اسْتَفْسَرُوْنِی بَیْنَکَ وَبَیْنَهُمْ وَ وَاللّٰهِ مَا اَدْرِیْ مَا اَقُوْلُ لَکَ مَا اَعْرِفُ شَیْئًا تَجْهَلُهُ وَلَا اَدُلُّکَ عَلٰی شَیْءٍ لَا تَعْرِفُهُ اِنَّکَ لَتَعْلَمُ مَا نَعْلَمُ وَمَا سَبَقْنَاکَ اِلٰی شَیْءٍ فَنُخْبِرَکَ عَنْهُ وَلَا خَلَوْنَا بِشَیْءٍ فَنُبَلِّغَکَهُ وَرَاَیْتَ کَمَا رَاَیْنَا وَسَمِعْتَ کَمَا سَمِعْنَا وَصَحِبْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ کَمَا صَحِبْنَاهُ وَمَا ابْنُ اَبِیْ قُحَافَةَ وَلَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اَوْلٰی بِعَمَلِ الْحَقِّ مِنْکَ وَاَنْتَ اَقْرَبُ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ وَشِیْجَةَ رَحِمٍ مِنْهُمَا وَقَدْ نِلْتَ مِنْ صِهْرِهٖ مَا لَمْ یَنَالَا۔

ترجمہ:۔ حضرت علیؓ نے حضرت عثمان کو جب کہ آپ کو لوگ سفارش کے لئے ان کے پاس لے گئے۔ فرمایا۔ یہ لوگ میرے پیچھے ہیں۔ جو مجھے تمہارے اور اپنے مابین سفیر بنا کر لائے ہیں۔ بخدا میں نہیں جانتا کہ آپ کو کیا کہوں۔ میں ایسی بات کوئی نہیں جانتا۔ جسے آپ نہ جانتے ہوں۔ بے شک جو کچھ میں جانتا ہوں

وہ آپ بھی جانتے ہیں. جیسا ہم نے دیکھا ہے۔ آپ نے بھی دیکھا ہے۔ اور جو کچھ ہم نے سُنا، آپ نے بھی سُنا ہے۔ جیسے ہم نے رسولِ خدا کی مصاحبت حاصل کی ہے۔ آپ نے بھی کی ہے اور ابوبکرؓ و عمرؓ آپ سے زیادہ عامل بحق نہ تھے۔ آپ قرابت کی وجہ سے رسول علیہ السلام سے ان سے زیادہ قرب رکھتے ہیں، اور آپ کو دامادیٔ رسول کا وہ فخر حاصل ہے جو اُن دونوں کو حاصل نہیں ہے۔"

اس خطبہ میں حضرت علیؑ المرتضیٰ کمال صراحت سے اوصاف امیر المومنین عثمانؓ یوں بیان فرماتے ہیں:۔

(۱) علم و معلومات میں ہم اور آپ برابر ہیں. ایسی کوئی بات نہیں ہے جو ہمیں آپ سے زیادہ معلوم ہو۔

(۲) ایسا کوئی مسئلہ نہیں ہے جسے ہم جانتے ہوں اور آپ کو اس کا علم نہ ہو۔

(۳) رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت میں رہ کر جو کچھ ہم نے دیکھا، سنا اس میں بھی ہمیں اور تمہیں مساوات ہے۔ (ہمیں کسی امر میں تم پر ترجیح نہیں ہے)

(۴) آپ کو حضور علیہ السلام سے دوسرے دو یاروں پر دو وجہ سے ترجیح ہے۔ ایک قرابت کی وجہ سے اور دوم دامادِ رسول ہونے کے باعث۔

شیعہ صاحبان میں اگر کچھ بھی انصاف ہو تو ان کی تسلی کے لئے جناب امیر کا یہ خطبہ دربارہ فضیلت عثمانؓ کافی و وافی ہے. جب جناب امیر حضرت عثمانؓ کو ہر ایک کمال میں، علمی ہو یا حسبی نسبی، اپنے برابر سمجھتے ہیں۔ اور اُن کی قرابت رسولؐ اور دامادی کا اعتراف کرتے ہیں. تو پھر شیعہ ہزار بکواس کریں شہادت امیر علیہ السلام

کی وہ تردید نہیں کر سکتے۔ یہ ایسی زبردست شہادت ہے جس کے مقابلہ میں روافض کی خرافات دزہ بھر وقعت نہیں ہو سکتی۔ اگر حضرت عثمانؓ معاذ اللہ کافر و منافق ہوتے تو حضور علیہ السلام اپنی دو صاحبزادیاں یکے بعد دیگرے ان کو نکاح نہ کر دیتے۔

حوالہ ۷ تا ۷ مفصل ابحاث گذر چکے ہیں۔

حوالہ ۸۔ امام جعفر فرماتے ہیں۔ کہ شیعوں کا رافضی اللہ تعالیٰ نے نام رکھا ہے۔ ص ۱۲۶۔ اس کی تفصیل یوں ہے۔

تو مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے قاتلین کفار پر تشریف لائے۔ اور وہ قاتلین کفار آپ کے دروازے پر بہ نیت قتل بیٹھے تھے تو مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے گڑھے سے مٹی کی ایک مٹھی لی پھر ان کے سروں پر ڈال دی۔ اور

یٰسین والقرآن الحکیم کو لایومنون تک پڑھا، اور تشریف لے گئے تو کسی کہنے والے نے ان کو کہا کہ کس کی انتظار کرتے ہو، انہوں نے جواب دیا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی، اس نے کہا تم ذلیل ہوئے۔ اور تمہیں خسارہ ہوا خدا کی قسم مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم تمہارے پاس سے تشریف لے گئے اور تمہارے سروں پر مٹی ڈال دی۔ انہوں نے کہا خدا کی قسم ہم نے ان کو نہیں دیکھا۔ اور وہ کھڑے اپنے سروں سے مٹی جھاڑتے تھے۔ اور وہ بہ نیت قتل کھڑے ہونے والے) ابوجہل اور حکم بن ابی العاص اور عقبہ بن ابی معیط اور نضر بن حارث اور امیہ بن خلف اور ابن غیطلہ اور زمعہ بن الاسود اور طعیمہ بن عدی اور ابولہب اور ابی بن خلف اور بنیہ اور منبہ بن حجاج تھے۔

وخرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاخذ حفنۃ من تراب فجعلہ علی رؤسھم وھو یتلوا ھٰذہ الایات من یٰسین والقرآن الحکیم الی قولہ فھم لا یبصرون ثم انصرف فلم یروہ فاتاھم آت فقال ما تنتظرون؟ قالوا محمداً قال خیبکم اللہ خرج علیکم ولم یترک احداً منکم الا جعل علی راسہ التراب وانطلق لحاجتہ فوضعوا ایدیھم علی رؤسھم فوجدوا التراب۔

تاریخ کامل ص ۳۹ ج ۲۔

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نکلے تو آپ نے ایک مٹھی مٹی کی لی، تو ان کے سروں پہ ڈال دی۔ اور قرآن کریم کی ان آیتوں کی تلاوت فرماتے تھے۔ یٰسین والقرآن الحکیم کو فھم لا یبصرون تک تو کفار نے آپ کو نہ دیکھا۔

تو اُن کے پاس ایک آنے والا آیا۔ اس نے کہا کس کی انتظار کرتے ہو؟ انھوں نے کہا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی۔ اُس نے کہا تمہیں اللہ تعالیٰ نے ذلیل کیا، خدا کی قسم تم پر آپ تشریف لائے۔ اور تم سے کسی کو بھی نہیں چھوڑا۔ جس کے سر پہ مٹی نہ ڈالی ہو اور آپ اپنے کام کو تشریف لے گئے۔ تو انھوں نے اپنے سروں پہ اپنے ہاتھ پھیرے تو سروں پہ مٹی دیکھی۔

وعند خروجہ صلی اللہ علیہ وسلم جعل ینثر التراب علی رؤسھم فلم یبق رجل الا وضع علی رأسہ ترابا ثم انصرف الی حیث اراد فاتاھم اٰت فقال تنتظرون ھھنا؟ قالوا محمدا فقال خیبکم اللہ واللہ خرج علیکم محمد ثم ما ترک منکم رجلا الا وضع علی راسہ ترابا وانطلق لحاجتہ افما ترون ما بکم قال فوضع کل رجل منھم یدہ علی راسہ فاذا علیہ تراب۔ سیرۃ حلبیہ ص ۴۲۱ ج ۱

اور مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے نکلتے وقت کفار کے سر پہ مٹی ڈالی ان میں ایک کو بھی نہ چھوڑا۔ جس کے سر پہ مٹی نہ ہو۔ پھر آپ کا جہاں ارادہ تھا تشریف لے گئے۔ تو اُن کے پاس ایک آنے والا آیا۔ تو اس نے کہا یہاں کس کی انتظار کر رہے ہو؟ انھوں نے کہا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی۔ تو اس نے کہا تمہیں اللہ نے ذلیل کیا۔ خدا کی قسم محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم تم پہ تشریف لائے۔ پھر آپ نے کسی کو بھی نہیں چھوڑا۔ جس کے سر پہ مٹی نہ ڈالی ہو۔ اور آپ اپنے کام کو تشریف لے گئے۔ کیا تم دیکھتے نہیں تمہارا

کیا حال ہے تو ہر شخص نے اپنے سر پر ہاتھ پھیرا۔ تو ان کے سر پر مٹی تھی
وکانت بیدہٖ قبضۃ تراب فرمی بھا فی رؤسھم و مضیٰ
اور مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے دستِ پاک میں مٹی تھی تو آپ نے اُن کے
سروں پر مٹی ڈالی۔ اور خود تشریف لے گئے (ابن شہر آشوب ج ۱ ص ۹۹)

شیعہ ننگے سر رہ کر کس سنت پہ چل رہے ہیں؟

اب سمجھنا ضروری ہے کہ مسلمان کو لباس کس رنگ کا پہننا چاہیئے۔ اور مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے کس رنگ کے لباس کو پسند فرمایا۔

کتب اہلسنت

عن ثمرۃ بن جندب انّ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال علیکم بالبیاضِ من الثیابِ فلیلبسھا احیاءُکم و کفنوا فیھا موتاکم
(طبقات ابن سعد ج ۱ ص ۴۴۹)

سمرۃ بن جندب سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم پر سفید کپڑے لازمی ہیں۔ تمہارے زندہ سفید کپڑے ہی پہنیں۔ اور سفید کپڑوں میں ہی اپنے مردوں کو کفن دو۔

عن سمرۃ بن جندب انّ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال البسوا الثیاب البیض فانّھا اطھر و اطیب و کفنوا فیھا موتاکم۔

سمرۃ بن جندب سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سفید کپڑے پہنو بے شک وہ سفید کپڑا بہت اچھا ہے۔ اور پسندیدہ

ہے اور اسی سفید کپڑے میں اپنے مُردوں کو کفن دو۔

عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیر ثیابکم البیاض فالبسوھا وکفنوا فیھا موتاکم۔ ابن ماجہ ص ۲۶۳

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تمہارے کپڑوں سے بہتر کپڑا سفید ہے۔ سفید کپڑے پہنو۔ اور اپنے مُردوں کو سفید کفن دو۔

عن سمرۃ بن جندب قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم البسوا ثیاب البیاض فانھا اطھر واطیب۔ ایضاً

سمرۃ بن جندب سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سفید کپڑے پہنو سفید کپڑے بہت پاک اور بہت صاف ہوتے ہیں۔

عن سمرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال البسوا من ثیابکم البیاض فانھا اطھر واطیب وکفنوا فیھا موتاکم۔ نسائی شریف ص ۲۹۷ ج ۲

سمرۃ بن جندب سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ نے فرمایا سفید کپڑے پہنو، سفید کپڑے بہت اطہر اور اطیب ہیں۔ اس لئے کفن بھی سفید دو۔

عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم البسوا الثیاب البیض وکفنوا فیھا موتاکم۔ طبقات ابن سعد ص ۴۵ ج ۱

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم نے سفید کپڑے پہنو۔ اور اسی میں اپنے مُردوں کو کفن دو۔

عن ابی قلابۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان من احب ثیابکم الی اللہ البیاض فصلوا فیھا وکفنوا فیھا موتاکم۔ ایضاً

ابو قلابہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالےٰ کے نزدیک سفید کپڑا زیادہ محبوب ہے۔ سفید کپڑے میں ہی نماز ادا کرو۔ اور اسی میں ہی اپنے مُردوں کو کفن دو۔

عن سمرۃ بن جندب قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم البیاض فانھا اطھر واطیب وکفنوا فیھا موتاکم۔ ھٰذا حدیث حسن صحیح۔

ترمذی ج ۲ ص ۱۰۴

سمرۃ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سفید لباس پہنو اس لئے کہ وہ بہت پاک اور بہت اچھا ہے اور اسی میں اپنے مردوں کو کفن دو۔

عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم البسوا من ثیابکم البیض فانھا من خیر ثیابکم وکفنوا فیھا موتاکم وانا خیر الحاکم الاثمد یجلوا البصر وینبت الشعر رابوداود ص ۲۰۷ ج ۲

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سفید کپڑے پہنو۔ اس لئے کہ وہ تمہارا بہتر لباس ہے۔ اور اسی میں اپنے کپڑوں کو کفن دو اور بے شک تمہارے لئے بہتر سرمے کا سرمہ سیاہ ہے۔ آنکھ کو روشن کرتا ہے۔ ابرو بال اگاتا ہے۔

ثابت

اِن تمام احادیث سے ثابت ہوا کہ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو سفید لباس پسندیدہ ہے۔ اور یہی نوری لباس ہے تو جو شخص مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا پسندیدہ اور مقبول لباس سفید پہنے گا۔ وہ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا پسندیدہ اور مقبول ہوگا۔ ورنہ نہیں۔

شیعہ احادیث سے

عن ابی عبد اللہ علیہ السلام قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم البسوا البیاض فانہ اطیب و اطہر و کفنوا فیہ موتاکم۔ فروع کافی ص ۳۲ ج ۲

حضرت امام جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سفید لباس پہنو، اس لئے کہ وہ بہت اچھا اور بہت پاک ہے۔ اور اسی میں اپنے مُردوں کو کفن دو۔

عن ابی عبد اللہ علیہ السلام قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم البسوا البیاض انہ اطیب و اطہر و کفنوا فیہ موتاکم۔ فروع کافی ص ۳۲ ج ۲

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تم سفید کپڑے پہنو اس لئے کہ وہ بہت اچھے اور بہت پاک ہیں۔ اور اس میں اپنے مُردوں کو کفن دو۔

بہترین رنگ ہائے ورجامہ سفید است و بعد ازاں زرد و بعد ازاں سبز و بعد ازاں سُرخ نیم رنگ و کبود و عدسی۔ و در چند حدیث معتبر از حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منقول است کہ بپوشید جامہ سفید

کہ ان نیکو تر و پاکیزہ ترین رنگ ہا و است۔ حلیۃ المتقین ص۵۵

کپڑے میں رنگوں سے بہترین رنگ سفید ہے۔ اور اس کے بعد زرد رنگ اور اس کے بعد سبز اور اس کے بعد نیم سرخ اور کبودی رنگ اور مسوری۔

اور کئی معتبر حدیثوں میں مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے کہ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سفید کپڑے پہنو، کیونکہ بہت اچھا ہے۔ اور رنگوں سے بہت پاک رنگ ہے۔

سیاہ لباس کی مذمت

از علی بن ابی طالب روایت کردہ است کہ آنجناب فرمودہ رسول خدا فرمود پوشید لباس دشمناں مرا دنخورید طعامہائے دشمناں مرا د نروید در راہ ہائے دشمن من پس از دشمنان من شوید چنانکہ ایشاں دشمناں من ہستند مصنف گوید لباس دشمناں لباس سیاہ است۔

(عیون الاخبار الامام رضا علیہ السلام ص۱۳۷)

حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے دشمنوں کا لباس نہ پہنو۔ اور میرے دشمنوں کا کھانا نہ کھاؤ۔ اور میرے دشمنوں کے راستوں پر نہ چلو پھر میرے دشمنوں سے ہو جاؤ گے چنانچہ یہ سب میرے دشمن ہیں۔ امام رضا علیہ السلام مصنف عیون الاخبار

فرماتے ہیں۔ کہ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمنوں کا لباس سیاہ ہے۔

لبند معتبر از حضرت امیر المومنین منقولست کہ مپوشید جامہ سیاہ کہ آن پوشش فرعون است۔ (حلیۃ المتقین ص۶)

معتبر سند کے ساتھ حضرت امیر المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ حضرت امیر المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ سیاہ لباس نہ پہنو کیونکہ وہ لباس فرعونی ہے۔

عن ابی بصیر عن ابی عبد اللہ علیہ السلام قال حدثنی ابی عن جدی عن ابیہ عن امیر المومنین علیہ السلام قال فیما علم اصحابہ لا تلبسوا السواد فانہ لباس فرعون۔ کتاب العلل والشرائع ص۱۲۲ ج۲

حضرت علی المرتضیٰ شیر خدا کرم اللہ وجہہ نے فرمایا جو آپ کے اصحاب کو بتایا گیا کہ سیاہ لباس نہ پہنو اس لئے کہ یہ فرعون کا لباس ہے۔

وقال امیر المومنین علیہ السلام فیما علم بہ لاصحابہ لا تلبسو السواد فانہ لباس فرعون۔ (من لا یحضرہ الفقیہ ص۵۱)

امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا جو آپ کے احباب کو بتایا گیا کہ سیاہ لباس نہ پہنو، اس لئے کہ فرعون کا لباس ہے۔

وارد ہے کہ راوی نے پوچھا کالی ٹوپی پہن کر نماز پڑھوں: فرمایا کہ وہ لباس ہے اہل جہنم کا۔ دوسری حدیث میں ہے۔ فرمایا نہ پہنو وہ جامہ فرعون کا ہے۔ بعضوں نے مکروہ لکھا ہے۔ لیکن تین چیز عمامہ و موزہ و عبا جائز ہے۔ تحفۃ العوام ص۲۹۱ ج۲

روی الحسین بن المختار قال قلتُ لِاَبی عبد اللہ علیہ السلام ایحرم الرجل فی الثوب الاسود قال لا یحرم فی الثوب الاسود ولا یکفن فیہ المیت۔

(من لا یحضرہ الفقیہ ص ۱۸۱)

حسین بن مختار نے روایت کی ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کہا کہ کیا آدمی سیاہ کپڑے میں احرام باندھ سکتا ہے۔ فرمایا کہ سیاہ کپڑے میں احرام نہیں باندھا جا سکتا۔ اور نہ ہی اس میں میت کو کفن دیا جا سکتا ہے۔

عن ابی عبد اللہ علیہ السلام قال قلتُ لہ اصلی فی قلنسوۃ السوداء قال لا تصلِّ فیھا فانھا لباس اھل النار۔ کتاب العلل والشرائع ص ۱۲۲ ج ۱

حضرت امام جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔ ایک آدمی نے سوال کیا کہ کیا میں حضور سیاہ ٹوپی میں نماز پڑھوں؟ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا اس میں نہ نماز پڑھ، اس لئے کہ سیاہ لباس دوزخیوں کا ہے۔

و در حدیث معتبر منقول است کہ شخصے از حضرت صادق پرسید کہ در کلاہ سیاہ نماز بکنم فرمود کہ در آں نماز مکن کہ لباس اہل جہنم است

(حلیۃ المتقین ص ۶۱)

معتبر حدیث میں منقول ہے کہ ایک شخص نے حضرت امام جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے دریافت کیا کہ حضور سیاہ ٹوپی سے نماز ادا کروں حضرت نے فرمایا کہ سیاہ ٹوپی سے نماز نہ پڑھنا۔ کیونکہ جہنمیوں کا لباس ہے۔

حدثنا محمد بن الحسن قال حدثنا محمد بن الصفار عن العباس بن معروف عن الحسین بن یزید النوفلی عن السکونی عن ابی عبد اللہ علیہ السلام قال اوحی اللہ عزوجل الی نبی من انبیاءہ قل للمومنین لا تلبسوا لباس اعدائی

کتاب العلل والشرائع صد ۱۲۳ ج ۲

امام جعفر صادق نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے اپنے نبیوں سے ایک نبی کی طرف وحی کی مومنین کو کہہ دو کہ میرے دشمنوں کا لباس نہ پہنیں۔

و پوشیدن جامہ سیاہ کراہیت شدید وارد و درہمہ حال مگر در عمامہ و عبا و موزہ و اگر عمامہ و عبا ہم سیاہ بنا شد بہتر است۔ حلیۃ المتقین ص ۵

اور سیاہ کپڑے کا پہننا سخت کراہیت رکھتا ہے۔ تمام حالت میں مگر عمامہ اور جبہ اور موزہ اور اگر عمامہ اور جبہ بھی سیاہ نہ ہو تو بہتر ہے۔

و در حدیث دیگر وارد شدہ است کہ پوشیدن نعل سیاہ موجب خیلاء و تکبر و ہر کہ بپوشد در روز قیامت با جباران محشور شود۔ ایضاً ص ۹

اور دوسری حدیث میں مذکور ہے کہ سیاہ جوتے کا پہننا تکبر کا واجب کرنے والا ہے اور جو شخص سیاہ جوتا پہنے گا قیامت کے دن متکبروں کے ساتھ اٹھایا جائے گا۔ (ایضاً ص ۹)

و ہر کہ نعل سیاہ بپوشد ہیچک نیابد۔ اور جو شخص سیاہ جوتے پہنتا ہے۔ اسے کچھ حاصل نہیں ہوگا۔

حدیث میں وارد ہے کہ جو شخص کفش (جوتے) سیاہ پہنے تو قیامت کے دن ساتھ جابروں کے محشور ہوگا۔

دوسری حدیث میں فرمایا ہے ضعف چشم پیدا کرتا ہے۔ ذکر کو سست کرتا ہے۔ اور موجب غم واندوہ ہے۔ (تحفۃ العوام ص۱۹۱ ج۲)

سُئِلَ الصادق علیہ السلام عن الصلوٰۃ فی القلنسوۃ السوداء فقال لاتصلِّ فیھا لانھا لباس اھل النار۔ (من لایحضرہ الفقیہ ص۵۱)

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سوال کیا گیا کہ سیاہ ٹوپی سے نماز جائز ہے؟ تو آپ نے فرمایا سیاہ ٹوپی پہن کر نماز نہ پڑھنا کیونکہ یہ دوزخیوں کا لباس ہے۔

قیامت کے دن سیاہ جھنڈے والوں کا حال

علم دیگر نزد من آید از رایت اولین سیاہ تر و تیرہ تر و مثل اول جواب گویند مرا پس گویم کہ من دو چیز بزرگ در میان شما گذاشتم چہ کردید با انہا گویند کہ کتاب خدا را مخالفت کردیم و عترت ترا یاری نکردیم و ایشاں را کشتیم راندہ و پراگندہ کردیم پس گویم کہ دور شوید از من پس برگردند از حوض کوثر یا لب تشنہ و رد ہائے سیاہ پس علم دیگر نزد من آید کہ نور ازاں تابد پس من با ایشاں گویم کہ کیستید، شما گویند ما ئیم اہل کلمۂ توحید و پرہیز گاری و ما ئیم امت محمدؐ و ما ئیم بقیہ اہل حق کہ حامل کتاب حق تعالیٰ شدیم حلال آنرا حلال و حرام آنرا حرام دانستیم و دوست داشتیم ذریت محمدؐ را و ایشاں را یاری کردیم بہر امرے کہ خود را یاری میکردیم و در خدمت ایشاں قتال کردیم و یا ہر کہ دشمنی با ایشاں میکرد مقاتلہ کردیم

پس من با ایشاں گویم کہ بشارت باد شمارا کہ منم پیغمبر شما محمدؐ و در دار و دنیا چناں
بودید کہ گفتید پس آب دہم ایشاں را از حوض کوثر و سیراب از نزد حوض
کوثر بر گردند جبرئیل مرا خبر داد کہ امت من فرزند من حسین را شہید خواہند
کرد در کربلا لعنت خدا بر کسے باد کہ او را بکشد یا او را یاری نکند تا روز
قیامت، پس حضرت از منبر فرود آمد۔ (حیات القلوب، ص ۳۱۵)

مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دوسرا جھنڈا میرے پاس آئے گا پہلے
جھنڈے سے زیادہ سیاہ ہوگا اور بہت کالا ہوگا۔ اور پہلوں کی طرح
مجھے جواب دیں گے پھر میں کہوں گا کہ میں تم میں دو چیزیں بزرگ چھوڑ آیا
تم نے ان سے کیا برتاؤ کیا۔ وہ کہیں گے کہ خدا کی کتاب کی ہم نے مخالفت
کی۔ اور تیری عترت کی ہم نے امداد کی۔ اور اُن کو ہم نے شہید کیا، اور برباد
کیا۔ میں کہوں گا مجھ سے دور ہو جاؤ۔ تو وہ سیاہ رو حوض کوثر سے پیاسے
چلے جائیں گے۔ پھر دوسرا جھنڈا میرے پاس آئے گا۔ اس سے نور چمکے گا۔
پھر میں جھنڈے والے کو کہوں گا کہ تم کون ہو۔ کہیں گے کہ ہم کلمہ گو ہیں۔ اور
شرک سے پرہیز کرتے ہیں۔ اور ہم امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور
حق والوں کا بقیہ ہیں۔ خداوند کی کتاب کے حامل ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے
حلال کو حلال اور حرام کو حرام سمجھتے رہے ہیں۔ اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم
کی ذریت سے محبت کرتے رہے ہیں۔ اور جس کام میں اپنی امداد کرتے
تھے انہی کاموں میں ان کی طرف سے ہم ان کے دشمنوں سے جنگ کرتے
رہے۔ پھر میں اُن کو کہوں گا کہ تمہیں مبارک ہو کہ میں تمہارا محمد پیغمبر ہوں۔

اور واقعی دنیا میں تم ایسے ہی تھے۔ جو تم کہہ رہے ہو تم میں حوض کوثر سے ان کو پانی دوں گا۔ اور میرے پاس حوض کوثر سے ہو کر جائیں گے۔ اور جبرئیل نے مجھے خبر دی کہ میری امت میرے لڑکے حسین کو کربلا میں شہید کریں گے جس کے قاتل کو خداوند کریم لعنت کرے۔ اور جس نے ان کی مدد کی قیامت تک ان پر لعنت ہو پھر مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم منبر سے نیچے اتر آئے۔

مذکورہ بالا احادیث ائمہ علیہم السلام سے جب ثابت ہو گیا کہ سیاہ لباس سیاہ ٹوپی و دوزخیوں کا لباس ہے۔ تو اب تم خود سوچو کہ قلیوں میں اگر کوئی شخص بھرتی ہو جائے تو اس کو قلیوں والا لباس پہننا پڑتا ہے۔ اور اگر سٹیشن ماسٹر کو امتیازی لباس پہننا پڑتا ہے اور اگر کوئی پولیس میں بھرتی ہو جائے تو اس کو فوجی لباس پہنایا جاتا ہے۔ ایسے ہی اگر جنتی ہو تو اس کو جنت والا نوری سفید لباس سے ملبوس کیا جاتا ہے۔ اور اگر دوزخی ہو تو بقول ائمہ علیہم السلام تم خود سوچو کہ اس کو کون سا لباس پہنایا جائے گا۔

سیاہ لباس پہننے سے حضرت عباسؓ کی اولاد سے امامت جاتی رہی

وبھذا الاسناد عن محمد بن احمد عن علی بن ابراھیم الجعفری عن محمد بن المعاویہ باسنادہ رفعہ قال ھبط جبرئیل علیہ السلام علی رسول اللہ علیہ وآلہ وعلیہ قباء اسود و منطقۃ فیھا خنجر فقال فقال لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا جبرئیل ما ھذا الزی قال زی ولد عمک

العبّاس یا محمّد ویلٌ لِولدك مِن ولد العبّاسِ فخرجَ النبی صلّی اللہ علیہ وسلّم الی العباسِ فقال یا عَمِّ ویلٌ لولدیْ مِن وَلَدِكَ فقال یا رسول اللہ فاحب نفسی قال جَفَّ القلمُ بِمَا فیہ۔ (کتاب العلل ج۱ ص۱۳۳)

محمد بن المعاویہ نے اپنی سند کے ساتھ مرفوع بیان کیا ہے۔ اس نے کہا کہ جبرئیل علیہ السلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ پر نازل ہوئے۔ اور ان پر سیاہ جبّہ تھا۔ اور ایک پیٹی حمائلی جس میں خنجر تھا۔ راوی نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا اے جبرئیل یہ لباس کیسا ہے۔ اس نے کہا تیرے چچا کے لڑکے کا لباس ہے۔ یا محمد ویل ہے تیرے چچا کے لڑکے کے لئے، تو مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عباس کی طرف تشریف لائے۔ تو فرمایا اے چچا تیری اولاد سے جو میری اولاد ہے۔ اس کو ویل ہے۔ تو حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا میری خاطر قبول فرمایئے۔ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو لکھا گیا، اب قلم خشک ہوگئی۔

حوالہ ۵۱۔ اہل کا معنیٰ کی تحقیق شیعہ تفسیر سے۔

دراصل مسئلہ کا اختلاف یوں ہے کہ ہم اہل سنّت ازواج مطہرات کو اہل بیت مانتے ہیں۔ لیکن شیعہ اس کا نہ صرف انکار کرتے ہیں بلکہ ازواج مطہرات کو گالی دیتے ہیں۔ ہم کتب شیعہ سے حوالے پیش کرتے ہیں۔ کہ ازواج مطہرات واقعی اہل بیت ہیں۔

(۱) تفسیر خلاصۃ المنہج ۸۸: (واذ غدوت) و یاد کن اے محمد کہ چوں بامداد بیروں شدی (من اھلك) از منزلِ خود کہ خانۂ عائشہ بود

وانما شوال بعد سنۃ سال از ہجرت گذشتہ (واز غدوت) اور یاد فرمایئے آپ اے محمد صلی اللہ علیک وسلم کہ جب آپ باہر تشریف لے گئے (مِنْ اَهْلِكَ) اپنے گھر سے جو عائشہ کا گھر تھا اور وہ شوال کا مہینہ تھا، تین سال ہجرت کے گزر چکے تھے۔

مفسر نے کان کو ہاتھ تو لگا لیا لیکن سیدھا نہیں لگایا

ناظرین غور کیجئے کہ اہل سے مراد گھر والی نہیں، کہ دیا۔ بلکہ اہل کے معنے گھر کے کیا اور تسلیم کر لیا۔ کہ وہ گھر حضرت عائشہ کا تھا۔ کہہ دو! نعرۂ حیدری ... یا علی المدد! ایمان کو صحیح کرو اب تو شیعہ مفسر نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو گھر والی تسلیم کر لیا۔ لکھ دیا (مِنْ اَهْلِكَ) خانۂ عائشہ بود سبحان اللہ! اللہ کریم سچ کو کبھی دشمن کے منہ سے بلوا دیتا ہے۔ اب میں نہیں کہہ سکتا کہ سہواً کہہ گئے ہیں۔ یا عمداً یا انصافاً اس کو تسلیم کرنا پڑا ہر صورت اَهْلِكَ حضرت عائشہ کا گھر کہہ کر ثابت کر دیا کہ اہل بیوی پر استعمال ہوتا۔ اور یہاں ہوا آیت کریمہ کا یہ مطلب ہوا کہ یاد فرمایئے۔ حضور جب صبح کے وقت حضرت عائشہ صدیقہ رض کے پاس، حضور جب آپ صبح کے وقت باہر تشریف لائے اپنی اہلیہ (حضرت عائشہ) کے گھر سے جنگ کی جگہ پر جانے والا جاتا ہے۔ لیکن حسد صراط مستقیم پر سیدھا نہیں آنے دیتا۔ تسلیم ضرور کرتا ہے۔

(۲) تفسیر مجمع البیان ج ۵ (لاهله) وَهِيَ بنت شعيب كان تزوجها بمدين۔ للطبرسی

(اَھْلِہٖ) اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی اہل وہ حضرت شعیب علیہ السلام کی بیٹی تھی۔ جو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے مدین میں نکاح کیا تھا۔

اس آیۃ کریمہ میں رب کریم حضرت موسیٰ علیہ السلام کے واقعہ کو نقل فرمایا۔ جب وہ اپنی بیوی کے ساتھ تشریف لا رہے تھے۔ ان کو خدائی نور نظر آیا تو آپ نے اپنی بیوی کو فرمایا کہ تم یہاں ٹھہرو، میں آگ کے پاس سے ہو کر آتا ہوں۔ تو اللہ تعالےٰ نے اس واقعہ کو قرآن پاک میں نقل فرمایا۔ اور فرمایا وَقَالَ لِاَھْلِہٖ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے اہل کو کہا تو اللہ تعالیٰ نے اہل کے لفظ کو بیوی پر اطلاق فرمایا تو اس کا اقرار شیعہ تفسیروں سے علامہ طبرسی نے کیا۔ جو بڑا مشہور مفسر ہے اور کہا کہ اہل سے مراد بیوی جو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے مدین میں اس سے نکاح کیا۔ اور وہ شعیب علیہ السلام کی بیٹی تھی۔ اگر بیٹی پر اہل کا لفظ استعمال ہوتا۔ تو اہل شعیب کہا جاتا، لیکن اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کی اہل فرمائی۔ جو ان کی بیوی تھی۔ ثابت ہوا کہ بیوی پر اہل کا لفظ استعمال ہوتا ہے، نہ کہ بیٹی پر۔

(۳) النمل ۱۹ :۔ اِذْ قَالَ مُوْسٰی لِاَھْلِہٖ اِنِّیْ اٰنَسْتُ نَارًا سورۃ نمل ع ۱

تفسیر مجمع البیان ج ۲۱۱ میں ہے (اذ قال لاھلہ) ای امرأتہ وھی بنت شعیب۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے اہل کو فرمایا۔ یعنی اپنی عورت کو اور وہ شعیب علیہ السلام کی بیٹی تھی۔

Scanned with CamScanner

فلما قضیٰ موسیٰ الاجل وسار باھلہ انس من جانب الطور نارا
قال لاھلہ امکثوا انی انست نارا (القصص رکوع ۲)

تو جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کی مدت مہر پوری ہوئی اور وہ اپنی بیوی کو لے چلے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے طور کی طرف سے آگ معلوم کی۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی بیوی کو کہا تم ٹھیرو مجھے آگ معلوم ہوئی ہے تفسیر انصافی میں ہے:۔ (سار باھلہ یا موٰاۃ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنے اہل کو لے چلے، یعنی اپنی بیوی کو۔

۔ امام جعفر صادق علیہ السلام کا فیصلہ کمبل کے متعلق دراصل اس سے ہم شیعوں کے ایک اعتراض کا جواب دینا چاہتے ہیں ان کا سوال ہمارے اوپر یہ ہوتا ہے، تم کہتے ہو کہ سیاہ لباس فرعون کا تھا، دوزخیوں کا ہے۔ اور تم نے مختلف فتوٰی لگائے۔ حالانکہ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی کملی سیاہ رنگ آپ کے شانوں پہ رہتی تھی۔ اور اس کو ہی ہر وقت اوڑھتے تھے۔ تو حضور پر بھی فتوٰی لگاؤ۔

جواب:۔ ہم نے سابقاً شیعہ کتب سے ثابت کیا کہ شیعہ کے اسلاف سیاہ لباس سے روکتے ہیں۔ اب رہا مسئلہ کمبل شریف کا تو بھی کتب شیعہ کا مطالعہ کیجئے۔ لیکن پہلے یہ سمجھ لیں کہ کمبل شریف نہ سیاہ تھی اور نہ ہی آپ نے اسے سردی کے لئے استعمال فرمایا۔ اس لئے کہ مدینہ طیبہ اور مکہ معظمہ وسط معدل النہار میں ہے۔ جہاں کسی موسم میں اتنی سردی کا امکان ہی نہیں کہ وہاں گرم اونی کمبل کی ضرورت محسوس ہو۔ اب بھی تم تجربہ

بِهَا القُمّیّ قال هو النبیّ کان یتزمّل بثوبہٖ و ینام فقال اللہ یا ایّھا المزمّل قم اللیل۔

یا ایّھا المزمّل اس کا اصل ہے المزمّل بثیابہ جب آپ کپڑوں کو پہن لیں۔ علامہ قمی نے کہا ہے کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ آپ کپڑے پہنے ہوئے ہی سوتے تھے۔ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ اے لباس سے ملبوس رات کو دربار خداوندی میں قیام فرمایئے۔

(۴) تفسیر مجمع البیان ۱۰/۳۷۷ - (یا ایّھا المزمّل) معناہ یا ایّھا المزمّل بثیابہ المتلفّف بھا۔

یا ایّھا المزمّل کے معنے ہیں۔ اے اپنے کپڑوں میں ملبوس اے کپڑے پہننے والے۔

(۵) تفسیر مجمع البیان ۱۰/۳۸۴ - (یا ایّھا المدثر) ای المتدثر بثیابہ اے کپڑوں میں ملبوس۔

(۶) تفسیر النہج ۷۸۲ - و از خدیجہ کبریٰ رحمۃ اللہ علیہ نقل است کہ آں مثل چادر شبے پوشیدہ نماز گزاردے پرسیدند کہ از چہ چیز بود گفت آں نہ قز بود نہ کج نہ از موئے نازک و نہ از ابریشم و نہ از پنبہ بلکہ تار او از موئے بز بود و پود آں از موئے شتر و در اثنائے نماز شب جبرئیل آمد و ایں آیۃ آورد کہ یا ایھا المزمّل اے گلیم در خود پیچیدہ حضرت خدیجہ رحمۃ اللہ علیہا سے منقول ہے کہ وہ رات کی چادر کی طرح تھی۔ اور چونکہ وہ ہاتھ لمبی تھی۔ ایک نصف ہم پر ہوتی تھی اور

کر سکتے ہو۔ کہ دسمبر اور جنوری کے مہینوں میں بھی وہاں پنکھے کی ضرورت ہوتی ہے۔ یا کبھی موسم بہار ہو جاتا ہے۔ فقط ایسی شدت کی سردی وہاں کہاں؟

اب مزمل کے معنی کی تحقیق تفسیر سے لیجئے

(۱) تفسیر جوامع الجامع ۴۹۵:- یا ایھا المزمل فی ثیابہ المتلفف بھا ادغم التاء فی الزاء وکذالک المدثر وکان صلی اللہ علیہ وسلم یتزمل بالثیاب فی اول ما جاءہ بہ جبرئیل علیہ السلام حتی انس بہ فخوطب بھذا۔

یا ایھا المزمل کے معنی ہیں اے ملبوس کپڑوں میں تاء کو زاء میں ادغام کیا گیا اور اسی طرح ہے مدثر اور جبرائیل علیہ السلام کے آنے سے پہلے مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور کپڑے پہن لیتے حتیٰ کہ رب کریم کو آپ سے انس ہوا۔ تو آپ کو یا ایھا المزمل سے خطاب فرمایا۔ اے اپنے لباس کو پہننے والے۔

(۲) تفسیر قمی ۳۴۳:- یا ایھا المزمل ھو النبی صلی اللہ علیہ وآلہ کان یتزمل بثوبہ وینام فقال یا ایھا المزمل قم اللیل۔ یا ایھا المزمل

یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب ہے۔ آپ اپنا کپڑا اوڑھ کر سوتے تو رب کریم نے فرمایا۔ یا ایھا المزمل قم اللیل

(۳) تفسیر صافی ۵۰۹:- یا ایھا المزمل اصلہ المتزمل بثیابہ اذا التفف

ایک نصف پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پوشیدہ نماز ادا فرماتے۔ لوگوں نے حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے فرمایا۔

خدیجہ کبریٰ رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ وہ چادر رات والی تھی۔ اور اس کی لمبائی چودہ ہاتھ تھی۔ نصف ہم اوڑھتے اور ایک نصف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور کر نماز ادا فرماتے۔ لوگوں نے دریافت کیا کہ وہ چادر کس چیز کی تھی۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ نہ وہ ریشمی تھی۔ اور نہ وہ پشمینے کی۔ اور نہ ہی وہ سوت کی۔ بلکہ تانا بکری کے بالوں کا تھا اور بانا اونٹ کے بالوں کا۔ اور آپ اس کو رات کی نماز میں اوڑھتے۔ تو یہ آیت نازل ہوئی:۔

(۷) قرآن مجید مترجم ترجمہ مقبول ۱۱۴۵ - یَا اَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ

اے چادر لینے والے رسول۔

(۸) ترجمہ مقبول ۱۱۴۸ - یَا اَیُّھَا الْمُدَّثِّرُ

اے کپڑا اوڑھنے والے رسول۔

(۹) تفسیر عمدۃ البیان ۳/۴۶۰ - حضرت خدیجہ سے روایت ہے کہ وہ مثل چادر شب کے تھی۔ چودہ ہاتھ کی۔ کہ آدھی اوپر ہمارے ہوتی تھی۔ اور آدھی رسول خدا اوڑھتے تھے۔ اور وقت نماز شب کے جبرئیل آئے۔ اور یہ آیت خدا کی طرف سے لائے کہ یا ایھا المزمل۔ اے چادر میں لپٹے ہوئے۔ قم اللیل۔ اٹھ تو رات کو واسطے نماز شب کے کہ وہ نماز تہجد کی ہے۔ اور ہمیشہ اس کو پڑھا کر اور واسطے راحت اور آرام

دینے نفس اپنے کے۔ اس کو تو مت کر۔ اور حضرت خدیجہ سے روایت ہے کہ اوّل مرتبہ خدا تعالیٰ نے وحی کو بھیجنا چاہا۔ تو جبرئیل سے فرمایا کہ تو اپنی صورت اصلی میں محمدؐ کے پاس جا۔ جبرئیل اپنی صورت اصلی میں رسول خدا کے پاس غار حرا میں گئے۔ جس وقت رسولِ خدا نے جبرائیل کو اس صورت میں دیکھا کہ قدان کا زمین سے آسمان تک تھا۔ حضرت کو ہیبت اور شکل عجیب دیکھ کر خوف معلوم ہوا۔ اسی طرح ترساں اور لرزاں اپنے دولت سرا میں تشریف لائے۔ اور فرمایا کہ چادر مجھ پر ڈال دو۔ اور جس وقت چادر اوڑھ کر آرام فرمایا تو یہ سورت نازل ہوئی۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا فیصلہ کمیل کے متعلق شیعہ حدیث سے

فروع کافی ۲/۳۴۔ محمد بن یحییٰ عن احمد بن محمد عن القاسم بن یحییٰ عن جدہٖ الحسن بن راشد عن ابی بصیر عن ابی عبد اللہ علیہ السلام قال لا یُلبَسُ الصُّوفُ و الشَّعرُ اِلّا مِن عِلّۃٍ۔

حضرت امام جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا۔ اونی کپڑا نہ پہنا جائے۔ مگر بیماری ہے۔

فروع کافی ۲/۳۴، عدۃ من اصحابنا عن سھل بن زیاد عن محمد بن علی

عن عبد الله ابن عبد الرحمٰن عن شعیب عن ابی بصیر عن ابی عبد الله علیه السلام عن امیر المومنین صلوٰۃ الله علیهما قال البسوا الثیاب من القطن فانه لباس رسول الله صلی الله علیه وآله ولباسنا ولم یکن یلبس الصوف والشعر الا من علة۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے۔ فرمایا علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سوتی کپڑے پہنو، اس لئے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا لباس سوتی تھا۔ اور ہمارا لباس بھی سوتی ہے۔ اور مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے اونی لباس سوائے بیماری کے استعمال نہیں فرمائے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زبانی فیصلہ ہوگیا۔ کہ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے اونی لباس سوائے بیماری کے استعمال فرمایا ہی نہیں۔ اور نہ کسی اور نے اصل ہیبت سے اونی کپڑا استعمال فرمایا۔ بلکہ فیصلہ صادر فرمادیا کہ سوتی کپڑا سنت ہے۔ اور یہی سادات کی علامت ہے۔ اونی کمبل کا قصہ ہی ختم ہوگیا۔

حوالہ ۵۳۔ آپ کے بستر کی چادر حضرمی تھے۔

(۱) ابن شہر آشوب ص ۹۹ ج ۱ میں ہے۔ قال فاطمۃ فراشی واشتمل برد الحضرمی۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا میرے بستر پہ سو جا اور میری حضرمی چادر اوڑھ لے۔

(۲) حیات القلوب ص ۳۴۸ ج ۲ میں ہے

پس بفراش بخواب و مرد حضرمی مرا بر روئے خود بیند از۔ اس کا ترجمہ اوپر عربی ترجمہ کے مطابق ہے۔ یہ خطاب حضور علیہ السلام نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ہجرت کی شب روانگی کے وقت فرمایا۔ اس سے بھی ہمارا مقصد وہی ہے کہ حضور علیہ السلام کی کمبل کالی کا مسئلہ بے ڈھنگا سا ہے۔ ورنہ حضور علیہ السلام کی چادر مبارک حضرمی تھی جو نہ کالی تھی اور نہ ہی اونی۔

حوالہ ۵۴ تا ۶۰ کی تفصیل۔

ام المومنین عائشہ صدیقہ بنت صدیق رضی اللہ عنہما کا ذکر خیر ہے اور دیگر ازواج مطہرات کا بھی اسی لئے فقیر نے مجموعی طور پر اس کے متعلق چند ضروری باتیں عرض کر دی ہیں۔ اگر تفصیل دیکھنی ہے تو فقیر کی کتاب "رد الرشید عن مطاعن الصدیق" کا مطالعہ کریں۔ اس میں سیدنا صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مطاعن کے جوابات کے ساتھ ام المومنین بی بی عائشہ صدیقہ پر اعتراضات شیعہ و وہابیہ و دیوبندیہ دیئے گئے ہیں۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا نکاح

قد رأی عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فی المنام فی سرقۃ من حریر فتوفیت خدیجۃ فقال ان یکن ھذا من عند اللہ یمضہ

فتزوجها بعد موت خديجة بثلاث سنين ۔ ص ۷۴۴ ج ۲

مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو خواب میں ملاحظہ فرمایا ریشمی کپڑے میں لپٹی ہوئی جب حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وصال ہوا۔ تو مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اگر یہ خداوند کریم کی طرف سے ہے تو ہو کر رہے گا۔ آپ نے حضرت خدیجہ کے وصال کے تین سال بعد حضرت عائشہ صدیقہ سے نکاح کیا۔

عن عائشة انها قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اريتك في المنام ثلث ليال جاءني بك الملك في سرقة من حرير يقول هذه امرأتك فاكشف عن وجهك فاذا انت هي فاقول ان يك هذا من عند الله يمضه ۔ ص ۲۸۵ ج ۲

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے عائشہ میں نے تمہیں خواب میں تین رات دیکھا۔ میرے پاس فرشتہ آیا۔ تجھے ریشمی کپڑے میں لپیٹا ہوا کہتا تھا۔ یہ آپ کی بیوی ہے۔ تو میں نے تیرے منہ سے کھولا تو اس وقت تو یہی ہے تو میں نے کہا اگر یہ اللہ کی طرف سے ہے تو اس کو اللہ ضرور کر دے گا۔

عن عائشة قالت قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم اريتك في المنام مرتين اتيت بك في خرقة حرير فاكشفها فاذا هي انت قال فيقال هذه امرأتك قال فاقول ان كان هذا من عند الله يمضه ۔ طبقات ابن سعد ص ۶۷ ج ۸

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔ فرمایا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اے عائشہ میں نے تجھے خواب میں دو دفعہ دیکھا۔ ریشمی ٹکڑے میں لپٹی ہوئی تو میرے پاس لائی گئی۔ تو میں نے اس کو کھولا تو اچانک وہ تو تھی۔ فرمایا تو کہا گیا کہ یہ تیری عورت ہے۔ آپ نے فرمایا میں نے کہا اگر یہ اللہ کی طرف سے ہے کرے گا اس کو۔

عن عائشۃ اَنَّ النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لھا اریتک فی المنام مرتین اَرٰی انک فی خرقۃٍ من حریرٍ ویقول ھٰذہٖ امرأتک فاکشف عنھا فاذا ھی انتِ فاقول ان کان ھٰذا من عند اللہ یمضہ

(البدایہ والنہایہ ص ۱۳۰ ج ۳)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ عائشہ تو مجھے خواب میں دو دفعہ دکھائی گئی۔ میں نے خواب میں تجھے ریشمی کپڑے میں لپٹی ہوئی دیکھا اور کہتا تھا کہ یہ تیری ہے۔ میں نے اس سے پردہ اٹھایا تو تو تھی۔ تو میں نے کہا کہ اگر یہ اللہ کی طرف سے صحیح ہے۔ تو اس کو کر دے گا۔

فکانت عائشۃ ولدت السنۃ الرابعۃ من النبوۃ فی اوّلھا وتزوجھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی السنۃ العاشرۃ فی شوالٍ وھی یومئذٍ بنت ست سنین وتزوجھا بعد سودۃ بشھرٍ۔ طبقات ابن سعد ص ۶۷ ج ۸۔

نبوت کے سنہ ۴ کے اوّل میں حضرت عائشہ صدیقہ مطہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی ولادت ہوئی اور مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کے سنہ ۱۰ میں بماہ شوال مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ سے نکاح کیا۔ اس وقت حضرت عائشہ صدیقہ مطہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی عمر چھ برس کی تھی۔ اور اُس کے ایک ماہ بعد حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے آپ نے نکاح کیا۔

(ف) جس کے سر میں دماغ اور اس کے دماغ میں عقلِ سلیم ہے۔ وہ سوچے کہ خواب میں جو بات نبوت سے متعلق ہوتی ہے وہ کہاں سے ہوتی ہے۔ اہلِ حق کو یقین ہے کہ وہ منجانب اللہ ہوتی ہے۔ اب خود سوچیں کہ بی بی عائشہ رضی اللہ عنہا کا مرتبہ اللہ تعالیٰ کے ہاں کتنا بلند ہے کہ اُن کا نکاح خود اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے متعین فرمایا۔

مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نکاح بی بی عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ساتھ

عائشة بنت ابی بکر وُلِدَتْ بَعْدَ الْمَبْعَثِ بِاَرْبَعِ سِنِیْنَ اَوْ خَمْسٍ فَقَدْ ثَبَتَ فِی الصَّحِیْحِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَہَا وَھِیَ بِنْتُ سِتٍّ وَدَخَلَ بِھَا وَھِیَ بِنْتُ تِسْعٍ وَتُوُفِّیَ عَنْھَا

بَعْدَ مَوْتِ خَدِیْجَۃَ قِیْلَ بِثَلَاثِ سِنِیْنَ (اصابہ ص ۱۳۹ ج ۸)

حضرت عائشہ صدیقہ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیٹی، مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے اعلانِ نبوت کے چار یا پانچ سال بعد پیدا ہوئی۔ تو ضرور ثابت ہوا صحیح حدیث میں مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح کیا۔ اُس وقت حضرت عائشہ کی عمر چھ سال تھی۔ اور شادی کے وقت آپ کی عمر نو سال تھی، حضرت خدیجہ کے وصال کے تین سال بعد آپ نے حضرت عائشہ سے نکاح کیا۔

بی بی عائشہؓ اعلم النساء ہیں

وَقَالَ الزُّھْرِیْ لَوْ جُمِعَ عِلْمُ عَائِشَۃَ اِلٰی عِلْمِ جَمِیْعِ اُمَّھَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَعِلْمِ جَمِیْعِ النِّسَاءِ لَکَانَ عِلْمُ عَائِشَۃَ اَفْضَلَ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تُؤْذِیْنِیْ فِیْ عَائِشَۃَ فَاِنَّہٗ وَاللّٰہِ مَا نَزَلَ عَلَیَّ الْوَحْیُ وَاَنَا فِیْ لِحَافِ امْرَاَۃٍ مِّنْکُنَّ غَیْرِھَا۔ (اصابہ ص ۱۳۹ ج ۸ و الاستیعاب ص ۷۴۴ ج ۲)

اور زہری نے کہا اگر حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا علم جمع کیا جائے۔ تمام امہات المومنین اور تمام عورتوں کا علم تو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا علم زیادہ ہوگا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے متعلق مجھے تم تکلیف نہ دینا۔ اس لئے کہ خدا

کی قسم تم عورتوں سے کسی عورت کے لحاف میں میں ہوتا تو وحی نازل نہیں ہوئی سوائے عائشہ کے۔

حضرت عائشہ صدیقہ مطہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے فضائل

عن عائشۃ قالت فُضِّلتُ علیٰ نِساءِ النبیِّ صلّی اللہُ علیہ وسلّم بِعَشْرٍ قِیْلَ مَا ھُنَّ یا اُمَّ المُؤمنینَ؟ قالتْ لَمْ یَکُنْ اَقَطُّ غَیْرِی ولَمْ یَنْکِحْ اِمْرَاءَۃً اَبَوَاھَا مُھَاجِرَانِ غَیْرِی وانْزَلَ اللہُ عَزَّ وجَلَّ بَرَاءَتِی مِنَ السَّمَاءِ وجَاءَ جِبْرَئِیْلُ بِصُوْرَتِی مِنَ السَّمَاءِ فِی حَرِیْرَۃٍ وقَالَ تَزَوَّجْھَا فَاِنَّھَا اِمْرَءَتُکَ فَکُنْتُ اَنَا وَھُوَ مِنْ اِنَاءٍ وَاحِدٍ ولَمْ یَکُنْ یَصْنَعُ ذَالِکَ بِاَحَدٍ مِنْ نِسَاءِہٖ غَیْرِی وکَانَ یُصَلِّی وَاَنَا مُعْتَرِضَۃٌ بَیْنَ یَدَیْہِ ولَمْ یَکُنْ یَفْعَلُ ذَالِکَ بِاَحَدٍ مِنْ نِسَاءِہٖ غَیْرِی وکَانَ یَنْزِلُ عَلَیْہِ الْوَحْیُ وَھُوَ مَعِیَ ولَمْ یَکُنْ یَنْزِلُ عَلَیْہِ وَھُوَ مَعَ اَحَدٍ مِنْ نِسَاءِہٖ غَیْرِی وقَبَضَ اللہُ نَفْسَہٗ وَھُوَ بَیْنَ سَحْرِی ونَحْرِی وَمَاتَ فِی اللَّیْلَۃِ الَّتِی کَانَ یَدُوْرُ عَلَیَّ فِیْھَا وَدُفِنَ فِی بَیْتِی۔ (طبقات ابن سعد ج۸ ص۶۳)

حضرت عائشہ صدیقہ مطہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے۔

آپ نے فرمایا کہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عورتوں پر دس فضیلتیں زائد دی گئی ہوں۔ کہا گیا کہ اے ام المومنین وہ کون کون سی ہیں حضرت عائشہ صدیقہ مطہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ (۱) کہ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے سوا کسی کنواری سے نکاح نہیں کیا۔ (۲) میرے ماں باپ دونوں مہاجرین ہیں۔ اور کسی کے نہیں (۳) اللہ تعالیٰ نے میری برائت قرآن میں نازل فرمائی۔ (۴) حضرت جبرئیل علیہ السلام میری صورت کے ساتھ آسمانوں سے نازل ہوئے ریشمی لباس میں، اور فرمایا کہ حضور یہ آپ کی عورت ہے۔ اس سے نکاح کر لیجئے۔ (۵) میں اور مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی برتن سے غسل کیا کرتے تھے۔ (۶) مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے میں ہی لیٹی ہوئی تھی اور آپ نماز پڑھتے۔ یہ میرے سوا اور کسی سے آپ ایسا نہ کرتے۔ (۷) مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی نازل ہوئی اور میرے ساتھ ہوتے، میرے سوا اور کسی بیوی کے ساتھ آپ لیٹے ہوتے۔ تو جبرئیل علیہ السلام کبھی وحی لے کر نازل نہ ہوتا۔ (۸) مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا۔ اس وقت آپ میرے سینے پر تھے۔ (۹) جس رات آپ کا وصال ہوا، اس رات میری باری تھی۔ اور آپ میرے پاس تشریف فرما تھے۔ (۱۰) میرے مکان میں جہاں آپ میرے پاس تمام عمر شب باشی فرماتے رہے۔ اسی مکان میں آپ مدفون ہیں۔ یہ شان اور کسی آپ کی بیوی کے مکان کو حاصل نہیں۔

حضرت عائشہ صدیقہ مطہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا صائمۃ الدّھر تھیں

اَنَّ عَائِشَۃَ کَانَتْ تَصُوْمُ الدَّھْرَ۔ (طبقات ابن سعد ص۶۸ ج۸)

بے شک حضرت عائشہ صدیقہ مطہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ہمیشہ روزہ رکھتی تھیں۔

(ف) یہ ایک ایسی نیکی تھی کہ بڑے سے بڑا عابد بھی نفس کو پامال کر کے بڑی مشکل سے کامیاب نہیں ہو سکتا۔ اور آج اگر ایسا کوئی نیک مل جاتے تو عوام کی عقیدت کا عالم کچھ اور ہوتا ہے۔ مخالف کو عیب چینی کے سوا اور کچھ نصیب نہیں

عائشہ صدیقہ مطہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی سخاوت

عن ھشام بن عروۃ عن ابیہ ان معاویۃ بن ابی سفیان بعث الی عائشۃ رضی اللہ عنہا بمائۃ الف فقسمھا حتّٰی لم یترک منھا شیأ فقالت بریرۃ اَنْتَ صَائِمَۃٌ فَھَلَّا ابْتَعْتِ لَنَا بِدِرْھَمٍ لَحْمًا فقالت مَا شَدَّدْتُ لَوْ اَنِّیْ ذَکَّرْتِ لَفَعَلْتُ۔ مستدرک ج۴ ص۱۳

معاویہ بن ابو سفیان نے حضرت عائشہ کو ایک لاکھ روپیہ بھیجا۔ تو حضرت عائشہ نے تمام تقسیم کر دیئے۔ اپنے پاس کچھ نہ چھوڑا۔ بریرہ نے کہا۔

آپ روزہ دار تھیں۔ گوشت کے لئے درہم تو بچا لیتے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ اگر تو مجھے یاد دلاتی تو میں بچا لیتی۔

عَنْ عَمْرِ بْنِ الْعَاصِ سَمِعَهٗ يَقُوْلُ قُلْتُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم اَیُّ النَّاسِ اَحَبُّ اِلَيْكَ قَالَ عَائِشَةُ قُلْتُ مِنَ الرِّجَالِ قَالَ اَبُوْهَا۔ الاستیعاب ج ۲ ص ۴۴۲

عمر بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔ انھوں نے سنا کہ فرماتے تھے۔ کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو عرض کیا۔ کہ حضور آپ کے نزدیک سب لوگوں سے زیادہ محب کون ہے۔ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عائشہ میں نے کہا کہ آدمیوں سے کون مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عائشہ کا باپ۔

(فضائل از کتب شیعہ)

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا فیصلہ جنگِ جمل میں

حضرت عائشہ صدیقہ مطہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے متعلق

قَالَ عَلِيُّ ابْنُ اَبِیْ طَالِبٍ۔ اَفَتَسْئَلُوْنَ اُمَّكُمْ عَائِشَةَ ثُمَّ تَسْتَحِلُّوْنَ مِنْهَا مَا يَسْتَحِلُّ مِنْ غَيْرِهَا فَاِنْ فَعَلْتُمْ لَقَدْ كَفَرْتُمْ وَهِیَ اُمُّكُمْ وَاِنْ قُلْتُمْ لَسْتَ بِاُمِّنَا فَقَدْ كَذَّبْتُمُ الْقُرْاٰنَ وَاَزْوَاجُهٗ اُمَّهٰتُهُمْ۔

(ابن سعد آشوب ج ۱۴)

حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے فرمایا۔ کیا تم اپنی والدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو گالیاں دیتے ہو پھر اُن کے متعلق ایسی بکواس بکتے ہو جو عامی عورتوں کے متعلق کئے جاتے ہیں۔ پھر اگر تم نے ایسے کیا تو ضرور تم نے کفر کیا۔ اور وہ تمہاری والدہ ہیں۔ اور اگر تم کہو کہ ہماری ماں نہیں تو ضرور تم نے جھوٹ بولا کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات ایمانداروں کی مائیں ہیں۔

حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کا فیصلہ جو آپ نے جنگِ جمل کے متعلق حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پر فیصلہ فرمایا، وہ فقہ نے شیعہ کی معتبر کتاب سے دکھا دیا۔ اب اولاً ائمہ رضی اللہ عنہ کا فیصلہ جس کو منظور ہو وہ اُن پر ایمان لائے۔ اور اُن کے کہنے پر عمل کرکے اُن کا متبع کہلائے۔ ورنہ اُن کے فرمان کے خلاف کرنے والا اُن کا متبع نہیں کہلا سکتا۔ شیعہ پارٹی کا ہر بہتان بے نظیر اور بے مثال ہوتا ہے۔ بالخصوص صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پر تو ایسے افتراء باندھتے ہیں جن سے خود ابلیس بھی پناہ مانگتا ہے۔ پھر خاص طور پر ام المومنین محبوبۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم بی بی عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پر تو سوچ سمجھکر اتہام لگاتے ہیں۔

بی بی عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے متعلق کہتے ہیں کہ انھیں حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے قتل کرکے یا زہر دے کر ایسے ہی بلا کفن و دفن کسی گڑھے میں ڈال کر اوپر سے مٹی ڈال دی۔

توبہ۔ استغفر اللہ۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ

فقیر ان کے اس غلط افتراء کو یہاں پر صرف دو حوالوں پر اکتفا کرتا ہے۔ اس کی مزید تفصیل فقیر کی کتاب "ردالزندیق عن مرطاعن الصدیق" میں ہے۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وصال اور تاریخ اور نماز جنازہ

اخبرنا محمد بن عمر عن عبید اللہ بن عروۃ عن عثمان بن عروۃ عن ابیہ قال توفیت عائشۃ لیلۃ الثلاثاء لتسع عشرۃ خلت من شہر رمضان سنۃ ثمان وخمسین وصلی علیہا ابوہریرۃ۔ (طبقات ابن سعد ج ۸۰)

حضرت عروہ سے روایت ہے۔ فرمایا کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وصال ہوا۔ منگل کی رات انیسویں رمضان شریف کی ۵۸ھ اور حضرت عائشہ صدیقہ مطہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا جنازہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پڑھا۔

اخبرنا محمد بن عمر عن عبید اللہ بن عروۃ عن عیسی بن معمر عن عباد بن عبد اللہ بن زبیر قال مددنا علی قبر عائشۃ ثویاً وحملنا جریداً فیہ خرق ودفنا ہا لیلاً لعبد الوتر فی شہر

رمضان - (طبقات ابن سعد ص ۸۰ ج ۸

عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے۔ آپ نے فرمایا کہ ہم نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی قبر پر کپڑا بچھایا اور قبر پر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے سبزی کے بھی رکھے۔ اور رات کو انھیں ہم نے دفن کیا۔ وتر کے بعد رمضان شریف میں۔

حوالہ ۶۳ تا ۶۸ لفظ اہل بیت کی تحقیق کے متعلق ہے۔

بارہا فقیر نے رسالہ ہذا میں عرض کیا ہے ہم اہلسنت حضور سرور عالم صلّی اللہ علیہ وسلّم کی ازواج مطہرات کو بھی اہل بیت مانتے ہیں۔ اور اولاد امجاد کو بھی بخلاف شیعہ کے کہ وہ صرف اولاد کو وہ بھی چند مخصوص حضرات کو ورنہ ازواج مطہرات کو اور اولاد فاطمہ کے بے شمار افراد کو کذاب۔ غدّار۔ کافر۔ بے دین و دیگر گندے القاب سے نوازتے ہیں۔ ہم اس کے متعلق بہت کچھ لکھ آئے ہیں۔ ان حوالہ جات کی مطابقت میں چند حوالے حاضر ہیں۔

اہل بیت کی تحقیق شیعہ تفاسیر سے

القصص ۲۰/۱۔ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى اَهْلِ بَيْتٍ

کے ماتحت لکھا ہے۔

تفسیر المنہج ۴۹۳۔ گفتند بردو اورا بیاور کلثوم مادر را بیاورد۔ انہوں نے کہا۔ جا اور اپنی اہل بیت کو لاؤ وہ اپنی والدہ ام کلثوم کو لے آئی

اس آیت میں اُم کلثوم نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کو اہل بیت کہا کہا جس سے ثابت ہوا کہ گھر کی عورت اہل بیت میں شامل ہے۔

سورۃ ہود۔ ما تحت عَلَیْکُمْ اَھْلَ الْبَیْتِ۔

تفسیر المنہج ص۲۷۶ میں لکھا ہے کہ در مجمع آوردہ کہ اینکہ سارہ را از اہل بیت ابراہیم گردانید دلالت نمیکند کہ زوجہ مرد از اہل او باشد چہ سارہ دختر عم ابراہیم بود بجہت ایں اورا اہل بیت شمرد۔

مجمع البیان میں مذکور ہے کہ اس آیت قرآنی علیکم اھل البیت سے حضرت سارہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بیوی کو رب کریم نے اہل بیت سے بیوی مراد لیا ہے۔ اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ آدمی کی بیوی اُس کے اہل سے ہوتی ہے۔ بلکہ حقیقت یہ ہے۔ کہ سارہ ابراہیم علیہ السلام کے چچا کی لڑکی تھی۔ اس لئے اہل بیت سے رب کریم نے شمار کی۔

سبحان اللہ شیعہ مفسر اس تفسیر سے اپنے انصاف کا اظہار کر رہا ہے۔ کلام الٰہی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بیوی اہل بیت سے تعبیر فرما ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام

چچا کی لڑکی تھی۔ اس لئے اہل بیت خطاب سے مخاطب ہوئی۔ لیکن اتنا نہیں سوچا کہ کوئی پڑھنے والا اس کو تعصب سمجھے گا۔ یا انصاف کہ چچا کی لڑکی اہل بیت میں شامل ہے۔ اپنی بیوی اہل بیت سے خارج ہے حالانکہ چچا خود اہل بیت میں شامل نہیں۔ اس کی اولاد کیسے اہل بیت ہو سکتی ہے۔ کیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا ابولہب اور اس کی اولاد

اہل بیت میں شامل ہے۔ قبل از دعوی نبوت، مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی صاحبزادیاں اپنے چچا کے لڑکوں عتبہ اور عتیبہ کو دیں۔ تو تم مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے ناراض ہو گئے۔ کہ انھوں نے اپنے چچا کے لڑکوں کو اپنی لڑکیاں کیوں دیں۔ لیکن جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بیوی کو قرآن کریم میں اہل بیت سے خطاب ہوا تو میرا یار فوراً پلٹا کہ بیوی کی حیثیت سے اہل بیت سے خطاب نہیں ہوا۔ بلکہ چچا کی لڑکی تھی۔

شیعہ پارٹی سے سوال

اب خدا لگتی بات کرنا جب شیعہ مفسر نے چچا کی اولاد کو اہل بیت میں شامل کیا تو چچا بطریق اولیٰ اہل بیت میں شامل ہوا تو بقول تمہارے ابولہب اور اس کی اولاد عتبہ عتیبہ وغیرہ اور حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کی اولاد اور حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کی اولاد بھی اہل بیت میں شامل ہو گئی۔ تم نے تو بیویوں کو خارج کرنے کی کوشش کی۔ لیکن رب کریم نے مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلے انبیاء علیہم السلام کی بیویوں کو اہل بیت میں شامل فرمایا ہے۔ اور ان کو اہل بیت سے خطاب فرمایا مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے ازواج مطہرات، رضوان اللہ علیہم اجمعین کو بھی اہل بیت سے خطاب فرمایا۔ لیکن شیعہ نے مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے ازواج سے مخالفت کر کے اپنے خیال میں اہل بیت مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے نکال بیٹھے۔ لیکن شیعہ

مفسر نے ازواج مطہرات رضوان اللہ علیہم اجمعین کو خارج کر کے ابولہب اور اس کی اولاد کو اہلِ بیت میں شمار کر لیا۔ فیصلہ اے شیعو تم ابولہب اور اس کی اولاد کو مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے ازواج مطہرات یقین کر لو۔ ہم ان کو اہلِ بیت میں سمجھنے کو تیار نہیں۔ ہمارے نزدیک مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے ازواج مطہرات رضوان اللہ علیہم اجمعین جن کو رب کریم نے اہلِ بیت میں شامل فرمایا۔ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیر افرما کر بہترین اہلِ بیت فرمایا۔ ہم ان کو اہلِ بیت سمجھتے ہیں۔ یہ تو اپنی اپنی پسند ہے۔ کسی نے اپنے بڑے کے شامل کردہ چچا کی اولاد کو تسلیم کر لیا۔ کسی نے خداوند کریم اور اس کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے شمار کردہ ازواج مطہرات داخل کردہ حضرت علی المرتضیٰ اور حضرت حسن و حسین، حضرت فاطمہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کو اہلِ بیت سمجھا لیا۔

شیعہ تاریخ سے اہل اور آل کی تحقیق

وَقِيْلَ اٰلُ مُحَمَّدٍ كُلُّ تَقِيٍّ فَاِنْ قِيْلَ مَا الْفَرْقُ بَيْنَ الْاٰلِ وَ الْاَهْلِ قُلْتُ هُمَا سَوَاءٌ لِاَنَّ الْهَمْزَةَ فِي اٰلٍ مُبْدَلَةٌ مِنَ الْهَاءِ فِي اَهْلٍ ثُمَّ لِيْسَتْ كَمَا قِيْلَ هَيَّاكَ وَاِيَّاكَ دَاْلُ فِرْعَوْنَ مَنْ كَانَ عَلٰى دِيْنِهٖ وَمَذْهَبِهٖ قَالَ تَعَالٰى وَاَغْرَقْنَا اٰلَ فِرْعَوْنَ۔

کشف النعمہ فی معرفۃ الائمہ ص ۱۴

ترجمہ:- اور بعض نے کہا ہے کہ ہر متقی آلِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہے پھر اگر کہا جائے آل اور اہل کا فرق کیا ہے۔ میں کہتا ہوں۔ وہ دونوں ہمزہ آل میں ھاء سے بدلہ گیا ہے۔ پھر نرم کیا گیا ہے۔ جیسا کہ کہا گیا ہے۔ ھیاك وَاِیَّاكَ اور آل فرعون جو شخص اس کے دین اور مذہب پر تھا۔ جیسا کہ اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے۔ وَاَغْرَقْنَا آلَ فرعونَ اور ہم نے آل فرعون کو غرق کیا۔ یعنی فرعون کے دین اور مذہب والوں کو غرق کیا۔

لَا بُدَّ اَنْ یُعْلَمَ اَنَّ نِزَاعَ الْخَاصَّةِ مَعَ الْعَامَّةِ اَلْعَمْیَا لَیْسَ فِیْ صِدْقِ اَھْلِ الْبَیْتِ لُغَةً وَعُرْفًا عَلَی النِّسَاءِ وَغَیْرِھَا لِاَنَّ اَھْلَ الْبَیْتِ فِی اللُّغَةِ سُکَّانُ الْبَیْتِ بَلْ فِی الْمَوَارِدِ وَاسْتَدَلَّ الْجُمْھُوْرُ عَلٰی اَنَّ الْمُرَادَ مِنَ الْاٰیَةِ اِزْوَاجُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ لِلرِّوَایَةِ وَالدِّرَایَةِ۔ (در یخیفہ ص۱۵)

ضروری ہے کہ نزاع خاصہ کا عامہ کے ساتھ معلوم کیا جائے۔ باعتبار عرف اور لغت کے اہل بیت کا لفظ لغۃً اور عرفاً عورتوں وغیرہ پر صادق آتا ہے یا نہیں۔ کیونکہ اہل بیت لغۃً میں بیت یعنی گھر کے رہنے والوں کو کہا جاتا ہے بلکہ مراد بھی یہی ہے۔ اور جمہور نے استدلال کیا ہے۔ کہ مراد آیۃ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ازواج ہیں سیاق وسباق کلام کے موافق حالانکہ یہ روایت اور سمجھ کے خلاف ہے۔

اہل بیت شیعہ احادیث سے

سلمانُ رَجُلٌ مِنَّا اَھلَ البیتِ (بصائر الدرجات صہ ۱۷۰)

مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سلمان ہمارے اہل بیت سے ہے

عن ابی عبد اللہ علیہ السلام ..... وَاِنَّمَا صَارَ سَلمانُ مِنَ العُلَمَاءِ لِاَنَّہٗ امرءٌ مِنَّا اَھلِ البَیتِ (اصول کافی صہ ۲۵۴)

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے اور کوئی بات نہیں۔ سلمان علماء سے بن گیا۔ کیونکہ ہمارے اہل بیت سے ایک آدمی ہے۔

ثابت ہوا کہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو میرے پیارے محبوب مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بیت میں شامل فرما لیا۔ یہ آپ کے مختار کل ہونے کا ثبوت ہے۔ کہ جس کو چاہیں اپنے اہل بیت میں شامل فرمالیں۔ اور حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے بھی یہی فتویٰ دیا۔

اطلاق لفظ اہل بیوی پر

فَاِنَّ الرَّجُلَ اِذَا اَتیٰ اَھلَہٗ بِقَلبٍ ساکِنٍ وعروقٍ ھادِیَۃٍ وبَدَنٍ غیرِ مضطربٍ اَسکَنَت تِلکَ النُّطفَۃُ فِی تِلکَ الرَّحِمِ۔

(کتاب العلل الشرائع صہ ۴۳ ج ۱)

تو بے شک آدمی جب اپنے اہل یعنی بیوی کے پاس سکون قلب سے آئے۔ اور پیٹھے درست ہوں اور بدن میں اضطراب نہ ہو یہ نطفہ اس رحم نہ ٹھہر جائے گا۔

روی المفضل بن عمر عن ثابت الثمالی عن حیابۃ ابو البید رضی اللہ عنہا قالت سمعت مولای امیر المومنین یقول انا اھل البیت لا نشرب المسکر۔ (من لا یحضرہ الفقیہ ص۴۶۱)

حیابۃ سے روایت ہے کہ میں نے سنا اپنے مولائی امیر المومنین علیہ السلام سے فرماتے تھے کہ ہم اہل بیت نشے والی چیز نہیں پیتے۔

تو حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے یہاں اہلِ بیت سے مرد عورتیں مراد لی ہیں۔ عورتوں کو خارج نہیں فرمایا۔

تحقیق آلِ شیعہ حدیث سے

قال ابو جعفر عندنا آل محمد نادر من الباب وھو متواتر العلماء ھم آل محمد (بصائر الدرجات ص۳)

حضرت امام باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا آلِ محمد ہمارے نزدیک نادر الباب ہے۔ اور اسی سے ہے کہ علماء وہی آلِ محمد ہیں۔

اب تو فیصلہ تم پر ہے۔ حدیث تمہارے حضرت امام باقر علیہ السلام کا فیصلہ ہے کہ علماء دین بھی آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم میں شامل ہیں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم من یعقوب بن اسحٰق بن ابراھیم خلیل اللہ

عَزَّ وَجَلَّ اِلٰی عزیز آلِ فرعون۔ (کتاب الآمال للطوسی ص۲۹۱)

حضرت یعقوب علیہ السلام عزیز آل فرعون کی طرف خط روانہ کرتے ہیں۔
اس دوسرے حوالے سے بھی معلوم ہوا کہ آل تابعدار کو کہا جاتا ہے۔

تحقیق اہل بیت ترجمہ القرآن محشی شیعہ سے

ماریہ قبطیہ کو مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہلِ بیت کو فرمایا۔
خدا کا شکر ہے جس نے ہم اہل بیت سے بدی اور بدنامی کو دُور رکھا۔
(حاشیہ ترجمہ مقبول ص۲۹۸)

معتبر شیعہ مفسر نے تسلیم کر لیا ہے کہ اہل بیت بیوی پر اطلاق ہوتا ہے۔
محدثین اور مفسرین امامیہ نے خدائی آیتوں کو تسلیم کرتے ہوئے لکھ دیا کہ
اہل بیت گھر کی زوجہ پر اطلاق ہوتا ہے۔ لیکن تعصب و ضد بڑی بُری بلا
ہے۔ جو مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے ازواج مطہرات رضوان اللہ علیہم اجمعین
کو رب کریم نے قرآن کریم میں اہل بیت سے خطاب فرمایا۔ لیکن تعصب و
ضد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے ازواج مطہرات رضوان اللہ علیہم اجمعین
کو اہل بیت تسلیم کرنے نہیں دیتا۔ اولاد کو اہل بیت تسلیم کیا جاتا ہے۔ اور
اولاد کی اماں کو اہلِ بیت سے خارج کیا جاتا ہے بھئی یہ شیعہ کی نئی منطق
ہوگی۔ یا کوئی نئی بولی ہوگی۔ عربی زبان نہیں۔

۳۰ ذیقعد ۱۳۹۶ھ
قبل اذان صلوٰۃ العشاء
شب منگل